اِسی طرح حال کے علم ہیئت پر جسکو کچھ نظر ہے وہ اسی راہ سے تعلیم اسلام پر اپنے اعتراضات وارد کر رہا ہے غرض جہانتک ہمنے دریافت کیا ہے تین ہزار کے قریب اعتراض اسلام اور قرآن کریم کی تعلیم اور ہمارے سید و مولے کی نسبت کرنے والون نے کئے ہین اور اگرچہ بظاہر ان اعتراضات کا ایک طوفان برپا ہونے سے ایک سرسری خیال سے قلق اور غم پیدا ہوتا ہے مگر جب غور سے دیکھا جاوے تو یہ اعتراضات اسلام کے لئے مضر نہین نہین بلکہ اگر ہم آپ ہی غفلت نہ کرین تو اسلام کے مخفی دقایق و حقایق کے کھلنے کیلئے حکمت خداوندی نے یہ ایک ذریعہ پیدا کر دیا ہے تا اُن معارف جدیدہ کی روشنی سے جو اِس تقریب سے غور کرنیوالون پر کھلین گی اور کھل رہی ہین حق کے طالب اُن ہولناک تاریکیون سے بچ جائین جو اِس زمانہ مین رنگا رنگ کی بدعتون

ظہور پذیر ہو رہی ہین - ہان یہہ اعتراضات غفلت کی حالت مین سخت خوف کی جگہ ہین اور ایک ضلالت کا طوفان برپا کرنیوالے معلوم ہوتے ہین - اور مجرد اسلامی عقاید کا یاد رکہنا یا پورانی کتابون کو دیکہنا انسے محفوظ رہنے کیلئے کافی نہین اور حقیقت شناس لوگ سمجہتے ہین کہ اس زمانہ کے ان اعتراضات سے ایک بہاری ابتلا مسلمانون کے لئے پیش آگیا ہے اور اگر مسلمان لوگ اس بلا کو تغافل کی نظر سے دیکہین گے تو رفتہ رفتہ انہین اور اُن کی ذریت مین یہ زہرناک مادہ اثر کریگا یہان تک کہ ہلاکت تک پہنچائیگا - وہ ایمان جو برہان سے ارادون اور لغزشون پر غالب آتا ہے بجز عرفان کی آمیزش کے کبہی ظہور پذیر نہین ہوسکتا پس ایسے لوگ کیونکر خطرات لغزش سے محفوظ رہ سکتے ہین جو قرآن کریم کی خوبیون سے ناواقف اور بیرونی اعتراضات کے دفع کرنیسے عاجز اور کلام الٰہی کے حقایق اور معارف عالیہ سے منکر ہین بلکہ اس زمانہ مین اُن کا وہ خشک ایمان سخت معرض خطر مین ہے اور کسی ادنیٰ ابتلا کے تحمل کے قابل نہین ہے - خدا تعالیٰ پر اُسی شخص کا ایمان مستحکم ہوسکتا ہے جسکا اُسکی کتاب پر ایمان مستحکم ہو اور اسکی کتاب پر تبہی ایمان مستحکم ہوسکتا ہے کہ جب بغیر حاجت منقولی معجزات کے کہ جواب آنکہون کے سامنے بہی موجود نہین ہین خود خدا تعالیٰ کا پاک کلام اعلیٰ درجہ کا معجزہ اور معارف وحقایق کا ایک ناپیدا کنار دریا نظر آوے - پس جو لوگ ایک مکہی کی نسبت تو یہ اعتقاد رکہتے ہین کہ اُسمین بیشمار عجائبات قدرت قادر ایسی موجود ہین کہ کوئی انسان خواہ وکیسا ہی فلاسفر اور حکیم ہو انکی نظیر نہین بنا سکتا اور ایک جو کی نسبت انکو یہہ اعتقاد ہے کہ اگر تمام دُنیا کے حکیم قیامت کے دن تک اسکی عجائبات اور خواص مخفیہ کو سوچین تب بہی یقیناً نہین کہہ سکتے کہ اُنہون نے وہ تمام خواص دریافت کرلئے ہین لیکن یہی لوگ مسلمان کہلاکر اور مسلمانون کی ذریت کہلاکر قرآن کریم کی نسبت یہ یقین رکہتے

ہیں کہ وہ بجز موٹے الفاظ اور سرسری معنون کے اور کوئی باریک حقیقت اپنے اندر نہین رکھتا اور کلام الہی کے نکات اور اسرار اور معانی کو اُس حد تک ختم کر بیٹھے ہین جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بقدر ضرورت وقت ولحاظ موجودہ استعدادات کے فرمائے تھے اور یہہ بھی جانتے ہین کہ تمام فرمودہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم باستیفا ضبط میں بھی نہین آیا اور نہ جیسا کہ چاہئے محفوظ رہا۔ مگر باوجود ان سب باتون کے اسرار جدیدہ قرانیہ کے دریافت کرنیسے بکلی فارغ اور لاپرواہین۔

یاد رہے کہ **اسرار جدیدہ** سے ہمارا یہ مطلب نہین کہ ایسی باتین قرآن کریم سے روز بروز نکل سکتے ہین جو اُسکی مقررہ مصرحہ شریعت کے مخالف ہون بلکہ اسرار اور نکات اور دقائق سے وہ امور مراد ہین جو شریعت کی تمام باتون کو مسلم رکھکر انکی پوری پوری شکل کو ظاہر کرتی ہین اور ان کی حقیقت کاملہ کو منصہ ظہور لاتے ہین۔ یہان تک کہ منقول کو معقول کرکے دکھلا دیتے ہین۔ سو انہین اسرار کی اس معقولیت کے زمانہ مین ضرورت تھی۔ جہان تک نظر اٹھا کر دیکھو یہی سنت اللہ پاؤ گے کہ ہمیشہ خدا تعالی زمانہ کی ضرورتون کے موافق اپنے دین کی مدد کرتا رہا ہے۔ اور جس قسم کی روشنی کے دیکھنے کیلئے زمانہ کی حالت نے بالطبع خواہش کی وہی روشنی اپنے کلام اور کام مین اپنے کسی برگزیدہ کی معرفت دکھلاتا رہا ہے تا اس بات کا ثبوت دے کہ اُس کا کلام اور کام ناقص نہین اور نہ کمزور اور ضعیف ہے۔ حضرت **موسیٰ** کے زمانہ مین ساپنون کے مقابلہ پر سانپ کی ضرورت پڑی اور حضرت مسیح کے مقابل پر طبیبون اور افسون خوانون کے مقابل پر روحانی طبابت کے دکھلانیکی حاجتین پیش آئین۔ سو خدا تعالی نے زمانہ کے تقاضا کے موافق اپنے نبیون کو مدد دی اور ہمارے سید و مقتدا خاتم المرسلین کے زمانہ کی ضرورتین درحقیقت کسی ایک نوع

بین محدود نہ تہین اور یہ زمانہ بہی کوئی محدود زمانہ نہ تہا بلکہ ایسا وسیع تہا جسکا دامن قیامت تک پہیل رہا ہے اسلئے خداوند قدیر وحکیم نے قرآن کریم کو بے نہائت کمالات پر مشتمل کیا۔ اور قرآن کریم بوجہ اپنے ان کمالات کے جنہین سے کوئی دقیقہ خیر کا باقی نہین رہا تہا ہر یک زمانہ کے فسادوں کا کامل طور پر تدارک کرتا رہا چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین بڑا کام قرآن کریم کا خلق اللہ کے اصولون کی اصلاح تہی سو اُسنے تمام دُنیا کو صاف اور سیدہے اصول خداشناسی اور حقوق عباد کے عطا کئے اور گم گشتۂ توحید کو قایم کیا اور دُنیا کے پُرظلمت خیالات کے مقابل پر وُہ پُرحکمت اور پُرنور اور باایں ہمہ اعلےٰ درجہ کا بلیغ وفصیح کلام پیش کیا جسنے تمام اسوقت کے موجودہ خیالات کو پاش پاش کردیا اور حکمت اور معرفت اور بلاغت اور فصاحت اور تاثیرات قویہ مین ایک عظیم الشان معجزہ دکہلایا۔ پہر ایسا ہی ہر ایک وقت مین جب کسی قسم کی ظلمت جوش مین آتی گئی تو اسی پاک کلام کا نور اُس ظلمت کا مقابلہ کرتا رہا۔ کیونکہ وہ پاک کلام ایک ابدی معجزہ اور مختلف زمانون کی مختلف تاریکی کے اُٹہانیکے لئے ایک کامل روشنی اپنے اندر لایا تھا لہذا وہ ہر ایک قسم کی تاریکی کو اپنے نور کی قوت سے رفع ودفع کرتا رہا یہان تک کہ وہ زمانہ آگیا کہ جسمین ہم ہین اور جیسا کہ قرآن کریم نے پیشگوئی کی تہی زمین نے ہمارے زمانہ مین وہ تمام تاریکیان جو زمین کے اندر مخفی تہین باہر رکہہ دین اور ایک سخت جوش ضلالت اور بے ایمانی اور بد استعمالی عقل کا برپا ہوگیا۔ یہ وہی طبائع زائغہ کا جوش ہے جسکو دوسرے لفظون مین **دجال** کے نام سے موسوم کیا گیا تہا اور خدا تعالیٰ نے قرآن کریم مین خبر دی تہی کہ وہ عالی شان اور کامل کلام اِس طوفان پر بہی غالب آئیگا۔ سو ضرور تہا کہ کلام الٰہی مین وُہ سچّا فلسفہ بہرا ہوا ہوتا جو حال کے دہوکہ دینے والے فلسفہ پر غالب آجاتا کیونکہ وہ ابدی اصلاحون کے لئے آیا ہے وہ نہ تھکے گا اور نہ درماندہ

ہوگا جبتک کہ ہر ایک سلیم طبیعت میں اپنی سلطنت قایم نہ کرے اور فلسفہ کی زہر کو نہ پی لے اُس تریاق کے منتظر تھے۔ سو خدا تعالیٰ نے اُسکو ظاہر کر دیا اور ناپاک معقولیت کا غلبہ توڑنے کے لئے اُسنے یہی چاہا کہ قرآنی معقولیت کا غلبہ ظاہر کرے اور مخالفوں کی باطل معقولیت کو پیس ڈالے۔ مگر افسوس اُن لوگوں پر جو وقت کو شناخت نہیں کرتے۔ انہیں اسبات کا بھی خیال نہیں کہ مسلمانوں کی ذریت کو بیرونی حملوں اور فتنوں کیوجہ سے کیسی ہر روز ناقابل برداشت تکلیفیں پیش آرہی ہیں اور کس قدر اسلام کو فلسفیانہ وساوس سے صدمہ پہنچ گیا ہے یہاں تک کہ ایک بڑا حصہ نوتعلیم یافتہ مسلمانوں کا ایسا اسلام سے دور جا پڑا ہے کہ گویا اُس نے اسلام کو چھوڑ دیا ہے۔ ایسا ہی بہت سے نادان اور کم عقل اسلام کی حمایت کی غرض سے کہ کسی مسلمانی خطا کی ظلمت میں داخل رہ گئے اور ایک قابل شرم [illegible] اختیار کیا ہے [illegible]

ایک بڑی غلطی یہ ہے کہ جن باتوں میں اس زمانہ کے علماء خود ہی عیسائیوں وغیرہ کو ایک شبہ میں ڈالتے ہیں مثلاً حال تک عیسائیوں کے [illegible] حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات کا مسئلہ بلکہ ایک [illegible] حضرت عیسیٰ کو قتل دینے سے گویا عیسائی مذہب کا بن ایک ستون [illegible] مسلمان ایک طاقتور حیات بخش [illegible] علیہ السلام کی [illegible] ہوگیا اور ایک [illegible] ہوگئے ہیں تاکہ عیسائیوں کے آگے ایک تحریری اقرار پیش دیتے ہیں کہ

مسیح اپنے خواص ہین عام انسانون کے خواص بلکہ تمام انبیاء کے خواص سے مستثنےٰ اور نرالا ہے۔ کیونکہ جبکہ ایک **افضل البشر** جو مسیح سے چھ سو برس پیچھے آیا تھوڑیسی عمر پاکر فوت ہوگیا اور تیرہ سو برس اُس نبی کریمؐ کے فوت ہونے پر گذر بھی گئے مگر مسیح ابتک فوت ہونے مین نہین آیا تو کیا اِس سے یہی ثابت ہوا یا کچھہ اور کہ مسیح کی حالت لوازم بشریت سے بڑھی ہوئی ہے۔ پس حال کے علماء اگرچہ بظاہر صورت شرک سے **بیزاری** ظاہر کرتے ہین مگر مشرکون کو **مدد دینے** مین کوئی دقیقہ اُنہون نے اُٹھا نہین رکھا۔ غضب کی بات ہے کہ اللہ جلشانہ تو اپنی پاک کلام مین حضرت مسیح کی وفات ظاہر کرے اور یہ لوگ ابتک اُسکو زندہ سمجھہ کر پکارا کرین اور بیشمار فتنے اسلام کے لئے برپا کردین اور مسیح کو آسمان کا حیّ وقیوم اور سید الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین کا مردہ ٹھہراوین حالانکہ مسیح کی گواہی قرآن کریم مین اِس طرح پر لکھی ہے کہ مبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد یعنی مین ایک رسول کی بشارت دیتا ہون جو میرے بعد یعنی میرے **مرنے** کے بعد آئیگا اور نام اُس کا احمدؐ ہوگا۔ پس اگر مسیح ابتک اِس عالم جسمانی سے گذر نہین گیا تو اِس سے لازم آتا ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ابتک **اِس عالم** مین تشریف فرما نہین ہوئے کیونکہ **نص** اپنے کھلے کھلے الفاظ سے بتلا رہی ہے کہ جب مسیح اِس عالم جسمانی سے رخصت ہوجائیگا تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اِس عالم **جسمانی** مین تشریف لائین گے۔ وجہ یہ کہ آیت مین آنیکے مقابل پر جانا بیان کیا گیا ہے اور ضرور ہے کہ آنا اور جانا دونون ایک ہی رنگ کے ہون۔ یعنی ایک اُس عالم کیطرف چلا گیا اور ایک اُس عالم کیطرف سے آیا۔ پھر دوسری **گواہی** حضرت مسیح کی اُنکی وفات کی بابت مین آیت فلما توفیتنی مین صریح صریح درج ہے جسکی آنہین

ہون دیکھے - اور یاد رہے کہ آیت فلمّا توفیتنی مین اُسی وعدہ کے پورا ہونے کی طرف اشارہ ہے جو آیت یا عیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیّ مین کیا گیا تہا۔ اور توفّی کے اُن معنون کے سمجھنے کیلئے جو مراد اور منشاء اللہ جلشانہ کا ہے ضرور ہے کہ اِن دونون آیتون وعدہ اور تحقق وعدہ کو یکجائی نظر سے دیکہا جائے مگر افسوس کہ ہمارے علماء کو اِن تحقیقون سے کچہہ سروکار نہین - یہی توفّی کا لفظ جو قرآن کریم کے دو مقام مین حضرت مسیح کے بارے مین درج ہے ایسا ہی ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بارے مین بہی یہی لفظ **قرآن کریم** مین موجود ہے جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے وامّا نرینّک بعض الّذی نعدھم اونتوفّینّک اگر ہمارے علماء اِس جگہ بہی توفی کے معنے یہی لیتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہی زندہ آسمان پر اُٹہائے گئے ہین تو ہمین اُنپر کچہہ بہی افسوس نہ ہوتا مگر اِنکی بیباکی اور گستاخی تو دیکہو کہ توفی کا لفظ جہان کہین قرآن کریم مین ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بارے مین آتا ہے تو اُسکے معنی **وفات** کے لیتے ہین اور پہر جب وہی لفظ حضرت مسیح کے حق مین آتا ہے تو اُسکے معنی **زندہ** اُٹہائے جانیکے بیان کرتے ہین اور کوئی اُن مین سے نہین دیکہتا کہ لفظ تو ایک ہی ہے اندھے کی طرح ایک دوسرے کی بات کو مانتے جاتے ہین جس لفظ کو خدا تعالی نے **پچیس مرتبہ** اپنی کتاب قرآن کریم مین بیان کرکے صاف طور پر کہول دیا کہ اُسکے معنی رُوح کا قبض کرنا ہے نہ اَور کچہہ ابتک یہ لوگ اُس لفظ کے معنی مسیح کے حق مین کچہہ اَور کے اَور کر جاتے ہین گویا تمام جہان کیلئے توفّی کے معنی تو قبض رُوح ہی ہین - مگر حضرت ابن مریم کے لئے زندہ اُٹہا لینا اُسکے معنی ہین اگر طریقہ شرک کی تائید نہین تو اَور کیا ہے ایک طرف تو نالایق متعصب عیسائی ہماری وہیدے

کو صاف اور کھلے طور پر گالیان دیتے ہین اور مسیح کو آسمان کا اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین کا قرار دیتے ہین اور دوسری طرف یہ علما اس نازک زمانہ مین الحمد للہ دیکھ رہے ہین اور [illegible] کہ [illegible] اسلیم کیے اور بھی انکے دعوے کو فروغ دے رہے ہین

اگر یہ لوگ ایک منٹ کیلئے اپنے تعصبون سے خالی ہوکر ذرہ سوچتے کہ شرک کیا چیز ہے اور اسکی کیا حقیقت ہے اور اسکی مبادی اور مقدمات کیا ہین تا انپر جلد کھلجاتا کہ خدا تعالی کی ذات یا صفات یا اقوال و افعال یا اسکے استحقاق معبودیت مین کسی دوسرے کو شریکانہ دخل دینا گو مساوی طور پر یا کچھہ کم درجہ پر ہو **یہی شرک** ہے جو کبھی بخشا نہین جائیگا —

اور اسکے مقدمات جن سے یہ پیدا ہوتا ہے یہ ہین کہ کسی بشر مین کوئی ایسی خصوصیت اسکی ذات یا صفات یا افعال کے متعلق قایم کردی جاوے جو اسکے بنی نوع مین ہرگز پائی جائے نہ بطور ظل اور نہ بطور اصل — اب اگر ہم ایک خاص فرد انسان کیلئے یہ تجویز کرلین کہ گویا وہ اپنی فطرت یا لوازم حیات مین تمام بنی نوع سے منفرد اور مستثنی اور بشریت کے عام خواص سے کوئی ایسی زائد خصوصیت اپنے اندر رکھتا ہے جسمین کسی دوسرے کو کچھہ حصہ نہین تو ہم اس بیجا اعتقاد سے ایک تو وہ شرک کا اسلام کے راہ مین رکھدین گے قرآن کریم کی صاف تعلیم یہ ہے کہ وہ خداوند وحید و حمید جو بالذات توحید کو چاہتا ہے — اس نے اپنی مخلوق کو متشارک الصفات رکھا ہے اور بعض کو بعض کا مثیل اور **شبیہ** قرار دیا ہے تا کسی فرد خاص کی کوئی خصوصیت جو ذات و افعال و اقوال اور صفات کے متعلق ہے اس دھوکہ مین نہ ڈالے کہ وہ فرد خاص اپنی بنی نوع سے بلکہ ہر ایک ایسی

خاصیت اپنے اندر رکھتا ہے کہ کوئی دوسرا شخص نہ اصلاً و نہ ظلاً اُسکا شریک نہیں اور خدا تعالیٰ کیطرح کسی اپنی صفت میں واحد لاشریک ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں سورۃ اخلاص اسی بھید کو بیان کر رہی ہے کہ احدیت ذات و صفات خدا تعالیٰ کا خاصہ ہے دیکھو اللہ جلشانہ فرماتا ہے۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔

اور جبکہ واقعی یہی بات ہے کہ مخلوق کی شناخت کی بڑی علامت یہی ہے کہ بعض بعض سے مشارکت و مشابہت رکھتے ہیں اور کوئی فرد کوئی ایسی ذاتی خاصیت اور خصوصیت نہیں رکھتا جو دوسرے کسی فرد کو اُس سے حصہ نہ ہو خواہ اصلاً یا ظلاً تو پھر اگر اس صورت میں ہم کوئی ایسا فرد افراد بشریہ سے تسلیم کرلیں جو اپنی بعض صفات یا افعال میں دوسروں سے بکلّی ممتاز اور لوازم بشریت سے بڑھکر ہے اور خدا تعالیٰ کیطرح اپنے اُس فعل یا صفت میں یگانگت رکھتا ہے تو گویا ہمنے خدا تعالیٰ کی صفت وحدانیت میں ایک شریک قرار دیا ۔ یہ ایک دقیق راز ہے اسکو خوب سوچو۔ خدا تعالیٰ نے جو اپنی کلام میں کئی دفعہ حضرت مسیح کی وفات کا ذکر کیا ہے یہاں تک کہ انکی والدہ مریم صدیقہ کے ساتھ جو باتفاق فوت شدہ ہے ان کے ذکر کو ملا کر بیان کیا کہ كَانَا يَاْكُلَانِ الطَّعَامَ کہ وہ دونوں جب زندہ تھے طعام کھایا کرتے تھے اس تاکید کی یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے علم قدیم سے خوب جانتا تھا کہ آخری زمانہ میں لوگ بباعث خیال حیات مسیح سخت فتنہ میں پڑینگے اور وہ فتنہ اسلام کے لئے سخت مضر ہوگا اسلئے اُسنے پہلے ہی سے فیصلہ کر دیا اور بخوبی ظاہر کر دیا کہ مسیح فوت ہوگیا۔ بعض نادان خیال کرتے ہیں کہ آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ میں صرف حضرت مسیح کی وفات کا وعدہ ہے جس سے صرف اس قدر نکلتا ہے کہ کسیوقت خدا تعالیٰ مسیح کو وفات دیدیگا یہ تو نہیں نکلتا کہ وفات دی بھی دی

مگر یہہ لوگ نہین سوچتے کہ خدا تعالی نے اُس وعدہ کے پورا ہونیکے بہی تو خبر دیدی جبکہ خود حضرت مسیح کی زبان سے فلمّا توفیتنی کا ذکر بیان فرما دیا ماسوا اسکے یہ بہی سوچنے کے لایق ہے کہ خدا تعالی کا وعدہ کہ میں ایسا کرنے کو ہون خود یہ الفاظ دلالت کرتے ہین کہ وہ وعدہ جلد پورا ہونیوالا ہے اور اُسمین کچہہ توقف نہین نہ یہ کہ رفع کا وعدہ تو اسی وقت پورا ہوجائے لیکن وفات دینے کا وعدہ ابہی تک جو دو ہزار برس کے قریب گذر گئے پورا ہونے مین نہ آوے۔

اے ناظرین! اِسوقت بیانات مذکورہ بالا سے میرا مطلب نہین کہ مین زمانہ حال کے عُلماء کی غلطیان لوگون پر ظاہر کرون۔ کیونکہ جو کچہہ اُنکی بدفہمی اور بداندیشی اور بدگمانی اور بدزبانی کی حالت مجہپر کھلی ہے وہ عنقریب اُنہین کے سوالات کے جواب مین بیان کرون گا۔ اور اِس **مقدمہ** مین مجہے صرف یہ ظاہر کرنا منظور ہے کہ ہمارے عُلماء نے اِس نازک وقت کو جو اسلام پر وارد ہے شناخت نہین کیا اُنہون نے بجائے اِسکے کہ اسلام کی مدد کرتے عیسائیون کو ایسی مدد دی کہ خود اپنے ہی اقرار سے ایک حصّہ ثبوت کا اُنہین دیدیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ایک دلیل بلکہ بارہ مستحکم دلیلون اور قراین قطعیہ سے ہمکو سمجہا دیا تہا کہ عیسی بن مریم علیہ السلام فوت ہوچکا اور آنیوالا مسیح موعود اسی اُمت مین سے ہے۔ لیکن زمانہ حال کے عُلماء نے ایک ذرہ اُس طرف توجّہ نہ کی اور بہت سی خرابیون کو اسلام کیلئے قبول کرلیا اور بیرونی آفات کو اندرونی افتراآت سے قوّت دیدی۔ اِنہین زہرناک ہواؤن کے چلنے کی وجہ سے دین اسلام ایک مُسلسل اور غیر منقطع خطرون مین پڑا ہوا ہے اور اب کسی دانشمند کی عقل قبول نہین کرسکتی کہ اِن تمام خرابیون کا دور کرنا انسانی

قوی کا کام ہے ؟ بلکہ وہ خدا جو اپنے قدرتی تصرفات سے دریاؤن کو خشکی اور خشکی کو دریا کے نیچے لاسکتا ہے اُسیکا یہ کام ہے کہ اِس بر و بحر کے فساد کی اصلاح کرے - بھائیو یقیناً سمجھو کہ اب مسلمانون کی اُس سے زیادہ نازک حالت ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت مین یہودیون کی حالت تہی - اور اسلام کے گرد ایسی مشکلات کا سلسلہ محیط ہو رہا ہے کہ جیسے کسی ولایت کے گرد بڑے بڑے پہاڑ محیط ہون - یہ بات کہ کامیابی کی راہین کس قدر دشوار گذار ہو گئی ہین اور کیا کچھ پیچ در پیچ دقتین ایک دائرہ کی طرح اسلام پر احاطہ کر رہی ہین اِسکا سمجھنا کسی ایسے دانشمند پر مشکل نہین جسکی نظر زمانہ کی موجودہ خرابیون پر پھر گئی ہو - مگر افسوس کہ ہمارے اکثر عُلما جنکی نادانی اور جہل رحم کے قابل ہے وہ بالکل اِس طوفان بے تمیزی سے بے خبر ہین - اور زیادہ تر افسوس مجھے اُس وقت ہوتا ہے کہ جب مین دیکھتا ہون کہ باوجود اِس لاپروائی اور بے خبری اور سرد مہری کے جو اسلام کی نسبت یہ فرقہ رکھتا ہے اُن کے بیچے تقویٰ اور راستبازی مین بھی بہت ہی فرق آگیا ہے اور نیک ظنی اور متانت اور استقامت اور بلند ہمتی اور وسعت اخلاقی اور ہمدردی اسلام و مسلمین دینی نوع گویا انکے دلون سے بکلی اُٹھ گئی ہے اور فضائل حمیدہ عفو و احسان و اخلاص و مصالحت گویا اُن کے صحن سینہ سے محو ہو گئے ہین - اکثر تو ایسے ہین کہ جنکی طبیعتون پر شر انگیزی کے ہزارون دروازے کھلے ہین مگر شر سے باہر نکلنے اور صلح جوی کا ایک بھی نہین ہین دیکھتا ہون کہ کمال تکبر اور کثرت غفلت کی وجہ سے اِنکی روحانیت نہایت کمزور ہو گئی ہے - دنیا کی طرف اور اُسکی جاہ و نمود کی طرف اُنہین ایک کشش ہو رہی ہے اور خدا تعالےٰ کی طرف سے قبض ہے - اِسکا یہی سبب ہے کہ وہ اُس **وحی** کے منشاء سے دور جا پڑے ہین کہ جو دلون کو صاف کرنے والی اور اندرونی غلاظتون کو دھونے والی ہے - وہ کہتی

ہین پر کرتے نہین اور دکھلاتے ہین پر خود چلتے نہین اسلئے خدا تعالی نے اُنکے دلون پر مُہرین لگا دین اور اُنکے فہم اور سمجھ کو موٹا کر دیا۔ کیونکہ یہ سنت اللہ ہے کہ جبتک کوی باریک احتیاط کے ساتھہ اعمال صالحہ بجا نہ لاوے تبتک باریک بھید اُس کے دل کو عطا نہین کئے جاتے۔

یہ تو حال علماء کا ہے مگر افسوس کہ ہمارے فقرا کا حال اِس سے بدتر معلوم ہوتا ہے اِلّا ماشاءاللہ ہماری قوم مین اکثر ایسے ہی فقیر نظر آتے ہین جنہون نے اسلام پر داغ لگایا کہ ہزارہا ایسی بدعتین ایجاد کر دین کہ جن کا شرع شریف مین کوی اصل نہین پایا جاتا وہ ایسے بیہودہ رسوم اور خیالات مین گرفتار ہین کہ جنکے لکھنے سے بھی شرم آتی ہے بعض تو ہندؤن کے جوگیون کی طرح اور قریب قریب انکی ایک خاص طور کی وضع اور پوشاک مین عمر بسر کرتے ہین۔ اور نہایت بیجا اور وحشیانہ ریاضتون مین جو مسنون طریقون سے کوسون دور ہین اپنی عمر کو ضایع کر رہے ہین۔ اِن کے چہرون کو دیکھنے سے ایسے آثار قہر الٰہی معلوم ہوتے ہین اور ایسی مقہور شکل دکھائی دیتی ہے کہ شاید عالم سفلی مین اُس سے زیادہ بدبختی پر دلالت کرنے والی اور کوئی شکل نہ ہو۔

اکثر فقراء مین بہت سی ایسی باتین ہین جنکو وہ اپنے دلون مین ایک کمال خیال کرتے ہین اور اِس بات کی دلیل ٹھہراتے ہین کہ گویا انہون نے ایک بہت اعلیٰ سلوک کا طے کر لیا ہے مگر دراصل وہ باتین صرف جاہلانہ خیالات اور وحشیانہ حرکات ہین اور سچے معارف سے ایسی دور ہین کہ جیسے ایک تیز دھوپ کے وقت بادل کا ٹکڑا ہوتا ہے۔ یہ لوگ دینی خدمت کچھہ بھی بجا نہین لاسکتے اور سستی اور تفریط اور بیقیدی اور آرام طلبی اور مُردہ طبعی اور لاف زنی کی زندگی کا ایک قوی اثر ان پر معلوم

ہوتا ہے جسمین وہ اپنی ساری عمر کو کھو دیتے ہین اور اسبات مین وہ بڑے لاچار اور عاجز پائے گئے ہین کہ اپنی کسی عادت کو جو خلاف شرع شریف بلکہ مخالف انسانیت ہے بدل سکین۔

کئی لوگ فقیری کے بہیس مین ایسے پہرتے ہین کہ جنہون نے اپنے خراب ارادون کی تحریک سے عمداً اسلام کی پاکیزہ راہون کو چھوڑ دیا ہے اور اس قدر نہایت ذلیل اور قابل شرم کامون مین مبتلا ہو گئے ہین کہ مجھے شک ہے کہ شیطان باوجود بہت سی اپنی بدنامیون کے اِن کے برابر ہے یا نہین۔

لیکن درحقیقت یہ تمام گناہ علماء کی گردن پر ہے جو بیہودہ جھگڑون مین اپنے وقتون کو کھوتے ہین اور خلق اللہ کی سچی ہمدردی کیطرف متوجہ نہین ہوتے۔ کیا وہ یہودیون سے اپنی ظاہر پرستی اپنی دنیا داری اپنی ریاکاری اپنی ہوس بازی اپنی فتنہ پردازی اپنی سخن سازی مین کچھ کم ہین؟ ہرگز نہین بلکہ یہ سب صفات اُنمین کچھ بڑھکر ہین جنکو وہ نہایت ہوشیاری کے ساتھ غیرون سے چھپاتے ہین۔ وہ راستی سے نفرت اور ناراستی سے محبت رکھتے ہین اور نہ صرف یہی بلکہ چاہتے ہین کہ اَورون کو بھی اُسی گڑہے مین دھکیل دین جسمین وہ آپ گرے ہوئے ہین۔ وہ فطرتی بدبختی کے وجہ سے مذہب کی بیرونی صورت اور شریعت کی ادنیٰ جزئیات مین اُلجھے ہوئے ہین اور اسلام کے حقایق عالیہ اور معارف دقیقہ کو چھونا نہین چاہتے اور نہ اُن اسرار اور نکات سے کچھ مناسبت رکھتے ہین۔ جیسے ہوا ایک چشمہ کے مجرا مین پہری ہوئی ہوتی ہے اور اُسکے لحہ بہ لحہ اوپر کو چڑہنے سے وہ چشمہ اُچھلتا ہے ایسا ہی اُنکے چشمہ فطرت کا حال ہے کہ تعصب کی ہواؤن اور بخارات سے اُن کا وُہ گندہ چشمہ آجکل بڑے جوش کے ساتھ ظاہر ہو رہا ہے جسکو وہ مدت سے مخفی طور پر رکھتے تھے۔

ربّ ارحم ربّ ارحم۔

غرض اے بھائیو! اِس زمانہ مین وہ زہرناک ہوا اندرونی اور بیرونی طور
پر پھیلی ہوئی ہے کہ جسکا استیصال انسان کے اختیار مین نہین بلکہ اُس خدائے حی قیوم قادر
مطلق کے اختیار مین ہے جو موسمون کو بدلتا اور وقتون کو پھیرتا اور خشکسالی کے بعد باران رحمت
نازل کرتا ہے - اور جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ گرمی کی شدت آخر بارش کو کھینچ لاتی ہے اِس
طرح پر کہ جب گرمی کمال کو پہنچتی ہے اور اُس درجہ کے قریب اپنا قدم رکھنے لگتی ہو کہ جس سے
قریب ہو کہ بنی آدم ہلاک ہو جائین تب اُس صانع قدیم کی حکمت کاملہ سے اُس گرمی کا ایک
تیر اثر سمندرون مین پڑتا ہے اور بوجہ شدت اُس گرمی کے سمندرون مین سے بخارات
اُٹھتے ہین تب سمندرون کی ہوا جو کہ سرد اور بھاری اور امساک کی قوت اپنے اندر رکھتی ہے
اُن بخارات کو اپنے مین جذب کر کے ایک حاملہ عورت کیطرح اُن سے بھر جاتی ہے اور قرب جوار
کی ہوائین قدرتی طور پر متحرک ہو کر اُسکو دھکیلتی اور حرکت مین لاتی ہین اور خود واسطہ بنکر اِس بات
کے لئے موجب ٹھہرتی ہین کہ تا وہ ہوا بادلون کی صورت مین ہو کر اپنے تئین طبعاً اُسی زمین
کی طرف لاوے جہان کی ہوا اُسکی نسبت زیادہ گرم اور لطیف اور کم وزن اور کم مزاحم ہو تب اُسی قدر
کے موافق بارش ہوتی ہے کہ جس قدر گرمی ہوتی ہے - یہی صورت اُس روحانی بارش کی بھی ہے
جو ظاہری بارش کیطرح قدیم سے اپنے موسمون پر برستی چلی آئی ہے یعنی اسطرح پر کہ خشکسالی کے
ایام مین جبکہ خشکسالی اپنے کمال اور انتہا کو پہنچ جاتی ہے یک دفعہ مستعد دلون کی گرمی اور طلب
اور خواہش کی حرارت نہایت جوش مین آجاتی ہے تب وہ گرمی رحمت کے دریائے بیکنار جو ایک
سمندر ناپیدا کنار ہے اپنے التہاب اور سوز کو پہنچا دیتی ہے - تب دریائے رحمت اُسکے تدارک کیلئے
توجہ فرماتا ہے اور فیض بے علت کے نورانی بخارات نکلنے شروع ہو جاتے ہین تب وہ مقرب
فرشتے جو اپنے نفس کی جنبش اور جوش سے سرد پڑے ہوئے اور نہایت لطیف اور یفعلون

مَا یُؤْمَرُوْنَ کا مصداق ہین اُن فیوض کو قبول کر لیتے ہین پھر اُن فرشتون سے تعلق رکھنے والی طبیعتین جو انبیا اور رُسل اور محدثین ہین اپنے حقانی جوشون سے اُنکو حرکت مین لاتی ہین اور خود واسطہ بنکر ایسے محل مناسب پر برسا دیتے ہین جو استعداد اور طلب کی گرمی اپنے اندر رکھتا ہے یہ صورت ہمیشہ اس عالم مین بوقت ضرورت ہوتی ہی رہتی ہی ہان اُس بہاری برسات کے بعد جو عہد **مُقدّس نبی** صلے اللہ علیہ وسلم مین ہو چکی ہے بڑی بڑی بارشون کی ضرورت نہین رہی - اور وہ مُصفّا پانی ابتک ضائع بھی نہین ہوا مگر چھوٹی چھوٹی بارشون کی ضرورت ہے تا زمین کی عام سرسبزی مین فرق نہ آجائے سو جسوقت خداوند حکیم و قدیر دیکھتا ہے کہ زمین پر خشکی غالب آگئی ہے اور اُسکے باغ کے پودے مرجھائے جاتے ہین تب ضرور بارش کا سامان پیدا کر دیتا ہی یہ قدیم قانون قدرت ہی جسمین تم فرق نہین پاؤگے - اسی کے موافق ضرور تھا کہ خدا تعالی ان دنون مین بھی اپنے عاجز بندون پر رحم فرماتا - زمانہ کی حالت کو دیکھو اور آپ ہی ایماناً گواہی دو - کیا یہ وقت وہی وقت نہین ہے جسمین الٰہی مددون کی دین اسلام کو ضرورت ہے - اس زمانہ مین جو کچھ دین اسلام اور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کیگئی اور جسقدر شریعت ربانی پر حملے ہوئے اور جس طور سے ارتداد اور الحاد کا دروازہ کھلا کیا اسکی نظیر کسی دوسرے زمانہ مین بھی مل سکتی ہے ؟ کیا یہ سچ نہین کہ تھوڑے ہی عرصہ مین اس ملک ہند مین **ایک لاکھ** کے قریب لوگون نے عیسائی مذہب اختیار کر لیا - اور **چھ کروڑ** اور کسیقدر زیادہ اسلام کے مخالف **کتابین** تالیف ہوئین اور بڑے بڑے شریف خاندانون کے لوگ اپنے پاک مذہب کو کھو بیٹھے یہان تک کہ وہ جو آلِ رسول کہلاتے تھے وہ عیسائیت کا جامہ پہنکر دشمنِ رسول بنگئے اور اس قدر بدگوئی اور اہانت اور

دشنام دہی کی کتابین نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے حقین چھاپی گئین اور شایع کیگئین
کہ جنکے سننے سے بدن پر لرزہ پڑتا اور دل رو رو کر یہ گواہی دیتا ہے کہ اگر یہ لوگ ہمارے
بچون کو ہماری آنکھون کے سامنے قتل کرتے اور ہمارے جانی اور دلی عزیزون کو
جو دنیا کے عزیز ہین ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے اور ہمین بڑی ذلت سے جان سے مارتے
اور ہمارے تمام اموال پر قبضہ کر لیتے تو واللہ ثم واللہ ہمین رنج نہ ہوتا اور اس قدر کبھی
دل نہ دکھتا جو ان گالیون اور اس توہین سے جو ہمارے رسول کریم کی کیگئی دکھا ۔
پس کیا ابھی اس آخری مصیبت کا وہ وقت نہین آیا جو اسلام کے لیئے دنیا کے آخری
دنون مین مقدر تھا ۔ کیا کوئی ثابت کر سکتا ہے کہ اس سے بڑھکر کوئی اور زمانہ بھی آنیوالا ہے
جو قرآن کریم اور حدیث کی رو سے ان موجودہ فتنون سے کچھ زیادہ فتنے رکھتا ہوگا ۔
سو بھائیو تم اپنے نفسون پر ظلم مت کرو اور خوب سوچ لو کہ وقت آگیا اور بیرونی اور اندرونی
فتنے انتہا کو پہنچ گئے ۔ اگر تم ان تمام فتنون کو ایک پلہ میزان مین رکھو اور دوسرے پلہ
کیلئے تمام حدیثون اور سارے قرآن کریم مین تلاش کرو تو انکے برابر کیا ان کا ہزارم حصہ
بھی وہ فتنے قرآن اور حدیث کی رو سے ثابت نہین ہونگے پس وہ کونسا فساد کا زمانہ
اور کس بڑے دجّال کا وقت ہے جو اس زمانہ کے بعد آئیگا اور فتنہ اندازی
کے رو سے اس سے بدتر ہوگا ۔ کیا تم ثابت کر سکتے ہو کہ ان فتنون سے بڑھکر قرآن کریم
اور احادیث نبویہ مین ایسے اور فتنون کا پتہ ملتا ہے جنکا اب نام و نشان نہین یقیناً یاد رکھو
کہ اگر تم ان فتنون کی نظیر تلاش کرنیکے لئے کوشش کرو یہان تک کہ اسی کوشش مین مر ہی
جاؤ تب بھی قرآن کریم اور احادیث نبویہ سے ہرگز ثابت نہین ہوگا کہ کبھی کسی زمانہ مین
ان موجودہ فتنون سے بڑھکر کوئی اور فتنے بھی آنے والے ہین ۔

صاحبو! یہان وہ دجالیتین پہیل رہی ہین جو تمہارے فرضی دجال کے باپ کو بہی یاد نہین ہونگی - یہ کارروائیان خلق اللہ کے اغوا کیلئے ہزارہا پہلے سے جاری کیگئی ہین جنکے لکہنے کے لئے بہی ایک دفتر چاہیئے - اور انمین مخالفین کو کامیابی بہی ایسی اعلےٰ درجہ کی ہوئی ہے کہ دلون کو ہلا دیا ہے اور ان کے مکرون نے عام طور پر دلون پر سخت اثر ڈالا ہے اور انکی طبیعی اور فلسفہ نے ایسی شوخی اور بیباکی کا تخم پہیلا دیا ہے کہ گویا ہر ایک شخص اُسکے فلسفہ دانون مین سے **انا الرب** ہونیکا دعوے کرتا ہے - پس جاگو اور اُٹہو اور دیکہو کہ کیسا وقت آگیا اور سوچکو یہ موجودہ خیالات توحید محض کے کسقدر مخالف ہین یہانتک کہ خدا تعالی کی قدرت کا خیال بہی ایک بڑی نادانی کا طریق سمجہا جاتا ہے اور تقدیر کے لفظ کو سونہہ پر لانیوالا بڑا بیوقوف کہلاتا ہے اور فلسفی دماغ کے آدمی دہریت کو پہیلاتے جاتے ہین اور اس فکر مین لگے ہوئے ہین کہ تمام **کل** الوہیت کی کسیطرح ہمارے ہاتہہ مین ہی آجاوے ہم ہی جب چاہین وباؤن کو دور کردین موتون کو ٹال دین اور جب چاہین بارش برسادین کہیتی اُگالین اور کوئی چیز ہمارے قبضہ قدرت سے باہر نہ ہو - سوچکہ اِس زمانہ مین ان بیراہیون کا کچہہ انتہا بہی ہے **ان آفتون نے اسلام کے دونون بازؤن پر تبر رکہدیا ہے** اے سونے والو بیدار ہوجاؤ اے غافلو اُٹہہ بیٹہو کہ ایک انقلاب عظیم کا وقت آگیا - یہ رونے کا وقت ہے نہ سونے کا اور تضرع کا وقت ہے نہ ٹٹہے اور ہنسی اور تکفیر بازی کا **دعا** کرو کہ خداوند کریم تمہین آنکہین بخشے تا تم موجودہ ظلمت کو بہی بتمام وکمال دیکہہ لو اور نیز اس

نور کو بھی جو رحمت الہیہ نے اُس ظلمت کے مٹانیکے لئے تیار کیا ہے پہچانو اُٹھو اور خدا تعالیٰ سے رو رو کر ہدایت چاہو اور ناحق حقانی سلسلہ کے مٹانیکے لئے بد دعائین مت کرو اور نہ منصوبے سوچو خدا تعالیٰ تمہاری غفلت اور بھول کے ارادون کی پیروی نہین کرتا۔ وہ تمہارے دماغون اور دلون کی بیوقوفیان تمپر ظاہر کریگا اور اپنے بندہ کا مددگار ہوگا اور اُس درخت کو کبھی نہین کاٹیگا جسکو اُسنے اپنے ہاتھ سے لگایا ہے کیا کوئی تم مین سے اپنے اُس پودہ کو کاٹ سکتا ہے جس کے پھل لانیکی اُسکو توقع ہے پھر وہ جو دانا و بینا اور ارحم الراحمین ہے وہ کیون اپنے اِس پودہ کو کاٹے جسکے پھلون کی مبارک دنون کی وہ انتظار کر رہا ہے۔ جبکہ تم انسان ہوکر ایسا کام کرنا نہین چاہتے۔ پھر وہ جو عالم الغیب ہے جو ہر ایک دل کی تہ تک پہنچا ہوا ہے کیون ایسا کام کریگا۔ پس تم خوب یاد رکھو کہ تم اِس لڑائی مین اپنے ہی اعضاء پر تلوارین مار رہے ہو سو تم ناحق آگ مین ہاتھ مت ڈالو ایسا نہ ہو کہ وہ آگ بھڑکے اور تمہارے ہاتھ کو بھسم کر ڈالے یقیناً سمجھو کہ اگر یہ کام انسان کا ہوتا تو بہتیرے اِسکے نابود کرنیوالے پیدا ہو جاتے اور نیز یہ اِس اپنی عمر تک بھی ہرگز نہ پہنچتا جو بارہ برس کی مدت اور بلوغ کی عمر ہے۔ کیا تمہاری نظر مین کبھی کوئی ایسا مفتری گذرا ہے کہ جس نے خدا تعالیٰ پر ایسا افترا کرکے کہ وہ مجھ سے ہم کلام ہے پھر اس مدت مدید کے سلامتی کو پالیا ہو۔ افسوس کہ تم کچھ بھی نہین سوچتے اور قرآن کریم کی اُن آیتون کو یاد نہین کرتے جو خود نبی کریم کی نسبت اللہ جلشانہ فرماتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر تو ایک ذرہ مجھ پر افترا کرتا تو مین تیری رگِ جان کاٹ دیتا۔ پس نبی کریم سے زیادہ تر کون عزیز ہے کہ جو اتنا بڑا افترا کرکے اب تک بچا رہے بلکہ خدا تعالیٰ کی نعمتون سے مالا مال بھی ہو۔ وبھائیو نفسانیت سے باز آؤ اور جو باتین خدا تعالیٰ کے علم سے

خاص ہین ان مین حد سے بڑہکر ضدّت کرو اور عادت کے سلسلہ کو توڑکر اور ایک نئے انسان بنکر تقوے کی راہون مین قدم رکہو تا تمپر رحم ہو اور خدا تعالی تمہارے گناہون کو بخشدیوے - سو ڈرو اور باز آجاؤ - کیا تم مین ایک بہی رشید نہین - وان لم تنتہوا فسوف یاتی اللہ بنصرۃ من عندہ وینصر عبدہ ویمزّق اعداءہ ولا تضرّونہ شیئاً -

بدہ از چشمِ خود آبے درختانِ محبت را
مگر روزے دہندت میوہاے پرحلاوت را

مہ اسلام در باطن حقیقتہا ہمی دارد
کجا باشد خبر زان مہ گرفتارانِ صورت را

من از یار آمدم تا خلق را این پایہ بنمایم
گر امروزم نمی بینی بہ بینی روزِ حسرت را

گر از چشمِ تو پنہانست شانم دم مزن بارے
کہ بد پر میزند بیمارے نہ بیند روئے صحت را

چو چشمِ حق شناس و نورِ عرفانت نہ بخشیدند
نہادی نام کافر لاجرم عشاقِ ملّت را

کجا از آستانِ مصطفی ای ابلہ بگریزیم
نمی یابیم درجائی دگر این جاہ و دولت را

بحمد اللہ کہ خود قطعِ تعلّق کرد این قومی
خدا از رحمت و احسان میسّر کرد خلوت را

چہ دوزخہا کہ میدیدم بدیدارِ چنین رُوہا
بنازم دلبرِ خود را کہ بازم داد جنّت را

چہ میسوزی ازان قربی کہ با دلدار میدارم
اگر زورست در دستت بگردان رزقِ قسمت را

بہ نخوتہا نمی آید بدست آن دامنِ پاکش
کسی عزّت ازو یابد کہ سوزد رختِ عزّت را

اگر خواہی رہِ مولیٰ ز لافِ علم خالی شو
کہ رہ ندہند در کوشش اسیرِ کبر و نخوت را

منہ دل در تنعمہاے دنیا گر خدا خواہی
کہ میخواہد نگارِ من تہیدستانِ عشرت را

مصفّا قطرہ باید کہ تا گوہر شود پیدا (الہامی)
کجا بیند دلِ ناپاک روئے پاکِ حضرت را

نمی یابد مرامکیدّہ عزّتہاے این دنیا (الہامی)
منہ از بہر ما کرسی کہ ماموریم خدمت را

همه خلق و جهان خواهد برائے نفس خود عزت
خلافِ من که میخواهم براہِ یار ذلت را

همه درد و ریا این عالم امان و عافیت خواهند
چه افتاد این سرِ ما را که میخواهد مصیبت را

مرا هر جا که می بینم رخِ جانان نظر آید
درخشد در خور و در ماه بنماید ملاحت را

حریصِ غربت و عجزم ازان روزیکه دانستم
که جا در خاطرش باشد دلِ مجروحِ غربت را

من آن شاخِ خودی و خود روی از بیخ برکندم
که می آرد زناپاکی برِ نفرین و لعنت را

اگر از روضهٔ جان و دلِ من پرده بردارند
به بینی اندران آن دلبرِ پاکیزه طلعت را

فروغِ نورِ عشق او ز بام و قصه ها روشن
مگر بیند کسے آنرا که میدارد بصیرت را

نگاهِ رحمتِ جانان عنایتها بمن کردست
وگرنه چون منے هیچے یابد آن رشد و سعادت را

نظر بازانِ علمِ ظاهر اندر علم خود نازند
زدستِ خود فگنده معنی و مغز و حقیقت را

همه فهم و نظر در پرده هاے کبر پوشیدند
چنان خواهند این خمری که پاکان جام قربت را

خدا خود قصهٔ شیطان بیان کردست تا دانند
که این سنخوت کند ابلیس هر اهلِ عبادت را

بلفاظی بسر کردند عمرِ خود بلا حاصل
دمی از بهرِ معنی ها نمی یابند فرصت را

گزاف و لاف شان در ظاهرِ شرعست هم باطل
که غافل از حقائق کے نمودانند شریعت را

مسیحِ ناصری را تا قیامت زنده می فهمند
مگر مدفونِ یثرب را ندادند این فضیلت را

ز بوئے نافهٔ عرفان چو محرومِ ازل بودند
پسندیدند در شانِ شهِ خلق این مذلت را

همه دُرهاے قرآن را چو خاشاکے بیفگندند
ز علمِ ناتمام شان چها گم گشت ملت را

همه عیسائیان را از مقالِ خود مدد دادند
دلیری ها پدید آمد پرستارانِ میت را

درین هنگامِ پُر آتش بخوابِ خوش چسان خسپم
زمان فریاد میدارد که بشتابید نصرت را

شبِ تاریک و بیم و موج و قومِ ما چنین غافل
کجا زین غم رهم یارب نما خود دستِ قدرت را

بخاک انگیزئ شان بر ضیائی خود نمی ترسم	نہان کی ماند آن نوری کہ حق بخشید فطرت را
کجا غوغائی شان بر خاطر من وحشتی آرد	کہ صادق بزدلی نبود و گر بیند قیامت را

اب قبل اسکے جو ہم دوسری بحثون کی طرف توجہہ کرین اس بحث کا کہنا نہایت ضروری ہے جو **دین اسلام** کی حقیقت کیا ہی اور اُس حقیقت تک پہنچنے کے وسایل کیا ہین اور اُس حقیقت پر پابند ہونیکے ثمرات کیا ہین کیونکہ بہت سی اسرار دقیقہ کا سمجھنا اسی بات پر موقوف ہے کہ پہلے **حقیقت اسلام** اور پھر اُس حقیقت کے وسایل اور پھر اُسکے ثمرات بخوبی ذہن نشین ہو جائین اور ہمارے اندرونی مخالفون کے لئے یہ بات نہایت فائدہ مند ہوگی کہ وہ حقیقت اسلام اور اُسکی ابحاث متعلقہ کو توجہ سے پڑھین کیونکہ جن شکوک و شبہات مین وہ مبتلا ہین اکثر وہ ایسے ہین کہ فقط اسی وجہ سے دلون مین پیدا ہوئے ہین کہ اسلام کی اتم اور اکمل حقیقت اور اُسکے وسایل اور ثمرات پر غور نہین کی گئی - اور اسبات مین کچھہ شبہہ نہین کہ ان تمام حقیقتون پر غور کرنیکے بعد اگر اس عاجز کی اندرونی مخالف اپنے اعتراضات کے مقابل پر میرے **جوابات** کو پڑھینگے تو بہت سے اوہام اور وساوس سے مخلصی پا جائینگے بشرطیکہ وہ غور سے پڑھین - اور پھر ان مقامات کو نظر کے سامنے رکھہ کر میرے اُن جوابات کو سوچین جو مینے اُنکے شبہات کے قلع و قمع کے لئے لکھے ہین - ایسا ہی مخالفین مذہب کو بھی اِن حقایق کے بیان کرنیسے بہت فایدہ ہوگا اور وہ اِس مقام سے سمجھہ سکتے ہین کہ **مذہب** کیا چیز ہے اور اُسکی سچائی کے نشان کیا ہین -

آپ واضح ہو کہ لغت عرب مین **اسلام** اسکو کہتے ہین کہ بطور پیشگی ایک چیز کا مول دیا جاے اور یا یہ کہ کسی کو اپنا کام سونپین اور یا یہ کہ صلح کے

طالب ہون اور یا یہ کہ کسی امر یا خصومت کو چھوڑ دین +

اور اصطلاحی معنے اسلام کے وہ ہین جو اس آیت کریمہ مین اسکی طرف اشارہ ہے یعنی یہ کہ بلی من اسلم وجہہ للہ وھو محسن فلہ اجرہ عند ربہ ولا خوف علیہم ولا ہم یحزنون۔ یعنی مسلمان وہ ہے جو خدا تعالی کی راہ مین اپنے تمام وجود کو سونپ دیوے یعنی اپنے وجود کو اللہ تعالی کے لئے اور اسکے ارادون کی پیروی کے لئے اور اسکی خوشنودی کے حاصل کرنیکے لئے وقف کر دیوے اور پھر نیک کامون پر خدا تعالی کے لئے قایم ہوجاے اور اپنے وجود کی تمام علمی طاقتین اسکی راہ مین لگا دیوے مطلب یہ ہے کہ اعتقادی اور عملی طور پر محض خدا تعالی کا ہوجاوے +

"اعتقادی" طور پر اس طرح سے کہ اپنے تمام وجود کو درحقیقت ایک ایسی چیز سمجھ لے جو خدا تعالی کی شناخت اور اسکی طاعت اور اسکے عشق اور محبت اور اسکی رضامندی حاصل کرنیکے لئے بنائی گئی ہے۔

اور "عملی" طور پر اس طرح سے کہ خالصاً للہ حقیقی نیکیان جو ہر ایک قوت سے متعلق اور ہر یک خداداد توفیق سے وابستہ ہین بجالاوے مگر ایسے ذوق وشوق وحضور سے کہ گویا وہ اپنی فرمانبرداری کے آئینہ مین اپنے معبود حقیقی کے چہرہ کو دیکھ رہا ہے، پھر بقیہ ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ جسکی اعتقادی وعملی صفائی ایسی محبت ذاتی پر مبنی ہو اور ایسے طبعی جوش سے اعمال حسنہ اس سے صادر ہون وہی ہے جو عند اللہ مستحق اجر ہے اور ایسے لوگون پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ کچھ غم رکھتے ہین یعنی ایسے لوگون کے لئے نجات نقد موجود ہے کیونکہ جب انسان کو اللہ تعالی کی ذات اور

صفات پر ایمان لاکر اُس سے موافقت تامہ ہوگئی اور ارادہ اُسکا خدا تعالیٰ کے ارادہ سے ہمرنگ ہوگیا اور تمام لذّت اُسکی فرمانبرداری مین ٹھہر گئی اور جمیع اعمال صالحہ نہ شقت کی راہ سے بلکہ تلذذ اور احتظاظ کی کشش سے صادر ہونے لگے تو یہی وہ کیفیت ہے جسکو فلاح اور نجات اور رستگاری سے موسوم کرنا چاہئے اور عالم آخرت مین جو کچھہ نجات کے متعلق مشہود و محسوس ہوگا وہ درحقیقت اِسی کیفیت راسخہ کے ظلال و آثار ہین جو اُس جہان مین جسمانی طور پر ظاہر ہوجائینگے۔ مطلب یہ ہے کہ بہشتی زندگی اِسی جہان سے شروع ہوجاتی ہے اور جہنمی عذاب کی جڑہ بھی اِسی جہان کی گندی اور کورانہ زیست ہے۔

اب آیات ممدوحہ بالا پر ایک نظر غور ڈالنے سے ہر ایک سلیم العقل سمجھہ سکتا ہے کہ اسلام کی حقیقت تب کسی مین متحقق ہوسکتی ہے کہ جب اُسکا وجود معہ اپنی تمام باطنی و ظاہری قوے کے محض خدا تعالیٰ کیلئے اور اسکی راہ مین وقف ہوجاوے اور جو امانتین اُسکو خدا تعالیٰ کیطرف سے ملی ہین پھر اُسی معطی حقیقی کو واپس دی جائین اور نہ صرف اعتقادی طور پر بلکہ عمل کے آئینہ مین بھی اپنے اسلام اور اُسکی حقیقت کاملہ کی ساری شکل دکھلای جاوے یعنی شخص مدعی اسلام یہ بات ثابت کردیوے کہ اُسکے ہاتھہ اور پیر اور دل اور دماغ اور اُسکی عقل اور اُس کا فہم اور اُسکا غضب اور اُسکا رحم اور اُسکا حلم اور اُسکا علم اور اُسکی تمام روحانی اور جسمانی قوتین اور اُسکی عزّت اور اُسکا مال اور اُسکا آرام اور سرور اور جو کچھہ اُسکا سر کے بالون سے پیرون کے ناخنون تک باعتبار ظاہر و باطن کے ہے یہانتک کہ اُسکی نیات اور اُسکے دل کے خطرات اور اُسکی نفس کے جذبات سب خدا تعالیٰ کے ایسے تابع ہوگئے ہین کہ جیسے ایک شخص کے

اعضا اُس شخص کے تابع ہوتے ہین - غرض یہ ثابت ہوجاے کہ صدق قدم اِس درجہ تک پہنچ گیا ہے کہ جو کچھہ اُسکا ہے وہ اُسکا نہین بلکہ خدا تعالی کا ہوگیا ہے اور تمام اعضا اور قوے الٰہی خدمت مین ایسے لگ گئے ہین کہ گویا وہ **جوارح الحق** ہین -

اوران آیات پر غور کرنیسے یہ بات بھی صاف اور بدیہی طور پر ظاہر ہوتی ہے کہ خدا تعالی کی راہ مین زندگی کا وقف کرنا جو حقیقت اسلام ہے دو قسم پر ہے

اوّل یہ کہ خدا تعالی کو ہی اپنا معبود اور مقصود اور محبوب ٹھہرایا جاوے اور اُسکی عبادت اور محبت اور خوف اور رجا مین کوئی دوسرا شریک باقی نہ رہے اور اُسکی تقدیس اور تسبیح اور عبادت اور تمام عبودیت کے آداب اور احکام اور اوامر اور حدود اور آسمانی قضا وقدر کے اُمور بدل وجان قبول کئے جائین اور نہایت نیستی اور تذلل سے ان سب حکمون اور حدّون اور قانون اور تقدیرون کو بارادت تمام سر پر اُٹھالیا جاوے اور نیز وہ تمام پاک صداقتین اور پاک معارف جو اُسکی وسیع قدرتون کے معرفت کا ذریعہ اور اُسکی ملکوت اور سلطنت کے علوم مرتبہ کو معلوم کرنیکے لئے ایک واسطہ اور اُس کے آلاء اور نعماء کے پہچاننے کے لئے ایک قوی رہبر ہین بخوبی معلوم کرلیجائین -

دوسری قسم اللہ تعالی کی راہ مین زندگی وقف کرنیکی یہ ہے کہ اُسکے بندون کی خدمت اور ہمدردی اور چارہ جوئی اور باربرداری اور سچی غمخواری مین اپنی زندگی وقف کردی جاوے دوسرون کو آرام پہنچانیکے لئے دکھ اُٹھاوین اور دوسرون کی راحت کیلئے اپنے پر رنج گوارا کرلین -

اِس تقریر سے معلوم ہوا کہ **اسلام کی حقیقت** نہایت ہی اعلیٰ ہے

اور کوئی انسان کبھی اِس شریف لقب اہل اسلام سے حقیقی طور پر ملقب نہین ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنا سارا وجود معہ اُسکے تمام قوتون اور خواہشون اور ارادون کے حوالہ سجدا نکردیوے اور اپنی انانیت سے معہ اُسکے جمیع لوازم کے ہاتھہ اُٹھاکر اُسکی راہ مین نہ لگ جاوے۔ پس حقیقی طور پر اُسی وقت کسیکو مسلمان کہا جائیگا کہ جب اُسکی غافلانہ زندگی پر ایک سخت **انقلاب** وارد ہوکر اُسکے نفس امّارہ کا نقش ہستی معہ اُسکے تمام جذبات کے یکدفعہ مٹ جائے اور پھر اِس موت کے بعد محسن للہ ہونیکے نئی زندگی اُسمین پیدا ہوجائے اور وہ ایسی پاک زندگی ہو جو اُسمین بجز طاعت خالق اور ہمدردی مخلوق کے اور کچھہ بھی نہ ہو

خالق کی طاعت اس طرح سے کہ اُسکی عزت وجلال اور یگانگت ظاہر کرنے کے لئے بیعزتی اور ذلّت قبول کرنیکے لئے مستعد ہو اور اُسکی وحدانیت کا نام زندہ کرنے کے لئے ہزارون موتون کے قبول کرنے کے لئے طیار ہو اور اُسکی فرمانبرداری مین ایک ہاتھہ دوسرے ہاتھہ کو بخوشی خاطر کاٹ سکے اور اُس کے احکام کی عظمت کا پیاسا اور اُسکی رضاجوی کے پیاس گناہ سے ایسی نفرت دلاوے کہ گویا وہ کہا جانیوالی ایک آگ ہی یا ہلاک کرنیوالی ایک زہر ہے یا بھسم کردینے والی ایک بجلی ہے جس سے اپنی تمام قوتون کے ساتھہ بھاگنا چاہیے۔ غرض اُسکی مرضی ماننے کے لئے اپنے نفس کی سب مرضیات چھوڑدے اور اُسکے پیوند کے لئے جانکاہ زخمون سے مجروح ہونا قبول کرلے اور اُسکے تعلّق کا ثبوت دینے کے لئے سب نفسانی تعلقات توڑدے

اور خلق اللہ کی خدمت اِس طرح سے کہ جس قدر خلقت کی حاجات ہین اور جس قدر مختلف وجوہ اور طرق کی راہ سے قسّام ازل نے بعض کو بعض کا محتاج کر رکھا ہے ان تمام امورمین محض للہ اپنی حقیقی اور بےغرضانہ اور سچی ہمدردی سے جو اپنے وجود سے صادر

ہوسکتی ہے انکو نفع پہنچاوے اور ہر یک مدد کے محتاج کو اپنی خداداد قوت سے مدد دے اور انکی دنیا و آخرت دونون کی اصلاح کیلئے زور لگاوے ۔

مگر یہ للّٰہی وقف محض اُس صورت مین اسم بامسمی ہوگی کہ جب تمام اعضا للّٰہی طاعت کے رنگ سے ایسے رنگ پذیر ہوجائین کہ گویا وہ ایک الٰہی آلہ ہین جنکے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً افعال الٰہیہ ظہور پذیر ہوتے ہین یا ایک مصفا آئینہ ہین جسمین تمام مرضیات الٰہیہ بصفاء تمام عکسی طور پر ظہور پکڑتی رہتی ہین ۔ اور جب اس درجہ کاملہ پر للّٰہی طاعات وخدمات پہنچ جائین تو اس صبغۃ اللہ کی برکت سے اس وصف کے انسان کی قوے اور جوارح کی نسبت وحدت شہودی کے طور پر یہ کہنا صحیح ہوتا ہے کہ مثلاً یہ آنکھین خدا تعالےٰ کی آنکھین اور یہ زبان خدا تعالیٰ کی زبان اور یہ ہاتھ خدا تعالیٰ کے ہاتھ اور یہ کان خدا تعالےٰ کے کان اور یہ پانو خدا تعالیٰ کے پانو ہین ۔ کیونکہ وہ تمام اعضاء اور قوتین للّٰہی راہون مین خدا تعالیٰ کے ارادون سے پُر ہوکر اور اُسکی خواہشون کی تصویر بنکر اس لائق ہوجاتے ہین کہ انکو اُسی کا روپ کہا جاوے وجہ یہ کہ جیسے ایک شخص کے اعضا پورے طور پر اُسکی مرضی اور ارادہ کے تابع ہوتے ہین ایسا ہی کامل انسان اُس درجہ پر پہنچکر خدا تعالیٰ کی مرضیات وارادت سے موافقت تامہ پیدا کرلیتا ہے اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور وحدانیت اور مالکیت اور معبودیت اور اسکی ہر یک مرضی اور خواہش کی بات ایسی ہے اُسکو پیاری معلوم ہوتی ہے کہ جیسی خود خدا تعالیٰ کو ۔ سو یہ عظیم الشان للّٰہی طاعت وخدمت جو پیار اور محبت سے ملی ہوئی اور خلوص اور خفیت تامہ سے بھری ہوئی ہے یہی اسلام اور اسلام کی حقیقت اور اسلام کا لب لباب ہے جو نفس اور خلق اور ہوا اور ارادہ سے موت حاصل کرنیکے بعد ملتا ہے ۔



اِس جگہ یہ نکتہ بھی یاد رہے کہ آیت موصوفہ بالا یعنے **بلی من اسلم وجہہ للہ وھو محسن فلہ اجرہ عند ربہ ولا خوف علیہم ولا ھم یحزنون** - سعادت تامہ کے تینون ضروری درجون یعنے **فنا** اور **بقا** اور **لقا** کیطرف اشارت کرتی ہے - کیونکہ جیسا کہ ہم ابھی بیان کر چکے ہین **اسلم وجہہ للہ** کا فقرہ یہ تعلیم کر رہا ہے کہ تمام قوٰے اور اعضا اور جو کچھ اپنا ہے خدا تعالی کو سونپ دینا چاہیئے اور اُسکی راہ مین وقف کر دینا چاہیئے اور یہ وہی کیفیت ہے جسکا نام دوسرے لفظون مین **فنا** ہے وجہ یہ کہ جب انسان نے حسب مفہوم اِس آیت ممدوحہ کے اپنا تمام وجود معہ اُسکی تمام قوتون کے خدا تعالی کو سونپ دیا اور اُسکی راہ مین وقف کر دیا اور اپنی نفسانی جنبشون اور سکونون سے بکلی باز آگیا - تو بلاشبہ ایک قسم کی موت اُسپر طاری ہوگئی اور اِسی موت کو اہل تصوّف فنا کے نام سے موسوم کرتے ہین

پھر بعد اسکے **وَھُوَ مُحْسِنٌ** کا فقرہ مرتبہ **بقا** کیطرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ جب انسان بعد فنا اکمل و اتم وسلب جذبات نفسانی - الٰہی جذبہ اور تحریک سے پھر جنبش مین آیا اور بعد منقطع ہوجانے تمام نفسانی حرکات کے پھر ربانی تحریکون سے پُر ہوکر حرکت کرنے لگا تو یہ وہ **حیات ثانی** ہے جس کا نام **بقا** رکھنا چاہیئے -

پھر بعد اسکے یہ فقرات **فلہ اجرہ عند ربہ ولا خوف علیہم ولا ھم یحزنون** - جو اثبات و ایجاب اجر و نفی و سلب خوف وحزن پر دلالت کرتی ہین یہ حالت **لقا** کیطرف اشارہ ہے کیونکہ جبوقت انسان کی عرفان اور یقین اور توکّل اور محبت مین ایسا مرتبہ عالیہ پیدا ہوجائے کہ اُسکے خلوص اور ایمان اور وفا

کا اجرا اسکی نظر مین وہمی اور خیالی اور ظنی نرہی بلکہ ایسا یقینی اور قطعی اور شہودی اور مرئی اور محسوس ہو کہ گویا وہ اسکو مل چکا ہے اور خدا تعالی کے وجود پر ایسا یقین ہو جائے کہ گویا وہ اسکو دیکھہ رہا ہے اور ہر یک آیندہ کا خوف اسکی نظر سے اُٹھہ جاوے اور ہر یک گذشتہ اور موجودہ غم کا نام و نشان نہ رہے اور ہر یک روحانی تنعم موجود الوقت نظر آوے تو یہی حالت جو ہر یک قبض اور کدورت سے پاک اور ہر یک فراغہ اور شک سے محفوظ اور ہر یک درد انتظار سے منزہ ہے **لقا** کے نام سے موسوم ہے اور اس مرتبہ لقا پر **محسن** کا لفظ جو آیت مین موجود ہے نہایت صراحت سے دلالت کر رہا ہے کیونکہ **احسان** حسب تشریح نبی صلے اللہ علیہ وسلم اسی حالت کاملہ کا نام ہے کہ جب انسان اپنی پرستش کی حالت مین خدا تعالی سے ایسا تعلق پیدا کرے کہ گویا اسکو دیکھہ رہا ہے۔

اور یہ **لقا** کا مرتبہ تب سالک کیلئے کامل طور پر متحقق ہوتا ہے کہ جب ربانی رنگ بشریت کے رنگ و بو کو بتمام و کمال اپنے رنگ کے نیچے متواری اور پوشیدہ کر دیوے جس طرح آگ لوہے کے رنگ کو اپنے نیچے ایسا چھپا لیتی ہے کہ نظر ظاہر مین بجز آگ کے اور کچھہ دکھائی نہین دیتا۔ یہ وہی مقام ہے جسپر پہنچکر بعض سالکین نے نعرہ انی انا کہا ہے اور شہودی پیوند کو وجودی پیوند کے رنگ مین سمجھہ لیا ہے۔ اس مقام مین جو اولیاء اللہ پہنچے ہین یا جنکو اسمین سے کوئی گھونٹ میسر آگیا ہے بعض اہل تصوف نے اُن کا نام **اطفال اللہ** رکھہ دیا ہے اس مناسبت سے کہ وہ لوگ صفات الہی کے کنار عاطفت مین لیکلی جا پڑے ہین اور جیسے ایک شخص کا لڑکا اپنے حلیہ و خط و خال مین کچھہ اپنے باپ سے مناسبت رکھتا ہے ویسا ہی انکو بھی ظلی طور پر بوجہ تخلق باخلاق اللہ خدا تعالی کی صفات جمیلہ سے کچھہ مناسبت پیدا ہو گئی ہے۔ ایسی نام

اطفال اللہ

اگرچہ کہلے کہلے طور پر بزبان شرع مستعمل نہین ہین مگر درحقیقت عارفون نے قرآن کریم سے ہی اسکو استنباط کیا ہے کیون کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے **فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم او اشد ذکرا** یعنے اللہ تعالی کو ایسا یاد کرو کہ جیسے تم اپنے باپون کو یاد کرتے ہو۔ اور ظاہر ہے کہ اگر مجازی طور پر ان الفاظ کا بولنا منہیات شرع سے ہوتا تو خدا تعالی ایسی طرز سے اپنی کلام کو منزہ رکھتا جس سے اس اطلاق کا جواز مستنبط ہوسکتا ہے۔

اقتداری معجزات رسول اللہ صلعم

اور اس درجہ نقامین بعض اوقات انسان سے ایسے امور صادر ہوتے ہین کہ جو **بشریت کی طاقتون** سے بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہین اور الہی طاقت کا رنگ اپنے اندر رکھتے ہین جیسے ہمارے **سیّد و مولی سید الرسل حضرت خاتم الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم** نے جنگ بدر مین ایک سنگریزون کی مٹھی کفار پر چلائی اور وہ مٹھی کسی دعا کے ذریعہ سے نہین بلکہ خود اپنی **روحانی طاقت** سے چلائی مگر اس مٹھی نے **خدائی طاقت** دکھلائی اور مخالف کی فوج پر ایسا خارق عادت اسکا اثر پڑا کہ کوئی ان مین سے ایسا نہ رہا کہ جسکی آنکھ پر اسکا اثر نہ پہنچا ہو اور وہ سب اندھون کیطرح ہوگئے اور ایسی سراسیمگی اور پریشانی انہین پیدا ہوگئی کہ مدہوشون کی طرح بھاگنا شروع کیا۔ اسی معجزہ کی طرف اللہ جلشانہ اس آیت مین اشارہ فرماتا ہے۔

وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی

یعنی جب تونے اس مٹھی کو پھینکا وہ تونے نہین پھینکا بلکہ خدا تعالی نے پھینکا یعنی درپردہ الہی طاقت کام کرگئی انسانی طاقت کا یہ کام نہ تھا۔

اور ایسا ہی دوسرا **معجزہ** آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا جو

شق القمر ہے اسی الہی طاقت سے ظہور مین آیا تہا کوئی دعا اُسکے ساتہہ شامل نہ تہی کیونکہ وہ صرف انگلی کے اشارہ سے جو **الہی طاقت** سے بہری ہوئی تہی وقوع مین آگیا تہا۔ اور اس قسم کے اور بھی بہت سے معجزات ہین جو صرف ذاتی اقتدار کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دکہلائے۔ جنکے ساتہہ کوئی دعا نہ تہی۔ کئی دفعہ تہوڑے سے پانی کو جو صرف ایک پیالہ مین تہا اپنی انگلیون کو اُس پانی کے اندر داخل کرنیسے اس قدر زیادہ کردیا کہ تمام لشکر اور اونٹون اور گہوڑون نے وہ پانی پیا اور پہر بہی وہ پانی ویسا ہی اپنی مقدار پر موجود تہا۔ اور کئی دفعہ دو چار روٹیون پر ہاتہہ رکہنے سے ہزارہا بہوکون پیاسون کا ان سے شکم سیر کردیا اور بعض اوقات تہوڑے دودہ کو اپنی لبون سے برکت دیکر ایک جماعت کا پیٹ اُس سے بہر دیا۔ اور بعض اوقات شور آب کنوئین مین اپنے مُنہہ کا لعاب ڈالکر اُسکو نہایت شیرین کردیا۔ اور بعض اوقات سخت مجروحون پر اپنا ہاتہہ رکہہ کر ان کو اچہا کردیا۔ اور بعض اوقات آنکہون کو جنکے ڈیلے لڑائی کے کسی صدمہ سے باہر جا پڑے تہے اپنے ہاتہہ کی برکت سے پہر درست کردیا۔ ایسا ہی اور بہی بہت سے کام اپنے ذاتی اقتدار سے کئے جن کے ساتہہ ایک چہپی ہوی **طاقت الہی** مخلوط تہی ٭

حال کے **برہمو** اور **فلسفی** اور **نیچری** اگر ان معجزات سے انکار کرین تو وہ معذور ہین کیونکہ وہ اسمہ تبہ کو شناخت نہین کرسکتے جسمین ظلی طور پر الہی طاقت انسان کو ملتی ہے پس اگر وہ ایسی باتون پر ہنسین تو وہ اپنے ہنسنے مین ہی معذور ہین کیون کہ اُنہون نے بجز طفلانہ حالت کے اور کسی درجہ **روحانی بلوغ** کو طے نہین کیا۔ اور نہ صرف اپنی حالت ناقص کہتے ہین بلکہ اسبات پر خوش ہین کہ اسی حالت **ناقصہ** مین مرین بہی ٭

عیسائیوں کا قابل افسوس حال

اقتداری معجزہ آنحضرت صلعم کو سب سے زیادہ دیا گیا

اقتداری معجزہ خلافِ عادت کے بلا توسط دعا کے دوسرے پیغمبروں کا

مگر زیادہ تر افسوس اُن **عیسائیوں** پر ہے جو بعض خوارق اُسی کے مشابہ مگر اِن سے ادنیٰ حضرت مسیح میں سن سُنا کر اُن کی الوہیت کی دلیل ٹھہرا بیٹھے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضرت مسیح کا مُردوں کا زندہ کرنا اور مفلوجوں اور مجذوموں کا اچھا کرنا اپنے اقتدار سے تھا کسی دعا سے نہیں تھا۔ اور یہ دلیل اس بات پر ہے کہ وہ حقیقی طور پر ابن اللہ بلکہ خدا تھا۔ لیکن افسوس کہ اِن بیچاروں کو خبر نہیں کہ اگر اِنہیں باتوں سے انسان خدا بن جاتا ہے تو اِس خدائی کا زیادہ تر استحقاق ہمارے سید و مولےٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے کیونکہ اِس قسم کے اقتداری خوارق جس قدر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھلائے ہیں حضرت مسیح علیہ السلام ہرگز دکھلا نہیں سکے اور ہمارے ہادی و مقتدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ اقتداری خوارق نہ صرف آپ ہی دکھلائے بلکہ اِن خوارق کا ایک لمبا سلسلہ روزِ قیامت تک اپنی امت میں چھوڑ دیا جو ہمیشہ اور ہر زمانہ میں حسب ضرورت زمانہ ظہور میں آتا رہا ہے اور اِس دنیا کے آخری دنوں تک اِسی طرح ظاہر ہوتا رہیگا اور **الٰہی طاقت** کا پرتو جس قدر اِس اُمّت کی مُقدّس رُوحوں پر پڑا ہے اُسکی نظیر دوسری اُمتوں میں بہت مشکل ہے پھر کس قدر بیوقوفی ہے کہ اِن خارق عادت امور کی وجہ سے کسی کو خدا یا خدا کا بیٹا قرار دیا جائے اگر ایسے ہی خوارق سے انسان خدا بن سکتا ہے تو پھر خداؤں کا کچھ انتہا بھی ہے ؟

لیکن یہ بات اس جگہ یاد رکھنے کے لایق ہے کہ اس قسم کے اقتداری خوارق گو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہی ہوتے ہیں مگر پھر بھی خدا تعالیٰ کے اُن خاص افعال سے جو بلا توسط ارادہ غیری ظہور میں آتے ہیں کسی طور سے برابری نہیں کر سکتے اور نہ برابر ہونا اُن کا مناسب ہے اِسی وجہ سے جب کوئی نبی یا ولی اقتداری طور پر بغیر توسط کسی دُعا کے کوئی ایسا امر خارق عادت دکھلاوے جو انسان کو کسی حیلہ اور تدبیر اور علاج سے اُسکی قوت نہیں دیگئی تو نبی کا وہ فعل خدا تعالیٰ کے

اُن افعال سے کم رتبہ پر رہیگا جو خود خدا تعالیٰ علانیہ اور بالجہر اپنی قوت کاملہ سے ظہور مین لاتا ہے یعنی ایسا اقتداری معجزہ بہ نسبت دوسرے الٰہی کامون کے جو بلاواسطہ اللہ جلشانہ سے ظہور مین آتے ہین ضرور کچھہ نقص اور کمزوری اپنے اندر موجود رکھتا ہوگا تا سرسری نگاہ والون کی نظر مین **تشابہ فی الخلق** واقع نہ ہو۔ اسیوجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا **عصا** باوجود اسکے کہ کئی دفعہ سانپ بنا لیکن آخر عصا کا عصا ہی رہا۔ اور حضرت مسیح کی **چڑیان** باوجودیکہ معجزہ کے طور پر اُن کا پرواز قرآن کریم سے ثابت ہے مگر پھر بھی مٹی کے مٹی ہی تھے۔ اور کہین خدا تعالیٰ نے یہ نہ فرمایا کہ وہ زندہ بھی ہوگئین اور ہمارے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اقتداری خوارق مین

چونکہ طاقت الٰہی سب سے زیادہ بھری ہوئی تھی کیونکہ وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تجلیات الٰہیہ کے لئے اتم و اعلےٰ و ارفع و اکمل نمونہ تھا اسلئے ہماری نظر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقتداری خوارق کو کسی درجہ بشریت پر مقرر کرنے سے قاصر ہین مگر تاہم ہمارا اسپر ایمان ہے کہ اس جگہ بھی اللہ جلشانہ اور اُسکے رسول کریم کے فعل مین مخفی طور پر کچھہ فرق ضرور ہوگا۔

اب اِن تحریرات سے ہماری غرض اس قدر ہے کہ **لقا** کا مرتبہ جب کسی انسان کو میسر آتا ہے تو اُس مرتبہ کی **تموّج** کے اوقات مین الٰہی کام ضرور اُس سے صادر ہوتے ہین اور ایسے شخص کی گہری صحبت مین جو شخص ایک حصہ عمر کا بسر کرے تو ضرور کچھہ نہ کچھہ یہ اقتداری خوارق مشاہدہ کریگا کیونکہ اس تموج کیحالت مین کچھہ الٰہی صفات کا رنگ ظلی طور پر انسان مین آجاتا ہے یہانتک کہ اسکا رحم خدا تعالیٰ کا رحم اور اُسکا غضب خدا تعالیٰ کا غضب ہو جاتا ہے اور بسا اوقات وہ بغیر کسی دعا کے کہتا ہے کہ فلان چیز پیدا ہو جائے تو وہ پیدا ہو جاتی ہے اور کسی پر غضب کی نظر سے دیکھتا ہے تو اُسپر کوئی وبال

لقا کا مرتبہ جو اللہ جلشانہ کی نشانیون مین سے ایک بڑی نشانی ہے

اقتداری معجزہ خدا تعالیٰ کا بلاواسطہ کامون کے جو بلاواسطہ اللہ جلشانہ سے ظہور مین آتے ہین

اعمال اللہ کی ہر کل چیز مین برکت ہی برکت ہے

نازل ہوتا ہے اور کسیکو رحمت کی نظر سے دیکھتا ہے تو وہ خدا تعالی کے نزدیک مورد رحم ہو جاتا ہے اور جیساکہ خدا تعالی کا **کُن** دائمی طور پر نتیجہ مقصودہ کو بلا تخلف پیدا کرتا ہے ایسا ہی اسکا **کُن** بھی اُس **تمرّج** اور **مدّ** کیحالت مین خطا نہین جاتا۔ اور جیساکہ مین بیان کر چکا ہون ان اقتداری خوارق کی اصل وجہ یہی ہوتی ہے کہ یہ شخص شدت اتصال کیوجہ سے خدائے عزوجل کے رنگ سے ظلی طور پر رنگین ہو جاتا ہے اور تجلیات الہیہ اسپر دائمی قبضہ کر لیتے ہین اور محبوب حقیقی جب حائلہ کو درمیان سے اُٹھا کر نہایت شدید قرب کی وجہ سے ہم آغوش ہو جاتا ہے اور جیساکہ وہ خود **مبارک** ہے ایسا ہی اسکے اقوال و افعال و حرکات اور سکنات اور خوراک اور پوشاک اور مکان اور زمان اور اس کے جمیع لوازم مین **برکت** رکھدیتا ہے تب ہر ایک چیز جو اس سے مس کرتی ہے بغیر اس کے جو یہ دعا کرے برکت پاتی ہے اس کے مکان مین برکت ہوتی ہے اسکے دروازون کے آستانے برکت سے بھرے ہوتے ہین اس کے گھر کے دروازون پر برکت برستی ہے جو ہر دم اسکو مشاہدہ ہوتی ہے اور اُسکی خوشبو اسکو آتی ہے جب یہ سفر کرے تو خدا تعالی معہ اپنی تمام برکتون کے اسکے ساتھ ہوتا ہے اور جب یہ گھر مین آوے تو ایک دریا نور کا ساتھ لاتا ہے غرض یہ عجیب انسان ہوتا ہے جسکی کُنہ بجز خدا تعالی کے اور کوئی نہین جانتا۔

بقا اور لقا کی مرتبہ کی کیفیت

اس جگہ یہ بھی واضح رہے کہ **فنا فی اللہ** کے درجہ کی تحقق کے بعد یعنے اُس درجہ کے بعد جو **اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ** کے مفہوم کو لازم ہے جسکو صوفی فنا کے نام سے اور قرآن کریم **استقامت** کے اسم سے موسوم کرتا ہے درجہ **بقا** اور **لقا** کا بلا توقف پیچھے آنیوالا ہے یعنی جبکہ انسان خلق اور ہوا اور ارادہ سے بکلی خالی ہو کر فنا کی حالت کو پہنچ گیا تو اس حالت کے راسخ ہونیکے ساتھ ہی بقا کا درجہ شروع ہو جاتا ہے مگر

بقا اور لقا کا مرتبہ کی کیفیت

جبتک یہ حالت راسخ نہ ہو اور خدا تعالیٰ کیطرف بکلی جھک جانا ایک طبیعی امر نہ ٹھہر جائے تب تک مرتبہ بقا کا پیدا نہین ہو سکتا بلکہ وہ مرتبہ صرف اُسیوقت پیدا ہوگا کہ جب ہر یک اطاعت کا تصنع درمیان سے اُٹھہ جائے اور ایک طبعی روئیدگی کیطرح فرمانبرداری کی سرسبز اور لہراتی ہوئی شاخین دل سے جوش مار کر نکلین اور واقعی طور پر سب کچھہ اپنا سمجھا جاتا ہے خدا تعالیٰ کا ہو جائے اور جیسے دوسرے لوگ ہوا پرستی مین لذّت اُٹھاتے ہین اُس شخص کی تمام کامل لذتین پرستش اور یاد الٰہی مین ہون - اور بجائے نفسانی ارادون کے خدا تعالےٰ کی مرضیات جگہ پکڑ لین -

پھر جب یہ **بقا** کی حالت بخوبی استحکام پکڑ جائے اور سالک کے رگ وریشہ مین داخل ہو جائے اور اُسکا جزو وجود بن جائے **اور ایک نور آسمان سے اُترتا ہوا دکھائی دے** جسکے نازل ہونے کے ساتھہ ہی تمام پردے دور ہو جائین اور نہایت لطیف اور شیرین اور حلاوت سے ملی ہوئی ایک محبت دل مین پیدا ہو جو پہلے نہین تھی اور ایک ایسی خنکی اور اطمینان اور سکینیت اور سرور دل کو محسوس ہو کہ جیسے ایک نہایت پیارے دوست مدت کے بچھڑے ہوے کی یکدفعہ ملنے اور بغلگیر ہونے سے محسوس ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ کے روشن اور لذیذ اور مبارک اور سرور بخش اور فصیح اور معطر اور مبشرانہ کلمات اُٹھتے اور بیٹھتے اور سوتے اور جاگتے اِس طرح پر نازل ہونے شروع ہو جائین کہ جیسے ایک ٹھنڈی اور دلکش اور پُر خوشبو ہوا ایک گلزار پر گذر کر آتی اور صبح کے وقت چلنی شروع ہوتی اور اپنے ساتھ ایک سُکر اور سرور لاتی ہے - اور انسان خدا تعالیٰ کیطرف ایسا کھینچا جائے کہ بغیر اُسکی محبت اور عاشقانہ تصور کے جی نہ سکے اور نہ یہ کہ مال اور جان اور عزت اور اولاد اور جو کچھہ اسکا ہے قربان کرنیکے لئے طیار ہو بلکہ اپنے دل مین قربان کر ہی

چکا ہو اور ایسی ایک زبردست کشش سے کھینچا گیا ہو جو نہیں جانتا کہ اُسے کیا ہو گیا اور نورانیت کا بشارت اپنے اندر انتشار پا دے جیساکہ دن چڑھا ہوا ہوتا ہے اور صدق اور محبت اور وفا کی نہریں بڑے زور سے چلتی ہوئی اپنے اندر مشاہدہ کرے اور لحہ بہ لحہ ایسا احساس کرتا ہو کہ

گویا خدا تعالیٰ اُسکے قلب پر اُترا ہوا ہے۔

جب یہ حالت اپنی تمام علامتوں کے ساتھ محسوس ہو تب خوشی کرو اور محبوب حقیقی کا شکر بجالاؤ کہ یہی وہ انتہائی مقام ہے جسکا نام **لقا** رکھا گیا ہے۔

اِس آخری مقام میں انسان ایسا احساس کرتا ہے کہ گویا بہت سی پاک پانیوں سے اُسکو دُھو کر اور نفسانیت کا بکلی رگ و ریشہ اُس سے الگ کر کے نئے سرے اُسکو پیدا کیا گیا اور پھر رب العالمین کا تخت اُسکے اندر بچھایا گیا اور خدائے پاک و قدوس کا چمکتا ہوا چہرہ اپنے تمام دلکش حسن و جمال کے ساتھ ہمیشہ کے لئے اُسکے سامنے موجود ہو گیا ہے مگر ساتھ اسکے یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ یہ دونوں آخری درجہ بقا اور لقا کے کسبی نہیں ہیں بلکہ وہبی ہیں اور کسب اور جد و جہد کی حد صرف فنا کے درجہ تک ہے اور اسی حد تک تمام راستباز سالکوں کا سیر و سلوک ختم ہوتا ہے اور دائرہ کمالات انسانیہ کا اپنے استدارت تامہ کو پہنچتا ہے اور جب اس درجہ فنا کو پاک باطن لوگ جیساکہ چاہیے طے کر چکتے ہیں تو عادت الٰہیہ اسیطرح پر جاری ہے کہ بیک دفعہ عنایت الٰہی کی نسیم چل کر بقا اور لقا کے درجہ تک اُنہیں پہنچا دیتی ہے

اب اِس تحقیق سے ظاہر ہے کہ اِس سفر کی تمام صعوبتیں اور مشقتیں فنا کی حد تک ہی ہیں اور پھر اِس سے آگے گذر کر انسان کی سعی اور کوشش اور مشقت اور محنت

مرد سالک کا سلوک در فنای حد تک ہے۔

کو دخل نہین بلکہ وہ محبت صافیہ جو فنا کی حالت مین خداوند کریم وجلیل سے پیدا ہوتی ہے
الٰہی محبت کا خود بخود اُسپر ایک نمایان شعلہ پڑتا ہے جسکو مرتبہ **بقا اور لقا** سے تعبیر کرتے
مین اور جب محبّتِ الٰہی بندہ کی محبت پر نازل ہوتی ہے تب دونون محبّتون کے
ملنے سے **رُوح القدُس** کا ایک روشن اور کامل سایہ انسان کے دل مین پیدا ہوجاتا ہے
اور لقا کے مرتبہ پر اُس رُوح القدس کی روشنی نہایت ہی نمایان ہوتی ہے اور اقتداری
خوارق جنکا ابھی ہم ذکر کر آئے ہین اسیوجہ سے ایسے لوگون سے صادر ہوتے ہین کہ یہہ
روح القدس کی روشنی ہر وقت اور ہر حال مین اُن کے شامل حال ہوتی
ہے اور اُن کے اندر سکونت رکھتی ہے اور وہ اُس روشنی سے کبھی اور کسی حال مین جدا
نہین ہوتے اور نہ وہ روشنی اُن سے جدا ہوتی ہے۔ وہ روشنی ہر دم اُن کے تنفّس کے
ساتھ نکلتی ہے اور اُن کی نظر کے ساتھہ ہر ایک چیز پر پڑتی ہے۔ اور اُن کی کلام کے
ساتھہ اپنی نورانیت لوگون کو دکھلاتی ہے اُسی روشنی کا نام رُوح القدس ہے مگر یہہ حقیقی
رُوح القدس نہین حقیقی روح القدس وہ ہے جو آسمان پر ہے یہ روح القدس اُسکا ظل ہے
جو پاک سینون اور دلون اور دماغون مین ہمیشہ کے لئے آباد ہوجاتا ہے اور ایک طرفۃ العین
کے لئے بھی اُن سے جدا نہین ہوتا اور جو شخص تجویز کرتا ہے کہ یہ **روح القدس** کسیوقت
اپنی تمام تاثیرات کے ساتھہ اُن سے جدا ہوجاتا ہے وہ شخص سراسر باطل پر ہے اور اپنی پر ظلمت
خیال سے خدا تعالیٰ کے مقدس برگزیدون کی توہین کرتا ہے۔ ہان یہ سچ ہے کہ حقیقی روح القدس
تو اپنے مقام پر ہی رہتا ہے لیکن **روح القدس** کا سایہ جسکا نام مجازاً روح القدس ہی
رکھا جاتا ہے اُن سینون اور دلون اور دماغون اور تمام اعضا مین داخل ہوتا ہے جو مرتبہ
بقا اور لقا کا پاکر اِس لایق ٹھہر جاتے ہین کہ اُن کی نہایت اصفیٰ اور اجلیٰ محبت پر

روح القدس کا روشن اور کامل سایہ دو محبتون کے ملنے سے لقا کی حالت مین پیدا ہوتا ہے

اِس بات کا سب کو اقتداری معجزات اور نشان کیون صادر ہوتے ہین

وہ ایک باطل پر ہین کہ جو روح القدس کا ہمیشہ کے لئے ایمانداروں سے جدا ہوجانا عقیدہ رکھتے ہین

خدا تعالیٰ کی کامل محبت اپنی برکات کے ساتھہ نازل ہو۔ اور جب وہ روح القدس نازل ہوتا ہے تو اُس انسان کے وجود سے ایسا تعلق پکڑ جاتا ہے کہ جیسے جان کا تعلق جسم سے ہوتا ہے وہ قوت بینائی بنکر آنکھون مین کام دیتا ہے اور قوت شنوائی کا جامہ پہن کر کانون کو روحانی حس بخشتا ہے وہ زبان کی گویائی اور دل کے تقوے اور دماغ کی ہشیاری بجاتا ہے اور ہاتھون مین بھی سرایت کرتا ہے اور پیرون مین بھی اپنا اثر پہنچاتا ہے۔ غرض تمام ظلمت کو وجود مین سے اُٹھا دیتا ہے اور سر کے بالون سے لیکر پیرون کے ناخنون تک منور کر دیتا ہے اور اگر ایک طرفۃ العین کے لئے بھی علیحدہ ہو جائے تو فی الفور اُسکی جگہ ظلمت آجاتی ہے مگر وہ کاملون کو ایسا **نعم القرین** عطا کیا گیا ہے کہ ایک دم کے لئے بھی اُن سے علیحدہ نہین ہوتا اور یہ گمان کرنا کہ اُن سے علیحدہ بھی ہو جاتا ہے یہ دوسرے لفظون مین اس بات کا اقرار ہے کہ وہ بعد اسکے جو روشنی مین آگئے پھر تاریکی مین پڑ جاتے ہیں اور بعد اسکے جو معصوم یا محفوظ کئے گئے پھر نفس امارہ اُنکی طرف عود کرتا ہے اور بعد اسکے جو روحانی حواس اُنپر کھولے گئے پھر وہ تمام حواس بیکار اور معطل کئے جاتے ہین۔ سو اے وے لوگو جو اس **صداقت** سے منکر اور اس **نکتہ معرفت** سے انکاری ہو مجھہ سے جلدی مت کرو اور اپنے ہی نور قلب سے گواہی طلب کرو کہ کیا یہ امر واقعی ہے کہ برگزیدون کی روشنی کسی وقت بتمام وکمال اُن سے دور بھی ہو جاتی ہے۔ کیا یہ درست ہے ؟ کہ وہ تمام نورانی نشان کامل مومنون سے کمال ایمان کی حالت مین کبھی گم بھی ہو جاتے ہین

اگر یہ کہو کہ ہمنے کب اور کس وقت کہا ہے کہ برگزیدون کی روحانی روشنی کبھی سب کی سب دور بھی ہو جاتی ہے اور سراسر ظلمت اُنپر احاطہ کر لیتی ہے تو اسکا

روح القدس کا نور کاملون مین ہمیشہ رہتا ہے اور اُنکی تمام قوتون مین سرایت کرتا ہے

یہ جواب ہے کہ آپ لوگون کے **عقیدہ** سے ایسا ہی نکلتا ہے کیونکہ آپ لوگ بالتزام واتباع آیات کلام الہی اسبات کو بھی مانتے ہین کہ ہر یک نور اور سکینت اور اطمینان اور برکت اور استقامت اور ہر یک روحانی نعمت **برگزیدون کو روح القدس** سے ہی ملتی ہے اور **جیسے** اشرار اور کفار کے لئے دایمی طور پر شیطان کو **مبئس القرین** قرار دیا گیا ہے تا ہر وقت وہ اُنپر ظلمت پھیلاتا رہے اور اُن کے قیام اور قعود اور حرکت اور سکون اور نیند اور بیداری مین اُنکا پیچھا نہ چھوڑے **ایسا ہی** مقربین کے لئے دائمی طور پر **روح القدس کو نعم القرین** عطا کیا گیا ہے تا ہر وقت وہ اُنپر نور برساتا رہے اور ہر دم اُن کی تائید مین لگا رہے اور کسی دم اُن سے جدا نہ ہو۔

اب ظاہر ہے کہ جبکہ بمقابل **مبئس القرین** کے جو ہمیشہ اشد شریرون کا ملازم اور رفیق ہے **مقربون** کیلئے **نعم القرین** کا ہر وقت رفیق اور انیس ہونا نہایت ضروری ہے اور قرآن کریم اسکی خبر دیتا ہے تو پھر اگر اُس **نعم القرین** کی علیحدگی مقربون سے تجویز کیجائے جیسا کہ ہمارے اندرونی مخالف قومی بھائی گمان کرتے ہین اور کہتے ہین کہ روح القدس **جبرائیل** کا نام ہے کبھی تو وہ آسمان سے نازل ہوتا ہے اور مقربون سے نہایت درجہ اتصال کر لیتا ہے یہان تک کہ اُن کے دل مین دھنس جاتا ہے اور کبھی اُنکو اکیلا چھوڑ کر اُن سے جدائی اختیار کر لیتا ہے اور کر ڑہا بلکہ بیشمار کوسون کی دوری اختیار کر کے **آسمان پر چڑھ جاتا ہے** اور اُن مقربون سے بالکل قطع تعلقات کر کے اپنے قرارگاہ مین جا چھپتا ہے تب وہ اُس روشنی اور اُس برکت سے بکلی محروم رہ جاتے ہین جو اُسکے نزول کے وقت اُن کے دل اور دماغ اور بال بال مین پیدا ہوتی ہے **تو کیا اس عقیدہ سے** لازم نہین آتا کہ

اس عقیدہ کا بطلان کہ روح القدس مقربون کے ساتھ ہمیشہ نہین رہتا بلکہ بسا اوقات ان سے جدا ہو جاتا ہے — یہ اسلئے قطع کر کے آسمان پر چلا جاتا ہے اور وہ خالی کے خالی رہ جاتے ہین —

آن حضرت صلعم کی نسبت یہ اعتقاد رکھنا کہ آپ سے اکثر اوقات روح القدس جدا ہو جاتا تھا نہایت درجہ کی توہین ہے

رُوح القدس کے جدا ہونے سے پھر اُن برگزیدوں کو ظلمت گھیر لیتی ہے اور نعوذ باللہ **نعم القرین** کی جدائی کیوجہ سے **بئس القرین** کا اثر اُن مین شروع ہو جاتا ہے اب ذرہ خوف الٰہی کو اپنے دل مین جگہ دیکر سوچنا چاہئے کہ کیا یہی ادب اور یہی ایمان اور عرفان ہے

اور یہی محبّت رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم

ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اِس نقص اور تنزل کی حالت کو روا رکھا جائے کہ گویا **روح القدس** آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم سے مدّتون تک علیحدہ ہو جاتا تھا اور نعوذ باللہ اُن مدتون مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم انوار قدسیہ سے جو **روح القدس** کا پرتو ہے محروم ہوتے تھے۔ غضب کی بات ہے کہ **عیسائی لوگ** تو حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت یقینی اور قطعی طور پر یہ اعتقاد رکھین[‡] کہ **روح القدس** جب سے حضرت مسیح پر نازل ہوا کبھی اُن سے جدا نہین ہوا اور وہ ہمیشہ اور ہر دم روح القدس سے تائید یافتہ تھے یہان تک کہ خواب مین بھی اُن سے روح القدس جدا نہین ہوتا تھا اور اُن کا **روح القدس** کبھی آسمان پر اُن کو اکیلا اور مہجور چھوڑ کر نہین گیا اور نہ روح القدس کی روشنی ایکدم کے لئے بھی کبھی اُن سے جدا ہوئی **لیکن مسلمانون کا یہ اعتقاد** ہو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا روح القدس آنجناب صلے اللہ علیہ وسلم سے جدا ہی ہو جاتا تھا اور اپنے **دشمنون** کے سامنے بصراحت تمام یہ اقرار کرین کہ **روح القدس** کی دائمی رفاقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت عیسیٰ کیطرح نصیب نہین ہوئی۔

اب سوچو کہ اِس سے زیادہ تر اور کیا بے ادبی اور گستاخی ہوگی کہ آنحضرت صلعم کی صریح توہین کیجاتی ہے اور عیسائیون کو اعتراض کرنیکے لئے موقعہ دیا جاتا ہے اِس بات کو

[‡] **نوٹ** حضرت مسیح کی نسبت مسلمانون کا بھی یہی اعتقاد ہے دیکھو تفسیر ابن جریر و ابن کثیر و معالم و فتح البیان و کشاف و تفسیر کبیر حسینی وغیرہ بموقعہ تفسیر آیت **وایدناہ بروح القدس** افسوس افسوس افسوس ۔ ونیز

کون نہین جانتا کہ روح القدس کا نزول نورانیت کا باعث اور اُسکا جدا ہونا ظلمت اور تاریکی اور بدخیالی اور تفرقہ ایمان کا موجب ہوتا ہے خدا تعالی **اسلام** کو ایسے مسلمانون کے شرّ سے بچاوے جو کلمہ گو کہلاکر **رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** پر ہی حملہ کر رہے ہین۔ عیسائی لوگ تو حواریون کی نسبت بھی یہہ اعتقاد نہین رکھتے کہ کبھی اُنسے روح القدس جدا ہوتا تھا بلکہ اُن کا تو یہہ عقیدہ ہے کہ وہ لوگ روح القدس کا فیض دوسرون کو بھی دیتے تھے۔ لیکن یہ لوگ مسلمان کہلاکر اور **مولوی** اور **محدث** اور **شیخ الکل** نام رکھاکر پھر جناب **ختم المرسلین خیر الاوّلین والآخرین** کی شان مین ایسی ایسی بدگمانی کرتے ہین اور اِس قدر سخت بدزبانی کرکے پھر خاصے مسلمان کے مسلمان اور دوسرے لوگ اِنکی نظر مین کافر ہین۔

اور اگر یہ سوال ہو کہ قرآن کریم مین اسبات کی کہان تشریح یا اشارہ ہے کہ روح القدس مقربون مین ہمیشہ رہتا ہے اور اُن سے جدا نہین ہوتا تو اُسکا یہ جواب ہے کہ سارا قرآن کریم اِن تصریحات اور اشارات سے بھرا پڑا ہے بلکہ وہ ہر یک مومن کو روح القدس ملنے کا وعدہ دیتا ہے چنانچہ منجملہ اُن آیات کے جو اِس بارہ مین کھلے کھلے بیان سے ناطق ہین۔ **سورۃ الطارق** کی پہلی دو آیتین ہین اور وہ یہ ہین۔ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ

اِس بات کا آیات اور احادیث سے ثبوت کہ روح القدس مقربون مین ہمیشہ رہتا ہے

حاشیہ اِن آیات کا ترجمہ یہ ہے کہ قسم ہے آسمان کی اور اُسکی جو رات کو آنیوالا ہے۔ اور تجھے کیا خبر ہے کہ رات کو آنیوالی کیا چیز ہے؟ وہ ایک چمکتا ہوا ستارا ہے۔ اور قسم اِس بات کے لئے ہے کہ ایک بھی ایسا جی نہین کہ جو اُسپر نگہبان نہ ہو یعنے ہر یک نفس پر نفوس مخلوقات مین سے ایک فرشتہ موکل ہے جو اُسکی نگہبانی کرتا ہے اور ہمیشہ اُسکے ساتھہ رہتا ہے

النجم الثاقب ۔ اِن کُلُّ نفسٍ لمّا علیھا حافظ ۵ یہ آخری آیت یعنی اِن کُلُّ نفسٍ لمّا علیھا حافظ جسکے یہ معنی ہین کہ ہر ایک نفس پر ایک فرشتہ نگہبان ہے یہ صاف دلالت کر رہی ہے کہ جیسا کہ انسان کے ظاہر وجود کے لئے فرشتہ مقرر ہے جو اُس سے جدا نہین ہوتا ویسا ہی اُسکی باطن کے حفاظت کیلئے بھی مقرر ہے جو باطن کو شیطان سے روکتا ہے اور گمراہی کی ظُلمت سے بچاتا ہے اور وہ روح القدس ہے جو خدا تعالی کے خاص بندون پر شیطان کا تسلط ہونے نہین دیتا اور اسی کی طرف یہ آیت بھی اشارہ کرتی ہے کہ اِنّ عبادی لیس لک علیھم سلطان اب دیکھو کہ یہ آیت کیسی صریح طور پر بتلا رہی ہے کہ خدا تعالی کا فرشتہ انسان کی حفاظت کے لئے ہمیشہ اور ہر دم اُسکے ساتھ رہتا ہے اور ایکدم بھی اُس سے جدا نہین ہوتا۔ کیا اِس جگہ یہ خیال آسکتا ہے کہ انسان کی ظاہر کی نگہبانی کے لئے تو دائمی طور پر فرشتہ مقرر ہے لیکن اُسکی باطن کی نگہبانی کیلئے کوئی فرشتہ دائمی طور پر

ہر ایک ستارہ اور اسکی انوار اور اسکی اثر کا ظاہری کیلئے ایک فرشتہ مقرر ہے

خدا تعالی نے جو اِس آیت کو کلی طور پر یعنی کُلُّ کے لفظ سے مقید کر کے بیان فرمایا ہے اِس سے یہ بات بخوبی ثابت ہو گئی کہ ہر یک چیز جس پر نفس کا نام اطلاق پا سکتا ہے اُس کی فرشتے حفاظت کرتے ہین پس بموجب اِس آیت کے نفوس کواکب کی نسبت بھی یہ عقیدہ رکھنا پڑا کہ کل ستارے کیا سورج کیا چاند کیا زحل کیا مشتری ملایک کی زیر حفاظت ہین یعنے ہر یک کے لئے سورج اور چاند وغیرہ مین سے ایک ایک فرشتہ مقرر ہے جو اُسکی حفاظت کرتا ہے اور اُس کے کامون کو احسن طور پر چلاتا ہے۔

اِس جسکے کئی اعتراض پیدا ہوتے ہین جنکا دفعہ کرنا ہمارے ذمہ ہے۔ از آنجملہ ایک کہ یہ جس حالت مین روح القدس صرف اِن مقربون کو ملتا ہے کہ جو بقا اور لقا کے

* نوٹ اِس مضمون کی تائید یہ آیت بھی کرتی ہے ولقد زینا السماء الدنیا بمصابیح وجعلناھا رجوما للشیاطین چونکہ رجم کی خدمت فرشتے کرتے ہین نہ کہ ستارے لہذا اسی سے قطعی طور پر ثابت ہوا کہ ہر یک ستارے پر ایک فرشتہ موکل ہے اور چونکہ فرشتے ستارون کے لئے بوجہ شدت تعلق جان کیطرح ہین اِسلئے اس آیت مین فرشتون کا فعل ستارون کیطرف منسوب کیا گیا۔ فتدبّر۔ منہ

مقرر نہین بلکہ متعصب سے متعصب انسان سمجھہ سکتا ہے کہ باطن کی حفاظت اور رُوح کی نگہبانی جسم کی حفاظت سے بھی زیادہ ضروری ہے کیونکہ جسم کی آفت تو اِسی جہان کا ایک دُکھہ ہے لیکن رُوح اور نفس کی آفت جہنم ابدی مین ڈالنے والی چیز ہے سو جس خدائے رحیم وکریم کو اِنسان کے اُس جسم پر بھی رحم ہے جو آج ہے اور کل خاک ہوجائیگا اُسکی نسبت کیونکر گمان کرسکتے ہین کہ اُسکو انسان کی **روح** پر رحم نہین - پس اِس نص قطعی اور یقینی سے ثابت ہوکہ **روح القدس** یا یون کہو کہ اندرونی نگہبانی کا فرشتہ ہمیشہ نیک انسان کے ساتھہ ایسا ہی رہتا ہے جیساکہ اسکی بیرونی حفاظت کیلئے رہتا ہے -

اِس آیت کے ہم مضمون قرآن کریم مین اور بہت سی آیتین ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان کی تربیت اور حفاظت ظاہری و باطنی کیلئے اور نیز اُس کے اعمال کے لکھنے کیلئے ایسے فرشتے مقرر ہین کہ جو دائمی طور پر انسانون کے پاس رہتے ہین - چنانچہ منجملہ اُن کے یہ آیات ہین

مرتبہ تک پہنچتے ہین تو پھر ہر ایک کا نگہبان کیونکر ہوسکتا ہے - اس کا جواب یہ ہے کہ روح القدس کا کامل طور پر نزول مقربون پر ہی ہوتا ہے مگر اُس کی **فی الجملہ** تائید حسب مراتب محبت و اخلاص دوسرون کو بھی ہوتی ہے - ہماری تقریر مندرجہ بالا کا صرف یہ مطلب ہے کہ روح القدس کی اعلےٰ تجلی کی یہ کیفیت ہے کہ جب لقا اور لقا کے مرتبہ پر محبت الٰہی انسان کی محبت پر نازل ہوتی ہے تو یہ **اعلیٰ تجلّی** روح القدس کی اُن دونون محبتون کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے جس کے مقابل پر دوسری تجلیات کالعدم ہین مگر یہ تو نہین کہ دوسری تجلیات کا وجود ہی نہین خدا تعالیٰ ایک ذرہ محبت خالصہ کو بھی ضایع نہین کرتا - انسان کی محبت پر اسکی محبت نازل ہوتی ہے اور اُسی مقدار پر روح القدس

اس بات کا جواب کہ جبکہ روح القدس مقربون سے خاص ہے تو عام لوگون کو کیون عطا ہوتا ہے

وَاِنَّ علیکم لحافظین - یرسل علیکم حفظه - لہ معقبات من بین یدیه ومن خلفه یحفظونه من امر الله ط

ترجمہ ان آیات کا یہ ہے کہ تمپر حفاظت کرنیوالے مقرر ہین خدا تعالیٰ اُنکو بھیجتا ہے - اور خدا تعالیٰ کیطرف سے چوکیدار مقرر ہین جو اُسکے بندون کے ہر طرف سے یعنی کیا ظاہری طور پر اور کیا باطنی طور پر حفاظت کرتے ہین - اس مقام مین **صاحب معالم** نے یہ حدیث لکھی ہے کہ ہر ایک بندہ کے لئے ایک فرشتہ موکل ہے جو اُسکے ساتھہ ہی رہتا ہے اور اُسکی نیند اور بیداری مین شیاطین اور دوسری بلاؤن سے اُسکی حفاظت کرتا رہتا ہے - اور اسی مضمون کی ایک اور حدیث کعب الاحبار سے بیان کی ہے اور **ابن جریر** اِس آیت کی تائید مین یہ حدیث لکھتا ہے ان معکم من لا یفارقکم الا عند الخلاء وعند الجماع فاستحیوھم واکرموھم - یعنی تمہارے ساتھہ وہ فرشتے ہین کہ بجز جماع اور پاخانہ کی حاجت کے تُم سے جدا نہین ہوتے - سو تم اُن سے شرم کرو اور اُن کی تعظیم

کی چمک پیدا ہوتی ہے - یہ خدا تعالیٰ کا ایک بندھا ہوا قانون ہے کہ ہر ایک محبت کے اندازہ پر الٰہی محبت نزول کرتی رہتی ہے اور جب انسانی محبت کا ایک دریا بہ نکلتا ہے تو اُس طرف سے بھی ایک دریا نازل ہوتا ہے اور جب وہ دونون دریا ملتے ہین تو ایک عظیم الشان نور اُن مین سے پیدا ہوتا ہے جو ہمارے اصطلاح مین روح القدس سے موسوم ہے لیکن جیسے تم دیکھتے ہو کہ اگر بیس سیر پانی مین ایک ماشہ مصری ڈال دیجائے تو کچھہ بھی مصری کا ذائقہ معلوم نہین ہوگا اور پانی پہلے کا پھیکا ہی ہوگا - مگر یہ نہین کہہ سکتے کہ مصری اُسمین نہین ڈالی گئی اور نہ یہ کہہ سکتے ہین کہ پانی میٹھا ہے - یہی حال اُس روح القدس کا ہے جو ناقص طور پر ناقص لوگون پر اُترتا ہے اُس کے اُترنے مین تو شک نہین ہو سکتا

روح القدس کے ناقص نزول کا حال

کرو اور اسی جگہ عکرمہ سے یہ حدیث لکھی ہے کہ ملایکہ ہر ایک شر سے بچانیکے لئے
انسان کے ساتھ رہتے ہین اور جب تقدیر مبرم نازل ہو تو الگ ہو جاتے ہین - اور
پھر **مجاہد** سے نقل کیا ہے کہ کوئی ایسا انسان نہین جسکی حفاظت کیلئے دائمی طور پر
ایک فرشتہ مقرر نہ ہو - پھر ایک اور حدیث **عثمان بن عفان** سے لکھی ہے جس کا
ماحصل یہ ہے کہ بیس فرشتے مختلف خدمات کے بجالانیکے لئے انسان کے ساتھ رہتے
ہین اور دن کو ابلیس اور رات کو ابلیس کے بچے ضرر رسانی کی غرض سے ہر دم گھات مین
لگے رہتے ہین اور پھر امام **احمد** رحمۃ اللہ علیہ سے یہ حدیث مندرجہ ذیل لکھی ہے -

حدثنا اسود بن عامر حدثنا سفیان حدثنی منصور عن سالم بن
ابی الجعد عن ابیہ عن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ما منکم
من احدٍ الا وقد وُکِّل بہ قرینہ من الجن و قرینہ من الملایکۃ قالوا وایاک یا رسول
اللہ قال وایای ولکن اللہ اعاننی علیہ فلا یامرنی الا بخیر انفرد باخراجہ مسلم ص ۳۴۴

کیون کہ ادنیٰ سے ادنے آدمی کو بھی نیکی کا خیال روح القدس سے پیدا ہوتا ہے - کبھی
فاسق اور فاجر اور بدکار بھی سچی خواب دیکھ لیتا ہے اور یہ سب روح القدس کا اثر ہوتا ہے
جیسا کہ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ نبویہ سے ثابت ہے مگر وہ تعلق عظیم جو مقدسون اور
مقربون کے ساتھ ہے اُسکے مقابل پر یہ کچھ چیز نہین گویا کالعدم ہے -

ازانجملہ ایک یہہ سوال ہے کہ جس حالت مین روح القدس انسان کو
بدیون سے روکنے کے لئے مقرر ہے تو پھر اُس سے گناہ کیون سرزد ہوتا ہے اور
انسان کفر اور فسق اور فجور مین کیون مبتلا ہو جاتا ہے - اسکا یہہ جواب ہے کہ خدا تعالیٰ
نے انسان کے لئے ابتلا کے طور پر دو **روحانی داعی** مقرر کر رکھی ہین - ایک
داعی خیر جسکا نام روح القدس ہے اور ایک **داعی شر** جسکا نام ابلیس اور

اس حدیث مرفوعہ سے اس بات کا ثبوت کہ ملایک آمر خیر اور شیاطین
آمر شر مضرور انسانون کے ساتھ رہتے ہین -

اس بات کا جواب کہ اگر روح القدس ہر ایک انسان
کے ساتھ رہتا ہے تو پھر بھی آدمی سے بدی کا کیون ظہور ہوتا ہے

یعنی بتوسط اسود وغیرہ عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی تم مین سے ایسا نہین کہ جسکے ساتھ **ایک قرین جنّ کی نوع مین سے اور ایک قرین فرشتون مین سے موکل نہ ہو**۔ صحابی نے عرض کی کہ کیا آپ بھی یارسول اللہ صلعم فرمایا کہ ہان مین بھی پر خدا نے میرے جنّ کو میری تابع کر دیا — سو وہ بجز خیر اور نیکی کے اور کچھ بھی مجھے نہین کہتا۔ اس کے اخراج مین مسلم منفرد ہے اِس حدیث سے صاف اور کھلے طور پر ثابت ہوتا ہے کہ جیسے ایک داعی شر انسان کے لئے مقرر ہے جو ہمیشہ اُسکے ساتھ رہتا ہے ایسا ہی ایک داعی خیر بھی ہر یک بشر کے لئے موکل ہے جو کبھی اُس سے جدا نہین ہوتا اور ہمیشہ اُسکا قرین اور رفیق ہے — اگر خدا تعالیٰ فقط ایک داعی الی الشر ہی انسان کے لئے مقرر کرتا اور داعی الی الخیر مقرر نہ کرتا تو خدا تعالیٰ کے عدل اور رحم پر دھبہ لگتا کہ اُس نے شر انگیزی اور وسوسہ اندازی کی غرض سے ایسے ضعیف اور کمزور انسان کو فتنہ مین ڈالنے کے لئے کہ جو پہلے ہی نفس امارہ ساتھ رکھتا ہے

اور شیطان ہے — یہ دونون داعی صرف خیر یا شر کی طرف بلاتے رہتے ہین مگر کسی بات پر جبر نہین کرتے جیسا کہ اِس آیت کریمہ مین اِسی امر کیطرف اشارہ ہے **فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا** — یعنی خدا بدی کا بھی الہام کرتا ہے اور نیکی کا بھی — بدی کے الہام کا ذریعہ شیطان ہے جو شرارتون کے خیالات دل مین ڈالتا ہے اور نیکی کے الہام کا ذریعہ روح القدس ہے جو پاک خیالات دل مین ڈالتا ہے اور چونکہ خدا تعالیٰ **علت العلل** ہے اِسلئے یہ دونون الہام خدا تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کر لئے کیونکہ اُسکی طرف سے یہ سارا انتظام ہے ورنہ شیطان کیا حقیقت رکھتا ہے جو کسی کے دل مین وسوسہ ڈالے اور روح القدس کیا چیز جو کسی کو تقوی کی راہون کی ہدایت کرے

جو حدیث سے ثابت ہے کہ انسان کو دو قرین عطا کئے گئے ایک داعی خیر اور ایک داعی شر

شیطان کو ہمیشہ کا **قرین** اور رفیق اُسکا ٹھہرادیا جو اُسکے خون مین بہی سرایت کرجاتا ہے اور دل مین داخل ہوکر ظلمت کی نجاست اُسمین چھوڑ دیتا ہے مگر نیکی کیطرف بلانے والا کوئی ایسا رفیق مقرر نکیا تا وہ بہی دل مین داخل ہوتا اور خون مین سرایت کرتا اور تا میزان کے دونون پلّے برابر رہتے۔ مگر اب جبکہ قرآنی آیات اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہوگیا کہ جیسی بدی کی دعوت کے لئے خدا تعالی نے ہمیشہ کا قرین شیطان کو مقرر کر رکہا ہے۔ ایسا ہی دوسری طرف نیکی کی دعوت کرنیکے لئے **روح القدس** کو اُس رحیم وکریم نے دائمی قرین انسان کا مقرر کردیا ہے اور نہ صرف اِس قدر بلکہ بقا اور لقا کی حالت مین اثر شیطان کا کالعدم ہوجاتا ہے گویا وہ اسلام قبول کرلیتا ہے اور روح القدس کا نور انتہائی درجہ پر چمک اُٹہتا ہے تو **اسوقت** اِس پاک اور اعلےٰ درجہ کی تعلیم پر کون اعتراض

نوٹ ہمارے مخالف آریہ اور برہمو اور عیسائی اپنی کوتاہ بینی کیوجہ سے قرآن کریم کی تعلیم پر یہ اعتراض کیا کرتے ہین کہ اس تعلیم کی رو سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا تعالی نے دانستہ انسان کے پیچھے شیطان کو لگا رکہا ہے گویا اسکو آپ ہی خلق اللہ کا گمراہ کرنا منظور ہے مگر یہ ہمارے شتاب باز مخالفون کی غلطی ہے اُن کو معلوم کرنا چاہیئے کہ قرآن کریم کی یہ تعلیم نہین ہے کہ شیطان گمراہ کرنیکے لئے جبر کرسکتا ہے اور نہ یہ تعلیم ہے کہ صرف بدی کیطرف بلانیکے لئے شیطان کو مقرر کر رکہا ہے بلکہ یہ تعلیم ہے کہ آزمایش اور امتحان کی غرض سے

نوٹ اسجگہ آزمایش کے لفظ سے کوئی دہوکہا نہ کہا وے کہ خدائے عالم الغیب کو امتحان اور آزمایش کی کیا ضرورت ہے کیونکہ بلاشبہ اُسکو کوئی ضرورت نہین لیکن چونکہ اصل مقصد امتحان سے اظہار حقایق مخفیہ ہوتا ہے اسلئے یہ لفظ خدا تعالےٰ کی کتابون مین پایا جاتا ہے وہ امتحان مین اسلئے نہین ڈالتا کہ اُسکو معلوم نہین بلکہ اسلئے کہ تا شخص زیر امتحان پر اُسکی حقیقت ظاہر کرے کہ آیا مین یہ فساد یا صلاحیت ہے اور نیز دوسرون پر بہی اُسکا جوہر کہولدیوے۔ منہ۔

قرآن کریم کی تعلیم پر یہ اعتراض کرنا کہ شیطان کی دعوت کیلئے بہی تو خدا نے قرین مقرر کیا ہے اور نہ صرف اِس قدر بلکہ بقا اور لقا کی حالت مین اثر شیطان کا کالعدم ہوجاتا ہے گویا وہ اسلام قبول کرلیتا ہے اور روح القدس کا نور انتہائی درجہ پر چمک اُٹہتا ہے تو اسوقت اِس پاک اور اعلےٰ درجہ کی تعلیم پر کون اعتراض

قرآن کریم کی یہ تعلیم کہ انسان کیلئے داعی الی الخیر اور داعی الی الشر دونوں مقرر کئے گئے ہیں حقیقت میں ایک تعلیمی معجزہ ہے کیونکہ غایت باریک اور اعلیٰ نظام مشتمل ہے

کرسکتا ہے بجز اُس نادان اور اندھے کے کہ جو صرف حیوانات کی طرح زندگی بسر کرتا ہے اور پاک تعلیم کی نور سے کچھ بھی حصہ نہین رکھتا **بلکہ سچ اور واقعی امر** تو یہ ہے کہ قرآن کریم کی یہ تعلیم بھی منجملہ معجزات کے ایک معجزہ ہے کیون کہ جس خوبی اور اعتدال اور حکیمانہ شان سے اِس تعلیم نے اِس عقدہ کو حل کر دیا کہ کیون انسان مین نہایت قوی جذبات خیر یا شر کے پائے جاتے ہین یہان تک کہ عالم رویا مین بھی اُن کے انوار یا ظلمتین صاف اور صریح طور پر محسوس ہوتی ہین - اِس طرز محکم اور حقانی سے کسی اور کتاب نے بیان نہین کیا اور زیادہ تر اعجاز کی صورت اِس سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ بجز اِس طریق کے ماننے کے اور کوئی بھی طریق بن نہین پڑتا - اور اِس قدر اعتراض وارد ہوتے ہین کہ ہرگز ممکن نہین کہ اُن سے مخلصی حاصل ہو کیونکہ خدا تعالیٰ کا عام قانون قدرت ہم پر ثابت کر رہا ہے کہ جس قدر ہمارے نفوس

لمۃ ملک اور **لمۃ ابلیس** برابر طور پر انسان کو دئے گئے ہین یعنی ایک داعی خیر اور ایک داعی شر تا انسان اِس ابتلا مین پڑکر مستحق ثواب یا عقاب کا ٹھہر سکے کیونکہ اگر اسکے لئے ایک ہی طور کے اسباب پیدا کئے جاتے مثلاً اگر اسکو بیرونی اور اندرونی اسباب جذبات فقط نیکی کیطرف ہے اُسکو کھینچتے یا اُسکی فطرت ہی ایسی واقعہ ہوتی کہ بجز نیکی کے کامون کے اور کچھ کر ہی نہ سکتا تو کوئی وجہ نہین تھی کہ نیک کامون کے کرنے سے اُسکو کوئی مرتبہ قرب کا مل سکے کیونکہ اُسکے لئے تو تمام اسباب وجذبات نیک کام کرنیکے ہی موجود ہین یا یہ کہ بدی کی خواہش تو ابتدا سے ہی اُسکی فطرت سے مسلوب ہے تو پھر بدی سے بچنے کا اسکو ثواب کس استحقاق سے ملے مثلاً ایک شخص ابتدا سے ہی نامرد ہے جو عورت کی کچھ خواہش نہین رکھتا اب اگر وہ ایک مجلس مین یہ بیان کرے کہ مین فلان وقت جوان عورتون کے ایک گروہ مین رہا جو خوب صورت بھی تھین مگر مین ایسا پرہیزگار ہون کہ مینے اُن کو شہوت کی نظر سے ایکدفعہ بھی نہین دیکھا اور خدا تعالیٰ سے ڈرتا رہا تو کچھ شک نہین کہ سب لوگ اِسکے اس بیان پر

وقویٰ واجسام کو اُس ذات مبدء فیض سے فائدہ پہنچتا ہے وہ بعض اور چیزون کی توسط سے پہنچتا ہے مثلاً اگرچہ ہماری آنکھون کو وہی روشنی بخشتا ہے مگر وہ روشنی آفتاب کی توسط سے ہمکو ملتی ہے اور ایسا ہی رات کی ظلمت جو ہمارے نفوس کو آرام پہنچاتی ہے اور ہم نفس کے حقوق اُنہین ادا کر لیتے ہین وہ بہی درحقیقت اُسی کیطرف سے ہوتی ہے کیونکہ درحقیقت ہر یک پیدا شوندہ کی علت العلل وہی ہے - پہر جبکہ ہم دیکہتے ہین کہ یہ ایک **بندہا ہوا قانون** قدیم سے ہماری افاضہ کے لئے چلا آتا ہے کہ ہم کسی دوسرے کی توسط سے ہر یک فیض خدا تعالیٰ کا پاتے ہین ہان اُس فیض کے قبول کرنیکے لئے اپنے اندر قوے بہی رکہتے ہین جیسی ہماری آنکہہ روشنی کے قبول کرنے کے لئے ایک قسم کی روشنی اپنے اندر رکہتی ہے اور ہمارے کان بہی اُن اصوات کے قبول کرنیکے لئے جو ہوا پہنچاتی ہے ایک قسم کی حس اپنے اعصاب

ہنسین گے اور طنز سے کہین گے کہ اے نادان کب اور کس وقت بچہہ مین یہ قوت موجود نہی تا اُسکے روکنے پر تو فخر کر سکتا یا کسی ثواب کی اُمید رکہتا - پس جاننا چاہئے کہ سالک کو اپنی ابتدائی اور درمیانی حالات مین تمام امیدین ثواب کی مخالفانہ جذبات سے پیدا ہوتی ہین اور ان منازل سلوک مین جن امور مین فطرت ہی سالک کی ایسی واقع ہو کہ اُس قسم کی بدی وہ کر ہی نہین سکتا تو اس قسم کے ثواب کا بہی وہ مستحق نہین ہو سکتا - مثلاً ہم بچہو اور سانپ کی طرح اپنے وجود مین ایک ایسی زہر نہین رکہتے جسکے ذریعہ سے ہم کسیکو اُس قسم کی ایذا پہنچا سکین جو کہ سانپ اور بچہو پہنچاتے ہین - سو ہم اس قسم کی ترک بدی مین عنداللہ کسی ثواب کے مستحق بہی نہین -

اب اس تحقیق سے ظاہر ہوا کہ مخالفانہ جذبات جو انسان مین پیدا ہو کر انسان کو بدی کیطرف کہینچتے ہین درحقیقت وہی انسان کے ثواب کا بہی موجب ہین کیون کہ جب وہ خدا تعالیٰ سے ڈر کر اُن مخالفانہ جذبات کو چہوڑ دیتا ہے تو عنداللہ بلاشبہ

ثواب کی تمام امیدین مخالفانہ جذبات ہی سے پیدا ہوتی ہین

ہین موجود رکہتے ہین لیکن یہ تو نہین کہ ہماری قوٰے ایسی مستقل اور کامل طور پر اپنی بناوٹ رکہتی ہین کہ اُنکو خارجی معینات اور معاونات کی کچہہ بھی ضرورت اور حاجت نہین ہم کبہی نہین کہہ سکتے کہ کوئی ہماری جسمانی قوت صرف اپنے ملکہ موجودہ سے کام چلا سکے اور خارجی ممد و معاون کے محتاج نہ ہو۔ مثلاً اگرچہ ہماری آنکہین کیسی ہی تیز بین ہون مگر پہر بھی ہم آفتاب کی روشنی کے محتاج ہین اور ہمارے کان کیسے ہی شنوا ہون مگر پہر بھی ہم اُس ہوا کے حاجتمند ہین جو آواز کو اپنے اندر لپیٹ کر ہمارے کانون تک پہنچا دیتی ہے اِس سے ثابت ہی کہ صرف ہماری قوٰی **ہماری انسانیت کی کل چلانیکے لئے کافی نہین ہین**۔ ضرور ہین خارجی ممدون اور معاونون کی حاجت ہے مگر قانون قدرت ہمین بتلا رہا ہے کہ وہ خارجی ممد و معاون اگرچہ بلحاظ علت العلل ہونیکے خدا تعالیٰ ہی ہی

تعریف کے لایق ٹہر جاتا ہے اور اپنے رب کو راضی کر لیتا ہے۔ لیکن جو شخص انتہائی مقام کو پہنچ گیا ہے اُسمین مخالفانہ جذبات نہین رہتے گویا اُسکا جن مسلمان ہو جاتا ہے مگر ثواب باقی رہ جاتا ہے کیونکہ وہ ابتلا کے منازل کو بڑی مردانگی کے ساتہہ طے کر چکا ہی جیسے ایک صالح آدمی جسنے بڑے بڑے نیک کام اپنی جوانی مین کئے ہین اپنی پیرانہ سالی مین بہی اُنکا ثواب پاتا ہے

ازان جملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ خدا تعالیٰ کو فرشتون سے کام لینے کی کیا حاجت ہے کیا اُسکی بادشاہی بہی انسانی سلطنتون کی طرح عملہ کی محتاج ہے اور اُسکو بہی فوجون کی حاجت ہی جیسی انسان کو حاجت ہی۔ اما الجواب پس واضح ہو کہ خدا تعالیٰ کو کسی چیز کی حاجت نہین نہ فرشتون کی نہ آفتاب کی نہ ماہتاب کی نہ ستارون کی لیکن اسی طرح اُس نے چاہا کہ تا اُسکی قدرتین اسباب کے توسط سے ظاہر ہون اور تا اِس طرز سے انسانون مین حکمت اور علم پہیلے۔ اگر اسباب کا توسط درمیان نہ ہوتا تو نہ دنیا مین علم ہیئت ہوتا نہ نجوم

اس بات کا جواب کہ خدا تعالیٰ کو انسان کی طرح فرشتون کی کیا ضرورت ہے

مگر اُسکا یہ انتظام ہرگز نہین ہے کہ وہ بلا توسط ہمارے قوٰے اور اجسام پر اثر ڈالتا ہے بلکہ جہان تک ہم نظر اُٹھا کر دیکھتے ہین اور جس قدر ہم اپنے فکر اور ذہن اور سوچ سے کام لیتے ہین صریح اور صاف اور بدیہی طور پر ہمین نظر آتا ہے کہ ہر یک فیضان کے لئے ہم مین اور ہماری خداوند کریم مین **علل متوسّطہ** ہین جن کی توسط سے ہر یک قوّت اپنی حاجت کے موافق فیضان پاتی ہے **پس اسی دلیل سے ملایک اور جنات کا وجود بھی ثابت ہوتا ہے** - کیونکہ ہمنے صرف یہ ثابت کرنا ہے کہ خیر اور شر کے اکتساب مین صرف ہماری ہی قوٰے کافی نہین بلکہ خارجی ممدات اور معاونات کی ضرورت ہے جو خارق عادت اثر رکھتے ہون مگر وہ ممد اور معاون خدا تعالی براہ راست اور بلا توسّط نہین بلکہ بتوسط بعض اسباب ہے سو **قانون قدرت** کے ملاحظہ نے قطعی اور

ملایک اور جنات کے وجود کا ثبوت

نہ طبعی نہ طبابت نہ علم نباتات یہ اسباب ہی ہین جن سے علم پیدا ہوئے - تم سوچکر دیکھو کہ اگر فرشتون سے خدمت لینے سے کچھ اعتراض ہے تو وہی اعتراض - سورج اور چاند اور کواکب اور نباتات اور جمادات اور عناصر سے خدمت لینے مین پیدا ہوتا ہے - جو شخص معرفت کا کچھ حصہ رکھتا ہے وہ جانتا ہے کہ ہر یک ذرہ خدا تعالی کے ارادہ کے موافق کام کر رہا ہے اور ایک قطرہ پانی کا جو ہمارے اندر جاتا ہے وہ بھی بغیر اذن الٰہی کے کوئی تاثیر موافق یا مخالف ہمارے بدن پر ڈال نہین سکتا پس تمام ذرات اور سیارات وغیرہ درحقیقت ایک قسم کے فرشتے ہین جو دن رات خدمت مین مشغول ہین کوئی انسان کے جسم کی خدمت مین مشغول ہے اور کوئی روح کی خدمت مین اور جس حکیم مطلق نے انسان کی جسمانی تربیت کے لئے بہت سے اسباب کا توسّط پسند کیا اور اپنی طرف سے بہت سے جسمانی مؤثرات پیدا کئے تا انسان کے جسم پر انواع اقسام کے طریقون سے تاثیر ڈالین - اُسی وحدہ لاشریک نے جس کے کامون مین وحدت

یقینی طور پر ہمپر کھول دیا کہ وہ ممدات اور معاونات خارج مین موجود ہین گو اُنکی کنہ اور کیفیت ہم کو معلوم ہو یا نہ ہو مگر یہ یقینی طور پر معلوم ہے کہ وہ نہ براہ راست خدا تعالیٰ ہے اور نہ ہماری ہی قوتین اور ہماری ہی ملکے ہین بلکہ وہ اِن دونون قسمون سے الگ ایسی مخلوق چیزین ہین جو ایک مُستقل وجود اپنا رکھتی ہین اور جب ہم اِن مین سے کسیکا نام **داعی الی الخیر رکھین گے تو اسی کو ہم روح القدس یا جبرائیل کہین گے اور جب ہم اُن مین سے کسیکا نام داعی الی الشر رکھین گے تو اُسی کو ہم شیطان اور ابلیس** کے نام سے ہی موسوم کرینگے۔ یہ تو ضرور نہین کہ ہم روح القدس یا شیطان ہر کہنا تاریک

اور مناسب ہے یہ ہی پسند کیا کہ انسان کی روحانی تربیت بھی اسی نظام اور طریق سے ہو کہ جو جسم کی تربیت مین اختیار کیا گیا تا وہ دونون نظام ظاہری و باطنی اور روحانی اور جسمانی اپنے تناسب اور یگانگی کی وجہ سے **صانع واحد مدبّر بالارادہ** پر دلالت کرین

پس یہی وجہ ہے کہ انسان کی روحانی تربیت بلکہ جسمانی تربیت کے لئے بھی فرشتے وسائط مقرر کئے گئے مگر یہ تمام وسائط خدا تعالیٰ کے ہاتھ مین مجبور اور ایک کل کیطرح ہین جسکو اُسکا پاک ہاتھ چلا رہا ہے اپنی طرف سے نہ کوئی ارادہ رکھتے ہین نہ کوئی تصرف۔ جس طرح ہوا خدا تعالیٰ کے حکم سے ہمارے اندر چلی جاتی ہے اور اُسی کے حکم سے باہر آتی ہے اور اُسی کے حکم سے تاثیر کرتی ہے یہی صورت اور تمامہ یہی حال فرشتون کا ہے **یفعلون ما یؤمرون**۔ پنڈت دیانند نے جو فرشتون کے اِس نظام پر اعتراض کیا ہے کاش پنڈت صاحب کو خدا تعالیٰ کے نظام

منیت دیانند اور آریون کی غلط فہمی کہ قرآنی تعلیم مین نقص ہے کہ یہ نہیں بتلایا کہ شیطان کو کس نے پیدا کیا ہے

دل کو دکھلا دین اگرچہ عارف انکو دیکھہ بھی لیتے ہین اور کشفی مشاہدات سے وہ دونون نظر بھی آجاتی ہین مگر محجوب کے لئے جو بھی نہ شیطان کو دیکھہ سکتا ہے نہ روح القدس کو یہ ثبوت کافی ہے کیونکہ تاثر کے وجود سے موثر کا وجود ثابت ہوتا ہے اور اگر یہ قاعدہ صحیح نہین ہے تو پھر خدا تعالی کے وجود کا بھی کیونکر پتہ لگ سکتا ہے کیا کوئی دکھلا سکتا ہے کہ خدا تعالی کہان ہے صرف متاثرات کی طرف دیکھہ کر جو اسکی قدرت کے نمونے ہین اس موثر حقیقی کی ضرورت تسلیم کیگئی ہے۔ ہان عارف اپنے انتہائی مقام پر روحانی آنکھون سے اسکو دیکھتے ہین اور اسکی باتون کو بھی سنتے ہین مگر محجوب کے لئے بجز اسکے اور استدلال کا طریق کیا ہے کہ متاثرات کو دیکھہ کر اس موثر حقیقی کے وجود پر ایمان لاوے سو اسی طریق سے روح القدس اور شیاطین کا وجود ثابت ہوتا ہے اور نہ صرف ثابت ہوتا ہے

اگر روح القدس ہمیشہ انبیا کے ساتھہ رہتا ہے تو پھر ان آیات اور احادیث کی کیا معنے ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات کئی دن تک جبرائیل ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل نہین ہوا۔

جسمانی اور روحانی کا علم ہوتا۔ تا بجائے اعتراض کرنیکے کمالات تعلیم قرآنی کے قایل ہوجاتے کہ کیسی قانون قدرت کی صحیح اور سچی تصویر اس مین موجود ہے

ازان جملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ قرآن کریم کے بعض اشارات اور ایسا ہی بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض ایام مین جبرائیل کے اترنے مین کسیقدر توقف بھی وقوع مین آئی ہے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایام بعثت مین یہ بھی اتفاق ہوا ہے کہ بعض اوقات کئی دن تک جبرائیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل نہین ہوا اگر حضرت جبرائیل ہمیشہ اور ہر وقت قرین دائمی آنحضرت صلعم تھے اور روح القدس کا اثر ہمیشہ کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود پر جاری و ساری تھا تو پھر توقف نزول کے کیا معنے ہین **اما الجواب** پس واضح ہو کہ ایسا خیال کرنا کہ روح القدس کبھی انبیا کو خالی چھوڑ کر آسمان پر چڑھ جاتا ہے صرف ایک دھوکہ ہے کہ جو بوجہ غلط فہمی نزول اور صعود کے معنون کے دلون مین متمکن ہوگیا ہے۔ **پوشیدہ** نرہے کہ نزول

بلکہ نہایت صفائی سے نظر آجاتا ہے افسوس اُن لوگون کی حالت پر جو فلسفہ یا طبعی ظلمت سے متاثر ہو کر **ملایک اور شیاطین کے وجود سے انکار کر بیٹھے ہیں** اور بینات اور نصوص صریحہ قرآن کریم سے انکار کر دیا اور نادانی سے بہرے ہوئے الحاد کے گڑھے مین گر پڑے۔ اور اس جگہ واضح رہے کہ یہ مسئلہ **اُن مسایل مین سے ہی جنکے اثبات کیلئے خدا تعالی نے قرآن کریم کی استنباط حقایق مین اِس عاجز کو متفرد کیا ہے۔ فالحمد للہ علی ذالک** ۔ اور اگر کوئی آریہ یا عیسائی اِس جگہ یہ اعتراض کرے

ملایک اور شیاطین کی وجود کا ثبوت اُن نادر مخفی قانون مین سے ہی جنکی ماتقدم بذریعہ افاضات قرآنیہ عاجز منفرد اور خاص کیا گیا ہے۔

کہ یہ معنی ہرگز نہین ہین کہ کوئی فرشتہ آسمان سے اپنا مقام اور مقر چھوڑ کر زمین پر نازل ہو جاتا ہے ایسے معنے تو صریح نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ کے مخالف ہین۔ چنانچہ **فتح البیان** مین ابن جریر سے بروایت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ حدیث مروی ہے۔ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما فی السماء موضع قدم الا علیہ ملک ساجد او قائم وذلک قول الملایکۃ۔ وما منا الا لہ مقام معلوم۔ یعنی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آسمان پر ایک قدم کی بھی ایسی جگہ خالی نہین جسپین کوئی فرشتہ ساجد یا قایم نہ ہو اور یہی معنے اِس آیت کے ہین کہ ہم مین سے ہر ایک شخص ایک مقام معلوم یعنے ثابت شدہ رکھتا ہے جس سے ایک قدم اوپر یا نیچے نہین آسکتا۔ اب دیکھو اس حدیث سے صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ فرشتے اپنے مقامات کو نہین چھوڑتے اور کبھی ایسا اتفاق نہین ہوتا

لغات صحیحہ سے یہ بھی ثابت ہے کہ فرشتے آسمان سے علیحدہ کبھی نہین ہوتے اور یہ بھی ثابت ہے کہ آسمان کی وہ جگہ جو فرشتہ سے خالی ہوتی ہے وہ بھی علیحدہ نہین ہوتی اور یہ مسئلہ بھی ہمارا ہی ہے اور ہم نے ہی لکھا ہے۔

کہ حال کے اکثر ملا جیسے **شیخ بطالوی محمد حسین اور شیخ دہلوی نذیر حسین** اس اعتقاد کے مخالف ہین اور اسبات کے وہ ہرگز قایل نہین ہین کہ ہر ایک انسان کو دو قرین دئے گئے ہین ایک داعی الی الخیر جو روح القدس ہے اور ایک داعی الی الشر جو شیطان ہے بلکہ اُن کا تو یہ قول ہی کہ صرف ایک ہی قرین دیا گیا ہے جو داعی الی الشر ہے اور انسان کی ایمانی بیخکنی کیلئے ہر وقت اُسکے ساتھہ رہتا ہی اور خدا تعالی کو یہ بات بہت پیاری معلوم ہوئی کہ انسان کا شیطان کو ذرات کا مصاحب بناکر اور انسان کے خون اور رگ و ریشہ مین شیطان کو دخل بخش کر بہت جلد انسان کو تباہی مین ڈالدیوے اور جبرائیل جسکا دوسرا نام روح القدس بہی ہے ہرگز عام انسانون کیلئے بلکہ اولیا کے لئے بہی داعی الی الخیر مقرر نہین کیا۔ وہ سب لوگ صرف شیطان کے پنجہ مین چہوڑے گئے ہان انبیا پر روح القدس نازل ہوتا ہے مگر وہ بہی صرف ایکدم

شیخ بطالوی اور دہلوی کا یہی مذہب ہے کہ انسان کیلئے داعی قرین صرف شیطان کو مقرر کیا گیا ہی اور روح القدس کا داعی صحبت اور لوگ تو کیا چیز نعوذ باللہ انبیا بھی بے بہرہ ہین جو حضرت عیسی کے۔

کہ ایک قدم کی جگہ بہی آسمان پر خالی نظر آوے مگر افسوس کہ بطالوی صاحب اور دہلوی شیخ صاحب بہی ابتک اس زمانہ مین بہی کہ **علوم جسیہ طبعیہ کا** فروغ ہے یہی عقیدہ رکہتے ہین کہ **آسمان کا صرف باندازہ ایک قدم خالی رہنا کیا مشکل بات ہی** بعض اوقات تو بڑے بڑے فرشتون کے نزول سے ہزارہا کوس تک آسمان خالی ویران سُنسان پڑا رہجاتا ہے جسمین ایک فرشتہ بہی نہین ہوتا کیونکہ جب چہہ سو موتیون کے پرون والہ فرشتہ جس کا طول مشرق سے مغرب تک ہے یعنی جبرائیل زمین پر اپنا سارا وجود لیکر اُترآیا تو پہر سوچنا چاہیئے کہ ایسے جسیم فرشتہ کے اُترنے سے ہزارہا کوس تک آسمان خالی رہ جائیگا یا اس سے کم ہوگا **شیخ الکل کہلانا** اور احادیث نبویہ کو نہ سمجہنا جائے افسوس اور جائے شرم

الغرض جیسا کہ ہم ابہی بیان کرچکے ہین یہ بات نہایت احتیاط سے

بطالوی اور دہلوی کا یہی مذہب ہے کہ کبہی آسمان فرشتون سے خالی رہتا ہی بالخصوص لیلۃ القدر کی رات مین تو آسمان ایسا خالی رہتا ہی جیسے کوٹہا اکھاڑا کیونکہ تمام فرشتے اور روح القدس زمین پر اُتر آتے ہین اور مسجدون زمین پر بہری رہتی ہین۔

یا بہت ہی تھوڑے عرصہ کے لئے اور پھر آسمان پر جبرائیل چڑھ جاتا ہے اور انکو خالی چھوڑ دیتا ہے بلکہ بسا اوقات چالیس چالیس روز بلکہ اس سے بھی زیادہ روح القدس یا یون کہو کہ جبرائیل کی ملاقات سے انبیا محروم رہتے ہین مگر دوسرا قرین جو شیطان ہے وہ تو نعوذ باللہ اُن کا ساتھہ ایک دم بھی نہین چھوڑتا گو آخر کو مسلمان ہی ہوجاے

تو اسکا **جواب** یہ ہے کہ یہ لوگ محجوب اور حقایق قرآن کریم سے غافل اور بے نصیب ہین اور کہلے طور پر اِن کا یہ عقیدہ بھی نہین بلکہ نادانی اور قلت تدبر اور پھر اِس عاجز کے ساتھہ بخل اور کینہ ورزی کی وجہ سے اِس بلا مین پڑ گئے ہین کیون کہ اِس عاجز کے مقابل پر جن راہون پر یہ لوگ چلے اُن راہون مین یہ آفات موجود نہین اِسلئے نادانستہ اُن مین پھنس گئے جیساکہ ایک پرندہ نادانستہ کسی دانہ کی طمع سے ایک جال مین پھنس جاتا ہے۔ **بات** یہ ہے کہ جب اِن لوگون نے

اپنے حافظہ مین رکھہ لینی چاہئے کہ مقربون کا رُوح القدس کی تاثیر سے علیحدہ ہونا ایک دم کے لئے بھی ممکن نہین کیونکہ انکی نئی زندگی کی روح یہی روح القدس ہے پھر وہ اپنی روح سے کیونکر علیحدہ ہوسکتے ہین اور جس علیحدگی کا ذکر احادیث اور بعض اشارات قرآن کریم مین پایا جاتا ہے اُس سے مُراد صرف ایک قسم کی تجلّی ہے کہ بعض اوقات بوجہ مصالح الٰہی اُس قسم کی تجلّی مین کبھی دیر ہوگئی ہے اور اصطلاح **قرآن کریم** مین اکثر نزول سے مراد وہی تجلی ہے ورنہ ذرہ سوچنا چاہئے کہ جس آفتاب صداقت کے حق مین یہ آیت ہے **ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** یعنی اُس کا کوئی نطق اور کوئی کلمہ اپنے نفس اور ہوا کی طرف سے نہین وہ تو سراسر وحی ہے جو اُسکے دل پر نازل

بطلانی اور دھوکا کا یہ قصہ ہی کہ انبیاء ہی اکثر صحبت روح القدس سے محروم رہتے ہین اور دوسرے اقرین اور لوگون کی طرح ہر وقت اُن کے ساتھہ بھی رہتا ہی گو اُنکا قابو نہین پاتا مگر کتنے ہین کہ جبرئیل کے ساتھہ ہی آسمان پر گیا اور ساتھہ ہی آسمان پر سے اُترا

نزول ملایک کی مراد ایک قسم کی تجلی ہے جسکا صبح اور تہلیلون کے دوران ہونا ضروری ہے اور بسا اوقات ملایک اس تجلی کے وقت متمثل ہو کر نظر بھی آجاتے ہین اور اوقات اس تجلی مین دیر ہوجانے کی وجہ سے روح القدس کی تاثیر اس تجلی مین دیر ہوجانے کی وجہ سے روح القدس کی تاثیر اس تجلی مین دیر ہوجانے کی وجہ سے روح القدس کی تاثیر

اثبات پر اصرار کیا کہ ضرور جبرائیل اور ملک الموت اور دوسرے فرشتے اپنی اصلی وجود کے ساتھ ہی زمین پر نازل ہوتے ہین اور پھر تھوڑی دیر رہ کر آسمان پر چلے جاتے ہین۔۔ جب آسمان سے اُترتے ہین تو آسمان اُنکے وجود سے خالی رہجاتا ہے اور پھر جب زمین سے آسمان کیطرف پرواز کرتے ہین تو زمین اُن کے وجود سے خالی رہ جاتی ہے **توصدہا اعتراض** قرآن اور حدیث اور عقل کے اپر وارد ہوئے چنانچہ منجملہ ان بلاؤن کے جو اِن کے اس عقیدہ کے لازم حال ہوگئین ایک یہ بھی بلا ہے جو خدا تعالی کے روحانی انتظام کا عدل اور رحم جاتا رہا اور کفار اور تمام مخالفین کو **اسلام پر یہ اعتراض کرنیکے لئے موقعہ ملا** کہ کیسی سخت دلی اور خلاف رحم بات ہے کہ خدا تعالی شیطان اور اُسکی ذرّیت کو انسان کی اغوا

نقالی اور نذیر حسین صاحب وغیرہ کو اسلام پر اعتراض کرنیکا موقعہ دیدیا اور اپنی تحجر کے نقص کو اسلام پر لگایا

ہو رہی ہے **اُسکی نسبت** کیا ہم خیال کرسکتے ہین کہ وہ مدتون نور وحی سے بکلی خالی ہی رہ جاتا تھا۔ مثلاً یہ جو منقول ہے کہ بعض دفعہ چالیس دن اور بعض دفعہ بیس دن اور بعض دفعہ اِس سے زیادہ ساٹھ دن تک بھی وحی نازل نہین ہوئی۔ اگر اس عدم نزول سے یہ مراد ہے کہ فرشتہ جبرائیل بکلی آنحضرت صلعم کو اس عرصہ تک چھوڑ کر چلا گیا تو یہ سخت اعتراض پیش آئیگا کہ اِس مدت تک جس قدر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باتین کین کیا وہ احادیث نبویہ مین داخل نہین نہین اور کیا **وحی غیر متلو اُن کا نام** نہین تھا اور کیا اِس عرصہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی خواب بھی نہین آتی تھی جو بلاشبہ وحی مین داخل ہے **اور اگر حضرت بٹالوی صاحب اور میان نذیر حسین دہلوی** سچے ہین اور یہ بات صحیح ہے کہ ضرور مدتون جبرائیل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر ہی چلا جاتا تھا اور آنحضرت بکلی وحی سے خالی رہ جاتے تھے تو بلاشبہ اُن دِنون کی احادیث

آگے ہمارے نبی صلعم چالیس دن زیادہ دن نہ اوحی ہوتی تھی تو اس مدت کے کلمات احادیث مین داخل نہین ہوسکتے چاہئے شان کو الٹھا ہی کہنا چاہئے۔

کیلئے ہمیشہ اور ہر دم کے لئے اوسکا قرین اور مصاحب مقرر کرتے تا وہ اُسکے ایمان کی بیخکنی کے فکر مین رہین اور ہر وقت اُسکے خون اور اُس کے دل اور دماغ اور رگ و ریشہ مین اور آنکھون اور کانون مین گھس کر طرح طرح کے وساوس ڈالتے رہین اور ہدایت کرنیکا ایسا قرین جو ہر دم انسان کے ساتھ رہ سکے ایک نبی انسان کو نہ دیا جائے۔ یہ اعتراض درحقیقت انکے عقیدہ مذکورہ بالا سے پیدا ہوتا ہے کیونکہ ایک طرف تو یہہ لوگ بموجب آیت **وما منا الا له مقام معلوم** یہ عقیدہ رکھتے ہین کہ حضرت جبرائیل اور عزرائیل یعنے ملک الموت کا مقام آسمان پر مقرر ہے جس مقام سے وہ نہ ایک بالشت نیچے اُتر سکتے ہین نہ ایک بالشت اوپر چڑھ سکتے ہین اور پھر باوجود اُسکے اُن کا زمین پر

ان دونون حضرتون کے نزدیک قابل اعتبار نہین ہونگی کیون کہ وحی کی روشنی سے خالی ہین اور اُن کے نزدیک اُن دنون مین خوابون کا سلسلہ بھی بکلی بند تھا اب منصفو دیکھو کہ کیا ان دونو شیخون کی بے ادبی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت انتہا کو پہنچ گئی یا نہین وہ آفتاب صداقت جس کا کوئی دل کا خطرہ بھی بغیر وحی کی تحریک کے نہین اُس کے بارے مین ان لوگون کا یہ عقیدہ ہے کہ گویا وہ نعوذ باللہ مدتون ظلمت مین بھی پڑا رہتا تھا اور اُس کے ساتھ کوئی روشنی نہ تھی۔ اس عاجز کو اپنے ذاتی تجربہ سے یہ معلوم ہے کہ روح القدس کی قدسیت ہر وقت اور ہر دم اور ہر لحظہ بلا فصل ہمکے تمام قوے مین کام کرتی رہتی ہے اور وہ بغیر روح القدس اور اُسکی تاثیر قدسیت کے ایک دم بھی اپنے تئین ناپاکی سے بچا نہین سکتا اور انوار دائمی اور استقامت دائمی اور محبت دائمی اور عصمت دائمی اور برکات دائمی کا بھی سبب ہوتا ہے کہ روح القدس

بطالوی اور نیچر دھلوی نے آنحضرت صلعم کی نسبت سخت بے ادبی کی ہے کہ آن حضرت صلعم کا روح القدس کی بعض اتفاقات مین بھی علیحدہ ہونا ظاہر کیا ہے اور یہ نسبت بیحد بے ادبی کی ہے کہ آنحضرت کا ایک معمولی علم اور معرفت کا ایک نمونہ

بطلان اوردھوی کا بیشتر کہ دائمی قرین انسان کیلئے صرف شیطان ہی دس خدا تعالیٰ کی عترلوں انتظام کرتا ہے جو انسان کی تربیت کی متعلق ہی بنا اور دو ہم دم کرتا ہی

اپنے اصلی وجود کے ساتھہ آنا بھی ضروری خیال کرتے ہین اور ایسا ہی پھر آسمان پر اُنکا اپنے اصلی وجود کے ساتھہ چڑھ جانا بھی اپنے زعم مین یقینی اعتقاد رکھتے ہین اور اگر کوئی اصلی وجود کے ساتھہ اُترنے یا چڑھنے سے انکار کرے **تو وہ اُنکے نزدیک کافر ہے** ان عجیب مسلمانون کے عقیدہ کو یہ بلا لازم پڑی ہوئی ہے **کہ وہ اعتدالی نظام** جس کا ہم ابھی ذکر کر چکے ہین یعنی بد قرین کے مقابل پر نیک قرین کا دائمی طور پر انسان کے ساتھہ رہنا ایسے اعتقاد سے **بالکل درہم برہم ہو جاتا ہے** اور صرف شیطان ہی دائمی مصاحب انسان کا رہ جاتا ہی کیونکہ اگر فرشتہ روح القدس کسی پر مسافر کیطرح نازل بھی ہوا تو بموجب ان کے عقیدہ کے ایک دم یا کسی اور بہت تھوڑے عرصہ کیلئے آیا اور پھر اپنے اصلی وطن آسمان کیطرف پرواز کر گیا اور انسان کو گویا وہ کیسا ہی نیک ہو شیطان کی صحبت مین چھوڑ گیا۔ کیا یہ ایسا اعتقاد نہین جس سے **اسلام کو سخت دھبہ لگے** کیا خداوند کریم

ہمیشہ اور ہر وقت اُن کے ساتھہ ہوتا ہے پھر امام المعصومین اور امام المتبرکین اور سید المقربین کی نسبت کیونکر خیال کیا جائے کہ نعوذ باللہ کسیوقت ان تمام برکتون اور پاکیزگیون اور روشنیون سے خالی رہ جاتے تھے افسوس کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ کی نسبت یہ اعتقاد رکھتے ہین کہ تینتیس برس روح القدس اکیدم کے لئے بھی اُن سے جدا نہین ہوا مگر اس جگہ اس قرب سے منکر ہین۔

اس عترض کا جواب کہ خدا تعالیٰ نے قرآن کریم مین غیر اللہ کی قسمین کیون کھائی ہین۔

ازانجملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ سورۃ والطارق مین خدا تعالیٰ نے غیر اللہ کی قسم کیون کھائی حالانکہ آپ ہی فرماتا ہے کہ بجز اسکے کسی دوسرے کی قسم نہ کھائی جائے نہ انسان نہ آسمان کی نہ زمین نہ کسی ستارہ کی نہ کسی اور کی اور پھر غیر کی قسم کھانے مین خاص ستارون اور آسمان کی قسم کی۔ خدا تعالیٰ کو اس جگہ کیا ضرورت آپڑی

ورحیم کی نسبت یہ تجویز کرنا جائز ہے کہ وہ انسان کی تباہی کو بہ نسبت اُسکے ہدایت پانے کے زیادہ چاہتا ہے نعوذ باللہ ہرگز نہین **نابینا آدمی** قرآن کریم کی تعلیم کو سمجھتا نہیں اسلئے اپنی نادانی کا الزام اُسپر لگا دیتا ہے۔ یہ تمام بلائین جنسے نکلنا کسی طور سے ان علماء کے لئے ممکن نہین اِسیوجہ سے اِنکو پیش آگئین کہ اُنہون نے یہ خیال کیا کہ ملایک اپنے اصلی وجود کے ساتھہ زمین پر نازل ہوتے ہین اور پھر یہ بھی ضروری عقیدہ تھا کہ وہ بلا توقف آسمان پر چڑھہ بھی جاتے ہین۔ ان دونون غلط عقیدون کے لحاظ سے یہ لوگ اس شکنجہ مین آ گئے کہ اپنے لئے یہ تیسرا عقیدہ بھی تراش لیا کہ بئس القرین کے مقابل پر کوئی ایسا نعم القرین انسان کو نہین دیا گیا جو ہر وقت اُسکے ساتھہ ہی رہے۔ پس اِس عقیدہ کے تراشنے سے قرآنی تعلیم پر انہون نے سخت تہمت لگائی اور بداندیش مخالفون کو

سو درحقیقت یہ واعتراض ہین جو ایکدوسرے سے تعلق رکھتے ہین اور بوجہ انکے باہمی تعلقات کے ہم مناسب سمجھتے ہین کہ اِن کے جوابات ایک ہی جگہ بیان کئے جائین

سو اول قسم کے بارے مین خوب یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ جلشانہ کی قسمون کا انسانون کی قسمون پر قیاس کر لینا قیاس مع الفارق ہے خدا تعالیٰ نے جو انسان کو غیر اللہ کی قسم کہانے سے منع کیا ہے تو اسکا سبب یہ ہے کہ انسان جب قسم کہاتا ہے تو اسکا مدعا یہ ہوتا ہے کہ جس چیز کی قسم کہائی ہے اُسکو ایک ایسے گواہ رویت کا قائم مقام ٹھہرادے کہ جو اپنے ذاتی علم سے اسکے بیان کی تصدیق یا تکذیب کر سکتا ہے کیونکہ اگر سوچکر دیکھو تو قسم کا اصل مفہوم شہادت ہی ہے۔ جب انسان معمولی شاہدون کے پیش کرنیسے عاجز آجاتا ہے تو پھر قسم کا محتاج ہوتا ہے تا اُس سے وہ فائدہ اُٹھاوے جو ایک شاہد رویت کی شہادت سے اُٹھانا چاہیے لیکن یہ تجویز کرنا یا اعتقاد رکھنا کہ بجز خدا تعالیٰ کے اور بھی حاضر ناظر ہے اور تصدیق یا تکذیب یا سزا دہی یا کسی اور امر پر قادر ہے صریح کلمہ کفر ہے اسلئے خدا تعالیٰ کی

حملہ کرنے کا موقعہ دیدیا۔ اگر یہ لوگ اسبات کو قبول کر لیتے کہ کوئی فرشتہ بذات خود ہرگز نازل نہین ہوتا بلکہ اپنے ظلی وجود سے نازل ہوتا ہے جسکی تمثل کی اُسکو طاقت دیگئی ہے جیساکہ دحیہ کلبی کی شکل پر حضرت جبرائیل متمثل ہوکر ظاہر ہوتے تھے اور جیساکہ حضرت مریم کے لئے فرشتہ متمثل ہوا تو کوئی اعتراض پیدا نہ ہوتا **اور دوام نعم النقیرن** پر کوئی شخص حرج نہ کرسکتا اور تعجب تو یہ ہے کہ ایسا خیال کرنے مین قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے بالکل یہ لوگ مخالف ہین قرآن کریم ایک طرف تو ملایک کے قرار اور ثبات کی جگہ آسمان کو قرار دے رہا ہے اور ایک طرف یہ بھی بڑے زور سے بیان فرما رہا ہے کہ روح القدس کامل مومنون کو تائید کیلئے دائمی طور پر عطا کیا جاتا ہے اور اُن سے الگ نہین ہوتا گو ہر ایک شخص اپنے فطرتی نور کی وجہ سے کچھ نہ کچھ روح القدس کی چمک اپنے اندر رکھتا ہے مگر وہ چمک عام لوگون مین شیطانی ظلمت کے نیچے آجاتی

تمام کتابون مین انسان کے لئے یہی تعلیم ہے کہ غیر اللہ کی ہرگز قسم نہ کھاوے

اب ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ کی قسمون کا انسان کی قسمون کے ساتھ قیاس درست نہین ہوسکتا کیونکہ خدا تعالیٰ کو انسان کی طرح کوئی ایسی مشکل پیش نہین آتی کہ جو انسان کو قسم کے وقت پیش آتی ہے بلکہ اُس کا قسم کھانا ایک اور رنگ کا ہے جو اسکی شان کے لائق اور اُسکے قانون قدرت کے مطابق ہے اور غرض اُس سے یہ ہے کہ تا صحیفہ قدرت کے بدیہات کو شریعت کے اسرار دقیقہ کے حل کرنیکے لئے بطور شاہد کے پیش کرے اور چونکہ اس مدعا کو قسم سے ایک مناسبت تھی اور وہ یہ کہ جیسا ایک قسم کھانیوالا جب مثلاً خدا تعالیٰ کی قسم کھاتا ہے تو اُسکی غرض یہ ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ میرے اس واقعہ پر گواہ ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کے بعض کھلے کھلے افعال بعض چھپے ہوئے افعال پر گواہ ہین اسلئے اُس نے قسم کے رنگ مین اپنے افعال بدیہیہ کو اپنے افعال نظریہ کے ثبوت مین جا بجا

خدا تعالیٰ کی قسمون کی حقیقت اور دوسرے کا دقیقہ جو قسمون مین چھپا ہوا ہے

ایسی دب جاتی ہے کہ گویا اُسکا کچھہ بھی وجود نہین یا در کہنا چاہئے کہ گروہ تین ہین جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے **منھم ظالم ومنھم مقتصد و منھم سابق بالخیرات** یعنی ایک وہ گروہ ہے جسپر شیطانی ظلمت غالب ہے اور روح القدس کی چمک کم ہے اور دوسری وہ گروہ ہے جو روح القدس کی چمک اور شیطانی ظلمت اُن مین مساوی ہین اور تیسری وہ گروہ ہے جن پر روح القدس کی چمک غالب آگئی ہے اور خیر محض ہوگئی ہین — روح القدس کے بارہ مین جو قرآن کریم میں آیات ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمیشہ کیلئے کامل مومنون کو روح القدس دیا جاتا ہے منجملہ اُن کے ایک یہ آیت ہے یا ایھا الذین اٰمنوا ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانًا ویجعل لکم نورًا تمشون بہ یعنی اے وے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم تقوے اختیار کرو اور اللہ جلّ شانہ سے ڈرتے رہو

قرآن کریم مین بھت سی ایسی آیات ہین جنسے ثابت ہوتا ہے کہ کامل مومنون کو ہمیشہ کیلئے روح القدس دیا جاتا ہے۔

تنبیہ

قرآن کریم مین پیش کیا اور اسکی نسبت یہ نہین کہہ سکتے کہ اُس نے غیر اللہ کی قسم کہائی کیونکہ وہ درحقیقت اپنے افعال کی قسم کہاتا ہے نہ کسی غیر کی اور اُس کے افعال اسکے غیر نہین ہین مثلاً اُسکا آسمان یا ستارہ کی قسم کہانا اس قصد سے نہین ہے کہ وہ کسی غیر کی قسم ہے بلکہ اِس نیت سے ہے کہ جو کچھہ اُسکے ہاتھون کی صنعت اور حکمت آسمان اور ستارون مین موجود ہے اسکی شہادت بعض اپنے افعال مخفیہ کے سمجھانیکے لئے پیش کرے۔ سو درحقیقت خدا تعالیٰ کی اِن قسم کی قسمین جو قرآن کریم مین موجود ہین بہت سی اسرار معرفت سے بھری ہوئی ہین اور جیسا کہ مین ابھی بیان کرچکا ہون۔ قسم کی طرز پر ان اسرار کا بیان کرنا محض اِس غرض سے ہے کہ قسم درحقیقت ایک قسم کی شہادت ہے جو شاہد کے قایم مقام ہوجاتی ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کے بعض افعال ہی بعض دوسرے افعال کیلئے بطور شاہد کے واقعہ ہوئے ہین سو اللہ تعالیٰ قسم کے لباس مین اپنے قانون

خدا تعالیٰ نے قرآن کریم مین جس قدر قسمین کھائی ہین اُن سے یہ مطلب ہے کہ اپنی افعال بیانی قانون قدرت کی شہادت دیتا ہے

توخدا تعالیٰ تمہین وہ چیز عطا کریگا (یعنے روح القدس) جسکے ساتھہ تم غیرون سے امتیاز کلی پیدا کر لوگے - اور تمہارے لئے ایک نور مقرر کردیگا (یعنی روح القدس) جو تمہارے ساتھ ساتھ چلیگا - قرآن کریم مین روح القدس کا نام نور ہے - پھر اسی دوسرے مقام مین فرماتا ہے - ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملائکۃ الا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون نحن اولیاءکم فی الحیوۃ الدنیا وفی الاخرۃ - یعنی جو لوگ کہتے ہین کہ ہمارا رب اللہ جلشانہ ہے پھر اپنی ثابت قدمی دکھلاتے ہین کہ کسی مصیبت اور آفت اور زلزلہ اور امتحان سے اُنکے صدق مین ذرہ فرق نہین آتا اُنپر فرشتے اُترتے ہین یہ کہتے ہوئے کہ تم ذرہ خوف نکرو اور نہ غمگین ہو اور اُس بہشت کے تصور سے شادان اور فرحان رہو جسکا تمہین وعدہ دیا گیا ہے ہم تمہارے متولی اور تمہارے پاس ہر وقت حاضر اور قریب ہین کیا دنیا مین

اس بات کا بیان کہ جب انسان کامل ایمان اور کامل استقامت کو پہنچ جاتا ہے تو فرشتے اسپر اُترتے ہین اور وہ معاصبت اُسکا اختیار کرتے ہین اور خدا تعالیٰ کیطرف سے اسکے لئے بشارتین ہوتی ہین

تنبیہ: قدرت کے بدیہات کی شہادت اپنی شریعت کے بعض دقایق حل کرنیکے لئے پیش کرنا ہے - تا قانون قدرت جو خدا تعالیٰ کی ایک فعلی کتاب ہے اُسکی قولی کتاب پر شاہد ہو جاوے اور تا اُسکے قول اور فعل کے باہم مطابقت ہو کر طالب صادق کیلئے مزید معرفت اور سکینت اور یقین کا موجب ہو اور یہ ایک عام طریق اللہ جلشانہ کا قرآن کریم مین ہے کہ اپنے افعال قدرتیہ کو جو اُسکی مخلوقات مین باقاعدہ منضبط اور مترتب پائی جاتی ہین اقوال شرعیہ کے حل کرنیکے لئے جابجا پیش کرتا ہے تا اس بات کیطرف لوگون کو توجہ دلاوے کہ یہ شریعت اور یہ تعلیم اُسی ذات واحد لاشریک کیطرف سے ہے جس کے ایسے افعال موجود ہین جو اُسکے اِن اقوال سے مطابقت کلی رکھتی ہین کیونکہ اقوال کا افعال سے مطابق آجانا بلاشبہ اِس بات کا ایک ثبوت ہے کہ جس کے یہ افعال ہین اُسی کے یہ اقوال ہین -

اب ہم نمونہ کے طور پر ان چند قسمون کی تفسیر لکھتے ہین جو قرآن کریم مین

خدا تعالیٰ نے مخلوقات کریم مین اپنی بعض مخلوقات کی قسمین کھائی ہین اسمین ایک بڑا بھید ہے جسکا سمجھنا انسان کو اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ یہ اشیاء اور افعال اُسکی حضرت سے ہین -

اور کیا آخرت مین - پھر ایک دوسرے مقام مین فرماتا ہے اَوَمَنْ کَانَ مَیْتًا فَاَحْیَیْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا یَّمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ کَمَنْ مَّثَلُهٗ فِی الظُّلُمٰتِ لَیْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا وَمَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ - یعنی کیا وہ شخص جو مُردہ تھا اور ہمنے اُسکو زندہ کیا اور ہمنے اسکو ایک نور عطا کیا جس کے ساتھ وہ لوگون مین چلتا ہے یعنی اُس نور کے برکات لوگون کو معلوم ہوتی ہین کیا ایسا آدمی اُس آدمی کی مانند ہوسکتا ہے جو سراسر تاریکی مین اسیر ہے اور اُس سے نکل نہین سکتا - نور اور حیات سے مراد روح القدس ہے کیونکہ اُس سے ظلمت دور ہوتی ہے اور وہ دلون کو زندہ کرتا ہے اسی لئے اُسکا نام روح القدس ہے یعنی پاکی کی روح جسکے داخل ہونے سے ایک پاک زندگی حاصل ہوتی ہے

روح القدس کی مدد سے روحانی زندگی اور روحانی نور ملتا ہے

اور منجملہ ان آیات قرآنی کے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ روح القدس

تشریح: وارد ہین چنانچہ منجملہ ان کے ایک یہی قسم ہے کہ **والسماء والطارق وما ادریک ما الطارق النجم الثاقب - ان کل نفس لما علیها حافظ** - اِن آیات مین اصل مدعا اور مقصد یہ ہے کہ ہر یک نفس کی روحانی حفاظت کیلئے ملایک مقرر ہین ✱ جو ہر دم اور ہر وقت ساتھ رہتے ہین اور جو حفاظت کا طالب ہو اسکی حفاظت کرتے ہین لیکن یہ بیان ایک باریک اور نظری ہے - فرشتون کا وجود خود ہی غیر مرئی ہے

ملایک خواہ جسمانی آفات سے بھی بچاتے ہین اور خواہ روحانی آفات سے لیکن اُنکا بچانا روحانی طور پر ہی ہے

نوٹ اگرچہ ملایک جسمانی آفات سے بھی بچاتے ہین لیکن اُنکا بچانا روحانی طور پر ہی ہے مثلاً ایک شخص ایک گرنے والی دیوار کے نیچے کھڑا ہے تو یہ تو نہین کہ فرشتہ اپنے ہاتھون سے اُٹھا کر اُسکو دور لیجائیگا بلکہ اگر اُس شخص کا اُس دیوار سے بچنا مقدر ہے تو فرشتہ اُسکے دل مین الہام کردیگا کہ یہان سے جلد کھسکنا چاہیئے لیکن ستارون اور عناصر وغیرہ کی حفاظت جسمانی ہے - منہ

ہمیشہ کیلئے خدا تعالیٰ کے ملہم بندون کے ساتھ رہتا ہے اور انہین علم اور حکمت اور پاکیزگی کی تعلیم کرتا ہے یہ آیت کریمہ ہے **اولئک کتب فی قلوبہم الایمان وایدہم بروح منہ** سورۃ المجادلہ یعنی ان مومنون کے دلون مین خدا تعالیٰ نے ایمان کو لکھدیا اور روح القدس سے انکو مدد دی - دل مین ایمان کے لکھنے سے یہ مطلب ہے کہ ایمان فطرتی اور طبعی ارادون مین داخل ہوگیا اور جزو طبیعت بنگیا اور کوئی تکلف اور تصنع درمیان نرہا - اور یہ مرتبہ کہ ایمان دل کے رگ و ریشہ مین داخل ہوجائے اس وقت انسان کو ملتا ہے کہ جب انسان روح القدس سے موید ہوکر ایک نئی زندگی پاوے اور جس طرح جان ہر وقت جسم کی محافظت کیلئے جسم کے اندر رہتی ہے اور اپنی

آیت وایدہم بروح منہ کی تفسیر

فصل چہارم

پہران کی حفاظت پر کیونکر یقین آوے اسلئے خداوند کریم وحکیم نے اپنے قانون قدرت کو جو اجرام سماوی مین پایا جاتا ہے - اس جگہ قسم کے پیرایہ مین بطور شاہد کے پیش کیا اور وہ یہ ہے کہ قانون قدرت خدا تعالیٰ کا صاف اور صریح طور پر نظر آتا ہے کہ آسمان اور جو کچھ کواکب اور شمس اور قمر اور جو کچھ اُس کے پول مین ہوا وغیرہ موجود ہے یہ سب انسان کے لئے جسمانی خدمات مین لگے ہوئے ہین اور طرح طرح کے جسمانی نقصانون اور حرجون اور تکلیفون اور تنگیون سے بچاتے ہین اور اُسکی جسم اور جسمانی قوے کے کل احتیاج کو طیار کرتے ہین خاص کر رات کے وقت جو ستارے پیدا ہوتے ہین جنگلون اور بیابانون مین چلنے والے اور سمندرون کی سیر کرنیوالے اُن سے کیا کچھ بڑا ہی فائدہ اُٹھاتے ہین اور اندھیری رات کیو قتین ہر یک **نجم ثاقب** رہنمائی کرکے جان کی حفاظت کرتا ہے اور اگر یہ محافظ نہ ہون جو اپنے اپنے وقت مین شرط حفاظت بجا لارہے ہین تو انسان ایک طرفۃ العین کے لئے بھی زندہ نہ رہ سکے سوچکر جواب دینا چاہیئے کہ کیا ہم بغیر اُن تمام محافظون

خدا تعالیٰ کا جسمانی انتظام بھی کہ روحانی انتظام کی طرح کیونکہ دونون انتظامون کا مبدء ایک ہی ہے

روشنی اُسپر ڈالتی رہتی ہے اسیطرح اِس نئی زندگی کی روح القدس ہی اندر آباد ہوجاتے
اور دل پر ہر وقت اور ہر لحظہ اپنی روشنی ڈالتی رہے اور جیسے جسم جان کے ساتھ ہر وقت
زندہ ہے دل اور تمام روحانی قوے روح القدس کے ساتھ زندہ ہون اسیوجہ سے
خدا تعالیٰ نے بعد بیان کرنے اِس بات کے کہ ہمنے ان کے دلون مین ایمان کو لکھدیا
یہ بھی بیان فرمایا کہ روح القدس سے ہمنے اِنکو تائید دی کیونکہ جبکہ ایمان دلون مین لکھا گیا
اور فطرتی حروف مین داخل ہوگیا تو ایک نئی پیدایش انسان کو حاصل ہوگئی اور یہ نئی
پیدائش بجز تائید روح القدس کے ہرگز نہین ملسکتی - روح القدس کا نام اسی لئے
روح القدس ہے کہ اُسکے داخل ہونیسے ایک پاک روح انسان کو مل جاتی ہے -

روح القدس کی کامل حقیقت کا بیان

کہے کہ کوئی ہمارے لئے حرارت مطلوبہ طیار رکھتا ہے اور کوئی اناج اور پھل لگاتا ہے
اور کوئی ہمارے پینے کیلئے پانیون کو برساتا ہے اور کوئی ہمین روشنی بخشتا ہے اور کوئی
ہمارے تنفس کے سلسلہ کو قایم رکھتا ہے اور کوی ہماری قوت شنوائی کو مدد دیتا ہے
اور کوئی ہماری حرارت عزیزی پر صحت کا اثر ڈالتا ہے زندہ رہ سکتے ہین - اب
اِسی سے انسان سمجھ سکتا ہے کہ جس خداوند کریم وحکیم نے یہ ہزارہا اجرام سماوی
وعناصر وغیرہ ہمارے اجسام کی درستی اور قایمی کے لئے پیدا کئے اور نہ
بلکہ ہر دم انکو خدمت مین لگا دیا ہے کیا وہ ہماری روحانی حفاظت کے انتظام
سے غافل رہ سکتا تہا - اور کیونکر ہم اُس کریم ورحیم کی نسبت ظن کرسکتے ہین کہ
ہمارے جسم کی حفاظت کیلئے تو اس نے اسقدر سامان پیدا کر دیا کہ ایک جہان
ہمارے لئے خادم بنا دیا لیکن ہماری روحانی حفاظت کے لئے کچھ بندوبست
نہ فرمایا -

خدا تعالیٰ کی جسمانی اور روحانی انتظام کا بیان

اب اگر ہم انصاف سے سوچنے والے ہون تو اسی سے ایک محکم دلیل ملسکتی ہے

روح القدس جو ہمیشہ کیلئے مومنوں کو ملتا ہے اسپر شہادت دینے والی بخاری کی حدیث

قرآن کریم روحانی حیات کے ذکر سے بھرا پڑا ہے اور

جابجا کامل مومنون کا نام احیاء یعنی زندے اور کفار کا نام اموات یعنی مُردے رکھتا ہے یہ اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ کامل مومنون کو روح القدس کے دخول سے ایک جان ملجاتی ہے اور کفار گو جسمانی طور پر حیات رکھتے ہین مگر اُس حیات سے بے نصیب ہین جو دل اور دماغ کو ایمانی زندگی بخشتی ہے۔

اس جگہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس آیت کریمہ کی تائید مین احادیث نبویہ مین جابجا بہت کچھہ ذکر ہے اور **بخاری** مین ایک حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے ہے اور وہ یہ ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضع لحسان ابن ثابت منبرا فی المسجد فکان ینافح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ

تنبیہ کہ بیشک روحانی حفاظت کیلئے بھی حکیم مطلق نے کوئی ایسا انتظام مقرر کیا ہوگا کہ جو جسمانی انتظام سے مشابہ ہوگا سو وہ ملایک کا حفاظت کیلئے مقرر کرنا ہے۔

سو اسی غرض سے خدا تعالی نے یہ قسم آسمان اور ستارون کی کہائی تا ملایک کی حفاظت کے مسئلہ کو جو ایک مخفی اور نظری مسئلہ ہے نجوم وغیرہ کی حفاظت کے انتظام سے جو ایک بدیہی امر ہے بخوبی کھول دیوے اور ملایک کے وجود کے ماننے کے لئے غور کرنیوالون کے آگے اپنے ظاہر انتظام کو رکھہ دیوے جو جسمانی انتظام ہے تا عقل سلیم جسمانی انتظام کو دیکھہ کر اسی نمونہ پر روحانی انتظام کو بھی سمجھہ لیوے۔

نکتہ والنجم کی چند آیات کی تفسیر

دوسری قسم جو بطور نمونہ کے ذیل مین لکھی جاتی ہے یہ ہے

والنجم اذا هوى ما ضل صاحبكم وما غوى

وما ينطق عن الهوى ان هو الا وحي يوحى

وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم ایّد حسان بروح القدس کما نافح عن نبیك - یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حسان بن ثابت کیلئے مسجد مین منبر رکہا اور حسان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے کفار سے جہگڑتا تہا اور انکی ہجو کا مدح کے ساتھ جواب دیتا تہا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسان کے حق مین دعا کی اور فرمایا کہ یا الٰہی حسان کو روح القدس کے ساتھ یعنی جبرائیل کے ساتھ مدد کر اور ابو داؤد نے بہی ابن سیرین سے اور ایسا ہی ترمذی نے بہی یہ حدیث لکہی ہے اور اسکو حسن صحیح کہا ہے - اور بخاری اور مسلم مین بطول الفاظ یہ حدیث بہی موجود ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسان کو کہا **اجب عنی اللھم ایّدہ بروح القدس** - یعنی میری طرف سے (اے حسان) کفار کو جواب دے یا الٰہی اسکی روح القدس سے مدد فرما - ایسا ہی حسان کے حق مین ایک یہ بہی حدیث ہے

حسان بن ثابت کیلئے تائید روح القدس کی بارے مین بینہ وہ الفاظ استعمال کیے گئے جو قرآن کریم مین حضرت عیسیٰ کی نسبت استعمال کیے گئے ہین اور یہ تسلیم کیا گیا ہی کہ اس مقام مین ان الفاظ کی وہی معنی ہین کہ روح القدس دائمی طور پر حضرت عیسیٰ کو دیا گیا تہا اور ایک طرف اس تسلیم کے ہوتے ہوئے جبکہ انہین معنون تہا انہین معنون چاہیئے -

تشریح: علّمہ شدید القوٰی ذو مرّۃ فاستوٰی وھو بالافق الاعلٰی الجزو ۲۷ سورۃ النجم - یعنی قسم ہے تارے کی جب طلوع کرے یا گرے کہ تمہارا صاحب بیراہ نہین ہوا اور نہ بہک گیا اور وہ اپنی خواہش سے نہین بولتا بلکہ اسکی ہر ایک کلام تو وحی ہے جو نازل ہو رہی ہے جسکو سخت قوت والی یعنی جبرائیل نے سکہلایا ہے - وہ صاحب قوت اسکو پوری طور پر نظر آیا اور وہ کنارہ بلند پہ تہا

اس قسم کی کہانے سے مدعا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا امر کہ کفار کی نظر مین ایک نظری امر ہے ان کے ان مسلمات کی رو سے ثابت کر کے دکہلایا جاوے جو انکی نظر مین بدیہی کا حکم رکہتے تہے -

اب جاننا چاہیئے کہ عرب کے لوگ بوجہ ان خیالات کے جو کاہنون کے ذریعہ سے

ھاجھم وجبرائیل معک یعنے اے حسان کفار کی بدگوئی کا بدگوئی کے ساتھ جواب دے اور جبرائیل تیرے ساتھ ہے۔

اب ان احادیث سے ثابت ہوا کہ حضرت جبرائیل حسان کے ساتھ رہتے تھے اور ہر دم اُنکے رفیق تھے اور ایسا ہی یہ آیت کریمہ بھی کہ **اَیَّدَہُمْ بِرُوْحٍ مِّنْہُ** صاف اور کھلے کھلے طور پر بتلا رہی ہے کہ روح القدس مومنوں کے ساتھ رہتا تھا کیونکہ اسی قسم کی آیت جو حضرت عیسیٰ کے حق میں آئی ہے یعنی **وایدناہ بروح القدس** اسکی تفسیر میں تمام مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ روح القدس ہر وقت قرین اور رفیق حضرت عیسیٰ کا تھا اور ایک دم بھی اُن سے جدا نہیں ہوتا تھا دیکھو تفسیر حسینی تفسیر مظہری تفسیر عزیزی معالم ابن کثیر وغیرہ۔ اور مولوی صدیق حسن فتح البیان میں اس آیت کی تفسیر میں یہ عبارت لکھتے ہیں وکان جبرائیل یسیر مع عیسی حیث سار فلم یفارقہ

فائدہ: اُن میں پہل گئے تھے نہایت شدید اعتقاد سے ان باتوں کو مانتے تھے کہ جس وقت کثرت سے ستارے یعنی شہب گرتے ہیں تو کوئی بڑا عظیم الشان انسان پیدا ہوتا ہے خاص کر اُن کے کاہن جو ارواح خبیثہ سے کچھ تعلق پیدا کر لیتے تھے اور اخبار غیبیہ بتلایا کرتے تھے انکا تو گویا پختہ اور یقینی عقیدہ تھا کہ کثرت شہب یعنی تاروں کا معمولی اندازہ سے بہت زیادہ ٹوٹنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ کوئی نبی دنیا میں پیدا ہونیوالا ہے اور ایسا اتفاق ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعثت کیوقت حد سے زیادہ سقوط شہب ہوا جیسا کہ سورۃ الجن میں خدا تعالیٰ نے اس واقعہ کی شہادت دی ہے اور حکایتاً عن الجنات فرمایا ہے۔ **وانا لمسنا السماء فوجدناھا ملئت حرسا شدیدا وشھبا وانا کنا نقعد منھا مقاعد للسمع فمن یستمع الآن یجد لہ**

عمدۃ اسلام کا یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کے ساتھ روح القدس ہر دم اور ہر وقت رہتا تھا

حتی صعد به الی السماء - یعنی جبرائیل ہمیشہ حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھ ہی رہتا تھا ایک طرفۃ العین بھی اُن سے جدا نہین ہوتا تھا یہان تک کہ اُن کے ساتھ ہی آسمان پر گیا **اسجگہہ دو باتین نہایت قابل افسوس ناظرین** کی توجہ کے لایق ہین -

(۱) اول یہ کہ ان مولویون کا تو یہ اعتقاد تھا کہ جبرائیل وحی لیکر آسمان سے نبیون پر وقتاً فوقتاً نازل ہوتا تھا اور تبلیغ وحی کرکے پھر بلا توقف آسمان پر چلا جاتا تھا - اب مخالف اِس عقیدہ کے حضرت عیسی کی نسبت ایک نیا عقیدہ تراشا گیا اور وہ یہ کہ حضرت عیسی کی وحی کیلئے جبرائیل آسمان پر نہین جاتا تھا بلکہ وحی خود بخود آسمان سے گر پڑتی تھی اور جبرائیل ایک طرفۃ العین کیلئے بھی حضرت عیسیٰ سے جدا نہین ہوتا تھا اُسی دن آسمان کا موہنہ جبرائیل نے بھی دیکھا جب حضرت عیسیٰ آسمان پر تشریف لیگئے

بقیہ حاشیہ **شہابا رصدا** - سورۃ الجن الجزو نمبر ۲۹ - یعنی ہمنے آسمان کو ٹٹولا تو اسکو چوکیدارون سے یعنی فرشتون سے اور شعلون سے بھرا ہوا پایا اور ہم پہلے اِس سے امور غیبیہ کے سُننے کے لئے آسمان مین گہات مین بیٹھا کرتے تھے اور اب جب ہم سُننا چاہتے ہین تو گہات مین ایک شعلے کو پاتے ہین جو ہمپر گرتا ہے - ان آیات کی تائید مین کثرت سے احادیث پائی جاتی ہین - بخاری مسلم ابوداؤد ترمذی ابن ماجہ وغیرہ سب اِس قسم کی حدیثین اپنی تالیفات مین لائے ہین کہ شہب کا گرنا شیاطین کے رد کرنیکے لئے ہوتا ہے اور امام احمد ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ شہب جاہلیت کے زمانہ مین بھی گرتے تھے لیکن انکی کثرت اور غلظت بعثت کے وقت مین ہوئی چنانچہ تفسیر ابن کثیر مین لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت جب کثرت سے شہب گرے تو اہل طائف بہت ہی ڈر گئے اور کہنے لگے کہ شائد آسمان کے لوگون مین تہلکہ پڑ گیا

حال کی مولویون کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت عیسی کیساتھ تینتیس برس تک برابر دن رات جبرائیل رہا کبھی اس عرصہ مین انکی جدائی نہین ہوئی اور یہی حد درجہ کی فضیلت حضرت عیسی کو بھی دیتے ہین اور رفع کی بھی اور یہان تک غلو کیا ہے کہ ہماری نبی صلعم کو بھی اس شرف مین شریک نہین ہونے دیا نعوذ باللہ من ذالک -

حال کی علماء کا عقیدہ ہی کہ سبکی وحی کی طرح انبیاء کی وحی بھی ازلی

ورنہ پہلے اِس سے تینتیس برس تک برابر دن رات زمین پر رہے اور ایک دم کیلئے بھی حضرت عیسٰی سے جدا نہین ہوئے اور برابر تینتیس برس تک اپنا وہ آسمانی مکان جو ہزار کوس کے طول و عرض سے کچھ کم نہین ویران سُنسان چھوڑ دیا حالانکہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہی کہ ایکدم کیلئے بھی آسمان بقدر بالشت بھی فرشتون سے خالی نہین رہتا۔ اور تینتیس برس تک جو حضرت عیسٰی کو وحی پہنچاتے رہے اُسکی طرز بھی سب انبیاء سے نرالی نکلی کیونکہ **بخاری** نے اپنی صحیح مین اور ایسا ہی **ابو داؤد** اور ترمذی اور **ابن ماجہ** نے اور ایسا ہی **مسلم** نے بھی اِسپر اتفاق کیا ہے کہ نزول جبرائیل کا وحی کے ساتھ انبیاء پر وقتاً فوقتاً آسمان سے ہوتا ہے (یعنے وہ تجلی جسکی ہم تصریح کر آئے ہین) اور اسکی تائید مین **ابن جریر** اور **ابن کثیر** نے یہ حدیث بھی لکھی ہے **عن** النواس بن سمعان رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ ا

شیاطین بقید حیات

تب ایک نے اُن مین سے کہا کہ ستارون کی قرارگاہون کو دیکھو اگر وہ اپنے محل اور موقعہ سے ٹل گئے ہین تو آسمان کے لوگون پر کوئی تباہی آئی ورنہ یہ نشان جو آسمان پر ظاہر ہوا ہے ابن ابی کبشہ کی وجہ سے ہے (وہ لوگ شرارت کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن ابی کبشہ کہتے تھے)۔ غرض عرب کے لوگون کے دلون مین یہ بات جمی ہوئی تھی کہ جب کوئی نبی دُنیا مین آتا ہے یا کوئی اور عظیم الشان آدمی پیدا ہوتا ہے تو کثرت سے تارے ٹوٹتے ہین۔ اِسی وجہ سے بمناسبت خیالات عرب کے شہب کے گرنیکی خدا تعالی نے قسم کھائی جسکا مدعا یہ ہے کہ تم لوگ خود تسلیم کرتے ہو اور تمہارے کاہن اِس بات کو مانتے ہین کہ جب کثرت سے شہب گرتے ہین تو کوئی نبی یا مُلہم من اللہ پیدا ہوتا ہے تو پھر انکار کی کیا وجہ ہے۔ چونکہ شہب کا کثرت سے گرنا عرب کے کاہنون کی نظر مین اسبات کے ثبوت کے لئے ایک بدیہی امر تھا

عرب کی کاہنون کی دلون مین بھی یہ بات تھی کہ شہب جب کثرت سے گرتے ہین تو کوئی نبی پیدا ہوتا ہے اور انکا یہ دعوی تھا کہ شہب کی کثرت شیاطین کے بعد آسمانی خبرون کے ملنے سے ہے

وحی انبیاء کس طور سے نازل ہوتی ہے

صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد اللہ تبارک وتعالیٰ ان یوحی بامرہ تکلم بالوحی فاذا تکلم اخذت السموات منہ رجفۃ او قال رعدۃ شدیدۃ من خوف اللہ تعالیٰ فاذا سمع بذلک اھل السموات صعقوا وخروا للہ سجدا فیکون اول من یرفع راسہ جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام فیکلمہ اللہ من وحیہ بما اراد فیمضی بہ جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام علی الملائکۃ کلما من سماء الی سماء یسئل ملائکتھا ماذا قال ربنا یا جبرئیل فیقول علیہ السلام قال الحق وھو العلی الکبیر فیقولون کلھم مثل ما قال جبرائیل فینتھی جبرائیل بالوحی الی حیث امرہ اللہ تعالیٰ من السماء والارض یعنی نواس بن سمعان سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسوقت خدا تعالیٰ ارادہ فرماتا ہے کہ کوئی امر وحی اپنی طرف سے نازل کرے تو بطور وحی متکلم ہوتا ہے یعنی ایسا کلام کرتا ہے جو ابھی اجمال پر مشتمل ہوتا ہے اور ایک چادر پوشیدگی

شبہ بقیہ حاشیہ

کہ کوئی نبی اور ملہم من اللہ پیدا ہوتا ہے اور عرب کے لوگ کاہنوں کے ایسے تابع تھے جیسا کہ ایک مرید مرشد کا تابع ہوتا ہے اسلئے خدا تعالیٰ نے وہی بدیہی امر اُن کے سامنے قسم کے پیرایہ میں پیش کیا تا اُن کو اِس سچائی کیطرف توجہ پیدا ہو کہ یہ کارو بار خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے انسان کا ساختہ پرداختہ نہیں ۔

اگر یہ سوال پیش ہو کہ شہب کا گرنا اگر کسی نبی یا ملہم یا محدث کے مبعوث ہونے پر دلیل ہے تو پھر کیا وجہ کہ اکثر ہمیشہ شہب گرتے ہیں مگر اُن کے گرنیسے کوئی نبی یا محدث دُنیا میں نزول فرما نہیں ہوتا تو اِس کا جواب یہ ہے کہ حکم کثرت پر ہے اور کچھ شک نہیں کہ جس زمانہ میں یہ واقعات کثرت سے ہوں اور خارق عادت طور پر اُنکی کثرت پائی جائے تو کوئی مرد خدا دُنیا میں خدا تعالیٰ کیطرف سے اصلاح خلق اللہ کے لئے آتا ہے کبھی یہ واقعات ارہاص کے طور پر اُسکے وجود سے

اس سوال کا جواب کہ شہب تو ہمیشہ گرتی ہیں مگر اُنکی گرنسی ہمیشہ ہی ظاہر نہیں ہوتے

کی اُسپر ہوتی ہے تب اُس محجوب المفہوم کلام سے ایک لرزہ آسمانون پر پڑجاتا ہے
جس سے وہ ہولناک کلام تمام آسمانون مین پھر جاتا ہے اور کوئی نہین سمجھتا کہ اِسکے کیا
معنی ہین اور خوف الٰہی سے ہر ایک فرشتہ کانپنے لگتا ہے کہ خدا جانے کیا ہونیوالا ہے
اور اُس ہولناک آواز کو سُنکر ہر ایک فرشتہ پر غشی طاری ہوجاتی ہے اور وہ سجدہ مین گرجاتے
ہین پھر سب سے پہلے جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سجدہ سے سر اُٹھاتا ہے اور خدا تعالےٰ
اِس وحی کی تمام تفصیلات اُسکو سمجھا دیتا ہے اور اپنی مراد اور منشا سے مطلع کردیتا ہے
تب جبرائیل اُس وحی کو لیکر تمام فرشتون کے پاس جاتا ہے جو مختلف آسمانون مین ہین اور
ہر ایک فرشتہ اُس سے پوچھتا ہے کہ یہ آواز ہولناک کیسی تھی اور اِس سے کیا مراد تھی
تب جبرائیل اُنکو یہ جواب دیتا ہے کہ یہ ایک امر حق ہے اور خدا تعالیٰ بلند اور نہایت بزرگ
ہے یعنی یہ وحی اُن حقایق مین سے ہے جنکا ظاہر کرنا اُس **العلی الکبیر** نے

وحی کس طور سے پیدا ہوتا اور پھر کیونکر اس پر نازل ہوتا ہے

بقیہ حاشیہ: چند سال پہلے ظہور مین آجاتے ہین اور کبھی عین ظہور کے وقت خلوہ نما ہوتے ہین
اور کبھی اُنکی کسی اعلیٰ فتحیابی کے وقت یہ خوشی کی روشنی آسمان پر ہوتی ہے۔
ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین سدی سے روایت کی ہے کہ شہب کا کثرت سے گرنا
کسی نبی کے آنے پر دلالت کرتا ہے یا دین کے غلبہ کی بشارت دیتا ہے مگر جو کچھ
اشارات نص قرآن کریم سے سمجھا جاتا ہے وہ ایک مفہوم عام ہے جس سے صاف اور
صریح طور پر مستنبط ہوتا ہے کہ جب کوئی نبی یا وارث نبی زمین پر مامور ہوکر آوے یا آنے
پر ہو یا اُسکے ارہاصات ظاہر ہونیوالے ہون یا کوئی بڑی فتحیابی قریب الوقوع ہو
تو ان تمام صورتون مین ایسے ایسے آثار آسمان پر ظاہر ہوتے ہین اور اس سے
انکار کرنا نادانی ہے کیونکہ عدم علم سے عدم شے لازم نہین آتا۔ بعض مصلح اور
مجدد دین دُنیا مین ایسے آتے ہین کہ عام طور پر دنیا کو انکی بھی خبر نہین ہوتی۔

قرآن کریم سے شہب کی نسبت کیا مستنبط ہوتا ہے

قرین مصلحت سمجھا ہے تب وہ سب اُسکے ہمکلام ہو جاتے ہین - پھر جبرائیل اُس وحی کو اُس جگہ پہنچا دیتا ہے جس جگہ پہنچانیکے لئے اُسکو حکم تھا خواہ آسمان یا زمین -

اب اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نزول وحی کے وقت جبرائیل آسمان پر ہی ہوتا ہے اور پھر جیسا کہ خدا تعالیٰ نے اُسکی آواز مین قوت اور قدرت بخشی ہے اپنے محل مین اُس وحی کو پہنچا دیتا ہے - اِس صورت مین یہ عقیدہ رکھنا کہ گویا جبرائیل اپنے اصلی وجود کے ساتھ آسمانون سے ہجرت کر کے حضرت عیسیٰ کے پاس آگیا تھا اور تیئیس برس برابر اُنکے پاس رہا اور وہ تمام خدمات جو آسمانون پر اُسکے سپرد تھین جن کا ہم ابھی ذکر کر چکے ہین وہ تیئیس برس تک معرض التوا مین رہین - کیسا باطل عقیدہ ہے جس سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ وحی بغیر توسط جبرائیل کے خود بخود زمین پر نازل ہوتی تھی اور زمین پر ہی وہ وحی جبرائیل کو ملجاتی تھی -

اس عقیدہ کی بطلان کا بیان کہ جبرائیل اپنی اصلی وجود کے ساتھ آسمانون کو چھوڑ کر حضرت مسیح کی پاس ہجرت کر گئے تھے اور مدت تک وہین رہ کر وحی کی خدمت بجا لاتے رہے -

بقیہ حاشیہ حکایت

اپنی سرگذشت کی نسبت ایک حکایت

مجھ کو یاد ہے کہ ابتدائے وقت مین جب مین مامور کیا گیا تو مجھے یہ الہام ہوا کہ جو براہین کے صفحہ ۴۸۳ مین مندرج ہے یا احمد بارک اللہ فیک ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ - الرحمٰن علّم القرآن - لتنذر قوما ما انذر آباءھم ولتستبین سبیل المجرمین - قُل انی امرت وانا اول المؤمنین - یعنی اے احمد خدا نے تجھ مین برکت رکھدی اور جو تونے چلایا یہ تو نے نہین چلایا بلکہ خدا نے چلایا اُس نے تجھے علم قرآن کا دیا تا تو اُن کو ڈراوے جن کے باپ دادے نہین ڈرائے گئے اور تا مجرمون کی راہ کھل جائے یعنی سعید لوگ الگ ہو جائین اور شرارت پیشہ اور سرکش آدمی الگ ہو جائین اور لوگون کو کہدے کہ مین مامور ہو کر آیا ہون اور مین

دوسری بات ناظرین کی **توجہ کے لایق یہ ہے** کہ ان مولویون نے بات بات مین حضرت عیسیٰ کو بڑہایا اور ہمارے سیّد و مولی صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کی۔ غضب کی بات ہی کہ انکا عقیدہ حضرت مسیح کی نسبت تو یہ ہو کہ کبھی روح القدس انسے جدا نہین ہوتا تہا اور مسّ شیطان سے وہ بری تھے اور یہ دونو باتین اُنہیں کی خصوصیت تھی لیکن ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت انکا یہ اعتقاد ہو کہ نہ روح القدس ہمیشہ اور ہر وقت اُن کے پاس رہا اور نہ وہ نعوذ باللہ نقل کفر کفر نہ باشد مسّ شیطان سے بری تھے۔ باوجود اِن باتون کے یہ لوگ مسلمان کہلاوین اِنکی نظر مین ہمارے سیّد و مولی **محمد صلی اللہ علیہ وسلم** مُردہ مگر حضرت عیسیٰ ابتک زندہ۔ اور عیسیٰ کیلئے روح القدس دائمی رفیق مگر ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نعوذ باللہ اِس نعمت سے بے بہرہ اور حضرت عیسیٰ مسّ شیطان سے محفوظ مگر ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم محفوظ نہین

حال کے مولوی جس طور سے آنحضرت صلعم کی توہین کر رہے ہین اس حصہ رسالہ مین اسی طریق کا بیان ہے

شبیہ بقیہ حاشیہ اول المومنین ہون۔ ان الہامات کے بعد کئی طور کے نشان ظاہر ہونے شروع ہوئے چنانچہ منجملہ ان کے ایک یہ کہ **۲۸ نومبر ۱۸۸۵ء** کی رات کو یعنی اُس رات کو جو ۲۸ نومبر ۱۸۸۵ء کے دن سے پہلے آئی ہے اس قدر شہب کا **تماشا آسمان پر تہا** جو مینے اپنی تمام عمر مین اسکی نظیر کبھی نہین دیکہی اور آسمان کی فضا مین اس قدر ہزارہا شعلے ہر طرف چل رہے تھے جو اُس رنگ کا دُنیا مین کوئی بہی نمونہ نہین تا مین اُسکو بیان کرسکون مجکو یاد ہے کہ اُسوقت یہ الہام مکبّرت ہوا تہا کہ **ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی** ۔ سو اُس رمی کو رمی شہب سے بہت مناسبت تھی۔ یہ **شہب ثاقبہ کا تماشا** جو ۲۸ نومبر ۱۸۸۵ء کی رات کو ایسا وسیع طور پر ہوا جو یورپ اور امریکہ اور ایشیا کی عام اخبارون مین بڑی حیرت کے ساتہہ چہپ گیا لوگ خیال کرتے ہون گے کہ یہ بیفائدہ تہا۔ لیکن خداوند کریم

۲۸ نومبر ۱۸۸۵ء کی کثرت شہب کا حال

جن لوگون کے یہ عقائد ہون اُن کے ہاتھ سے جس قدر دین اسلام کو اس زمانہ مین نقصان پہنچ رہا ہے کون اُسکا اندازہ کرسکتا ہے یہ لوگ چھپے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہین چاہئے کہ ہر ایک مسلمان اور سچا عاشق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان سے پرہیز کرے سلف صالح کو سراسر شرارت کی راہ سے اپنے اقوال مردودہ کی ساتھ شامل کرنا چاہتے ہین حالانکہ اپنی نابینائی کی وجہ سے سلف صالح کے اقوال کو سمجھ نہین سکتے اور نہ احادیث نبویہ کی اصل حقیقت تک پہنچ سکتے ہین صرف دھوکا دینے کی راہ سے کہتے ہین کہ اگر ہمارا یہ حال ہے تو یہی عقیدہ سلف صالح کا ہے۔

اے نادانون! یہ سلف صالح کا ہرگز طریقہ نہین۔ اگر صحابہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت یہ اعتقاد رکھتے کہ کبھی یا مدتون تک آپ سے روح القدس جدا بھی ہوجاتا تھا تو وہ ہرگز ہر ایک وقت اور ہر ایک زمانہ کی احادیث کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

سلف صالح کا ہر ایک اعتقاد نہ تھا کہ جو حال کے مولوی میان نذیر اور بطالوی وغیرہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت رکھتے ہین جس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین لازم آتی ہے

شبیہ بھیما

جانتا ہے کہ سب سے زیادہ غور سے اُس تماشا کے دیکھنے والا اور پھر اُس سے حظ اور لذت اُٹھانے والا مین ہی تھا۔ میری آنکھین بہت دیر تک اس تماشا کے دیکھنے کی طرف لگی رہین اور وہ سلسلہ رمی شہب کا شام سے ہی شروع ہوگیا تھا۔ جسکو مین صرف الہامی بشارتون کی وجہ سے بڑے سرور کے ساتھ دیکھتا رہا کیون کہ میرے دل مین الہاماً ڈالا گیا تھا کہ یہ تیرے لئے نشان ظاہر ہوا ہے۔

اور پھر اسکے بعد یورپ کے لوگون کو **وہ ستارہ دکھائی دیا جو حضرت مسیح** کے ظہور کے وقت مین نکلا تھا میرے دل مین ڈالا گیا کہ یہ ستارہ بھی تیری صداقت کے لئے ایک دوسرا نشان ہے۔

اس جگہ اگر یہ اعتراض پیش کیا جاوے کہ علم حکمت کے محققون کی تحقیقات قدیمہ وجدیدہ کی رو سے شہب وغیرہ کا پیدا ہونا اور اسباب سے بیان کیا جاتا ہے

اس اعتراض کا جواب کہ علم حکمت کے محققون نے شہاب ثاقب وغیرہ کے پیدا ہونے کی جو وجہ بیان کی ہے

اخذ نہ کرتے انکی نظر تو اس آیت پر تھی **وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** - اگر صحابہ تمہاری طرح مس شیطان کا اعتقاد رکھتے تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو **سید المعصومین** کیون قرار دیتے خدا تعالی سے ڈرو کیون افترا پر کمر باندھی ہے -

مصطفے را چون فرو تر شد مقام	از مسیح ناصری اے طفل خام
آنکہ دست پاک او دست خداست	چون توان گفتن کہ از روحش جداست (یعنی روح القدس ۱۲)
آنکہ ہر کردار و قولش دین ماست (یعنی اسوہ حسنہ ایدہم ۱۲)	یکدم از جبریل بعدش چون رواست
بر امام انبیا دین افترا	چون نمے ترسید از قہر خدا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت صحابہ کا بلاشبہ یہ اعتقاد تھا کہ آنجناب کا کوئی فعل اور کوئی قول وحی کی آمیزش سے خالی نہین گو وہ وحی مجمل ہو یا مفصل - خفی ہو یا جلی بین ہو

بقیہ حاشیہ جو ان امور سے بیان کئے گئے ہین کچھ بھی تعلق نہین رکھتے - چنانچہ **شرح اشارات** مین جہان **کائنات الجو** کے اسباب اور علل لکھے ہین صرف اسیقدر حدوث شہب کا سبب لکھا ہے کہ جب دخان حیز نار مین پہنچتا ہے اور آمین کچھ دہنیت اور لطافت ہوتی ہے تو باعث آگ کی تاثیر کے یکدفعہ بھڑک اٹھتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بھڑکنے کے ساتھ ہی بجھ گیا مگر اصل مین وہ بجھتا نہین - بات یہ ہے کہ دخان کی دونون طرفون مین سے پہلے ایک طرف بھڑک اٹھتی ہے جو اوپر کیطرف ہو پھر وہ اشتعال دوسری طرف مین جاتا ہے اور اس حرکت کے وقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس اشتعال کا ایک خط ممتد ہے اور اسی کا نام **شہاب** ہے جو دخان کے خط ممتد مین طرف اسفل کے قریب پیدا ہوتا ہے اور پھر جب اجزاء ارضیہ اس دخان کی آتش خالص کیطرف مستحیل ہو جاتی ہین تو بوجہ پیدا ہو جانے بساطت کے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کبھی کسی صحابی کا یہ اعتقاد نہین ہوا کہ روح القدس آپ سے جدا بھی ہوتا ہے اگر صحابہ یہ اعتقاد رکھتے تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر ایک فعل و قول کو بحث و تفتیش سے نہ دیکھتے

ان نادانون کی مخلوق کی روسی شہاب ثاقبہ کی کیفیت

یا مشتبہ یہانتک کہ جو کچھہ آنحضرت صلعم کے خاص معاملات و مکالمات خلوت اور سر مین ہیوپن سے تھی یا جس قدر اکل اور شرب اور لباس کے متعلق اور معاشرت کی ضروریات مین روزمرہ کے خانگی امور تھے سب اسی خیال سے احادیث مین داخل کئے گئے کہ وہ تمام کام اور کلام روح القدس کی روشنی سے ہین چنانچہ ابوداؤد وغیرہ مین یہ حدیث موجود ہے اور امام احمد بچند وسائط عبداللہ ابن عمر سے روایت کرتے ہین کہ عبداللہ نے کہا کہ مین جو کچھہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتا تھا لکھہ لیتا تھا مین اسکو حفظ کرون پس بعض نے مجھہ کو منع کیا کہ ایسا مت کر کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہین کبھی غصب سے بھی کلام کرتے ہین تو مین یہ بات سنکر لکھنے سے دستکش ہوگیا اور اس بات کا رسول اللہ صلعم کے پاس ذکر کیا - تو آپ نے فرمایا کہ اُس ذات کی مجھہ کو قسم ہے جسکے ہاتھہ مین میری جان ہے کہ جو مجھہ سے صادر ہوتا ہے خواہ قول ہو یا فعل وہ سب خدا تعالی کیطرف سے ہے اگر یہ کہا

شبیہ بقیہ حاشیہ

وہ عنصر نار نظر نہین آتا اور دیکھنے والے کو یہ گمان گذرتا ہے کہ گویا وہ بجھہ گیا ہے حالانکہ دراصل وہ بجھا نہین ہے اور یہ صورت اُس وقت پیدا ہوتی ہے کہ جب دُخان لطیف ہو لیکن اگر غلیظ ہو تو اشتعال اُس آگ کا کئی دنون اور برسون تک رہتا ہے اور طرح طرح کی شکلون مین وہ روشنی جو ستارہ کے رنگ پر ہے آسمان کے جو مین نظر آتی ہے کبھی ایسا دکھائی دیتا ہے کہ گویا **دُم دار ستارہ** ہے اور کبھی وہ دم زلف کی شکل پر نظر آتی ہے کبھی **ناری ہیکل** نیزہ کی صورت مین نمودار ہوتی ہے اور کبھی ایک حیوان کیطرح جو کئی سینگ رکھتا ہے اور کبھی یہ ناری ہیکل بصور مختلفہ ایک برس تک یا کئی برسون تک دکھائی دیتی ہے اور کبھی یہ ناری ہیکل ٹکڑے ٹکڑے ہوکر **شہب ثاقبہ** کی صورت مین آجاتی ہے اور کبھی شہب ثاقبہ اس ناری ہیکل کی شکل قبول کرلیتے ہین - جب یہ ناری ہیکل قطب شمالی کے عین کنارہ پر نظر آتی ہے تو بسا اوقات بہ نسبت اور اطراف کے بہت دیر تک رہتی ہے اور اگر مدت دراز تک

حنا رسالت مآب رسول اللہ صلعم کی نامہ کا مراد کلام یہان تک کہ کیا لکھنے اور کیا مٹکر لکھنے اور کیا کہنے اور کیا مٹکر کہنے اور سونے کی فراغت اور حقوق کیونکر ادا کرتے ایسا ہی معاشرت کی تمام باتین صحابہ رض اس بابت سے یاد رکھتے تھے اور حفظ کرلیتے تھے کہ یہ سب وحی ہی کر اور آنحضرت صلعم نے ہی بھی ارشاد فرمایا تھا -

جائے کہ اُنہین احادیث کی کتابون مین بعض امور مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اجتہادی غلطی کا بہی ذکر ہے اگر کل قول وفعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وحی سے تہا تو پہر وہ غلطی کیون ہوئی گو آنحضرت سپر قایم نہین رکہی گئے - تو اسکا یہ جواب ہے کہ وہ اجتہادی غلطی بہی وحی کی روشنی سے دور نہین تہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا تعالی کے قبضہ سے ایک دم جدا نہین ہوتے تہے پس اُس اجتہادی غلطی کی ایسی ہی مثل ہے جیسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز مین چند دفعہ سہو واقع ہوا تا اُس سے دین کے مسایل پیدا ہون سو اسی طرح بعض اوقات اجتہادی غلطی ہوئی تا اُس سے بھی تکمیل دین ہو - اور بعض باریک مسائل اُسکے ذریعہ سے پیدا ہون اور وہ سہو بشریت بہی تمام لوگون کی طرح سہو نہ تہا بلکہ دراصل ہمرنگ وحی تہا کیونکہ خدا تعالی کیطرف سے ایک خاص تصرف تہا جو نبی کے وجود پر حاوی ہو کر اُسکو کبہی ایسی طرف

آنحضرت کی اجتہادی غلطی بہی وحی الہی کی ایک رنگ کی رنگین تہی اور اس اجتہادی غلطی مین بہی آنحضرت صلعم خدا تعالی کی خاص تصرف اور خاص طور کی جذب مین مستون ہوتے تہے

بقیہ حاشیہ موجود رہے تو اُسکی حرارت سے کئی ہولناک نتایج پیدا ہو جاتے ہین -

تاریخ کی رو سے یہ بہی منقول ہے کہ حضرت مسیح کی گرفتاری کے بعد اول **شہب ثاقبہ** اور پہر ایک زمانہ آتش پوری ایک برس تک جو آسمان مین دکہائی دیا اور آسمان پر سے ایک چیز خاکستر کی طرح برستی تہی اور دن کے نو بجے سے رات تک ایک سخت اندہیرا ہو جاتا تہا -

غرض **شہب** اور دُم دار ستارون کی اصلیت مین یہ یونانیون کے خیالات ہین جو اسلام کے حکماء نے لیلئے اور اپنے تجارب کو بہی اُن مین ملایا لیکن حال کی نئی روشنی کی تحقیقاتون کا اُن سے بہت کچہہ اختلاف ثابت ہوتا ہے ان ظنی علوم مین یہ بات نہایت درجہ دل توڑنیوالی ہے کہ آئے دن نئے نئے خیالات پیدا ہوتے ہین - ایک زمانہ وہ تہا کہ یونانی کے طبیعی اور ہیئت حکمت کے کمال تک پہنچنے کیلئے ایک صراط مستقیم سمجہی جاتی تہی اور اب یہ زمانہ ہے کہ اُسکی اکثر تحقیقاتون پر ہنسا جاتا ہے

مائل کر دیتا تھا جسمین خدا تعالیٰ کے بہت مصالح تھے - سو ہم اُس اجتہادی غلطی کو بھی وحی سے علیحدہ نہین سمجھتے کیونکہ وہ ایک معمولی بات نہ تھی بلکہ خدا تعالیٰ اُس وقت اپنے نبی کو اپنے قبضہ مین لیکر مصالح عام کیلئے ایک نور کو سہو کی صورت مین یا غلط اجتہاد کے پیرایہ مین ظاہر کر دیتا تھا اور پھر ساتھ ہی وحی اپنے جوش مین آجاتی تھی جیسی ایک چلنے والی نہر کا ایک مصلحت کیلئے پانی روکدین اور پھر چھوڑ دین پس اِس جگہ کوئی عقلمند نہین کہہ سکتا کہ نہر سے پانی خشک ہوگیا یا اُسمین سے اُٹھا لیا گیا - یہی حال انبیاء کی اجتہادی غلطی کا ہے کہ روح القدس تو کبھی اُن سے علیحدہ نہین ہوتا - مگر بعض اوقات خدا تعالیٰ بعض مصالح کیلئے انبیا کی فہم اور ادراک کو اپنے قبضہ مین لے لیتا ہے تب کوئی قول یا فعل سہو یا غلطی کی شکل پر اُن سے صادر ہوتا ہے اور وہ حکمت جو ارادہ کیگئی ہے ظاہر ہو جاتی ہے تب

بقیہ حاشیہ اور نہایت تحقیر کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور کوئی وجہ نہین کہ ہم یہ خیال نہ کرین کہ کچھ عرصہ کے بعد اس طبعی اور ہیئت پر بھی ہنسی کرنیوالے پیدا ہو جائین گے کیونکہ گو دعوے کیا جاتا ہے کہ اس زمانہ کے طبعی اور ہیئت تجارب حسبہ مشہودہ مرئیہ کے ذریعہ سے ثابت کئی گئی ہے مگر درحقیقت یہ دعوے نہائت درجہ کا مبالغہ ہے جس سے بعض خاص صورتوں کے مسایل یقینیہ مین اُن ہزارہا مشتبہ اور ظنی اور غیر محقق خیالات کو خواہ نخواہ کھینچ دیا گیا ہے جنکا ابھی تک ہرگز ہرگز پورا پورا اور کامل طور پر کسی حکیم نے تصفیہ نہین کیا

نئی روشنی کے محقق **شہاب ثاقبہ** کی نسبت یہ راے دیتے ہین کہ وہ درحقیقت لوہے اور کوئلہ سے بنے ہوئے ہوتے ہین جنکا وزن زیادہ سے زیادہ چند پونڈ ہوتا ہے اور وہ مدار ستارون کی مانند گول کے گول لمبے بیضوی دائرے بناتے ہوے سورج کے اردگرد چکر مین پھرتے ہین - انکی روشنی کی وجہ درحقیقت وہ حرارت ہے جو انکی تیزی رفتار سے پیدا ہوتی ہے - اور وہ مدار ستارون کی نسبت اُن کا بیان ہے کہ بعض اُنہین سے کئی ہزار

یہ دعوی بالکل بیہودہ اور بے اصل ہے کہ حال کی طبعی اور ہیئت کی تمام مباحث اور تجربہ جات یقینی اور قطعی طور پر تجارب کی ذریعہ سے ثابت کی گئے ہین ہان یہ سچ ہے کہ بعض مسایل تجارب کے ذریعہ سے کسی قدر صحت کے درجہ تک پہنچ گئے ہین مگر ابھی بہت سے مسایل ایسے ہین جو شاذ و نادر کی نسبت ہی ثابت ہوئی ہے -

پہر وحی کا دریا زور سے چلنے لگتا ہے اور غلطی کو درمیان سے اُٹھا دیا جاتا ہے گویا اُسکا کبھی وجود نہین تہا۔ حضرت مسیح ایک انجیر کی طرف دوڑے گئے کہ تا اُسکا پھل کھائین اور روح القدس ساتھ ہی تہا۔ مگر روح القدس نے یہ اطلاع نہ دی کہ اِسوقت انجیر پر کوئی پھل نہین۔ با این ہمہ یہ سب لوگ جانتے ہین کہ شاذ و نادر معدوم کے حکم مین ہوتا ہے پس جس حالت مین ہمارے سید و مولے **محمد مصطفے** صلی اللہ علیہ وسلم کے دس لاکہہ کے قریب قول و فعل مین سر بسر **خدائی کا ہی جلوہ نظر آتا ہے** اور ہر بات مین حرکات مین سکنات مین اقوال مین افعال مین روح القدس کے چمکتے ہوئے انوار نظر آتے ہین تو پہر اگر ایک آدہ بات مین بشریت کی بہی بو آوے تو اس سے کیا نقصان۔ بلکہ ضرور تہا کہ بشریت کی تحقق کیلئے کبہی کبہی ایسا بہی ہوتا تا لوگ شرک کی بلا مین مبتلا نہ ہو جائین۔

شیہ بھیجا

سال رہتے ہین اور آخر ٹوٹ کر شہاب بنجاتے ہین۔ وہ یہ بہی کہتے ہین کہ جب آفتاب برج اسد مین یا میزان مین ہو تو ان دونون وقتون مین کثرت شہب ثاقبہ کی توقع کیجاتی ہے اور اکثر ۳۳ سال کے بعد یہ دورہ ہوتا ہے لیکن یہ قاعدہ کلی نہین بسا اوقات ان وقتون سے پس و پیش بہی یہ حوادثات ظہور مین آجاتے ہین۔ چنانچہ ۱۸۶۶ء مین ستارون کا گرنا باقرار ان ہیئت دانون کے بالکل غیر مترقب امر تہا۔ اگرچہ ۱۴ نومبر ۱۸۳۳ء اور ۲۷ نومبر ۱۸۸۵ء کو کثرت سے یہ واقعہ ظہور مین آیا اُنکے قواعد مقررہ سے ملتا ہے لیکن تاریخ کے ٹٹولنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ نہایت فرق کے ساتہہ اوران تاریخون سے بہت دور بہی وقوع مین آیا ہے چنانچہ دہم مارچ ۱۵۲۱ء اور ۱۹ جنوری ۱۱۳۵ء اور ماہ مئی ۶۱۰ء مین جو کثرت شہب ثاقبہ وقوعمین آئے اُنمین ان تمام ہیئت دانون کو بجز سکتہ حیرت اور کوئی دم مارنیکی جگہ نہین۔ اور وہ شہب ثاقبہ جو حضرت مسیح کی گرفتاری کے بعد ظہور مین آئے اور پہر ایک دم دار ستارہ کی صورت مین ہو گئے۔ اگرچہ اب ہم پوری صحت کے ساتہہ اُسکی

ہر کہ است حال ان قوم موذیہ عقلیہ رھتی ہین کہ وقت جبرئیل اُسکا ساتھ نہ تھا اُسکی احمدی غلطان بخیل کی روحی ثابت ہین دیدہ وری ہی فعل اللہ علیہ وسلم کی ہر بات دل ہر

ہر کہ است حال ان قوم موذیہ عقلیہ رھتی ہین کہ وقت جبرئیل اُسکا ساتھ نہ تھا اُسکی احمدی غلطان بخیل کی روحی ثابت ہین دیدہ وری ہی فعل اللہ علیہ وسلم کی ہر بات دل ہر

بالآخر ہم چند اقوال پر اسمضمون کو ختم کرتے ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ سلف صالح کا ہرگز یہ عقیدہ نہ تھا کہ روح القدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر خاص خاص وقتون پر نازل ہوتا تہا اور دوسری اوقات مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُس سے بعوذ باللہ بکلی محروم ہوتے تہے ازانجملہ وہ قول ہے جو **شیخ عبدالحق محدث** دہلوی نے اپنی کتاب **مدارج النبوت** کے صفحہ ۴۴ مین لکہا ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ ملایک وحی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دائمی رفیق اور قرین ہین چنانچہ وہ جامع الاصول اور کتاب الوفا سے نقل کرتے ہین کہ ابتدای نبوت سے تین برس برابر حضرت اسرافیل ملازم صحبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رہے اور پہر حضرت جبرائیل دایمی رفاقت کیلئے آئے اور بعد اسکے صاحب **سفر السعادت** سے نقل کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سات سال کے تھے جب حضرت اسرافیل کو اللہ جلشانہ کیطرف سے

شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلوی نے بحالہ کتاب الوفا و شرح سفر السعادۃ وغیرہ لکھا ہی کہ آنحضرت صلعم پر ملایک وحی دایمی قرین تھا۔ نہین ہوتی تھی اور آنحضرت کیلئے جبرائیل علیہ السلام دایمی قرین تھا۔

بقیہ حاشیہ کوئی تاریخ مقرر نہین کرسکتے۔ مگر قیاساً معلوم ہوتا ہے کہ اس حادثہ کی ابتدا جون کے مہینہ سے ہوگی کیونکہ گو ہم اس پورانے واقعہ کی تشخیص مین عیسائیون کے مختلف فیہ بیانات سے کوئی عمدہ فائدہ نہین اُٹہا سکتے مگر استنباط کے طور پر یہہ پتہ ملتا ہے کہ حضرت مسیح جب یہودیون کے ہاتھ مین گرفتار ہوئے۔ تب شدت گرمی کا مہینہ تھا کیونکہ گرفتاری کی حالت مین اُن کا سخت پیاسا ہونا صاف ظاہر کر رہا ہے کہ موسم کا یہی تقاضا تھا کہ گرمی اور پیاس محسوس ہو سو وہ مہینہ جون ہے کیونکہ اُسوقت ایک سخت آندھی بہی آئی تھی جسکے ساتہہ اندہیرا ہوگیا تہا اور جون کے مہینہ مین اکثر اندہیان بھی آتی ہین —

اب اِس تمام تحقیقات سے معلوم ہوا کہ درحقیقت کائنات الجو بالخصوص شہب ثاقبہ اور دُمدار ستارون کے بارے مین کوئی قطعی اور یقینی طریق بصیرت ہیئت دانون اور طبعی مالون کو ابتک ہاتہہ مین نہین آیا جب کبہی اُن کے قواعد

حکم ہوا کہ آنحضرت صلعم کے ملازم خدمت رہین پس اسرافیل ہمیشہ اور ہر وقت آنحضرت صلعم کے پاس رہتا تہا اور آنحضرت صلعم کی عمر کا گیارہوان سال پورا ہوتے تک یہی حال تہا مگر اسرافیل بجز کلمہ دو کلمہ کے اور کوئی بات وحی کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دل مین نہین ڈالتا تہا ایسا ہی میکائیل بہی آنحضرت کا قرین رہا۔ پہر بعد اسکے حضرت جبرائیل کو حکم ہوا اور وہ پورے انتیس سال قبل از وحی ہر وقت قرین اور مصاحب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ پہر بعد اس کے وحی نبوت شروع ہوئی۔

اس بیان سے ہر ایک عقلمند سمجہہ سکتا ہے کہ جن بزرگون نے مثلاً حضرت جبرائیل کی نسبت لکہا ہے کہ وہ نبوت سے پہلے بہی انتیس سال تک ہمیشہ اور ہر وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دائمی رفیق تہا اُن کا ہرگز یہ عقیدہ نہین ہو سکتا تہا کہ جبرائیل کسیوقت آسمان پر بہی چلا جاتا تہا

بشیما تراشیدہ کے برخلاف کوئی امر ظہور مین آتا ہے تو ایک سخت پریشانی اور حیرت اُن کو لاحق ہو جاتی ہے اور گھبراہٹ کا ایک غل غبارہ اُن مین اُٹھتا ہے۔ یورپ کے ہیئت دان اور سائینس اور نجوم مین بڑی بڑی لافین مارنیوالے ہمیشہ کائنات الجو اور اُنکے نتائج کے بارہ مین پیشگوئیان ایک بڑے دعوے کے ساتھ شایع کیا کرتے ہین اور کبہی لوگون کو قحط سالیون سے ڈراتے اور طوفانون اور آندھیون کی پیش خبری سے دہڑکے مین ڈالتے اور کبہی بروقت کی بارشون اور ارزانی کی پیشین دیتے ہین مگر قدرت حق ہے کہ اکثر وہ اُن خبرون مین جہوٹے نکلتے ہیں مگر بایں ہمہ پہر بہی لوگون کے دماغون کو ناحق پریشان کرتے رہتے ہین یون تو وہ اپنے فکرون کو دور تک پہنچا کر خدائے عزوجل کی خدائی مین ہاتہہ ڈالنا چاہتے ہین مگر حکمت ازلی ہمیشہ اُنکو شرمندہ کرتی ہے۔ اب ظاہر ہے کہ جن لوگون کی فاش خطا ہمیشہ ثابت ہوتی رہتی ہے اُنکی نسبت کیونکر گمان کر سکتے ہین کہ جو کچہہ اُنہون نے نظام اور سائینس کے

نہ ثابت ہوئی کبہی کسی کا براہ راست مین سے کوئی اس سے منکر نہین کہ وحی کا زمانہ وحی کے زمانہ سے پہلے کبہی ملاقات نہین ہوئی اور وحی قرآن کا نزول نہین تہا اسوقت نہ فرشتہ جبرائیل اور نہ اسرافیل ہر وقت اور ہمیشہ حضرت صلعم کے ساتھ ساتھ رہتے تہے اور وہ قرین رہے اور جب وحی قرآن کا وقت آیا اور ندا مذکر کی ضرورتین کبہی پیش آئین تب جبرائیل ہی بہیجا گیا اور تبدیل عادت کو ترک کر دیا اور بعد انتہی کر اسمان پر چلا جانا اختیار کر لیوے

ہم بہیجا وقات کی بہیجنے منہ نہ دیکہنا

کیونکہ کسیوقت چھوڑکر چلا جانا دوام قرب اور معیت غیر منقطع کے منافی ہے لیکن جب ان بزرگون کا دوسرا عقیدہ بھی دیکھا جاے کہ جبرئیل علیہ السلام کا قرارگاہ آسمان ہی ہے اور وہ ہر ایک وحی آسمان سے ہی لاتا ہے تو ان دونون عقیدون کے ملانیسے جو تناقض پیدا ہوتا ہے اُس سے رہائی پانیکے لئے بجز اسکے اور کوئی راہ نہین ملسکتی کہ یہ اعتقاد رکھا جائے کہ جبرئیل علیہ السلام کا آسمان سے اُترنا حقیقی طور پر نہین بلکہ تمثلی ہے اور جب تمثلی طور پر اُترنا ہوا تو اسمین کچھہ حرج نہین کہ جبرئیل علیہ السلام اپنے تمثلی وجود سے ہمیشہ اور ہر وقت اور ہر دم اور ہر طرفتہ العین انبیاء علیہم السلام کے ساتھ رہے کیونکہ وہ اپنے اصلی وجود کے ساتھ تو آسمان پر ہی ہے اور اسی مذہب کی تصدیق اور تصویب شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی کتاب مدارج النبوت کے صفحہ ۴۵ مین کی ہے چنانچہ وہ فرماتے ہین کہ نزول جبرئیل

شبیہ بقیاً خا بارے مین ابتک دریافت کیا وہ سب یقینی ہے ہمین تو اُن کے اکثر معلومات کا ظنی مرتبہ ماننے مین یہی شرم آتی ہے کیونکہ ابتک اُن کے خیالات مین بے اصل اور بے ثبوت باتون کا ذخیرہ بڑھا ہوا ہے - اسوقت **امام رازی** رحمۃ اللہ کا یہ قول نہایت پیارا معلوم ہوتا ہے کہ من اراد ان یکتال **ملکت** الباری بمکیال العقل فقد ضل ضلالا بعیدا - یعنی جو شخص خداتعالی کے ملک کو اپنی عقل کے پیمانہ سے ناپنا چاہے تو وہ راستی اور صداقت اور سلامت روی سے دور جا پڑا -

اب اِس عاجز پر خداوند کریم نے جو کچھہ کھولا اور ظاہر کیا وہ یہ ہے کہ اگر ہیئت دانون اور طبعی والون کے قواعد کسیقدر شہب ثاقبہ اور دُمدار ستارون کی نسبت قبول بھی کیے جائین تب بھی جو کچھہ **قرآن کریم** مین اللہ جلشانہ وعزاسمہ نے ان کائنات الجو کی روحانی اغراض کی نسبت بیان فرمایا ہے اُسمین اور ان ناقص العقل حکماء کی بیان مین کوئی مزاحمت اور جھگڑا نہین کیونکہ ان لوگون نے تو اپنا منصب صرف اِس قدر

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی کتاب مدارج النبوۃ مین آئی مذہب کی تصدیق اور تصویب کی کہ جبرئیل کا وحی لیکر آسمان سے اپنے وجود اصلی کے ساتھ تو ہمیشہ آسمان پر رہنے قرارگاہ وہین ثابت اور قائم رہتا ہے اور اسکی تمثلی صورت حق تعالی نمودار ہوجاتی ہے اور یہی تمثلی صورت نبی کو وحی کرتی ہے -

جو بعض اوقات وحیہ کلبی کی صورت مین یا کسی اور انسان کی صورت مین ہوتا تہا اسمین اہل نظر کو اشکال ہے اور یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ اگر درحقیقت جبرئیل علیہ السلام ایک نیا جسم اپنے لئے مشابہ جسم وحیہ کلبی حاصل کرکے اُسمین اپنا روح داخل کر دیتے تہے تو پہر وہ اصلی جسم اُن کا جسکے تین سو جناح ہین کس حالت مین ہوتا تہا کیا وہ جسد بے روح پڑا رہتا تہا اور حضرت جبرئیل فوت ہوکر پھر بطریق تناسخ دوسرے جسم مین آجاتے تہے اِس کے جواب مین وہ لکہتے ہین کہ اہل تحقیق کے نزدیک یہ تمثلی نزول ہے نہ حقیقی تا حقیقتاً ایک جسم کو چہوڑنا اور دوسرے جسم مین داخل ہونا لازم آوے پہر لکہتے ہین بات یہ ہے کہ جبرئیل علیہ السلام کے ذہن مین جو وحیہ کلبی کی صورت علمیہ تہی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام بوجہ قدرت کاملہ وارادت شاملہ اپنی کے اُس صورت پر اپنے وجود

بقیہ حاشیہ قرار دیا ہے کہ علل مادیہ اور اسباب عادیہ ان چیزون کے دریافت کرکے نظام ظاہری کا ایک باقاعدہ سلسلہ مقرر کر دیا جاے۔ لیکن قرآن کریم مین **روحانی** نظام کا ذکر ہے اور ظاہر ہے کہ خدا تعالی کا ایک فعل اُسکے دوسرے فعل کا مزاحم نہین ہوسکتا پس کیا یہ تعجب کی جگہ ہوسکتی ہے کہ جسمانی اور روحانی نظام خدا تعالی کی قدرت سے ہمیشہ ساتہہ ساتہہ رہین بالخصوص جسحالت مین ہمیشہ ربانی مصلح دنیا مین آتے رہتے ہین اور خدا تعالی کے بڑے بڑے ارادون کی حرکت شروع رہتی ہے اور کوئی صدی ایسی نہین آتی کہ جو دنیا کے کسی نہ کسی حصہ مین ان امور مین سے کسی امر کا ظہور نہ ہو تو اس بات کے ماننے کے لئے ذرہ بہی اشتباہ باقی نہین رہتا کہ کثرت شہب وغیرہ روحانی طور پر ضرور خدا تعالی کی اس روحانی انتظام کے تجدد اور حدوث پر دلالت کرتے ہین جو الہی دین کی تقویت کیلئے ابتدا سے چلا آتا ہے خاص کر جب اس بات کو ذہن مین خوب یاد رکہا جاے کہ **کثرت سقوط شہب** وغیرہ صرف اسی امر سے براہ

نسخہ عبدالحق محمد دہلوی کی اپنی ذاتی رائے ہے جو کسی اور جگہ بھی نہین لکہی اور نہ ذہن مین کبہی گذری ہے کہ جبرئیل آسمان پر ہی رہتی ہین اور زمین پر وہ اپنی تمثلی صورت کو ظاہر کر دیتی ہین جسکی دلیل کیا ہے کہ آنہوں نے ایک جگہ رکہکر دوسری جگہ تمثلی طور پر اپنے تئین ظاہر کیا اور لکہی ہین کہ جبرئیل پر کچہ وحی نہین نازل ہوتی ہے اور وہ اپنی اصلی مقام پر ہی چہوڑتی اور تمثلی طور پر زمین پر بھی نظر آتی ہین جیسے حضرت جبرائیل مریم صدیقہ کو تمثلی طور پر نظر آئے اور خدا تعالی فرماتا ہے فتمثل لہا بشرا سویا۔

کا افاضہ مع جمیع صفات کاملہ اپنی کے کرکے تمثل کے طور پر اُسمین اپنے تئین ظاہر کردیتے تھے یعنی دحیہ کلبی کی صورت مین بطور تمثل اپنے تئین دکھلا دیتے تہے اور اس صورت علمیہ کو اپنی صفات سے متلبس کرکے نبی علیہ السلام پر تمثلا ظاہر کردیتے تہے یہ نہین کہ جبرائیل آپ اپنے اصلی وجود کے ساتھہ آسمان سے اُترتا تہا بلکہ جبرائیل علیہ السلام اپنے مقام پر آسمان مین ثابت وقایم رہتا تہا اور یہ جبرائیل اُس حقیقی جبرائیل کی ایک مثال تہی یعنے اُسکا ایک ظل تہا اُسکا عین نہین تہا کیونکہ عین جبرائیل تو وہ ہے جو اپنی صفات خاصہ کے ساتھہ آسمان پر موجود ہے اور اُسکی حقیقت اور شان الگ ہے - پہر اسقدر تحریر کے بعد شیخصاحب موصوف لکھتے ہین کہ جس طرح جبرائیل علیہ السلام تمثلی صورت مین نہ حقیقی صورت مین نازل ہوتا رہا ہے یہی مثال روحانیات کی ہے جو بصورت جسمانیات متمثل ہوتی ہین اور یہی مثال خدا تعالی کے

بقیہ حاشیہ

مخصوص نہین کہ کوئی نبی یا وارث نبی اصلاح دین کے لئے پیدا ہو بلکہ اس کے ضمن مین یہ بات بہی داخل ہے کہ اُس نبی یا وارث اور قایم مقام نبی کے اراضات پر بہی کثرت شہب ہوتی ہے بلکہ اسکی نمایان فتوحات پر بہی کثرت سقوط شہب ہوتی ہے کیونکہ اسوقت رحمان کا لشکر شیطان کے لشکر پر کامل فتح پالیتا ہے - پس جب ایسے بڑے بڑے امور پیدا ہونے لگتے ہین کہ اُس نبی یا وارث نبی کے لئے بطور اراضات ہین یا اُسکی کارروائیون کے اول مرحلہ پر ممد اور معاون ہین یا اُس کی فتحیابی کے آثار ہین تو اُنکے قرب زمانہ مین بہی کثرت سقوط شہب وغیرہ حوادث وقوع مین آجاتے ہین تو اِس صورت مین ہر یک غبی کو بہی یہ بات صفائی سے سمجھہ مین آسکتی ہے کہ درحقیقت یہ کثرت سقوط شہب روحانی سلسلہ کی متفرق خدمات کے لئے اور اُنکے اول یا آخر یا درمیان مین آتی ہے اور وہ سلسلہ ہمیشہ جاری ہے اور جاری رہیگا - مثلاً حال کے یورپ کے ہیئت دان جو ۲۷ نومبر ۱۸۸۵ء کے شہب یا اُنیسوین صدی کے دوسرے واقعات شہب کا ذکر کرتے ہین اور اُنپر ایسا زور دیتے ہین کہ

تمثل کی بھی ہے جو اہل کشف کو صورت بشر پر نظر آتا ہے اور یہی مثال کمل اولیا کی ہے جو مواضع متفرقہ مین بصور متعددہ نظر آجاتے ہین ۔

خدا تعالی شیخ بزرگ عبد الحق محدث کو جزاء خیر دیوے کیونکہ اُنہون نے بصدق دل قبول کر لیا کہ جبرائیل علیہ السلام بذات خود نازل نہین ہوتا بلکہ ایک تمثلی وجود انبیا علیہم السلام کو دکھائی دیتا ہے اور جبرائیل اپنے مقام آسمان مین ثابت اور برقرار ہوتا ہے ۔ یہ وہی عقیدہ اس عاجز کا ہے جس پر حال کے کور باطن نام کے علما کفر کا فتوے دے رہے ہین افسوس کہ یہ بھی خیال نہین کرتے کہ اس بات پر تمام مفسرین نے اور نیز صحابہ نے بھی اتفاق کیا ہے کہ جبرائیل علیہ السلام اپنے حقیقی وجود کے ساتھ صرف دو مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھائی دیا ہے اور ایک بچہ بھی اس بات کو سمجھ سکتا ہے کہ اگر وہ اپنے اصلی اور حقیقی

اس بات پر صحابہ کا اتفاق ہی کہ جبرائیل نے دو مرتبہ اپنی اصلی صورت میں آسمان پر آنحضرت کو دکھائی دیا ہے اور زمین پر ہمیشہ تمثلی حالت مین دکھائی دیتا رہا ہے ۔

تتمہ بقیہ حاشیہ

گویا اُن کے پاس سب سے بڑھکر یہی نظیریں ہین وہ ذرہ غور سے سمجھ سکتے ہین کہ اس صدی کے اواخر مین جو روحانی سلسلہ کے بڑے بڑے کام ظہور مین آنیوالے تھے اور خدا تعالی اپنے ایک بندہ کی توسط سے دین توحید کے تازہ کرنیکے لئے ارادہ فرما رہا تھا ۔ اسلئے اُس نے اس اُنیسوین صدی عیسوی مین کئی دفعہ کثرت سقوط شہب کا تماشا دکھلایا تا وہ امر موکد ہو جاوے جسکا قطعی طور پر اُس نے ارادہ فرما دیا ہے ۔

اور اگر یہ سوال کیا جاے کہ اِس تساقط شہب کو جسکے اسباب بظاہر مادی معلوم ہوتے ہین رجم شیاطین سے کیا تعلق ہے اور کیونکر معلوم ہو کہ درحقیقت اِس حادثہ سے شیاطین آسمان سے رفع اور دور کئے جاتے ہین

اس سوال کا جواب یہ ہی کہ ایسے اعتراض درحقیقت اُس وقت پیدا ہوتے ہین کہ جب روحانی سلسلہ کی یاد داشت سے خیال ذہول کر جاتا ہے یا اُس سلسلہ کے وجود پر یقین نہین ہوتا ورنہ جس شخص کی دونون سلسلون پر نظر ہے وہ بآسانی سمجھ سکتا ہے

اس سوال کا جواب کہ تساقط شہب کو رجم شیاطین کے کیا تعلق ہے

وجود کے ساتھ آنحضرت صلعم کے پاس آتے تو خود یہ غیر ممکن تھا کیونکہ اُنکا حقیقی وجود تو مشرق مغرب مین پھیلا ہوا ہے اور اُن کے بازو آسمانون کے کنارون تک پہنچے ہوئے ہین پھر وہ مکہ یا مدینہ مین کیونکر سما سکتے تھے۔ جب تم حقیقت اور اصل کی شرط سے جبرائیل کے نزول کا عقیدہ رکھو گے تو ضرور تمپر یہ اعتراض وارد ہوگا کہ وہ اصلی وجود کیونکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حجرہ مین سما گیا اور اگر کہو کہ وہ اصلی وجود نہین تھا تو پھر ترک اصل کے بعد تمثل ہی ہوا یا کچھ اور ہوا اصل کا نزول تو اُس حالت مین ہو کہ جب آسمان مین اس وجود کا نام و نشان نہ رہے اور جب آسمان سے وہ وجود نیچے اُترآیا تو پھر ثابت کرنا چاہیئے کہ کہان اُسکے ٹھہرنیکی گنجایش ہوئی۔ غرض یہ خیال کہ جبرائیل اپنے اصلی وجود کے ساتھ زمین پر اُترآتا تھا بدیہی البطلان ہے۔ خاص کر جب دوسری شق کیطرف نظر کرین اور اس

بقیہ حاشیہ کہ اجرام علوی اور اجسام سفلی اور تمام کائنات الجو مین جو کچھ تغیر اور تحوّل اور کوئی امر مستحدث ظہور مین آتا ہے اُسکے حدوث کی درحقیقت دو علتین یعنی موجب ہین۔

اول پہلی تو یہی سلسلہ علل نظام جسمانی جس سے ظاہری فلسفی اور طبعی بحث اور سروکار رکھتا ہے اور جسکی نسبت ظاہر بین حکما کی نظریہ خیال کہتی ہے کہ وہ جسمانی علل اور معلولات اور موثرات اور متاثرات سے منضبط اور ترتیب یافتہ ہے۔

دوم۔ دوسرے وہ سلسلہ جو ان ظاہر بین حکماء کی نظر قاصر سے مخفی ہے اور وہ خدا تعالیٰ کے ملایک کا سلسلہ ہے جو اندرہی اندر اس ظاہری سلسلہ کو مدد دیتا ہے اور اس ظاہری کاروبار کو انجام تک پہنچا دیتا ہے اور بالغ نظر لوگ بخوبی اس بات کو سمجھتے ہین کہ بغیر تائید اس سلسلہ کے جو روحانی ہے ظاہری سلسلہ کا کام ہرگز چل ہی نہین سکتا۔ اگرچہ ایک ظاہر بین فلاسفر اسباب کو موجود پاکر خیال کرتا ہے کہ فلان نتیجہ ان اسباب کے لئے ضروری ہے مگر ایسے لوگون کو ہمیشہ شرمندہ ہونا پڑتا ہے

تمام تغیرات اجرام علوی اور اجسام سفلی کیلئے دو موجب ہین

فساد کو دیکھین کہ ایسا عقیدہ رکھنے سے یہ لازم آتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اکثر اوقات فیض وحی سے محروم اور معطل رہین تو پھر نہایت بیشرمی ہوگی کہ اس عقیدہ کا خیال بھی دل مین لاوین - شیخ عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوت کے صفحہ ۸۳ مین لکھتے ہین کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے تمام کلمات وحدیث **وحی خفی** ہین باستثناء چند مواضع یعنی قصہ اساراے بدر وقصہ ماریہ وعسل وتابیر نخل جو نادر اور حقیر ہین - اور پھر اسی صفحہ مین لکھتے ہین کہ اوزاعی حسان بن عطیہ سے روایت کرتا ہے کہ نزول جبرائیل قرآن سے مخصوص نہین بلکہ ہر یک سنت نزول جبرائیل سے ہی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اجتہاد بھی وحی مین سے ہی - اور پھر صفحہ ۸۷ مین لکھتے ہین کہ صحابہ آنحضرت صلعم کے ہر یک قول وفعل قلیل وکثیر وصغیر وکبیر کو **وحی سمجھتے تھے** اور اسپر عمل کرتے مین

سلف صالح کا یہ مذہب کہ آنحضرت صلعم کی تمام عمر کے اقوال وافعال وحی سے ہین

تنبیہ چہارم:

جبکہ باوجود اجتماع اسباب کے نتیجہ برعکس نکلتا ہے یا وہ اسباب اپنے اختیار اور تدبیر سے باہر ہو جاتے ہین مثلاً ایک طبیب نہایت احتیاط سے ایک بیمار بادشاہ کا علاج کرتا ہے یا مثلاً ایک گروہ طبیبون کا ایسے مریض کے لئے دن رات تشخیص مرض اور تجویز دوا اور تدبیر غذا مین ایسا مصروف ہوتا ہے کہ اپنے دماغ کی تمام عقل اسپر خرچ کر دیتا ہے مگر جبکہ اس بادشاہ کی موت مقدر ہوتی ہے تو وہ تمام تجویزین خطا جاتی ہین اور چند روز طبیبون اور موت کی لڑائی ہو کر آخر موت فتح پاتی ہے اس طور کے ہمیشہ نمونے ظاہر ہوتے رہتے ہین مگر افسوس کہ لوگ انکو غور کی نظر سے نہین دیکھتے بہرحال یہ ثابت ہے کہ قادر مطلق نے دنیا کے حوادث کو صرف اسی ظاہری سلسلہ تک محصور اور محدود نہین کیا بلکہ ایک باطنی سلسلہ ساتھہ ساتھہ جاری ہے - اگر آفتاب ہے یا ماہتاب یا زمین یا وہ بخارات جن سے پانی برستا ہے یا وہ اندھیاں جو زور سے آتی ہین یا وہ اولے جو زمین پر گرتے ہین یا وہ شہب ثاقبہ جو ٹوٹتے ہین اگرچہ یہ تمام چیزین اپنے کامون اور تمام تغیرات اور تحولات اور حدوثات

کچھہ توقف اور بحث نہین کرتے تھے اور حرص رکھتے تہے کہ جو کچھہ آنحضرت صلعم سرّاً و خلوت
مین کرتے ہین وہ بہی معلوم کرلین - پس کچھہ شک نہین کہ جو شخص احوال صحابہ مین تامّل
کرے کہ وہ کیونکر ہر ایک امر اور قول اور فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حجّت دین سمجھتے
تہے اور کیونکر وہ آنحضرتؐ کے ہر ایک زمانہ اور ہر ایک وقت اور ہر ایک دم کو وحی مین
مستغرق جانتے تھے - تو اس اعتقاد کے رکہنے سے کہ کبہی جبرائیل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کو چہوڑکر آسمان پر چلا جاتا تہا خدا تعالی سے شرم کریگا اور ڈریگا کہ ایسا وہم بہی اُس کے
دل مین گذرے مگر افسوس کہ ہمارے یہ عُلماء جو مُحدّث بہی کہلاتے ہین کچھہ بہی ڈرتے
نہین اگر اُنکے ایسے عقیدون کو ترک کرنا کفر ہے تو ایسا کفر اگر ملے تو زہے سعادت -
ہم اُنکے ایسے ایمان سے سخت بیزار ہین اور خدا تعالی کیطرف اُن کے ایسے اقوال سے

ہین ظاہری اسباب بہی رکہتی ہین جنکے بیان مین ہیئت اور طبعی کے دفتر بہرے پڑے
ہین لیکن باین ہمہ عارف لوگ جانتے ہیں کہ ان اسباب کے نیچے اور اسباب بہی ہین جو مدبّر
بالارادہ ہین یعنی دوسرے لفظوں مین نام **ملایک** ہے وہ جس چیز سے تعلق رکہتی ہین
اُسکے تمام کاروبار کو انجام تک پہنچاتے ہین اور اپنے کامون مین اکثر اُن روحانی
اغراض کو مدنظر رکہتے ہیں جو مولے کریم نے اُنکو سپرد کی ہیں اور اُن کے کام
بیہودہ نہین بلکہ ہر ایک کام مین بڑے بڑے مقاصد اُنکو مدنظر رہتے ہین

اب جبکہ یہ بات ایک ثابت شدہ صداقت ہے جسکو ہم اس سے پہلے بہی
کسیقدر تفصیل سے لکہہ چکے ہین اور ہمارے رسالہ **توضیح مرام** مین بہی یہ تمام بحث
نہایت لطافت بیان سے مندرج ہے کہ حکیم مطلق نے اِس عالم کے حسن طور پر کاروبار چلانے
کیلئے دو نظام رکہے ہوئے ہین اور باطنی نظام فرشتون کے متعلق ہے اور کوئی جُز ظاہری
نظام کی ایسی نہین جسکے ساتہہ درپردہ باطنی نظام نہ ہو **تو اس صورت مین**

واذخواہ ہین جنکی وجہ سے سخت اہانت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفون مین ہورہی ہے اِن لوگون کے حق مین کیا کہین اور کیا لکہین جنہون نے کفار کو ہنسی اور ٹھٹھہ کا موقع دیا اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کو حضرت عیسیٰ کی نسبت ایسا اور اسقدر گہٹا دیا کہ جسکے تصور سے بدن پر لرزہ پڑتا ہے۔

اب پہر ہم **مبحث حقیقت اسلام** کیطرف رجوع کرکے لکہتے ہین کہ دراصل یہ حقیقت اسلامیہ جسکی تعلیم قرآن کریم فرماتا ہے کوئی نئی چیز نہین ہے بلکہ تمام انبیاء علیہ السلام اسی حقیقت کے ظاہر کرنیکے بھیجے گئے تھے اور تمام الہی کتابون کا یہی مدعا رہا ہے کہ تا بنی آدم کو اس صراط مستقیم پر قایم کرین لیکن قرآن کریم کی تعلیم کو جو دوسری تعلیمون پر کمال درجہ کی فوقیت ہے تو اسکی دو وجہ ہین۔

مبحث حقیقت اسلام کا بقیہ حصہ

شہاب بقیہ حاشیہ ایک مسترشد بڑی آسانی سے سمجہہ سکتا ہے کہ شہب ثاقبہ کے ساقط کا ظاہری نظام جن علل اور اسباب پر مبنی ہے وہ علل اور اسباب روحانی نظام کے کچہہ مزاحم اور سدراہ نہین اور روحانی نظام یہ ہے کہ ہر ایک شہاب جو ٹوٹتا ہے دراصل اسمیں ایک **فرشتہ موکل** ہوتا ہے جو اسکو جس طرف چاہتا ہے حرکت دیتا ہے چنانچہ شہب کی طرز حرکات ہی اسپر شاہد ہے اور یہ بات صاف ظاہر ہے کہ فرشتہ کا کام عبث نہین ہوسکتا اسکی تحت مین ضرور کوئی نہ کوئی غرض ہوگی جو مصالح دین اور دنیا کے لئے مفید ہو لیکن ملایک کے کامون کے اغراض کو سمجہنا بجز توسط ملایک ممکن نہین سو بتوسط ملایک یعنی جبرائیل علیہ السلام آخر الرسل صلے اللہ علیہ وسلم پر یہی ظاہر ہوا کہ ملایک کے اس فعل رمی شہب سے علت غائی **رجم شیاطین** ہے اور یہ بھید کہ شہب کے ٹوٹنے سے کیونکر شیاطین بھاگ جاتے ہین اسکا سر روحانی سلسلہ پر نظر کرنیسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیاطین اور ملایک کی عداوت ذاتی ہے

اوّل یہ کہ پہلے نبی اپنے زمانہ کے جمیع بنی آدم کیلئے مبعوث نہین ہوتے تھے بلکہ وہ صرف اپنی ایک خاص قوم کیلئے بھیجے جاتے تھے جو خاص استعداد مین محدود اور خاص طور کے عادات اور عقائد اور اخلاق اور روش مین قابل اصلاح ہوتے تھے پس اس وجہ سے وہ کتابین قانون مختص القوم کیطرح ہوکر صرف اسی حد تک اپنے ساتھ ہدایت لاتی تھین جو اس خاص قوم کے مناسب حال اور اُن کے پیمانہ استعداد کے موافق ہو سکتی تھی

دوسری وجہ یہ کہ اُن انبیاء علیہم السلام کو ایسی شریعت ملتی تھی جو ایک خاص زمانہ تک محدود ہوتی تھی اور خدا تعالیٰ نے اُن کتابون مین یہ ارادہ نہین کیا تھا کہ دُنیا کے اخیر تک وہ ہدایتین جاری رہین اسلئے وُہ کتابین قانون مختص الزمان کی طرح ہوکر صرف اسی زمانہ کی حد تک ہدایت لاتی تھین جو ان کتابون کی پابندی کا زمانہ حکمت الٰہی نے

بقیہ حاشیہ پس ملایک اِن شہب کے چھوڑنیکے وقت جن پر وہ ستارون کی حرارت کا بھی اثر ڈالتے ہین اپنی ایک نورانی طاقت جو مین پہلاتے ہین اور ہر ایک شہاب جو حرکت کرتا ہے وہ اپنے ساتھ ایک ملکی نور رکھتا ہے کیونکہ فرشتون کے ہاتھ سے برکت پاکر آتا ہے اور شیطان سوزی کا اُسمین ایک مادہ ہوتا ہے۔ پس یہ اعتراض نہین ہو سکتا کہ جنات تو آگ سے مخلوق ہین وہ آگ سے کیا ضرر اُٹھائین گے۔ کیونکہ درحقیقت جسقدر رمی شہب سے جنات کو ضرر پہنچتا ہے اُسکا یہ ظاہری موجب آگ نہین۔ بلکہ وہ روشنی موجب ہے جو فرشتہ کے نور سے شہب کے ساتھ شامل ہوتی ہے جو بالخاصیت محرق شیاطین ہے

اِس ہماری تقریر پر کوئی یہ اعتراض نہ کرے کہ یہ تمام تقریر صرف بے ثبوت خیالات اور غایت کار خطابیات مین سے ہے جسکا معقولی طور پر کوئی بھی ثبوت نہین کیونکہ ہم اسبات کو بخوبی ثابت کر چکے ہین کہ اس عالم کی حرکات اور حوادث خود بخود نہین اور نہ بغیر مرضی مالک اور نہ عبث اور بیہودہ ہین بلکہ در پردہ تمام

اندازہ کر رکھا تھا۔

یہ دونون قسم کے نقص جو ہمنے بیان کئے ہین قرآن کریم بکلی ان سے مبرّا ہے کیونکہ قرآن کریم کے اُتارنیسے اللہ جلشانہ کا یہ مقصد تہا کہ وہ تمام بنی آدم اور تمام زمانون اور تمام استعدادون کی اصلاح اور تکمیل اور تربیت کرسکے اور **اسلام کی پوری شکل** اور پوری عظمت بنی آدم پر ظاہر ہو اور اسکے ظہور کا وقت بہی آپہنچا تہا۔ اِسلئے خدا تعالی نے قرآن مجید کو تمام قومون اور تمام اُن زمانون کے لئے جو قیامت تک آنیوالے تہے ایک کامل اور جامع قانون کیطرح نازل فرمایا اور ہر یک درجہ کی استعداد کیلئے افادہ اور افاضہ کا دروازہ کہولدیا جیساکہ وہ خود فرماتا ہے۔ ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات باذن اللہ ذلک ہو الفضل الکبیر

بقیہ حاشیہ اجرام علوی اور اجسام سفلی کیلئے منجانب اللہ مدبّر مقرر ہین جنکو دوسرے لفظون مین ملایک کہتے ہین اور جبتک کوئی انسان پابند اعتقاد وجود ہستی باری ہو اور دہریہ نہین اُسکو ضرور یہ بات ماننی پڑیگی کہ یہ تمام کاروبار عبث نہین بلکہ ہر یک حدوث اور ظہور پر خدا تعالی کی حکمت اور مصلحت بالارادہ کا ہاتہہ ہے اور وہ ارادہ تمام انتظام کے موافق بتوسط اسباب ظہور پذیر ہوتا ہے چونکہ خدا تعالی نے اجرام اور اجسام کو علم اور شعور نہین دیا اس لئے اُن باتون کے پورا کرنیکے لئے جن مین علم اور شعور درکار ہو ایسے اسباب یعنی ایسی چیزون کی توسّط کی حاجت ہوئی جنکو علم اور شعور دیا گیا ہے اور وہ ملایک ہین۔

اب ظاہر ہے کہ جب ملایک کی یہی شان ہے کہ وہ عبث اور بیہودہ طور پر کوئی کام نہین کرتے بلکہ اپنی تمام خدمات مین اغراض اور مقاصد رکہتے ہین اِسلئے انکی نسبت یہ بات ضروری طور پر ماننی پڑیگی کہ رحم کی خدمت مین بہی اُن کا کوئی اصل مقصد ہو اور چونکہ عقل اس بات کے درک سے قاصر ہے کہ وہ کونسا مقصد ہے اِسلئے

یعنی پھر ہمنے اپنی کتاب کا اُن لوگون کو وارث کیا جو ہماری بندون مین سے برگزیدہ ہین اور وہ تین گروہ ہین (۱) ایک اُنمین سے ظالمون کا گروہ جو اپنے نفس پر ظلم کرتے ہین یعنی اکراہ اور جبر سے نفس امّارہ کو خدا تعالی کی راہ پر چلاتے ہین اور نفس سرکش کی مخالفت اختیار کرکے مجاہدات شاقہ مین مشغول ہین (۲) دوسری میانہ حالت آدمیون کا گروہ جو بعض خدمتین خدا تعالی کی راہ مین اپنے نفس سرکش سے باکراہ اور جبر لیتے ہین اور بعض للّہی کامون کی بجاآوری مین نفس اُنکا بخوشی

شبہ بقیہ حاشیہ

اس عقدہ کے حل کیلئے عقل سے سوال کرنا بے محل سوال ہے اگر عقل کا اسمین کچھہ دخل ہے تو صرف اِس قدر کہ عقل سلیم اپنے نفوس کے افعال کی نسبت کہ جو ارادہ اور فہم اور شعور رکھتے ہون ہرگز یہہ تجویز نہین کرسکتی کہ انکے وہ افعال عبث اور بیہودہ اور اغراض صحیحہ ضروریہ سے خالی ہین - پس اگر عقل سلیم اول اسبات کو بخوبی سمجھہ لے کہ جو کچھہ اجرام اور اجسام سماوی و ارضی اور کائنات الجو مین انواع اقسام کے تغیرات اور تحولات اور ظہورات ہو رہے ہین وہ صرف علل ظاہریہ تک محدود نہین ہین بلکہ اُن تمام حوادث کیلئے اور علل بھی ہین جو شعور اور ارادہ اور فہم اور تدبیر اور حکمت رکھتے ہین تو اِس سمجھہ کے بعد ضرور عقل اسبات کا اقرار کریگی کہ یہہ تمام تغیرات اور حدوثات جو عالم سفلی اور علوی مین ہمین نظر آتے ہین عبث اور بیہودہ اور لغو نہین بلکہ اُن مین مقاصد اور اغراض پوشیدہ ہین گو ہم اُنکو سمجھہ سکین یا ہماری سمجھہ اور فہم سے بالاتر ہون - اور اس اقرار کے ضمن مین تساقط شہب کی نسبت بھی یہی اقرار عقل سلیم کو کرنا پڑیگا کہ یہہ کام بھی عبث نہین کیونکہ یہہ بات بداہتاً ممتنع ہے کہ ایسا خیال کیا جاے کہ جو نفوس ارادہ اور فہم اور تدبیر اور حکمت کے پابند ہین وہ ایک لغو کام پر ابتدا سے اصرار کرتے چلے آئے ہین - سو اگرچہ عقل پورے طور پر اس سرّ کو دریافت نہ کرسکے مگر وجود ملایک اور اُنکے منصبی خدمات کے ماننے کے بعد اِس قدر

خاطر تابع ہوجاتا ہی اور ذوق اور محبت اور ارادت سی اُن کامون کو بجالاتا ہے غرض وہ لوگ کچھہ تو تکلف اور مجاہدہ سے خدا تعالی کے حکمونپر چلتے ہین اور کچھہ طبعی جوش اور دلی شوق سی بغیر کسی تکلف کے اپنے رب جلیل کی فرمانبرداری اُن سی صادر ہوتی ہے یعنی ابھی پوری موافقت اللہ جلشانہ کے ارادون اور خواہشون سی اُنکو حاصل نہین اور نہ نفس کے جنگ اور مخالفت سے بکلی فراغت بلکہ بعض سلوک کی راہون مین نفس موافق اور بعض راہون مین مخالف ہی (۳) تیسری سابق بالخیرات اور اعلی درجہ

شرح بقیحاشیہ تو ضرور دریافت کریگی کہ اُن کا کوئی فعل عبث اور بیہودہ طور پر نہین ۔

اس اقرار کے بعد اگرچہ عقل مفصلا تساقط شہب کی اُن اغراض کو دریافت نہ کرسکے جو ملایک کے ارادہ اور ضمیر مین ہین لیکن اس قدر اجمالی طور پر تو ضرور سمجھہ جائیگی کہ بیشک اس فعل کیلئے بھی مثل اور افعال ملایکہ کے درپردہ اغراض و مقاصد ہین پس وہ بوجہ اسکے کہ ادراک تفصیلی سے عاجز ہے اس تفصیل کیلئے کسی اور ذریعہ کے محتاج ہوگی جو حدود عقل سے بڑھکر ہے اور وہ ذریعہ وحی اور الہام ہے جو اسی غرض سے انسان کو دیا گیا ہے کہ تا انسان کو اُن معارف اور حقایق تک پہنچادے کہ جن تک مجرد عقل پہنچا نہین سکتی اور وہ اسرار دقیقہ اسپر کھولے جو عقل کے ذریعہ سے کھل نہین سکتے ۔ اور وحی سے مراد ہماری وحی قرآن ہے جس نے ہمپر یہ عقدہ کھول دیا کہ اسقاط شہب سے ملایکہ کی غرض **رجم شیاطین ہے** ۔ یعنی یہ ایک قسم کا انتشار نورانیت ملایک کے ہاتھہ سے اور اُنکی نور کی آمیزش سے ہے جسکا **جنات** کی ظلمت پر اثر پڑتا ہے اور جنات کے افعال مخصوصہ اس سے رد یکمی ہوجاتے ہین اور اگر اس **انتشار نورانیت** کی کثرت ہو تو بوجہ نور کے مقناطیسی جذب کے مظاہر کاملہ نورانیت کی انسانون مین سے پیدا ہوتے ہین ورنہ یہ انتشار نورانیت بوجہ اپنی ملکی خاصیت

کے آدمیون کا گروہ ہے یعنی وہ گروہ جو نفس امارہ پر بکلی فتحیاب ہوکر نیکیون مین بکلی آگے نکلجانیوالے ہین جنکے نفوس کی سرکشی اور امّارگی بکلی دور ہوگئی ہے اور خدا تعالی کے احکام سے اور اسکی شریعت کی تمام راہون سے اور اسکی تمام قضاوقدر سے اور اسکی تمام مرضی اور مشیت کی باتون سے وہ طبعًا پیار کرتی ہین نہ کسی تکلف اور بناوٹ سے اور کوئی دقیقہ اطاعت اور فرمانبرداری کا اٹھا نہین رکھتی اور اللہ جلشانہ کی فرمانبرداری اُنکی طبیعت کی جزو اور اُنکی جان کی راحت ہوجاتی ہے کہ

شہاب ثاقب

کے کسیقدر دلون کو نور اور حقانیت کیطرف کھینچتا ہے اور یہ ایک خاصیت ہے جو ہمیشہ دُنیا مین اِنّی طور پر اسکا ثبوت ملتا رہا ہے۔ دنیا مین ہزارہا چیزون مین ایسے خواص پائے جاتے ہین جو انسان کے عقل سے برتر ہوتے ہین اور انسان کوئی عقلی دلیل اُنپر قایم نہین کرسکتا اور اُن کے وجود سے بھی انکار نہین کرسکتا۔ پھر اس خاصیت ثابت شدہ کا صرف اِس بنیاد پر انکار کرنا کہ عقل اُسکی سمجھنے سے قاصر ہے اگر نادانی نہین تو اور کیا ہے۔ کیا انسانی عقل نے تمام اُن خواص دقیقہ پر جو اجسام اور اجرام مین پائے جاتے ہین **دلائل عقلی کی روسے احاطہ کرلیا ہے**؟ تا اِس اعتراض کا حق پیدا ہو کہ تساقط شہب کی نسبت جو انتشار نورانیت کا بھید بیان کیا جاتا ہے یہ کیون عقل کے دریافت سے باہر رہ گیا ہے۔ اور جیسا کہ ہم ابھی لکھہ چکے ہین یہ بات بھی نہین کہ اس بھید کے تسلیم کرانیکے لئے عقل پر سراسر جبر ہے بلکہ جس حدتک عقل انسانی اپنے وجود مین طاقت فہم رکھتی ہے وہ اپنی اُس حد کی مناسب حال اِس بھید کو تسلیم کرتی ہے انکار نہین کرتی کیونکہ عقل سلیم کو وجود ملایکہ اور اُنکی خدمات مفوضہ کے تسلیم کرنیکے بعد ماننا پڑتا ہے کہ یہ تساقط شہب بھی ملایکہ کے ذریعہ سے ظہور مین آتا ہے اور ملایکہ کسی غرض اور مقصد کے لئے اِس

بغیر اسکے وہ جی ہی نہین سکتے اور اُن کا نفس کمال ذوق اور شوق اور لذت اور شدت میلان اور خوشی سے بہرے ہوئے انشرح کے ساتھہ خدا تعالی کی اطاعت بجالاتا ہے اور اِن بات کی طرف وہ کسی وقت اور کسی محل اور کسی حکم الہی یا مشیت الہی کی نسبت محتاج نہین ہوتے کہ اپنے نفس سے باکراہ اور جبر کام لین بلکہ ان کا نفس **نفس مطمئنہ** ہوجاتا ہے اور جو خدا تعالی کا ارادہ وہ اُن کا ارادہ اور جو اُسکی مرضی وہ اُنکی مرضی ہوجاتی ہے اور خدا تعالی کی حکمون

شبیہ بتنبیہ فعل کو بحکم مولے کریم بجالاتے ہین - پس عقل سلیم کا اسی قدر ماننا اسکی ترقی کے لئے ایک زینہ کی طرح ہے اور بلاشبہ اس قدر تسلیم کے بعد عقل سلیم تساقط شہب کو دہریون اور طبیعیون کی عقول ناقصہ کیطرح ایک امر عبث خیال نہین کریگی بلکہ **تعین کامل** کے ساتھہ اِس رائے کیطرف جھکیگی کہ درحقیقت یہ حکیمانہ کام ہے جس کے تحت مین مقاصد عالیہ ہین اور اِس قدر علم کے ساتھہ عقل سلیم کو اِس بات کی حرص پیدا ہوگی کہ اِن مقاصد عالیہ کو مفصل طور پر معلوم کرے پس یہ حرص اور شوق صادق اُسکو کشان کشان اُس مرشد کامل کیطرف لے آئیگا جو **وحی قرآن کریم** ہے -

ہان اگر عقل سلیم کچھہ بحث اور چون چرا کرسکتی ہے تو اِس موقعہ پر تو نہین لیکن اِن مسایل کے ماننے کیلئے بلاشبہ اوّل اسکا یہ حق ہے کہ خدا تعالے کے وجود مین جسکی سلطنت تبھی قایم رہ سکتی ہے کہ جب ہر یک ذرّہ عالم کا اُسکا تابع ہو بحث کرے - پھر ملایک کے وجود پر اور انکی خدمات پر دلایل شافیہ طلب کرے یعنی اِس بات کی پوری پوری تسلی کرلیوے کہ درحقیقت خدا تعالی کا انتظام یہی ہے کہ جو کچھہ اجرام اور اجسام اور کائنات الجو مین ہورہا ہے یا کبھی کبھی ظہور مین آتا ہے وہ صرف اجرام اور اجسام کے افعال شتر بے مہار کیطرح نہین ہین بلکہ اُن کے تمام واقعات کی زمام اختیار حکیم قدیر نے ملایک کے ہاتھہ مین دے رکھی ہے جو ہر دم

اور شیطنون سے ایسا پیار کرتے ہین کہ جیسا خدا تعالی ان امور سے پیار کرتا ہے اسی وجہ سے وہ خدا تعالی کے امتحانون کے وقت پیچھے نہین ہٹتے بلکہ چند قدم آگے رکھدیتے ہین - پھر بعد اسکے اللہ جلشانہ فرماتا ہے کہ ان تینون گروہ پر میرا بڑا فضل ہے یعنی ظالم بھی مورد فضل اور برگزیدہ اور خدا تعالی کے پیارے بندے ہین اور ایسا ہی مقتصد بھی اور سابق بالخیرات تو خود ظاہر ہین اب ظاہر ہے کہ اس آیت مین اللہ جلشانہ نے ظالمون کو بھی اپنے برگزیدہ

شبہ بتعجب خیز

اور ہر طرفتہ العین مین اس قادر مطلق سے اذن پاکر انواع اقسام کے تصرفات مین مشغول ہین اور نہ عبث طور پر بلکہ سراسر حکیمانہ طرز سے بڑے بڑے مقاصد کیلئے اس کرہ ارض و سما کو طرح طرح کی جنبشین دے رہے ہین اور کوئی فعل بھی انکا بیکار اور بے معنی نہین -

اور ہم فرشتون کے وجود اور انکی ان خدمات پر کسیقدر اسی رسالہ مین بحث کر آئے ہین جسکی تفصیل یہ ہے کہ فرشتون کا وجود ماننے کیلئے نہایت سہل اور قریب راہ یہ ہے کہ ہم اپنی عقل کی توجہ اس طرف مبذول کرین کہ یہ بات طے شدہ اور فیصل شدہ ہے کہ ہمارے اجسام کی ظاہری تربیت اور تکمیل کیلئے اور نیز اس کام کے لئے کہ تا ہماری ظاہری حواس کے افعال مطلوبہ کما ینبغی صادر ہوسکین خدا تعالی نے یہ قانون قدرت رکھا ہے کہ عناصر اور شمس و قمر اور تمام ستارونکو اس خدمت مین لگا دیا ہے کہ وہ ہمارے اجسام اور قوے کو مدد پہنچا کر اُن سے بوجہ احسن انکے تمام کام صادر کرادین اور ہم ان صداقتون کے ماننے سے کسیطرف بھاگ نہین سکتے کہ مثلاً ہماری آنکھ اپنی ذاتی روشنی سے کسی کام کو بھی انجام نہین دیسکتی جبتک آفتاب کی روشنی اُسکے ساتھ شامل نہ ہو اور ہمارے کان محض اپنی قوت شنوائی سے کچھ بھی سُن نہین سکتے جبتک کہ ہوا متکیف بصوت اُنکی مدد و معاون

بندی اور مورد فضل قرار دیدیا ہے اور انکو اپنے اُن پیارے اور چُنے ہوئے اور قابل تحسین لوگون مین شمار کرلیا ہے جن سے وہ بہت ہی خوش ہے حالانکہ قرآن کریم اس مضمون سے بھرا پڑا ہے کہ اللہ جلّشانہ ظالمون سے پیار نہین کرتا اور عدل کو چھوڑنیوالے کبھی مورد فضل نہین ہوسکتے۔ پس اس دلیل سے بہ بداہت معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت مین ظالمون کے گروہ سے مراد وہ گروہ نہین ہے جو خدا تعالی کا سرکش اور نافرمان اور مشرک اور کافر اور

نہ ہو۔ پس کیا اس سے یہ ثابت نہین کہ خدا تعالی کے قانون نے ہماری قوے کی تکمیل اسباب خارجیہ مین رکھی ہے اور ہماری فطرت ایسی نہین ہے کہ اسباب خارجیہ کی مدد سے مستغنی ہو اگر غور سے دیکھو تو نہ صرف ایکدد بات مین بلکہ ہم اپنے تمام حواس تمام قواے تمام طاقتون کی تکمیل کیلئے خارجی امدادات کے محتاج ہین پھر جبکہ یہ قانون اور انتظام خدائے واحد لاشریک کا جسکے کامون مین وحدت اور تناسب ہے ہمارے خارجی قوے اور حواس اور اغراض جسمانی کی نسبت نہایت شدت اور استحکام اور کمال التزام سے پایا جاتا ہے تو پھر کیا یہ بات ضروری اور لازمی نہین کہ ہماری روحانی تکمیل اور روحانی اغراض کیلئے بھی یہی انتظام ہوتا دونون انتظام ایک ہی طرز پر واقع ہوکر صانع واحد پر دلالت کرین اور خود ظاہر ہے کہ جس حکیم مطلق نے ظاہری انتظام کی یہ بنا ڈالی ہے اور اسی کو پسند کیا ہے کہ اجرام سماوی اور عناصر وغیرہ اسباب خارجیہ کے اثر سے ہمارے ظاہر اجسام اور قوے اور حواس کی تکمیل ہو اس حکیم قادر نے ہماری روحانیت کیلئے بھی یہی انتظام پسند کیا ہوگا کیونکہ وہ واحد لاشریک ہے اور اسکی حکمتون اور کامون مین وحدت اور تناسب ہے اور دلایل انیہ بھی اسی پر دلالت کرتی ہین۔ سو وہ اشیاء خارجیہ جو ہماری روحانیت پر اثر ڈالکر شمس اور قمر اور عناصر کیطرح جو اغراض جسمانی کیلئے ممد ہین ہماری اغراض روحانی کو پورا کرتی ہین انہین کا نام ہم ملایک

تتمہ بقیہ حاشیہ

طریق عدل اور راستی کو چھوڑنیوالا اور خدا تعالیٰ کی مخالفت کو اختیار کرنیوالا ہے کیونکہ ایسے لوگون کو تو قرآن کریم مردود اور مورد غضب ٹھہراتا ہے اور صاف کہتا ہے کہ خدا تعالےٰ ظالموں اور معتدین کو جو طریق عدل اور انصاف چھوڑ دیتے ہین دوست نہین رکھتا پھر وہ لوگ مورد فضل کیونکر ٹھہر سکتے ہین اور کیونکر اُن کا نام مصطفےٰ اور برگزیدہ اور چنا ہُوا رکھا جاسکتا ہے سوان یقینی اور قطعی دلایل سے ہمین ماننا پڑا کہ اِس جگہ ظالم کا لفظ کسی

تشریح بقید حل

رکھتی ہین پس اس تقریر سے وجود ملایک کا بوجہ احسن ثابت ہوتا ہے اور گو ہم اُنکی کُنہ کُہل نہ سکے اور کھلنا کچھہ ضرور بھی نہین لیکن اجمالی طور پر قانون قدرت کے توافق اور اتحاد پر نظر کرکے اُن کا وجود ہمین ماننا پڑتا ہے کیونکہ جس حالت مین ہمنے بطیب خاطر ظاہری قانون کو مان لیا ہے تو پھر کیا وجہ کہ ہم اُسی طرز اور طریق پر باطنی قانون کو تسلیم نکرین بیشک ہمین باطنی قانون بھی اِسی طرح قبول کرنا پڑیگا کہ جس طرح ہمنے ظاہری قانون کو مان لیا۔ یہی سِرّ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز مین بعض جگہ ان دونون قانونون کو مشترک الفاظ مین بیان کردیا ہے جیساکہ وہ فرماتا ہے

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا۔ یعنی اُن ہواؤن کی قسم ہے جو سمندرون اور دوسرے پانیون سے بخارات کو ایسا جدا کرتی ہین جو حق جدا کرنیکا ہے۔ پھر اُن ہواؤن کی قسم ہے جو اُن گران بار بخارات کو حمل دار عورتون کیطرح اپنے اندر لے لیتی ہین پھر اُن ہواؤن کی قسم ہے جو بادلون کو منزل مقصود تک پہنچانیکے لئے چلتی ہین۔ پھر اُن فرشتون کی قسم ہے جو درپردہ ان تمام امور کے منصرم اور انجام دہ ہین۔ یعنے ہوائین کیا چیز ہین اور کیا حقیقت رکھتی ہین جو خود بخود بخارات کو سمندرون مین سے اٹھادین اور بادلون کیصورت بنادین اور عین محل ضرورت پر جاکر برسادین اور مقسم امور

مذموم معنی کیلئے استعمال نہین ہوا بلکہ ایک ایسی محمود اور قابل تعریف معنون کیلئے استعمال ہوا ہے جو درجہ سابق بالخیرات سے حصہ لینے کے مستحق اور اُس درجہ فاضلہ کے چھوٹے بھائی ہین اور وہ معنے بجز اسکے اور کوئی نہین ہوسکتے کہ ظالم سے مراد اِس قسم کے لوگ رکھے جائین کہ جو خدا تعالے کے لئے اپنے نفس مخالف پر جبر اور اکراہ کرتے ہین اور نفس کے جذبات کم کرنیکے لئے دنرات مجاہدات شاقہ مین مشغول ہین کیونکہ یہ تو لغت کی رو سے بھی ثابت ہے کہ ظالم کا لفظ بغیر کسی

تشریح بقیہ حاشیہ

بنین یہ تو در پردہ ملایک کا کام ہے سو خدا تعالی نے اِن آیات مین اول حکمائے ظاہر کے طور پر بادلون کے برسنے کا سبب بتلایا اور بیان فرمایا کہ کیونکر پانی بخار ہوکر بادل اور ابر ہوجاتا ہے اور پھر آخری فقرہ مین یعنی **فالمقسّمات امرًا** مین حقیقت کو کھولدیا اور ظاہر کردیا کہ کوئی ظاہر بین یہ خیال نہ کرے کہ صرف جسمانی علل اور معلولات کا سلسلہ نظام ربانی کیلئے کافی ہے بلکہ ایک اور سلسلہ علل روحانیہ کا اس جسمانی سلسلہ کے نیچے ہے جسکے سہارے سے یہ ظاہری سلسلہ جاری ہے اور پھر ایک دوسری جگہ فرماتا ہے۔

والمرسلاتِ عُرفًا فالعاصفاتِ عصفًا ۙ و النّاشراتِ نشرًا فالفارِقاتِ فرقًا ۙ فالمُلقیاتِ ذِکرًا - یعنی قسم ہے اُن ہواؤن کی اور اُن فرشتون کی جو نرمی سے چھوڑے گئے ہین اور قسم ہے اُن ہواؤن کی اور ان فرشتونکی جو زور اور شدت کے ساتھ چلتی ہین اور قسم ہے اُن ہواؤن کی جو بادلون کو اُٹھاتی ہین اور اُن فرشتون کی جو ان بادلون پر موکل ہین اور قسم ہے اُن ہواؤن کی جو ہر یک چیز کو جو معرض ذکر مین آجائے کانون تک پہنچاتی ہین اور قسم ہے اُن فرشتونکی

اور لحاظ کے فقط کم کرنیکے لئے بھی آیا ہے جیساکہ اللہ جلّشانہ قرآن کریم مین ایکدوسرے مقام مین فرماتا ہے ولم تظلم منہ شیئاً ای ولم تنقص اور خدا تعالیٰ کی راہ مین نفس کے جذبات کو کم کرنا بلاشُبہ ان معنون کی رو سے ایک ظلم ہے ماسوا اِس کے ہم اِن کتب لُغت کو جو صدہا برس قرآن کریم کے بعد اپنے زمانہ کے محاورات کے موافق طیار ہوئی ہین قرآن مجید کا حکم نہین ٹھہرا سکتے۔ قرآن کریم اپنی لغات کے لئے

تشریح بقیہ حاشیہ جو الہی کلام کو دلون تک پہنچاتے ہین۔ اسیطرح خدا تعالیٰ نے آیت فالمدبرات امرا مین فرشتون اور ستارون کو ایک ہی جگہ جمع کردیا ہے یعنی اس آیت مین کواکب سبع کو ظاہری طور پر مدبّر مافی الارض ٹھہرایا ہے اور ملایک کو باطنی طور پر اُن چیزون کا مُدبّر قرار دیا ہے چنانچہ تفسیر فتح البیان مین معاذ بن جبل اور قتیبہ ری سے یہ دونون روایتین موجود ہین اور ابن کثیر نے حسنؒ سے یہ روایت ملایک کی نسبت کی ہے کہ تدبر الامر من السماء الی الارض یعنی آسمان سے زمین تک جسقدر امور کی تدبیر ہوتی ہے وہ سب ملایک کی وزیعہ سے ہوتی ہے اور ابن کثیر لکھتا ہے کہ یہ متفق علیہ قول ہے کہ **مُدبّرات امر ملایک ہین**۔

اور ابن جریر نے بھی آیات فالمدبرات امرا کے نیچے یہ شرح کی ہے کہ اِس سے مراد ملایک ہین جو مدبر عالم ہین یعنی گو بظاہر نجوم اور شمس و قمر وعناصر وغیرہ اپنے اپنے کام مین مشغول ہین مگر درحقیقت مُدبّر ملایک ہی ہین۔

اب جبکہ خدا تعالیٰ کے قانون قدرت کے رو سے یہ بات نہایت صفائی سے ثابت ہوگئی کہ نظام روحانی کیلئے بھی نظام ظاہری کیطرح موثرات خارجیہ ہین جنکا نام کلام الہی مین **ملایکہ** رکھا ہے تو اس بات کا ثابت کرنا باقی رہا کہ نظام ظاہری مین بھی جو کچھ ہو رہا ہے اُن تمام افعال اور تغیّرات کا بھی انجام اور انصرام بغیر فرشتون کی شمولیت کے نہین ہوتا سو منقولی طور پر تو اسکا ثبوت ظاہر ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے فرشتون کا نام مُدبّرات اور مقسمات امر رکھا ہے اور ہر ایک

آپ متکفل ہے اور اُسکی بعض آیات بعض دوسری آیات کی شرح کرتی ہین یہ بات ظاہر ہے
کہ اصطفاء کا عزت بخش لفظ کبھی دوسرے ظالمون کے حقمین خدا تعالی نے استعمال
نہین کیا بلکہ اُن کو مردود اور مخذول اور مورد غضب ٹھہرایا ہے مگر اس جگہ ظالم کو اپنا
برگزیدہ قرار دیا اور مورد فضل ٹھہرایا ہے اور اس آیت سے صاف ثابت ہو رہا ہے کہ جیسے
مقتصد اسلئے برگزیدہ ہے کہ مقتصد ہے اور سابق بالخیرات اسلئے برگزیدہ ہے کہ وہ سابق
بالخیرات ہے۔ اسیطرح ظالم بھی اسلئے برگزیدہ ہے کہ وہ ظالم ہے۔ پس کیا اب اس ثبوت
مین کچھہ کسر رہ گئی کہ اس جگہ ظلم سے مراد وہ ظلم ہے جو خدا تعالی کو پیارا معلوم ہوتا ہے یعنے
خدا تعالی کیلئے اپنے نفس پر اکراہ اور جبر کرنا اور نفس کے جذبات کو اللہ جلشانہ کے رضی

شیم بھیمحا عرض اور جوہر کے حدوث اور قیام کا وہی موجب ہین یہانتک کہ خدا تعالی کے
عرش کو بھی وہی اُٹھائے ہوئے ہین جیسا کہ آیت وان کل نفس لما علیہا
حافظ سے کلی طور پر فرشتون کا تقرر ہر یک چیز پر ثابت ہوتا ہے اور نیز قرآن کریم
کی آیت مندرجہ ذیل بھی اسی پر دلالت کرتی ہے اور وہ یہ ہے وانشقت السماء
فھی یومئذ واھیہ ۔ والملک علی ارجائھا ویحمل عرش ربک
فوقھم یومئذ ثمانیہ ۔ یعنی جب قیامت واقع ہوگی تو آسمان پھٹ جائیگا
اور ڈھیلا اور سست ہو جائیگا اور اُسکی قوتین جاتی رہینگی ✣ کیونکہ فرشتے جو آسمان اور

✣ آجکل کے علم ہیئت کے محققین جو یوروپ کے فلاسفر ہین جس طرز سے آسمانون کے وجود کی نسبت خیال
رکھتے ہین درحقیقت وہ خیال قرآن کریم کے مخالف نہین کیونکہ قرآن کریم نے اگرچہ آسمانون کو نرا پول تو نہین
ٹھہرایا لیکن اُس سماوی مادہ کو جو پول کے اندر بھرا ہوا ہے صلب اور کثیف اور مسدالخرق مادہ بھی قرار نہین دیا
بلکہ ہوا یا پانی کیطرح نرم اور کثیف مادہ قرار دیا جسمین ستارے تیرتے ہین اسکی طرف اشارہ ہے جو اللہ جلشانہ فرماتا ہے
کل فی فلک یسبحون ۔ ہان یونانیون نے آسمانون کو اجسام کثیفہ تسلیم کیا ہوا ہے اور پیاز کے چھلکون
کی طرح نہ بتہ انکو مانا ہے اور آخری نہ گا آسمان جو تمام تہون پر محیط ہو رہا ہے جمیع مخلوقات کا انتہا قرار دیا ہے

کرنیکی غرض سے کم کردینا اور گھٹا دینا اور اِس قسم کے ظالمون کا قرآن کریم کے دوسرے مقامات مین **توابین** بھی نام ہے جنسے اللہ جلشانہ پیار کرتا ہے۔ غرض ایسا خیال کرنا نعوذباللہ سخت دھوکا ہے کہ اِن ظالمون سے جو اِس آیت مین درج ہین وہ ظالم مراد لئے جائین جو خدا تعالیٰ کے سخت نافرمان ہین اور شرک اور کفر اور فسق کو اختیار کرنیوالے اور اُسپر راضی ہوجانیوالے اور ہدایت کی راہون سے بغض رکھنے والے ہین بلکہ وہ ظالم مراد ہین جو باوجود نفس کے سخت جذبات کے پھر افتان خیزان خدا تعالیٰ کیطرف دوڑتے ہین۔ اسپر ایک اور قرینہ یہ ہے کہ اللہ جلشانہ نے قرآن کریم کے نزول کی علت غائی ھدی للمتقین قرار دی ہے اور قرآن کریم سے رشد اور ہدایت اور فیض حاصل کرنیوالے بالتخصیص متقیون کو ہی ٹھہرایا ہے

بقیہ حاشیہ آسمانی اجرام کے لئے جان کیطرح تھے وہ سب تعلقات کو چھوڑ کر کنارون پر چلے جائینگے اور اس دن خدا تعالےٰ کے عرش کو آٹھ فرشتے اپنے سر پر اور کاندھون پر اُٹھائے ہوئے ہون گے۔ اِس آیت کی تفسیر مین شاہ عبدالعزیز صاحب لکھتے ہین کہ درحقیقت آسمان کی بقا باعث ارواح کے ہے یعنی ملایک کے جو آسمان اور آسمانی اجرام کیلئے بطور روحون کے ہین اور جیسی روح بدن کی محافظ ہوتی ہے اور بدن پر تصرف رکھتی ہے اسیطرح بعض ملایک آسمان اور آسمانی اجرام پر تصرف رکھتے ہین اور تمام اجرام سماوی اُن کے ساتھ ہی زندہ ہین اور انہین کے ذریعہ سے صدور افعال کو اکب سے

تشریح کلمات: جسکو وہ فلک الافلاک اور محدد بھی کہتے ہین جو اُن کے زعم مین معدّلین اور آسمانون کے جگانام **مدبر** اور **جوزہر** اور **مائل** ہے۔ شرق سے مغرب کیطرف گردش کرتا ہے اور باقی آسمان مغرب سے مشرق کیطرف گھومتے ہین اور اُنکے گمان مین فلک محدد معمورہ عالم کا منتہا ہی جسکے پیچھے خلا ملا نہین گویا خدا تعالیٰ نے اپنے ممالک محفوظہ کی ایک دیوار کھینچی ہوئی ہے جسکا ادراک بھی نہین نہ خلا نہ ملا۔

جیساکہ وہ فرماتا ہے۔ الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝
پس اس علت غائی پر نظر ڈالکر یقینی اور قطعی طور پر یہ بات فیصلہ پاجاتی ہے کہ ظالم
کا لفظ اس آیت مین ایسے شخص کی نسبت ہرگز اطلاق نہین پاسکتا جو عمداً نافرمان اور
سرکش اور طریق عدل کو چھوڑنیوالا اور شرک اور بے ایمانی کو اختیار کرنیوالا ہو کیونکہ ایسا
آدمی تو بلاشبہ دائرہ اتقا سے خارج ہے اور اس لایق ہرگز نہین ہے کہ ادنیٰ سی ادنے
قسم متقیون مین اسکو داخل کیا جائے مگر آیت ممدوحہ مین ظالم کو متقیون اور مومنون کے
گروہ مین نہ صرف داخل ہی کیا ہے بلکہ متقیون کا سردار اور اُن مین سے برگزیدہ ٹھہرادیا ہے۔
پس اس سے جیسا کہ ہم ابھی بیان کر چکے ہین ثابت ہوا کہ یہ ظالم اُن ظالمون مین سے

شیہ بقیہ حاشیہ پھر جب وہ ملایک جان کیطرح اُس قالب سے نکل جائینگے تو آسمان کا نظام اُنکے نکلنے سے درہم برہم ہوجائیگا جیسے جان کے نکلجانیسے قالب کا نظام درہم برہم ہوجاتا ہے۔ پھر ایک اور آیت قران کریم کی بھی اسی مضمون پر دلالت کرتی ہے اور وہ یہ ہے

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ سورۃ الملک الجزو نمبر ۲۹ یعنے ہمنے سماء الدنیا کو ستارون کے ساتھہ زینت دی ہے اور ستارون کو ہمنے رجم شیاطین کیلئے ذریعہ ٹھہرایا ہے اور پہلے اس سے نص قرانی سے ثابت ہوچکا ہے کہ آسمان سے زمین تک ہر یک امر کے

یونانیون کی اس رائے پر جس قدر اعتراض وارد ہوتے ہین وہ پوشیدہ نہین نہ صرف قیاسی طور پر بلکہ تجربہ بھی انکا مکذب ہے جس حالت مین آجکل کے آلات دوربین نہایت دور کے ستارون کا بھی پتہ لگاتے جاتے ہین اور چاند اور سورج کو ایسا دکھا دیتے ہین کہ گویا وہ پانچ چار کوس پر ہین تو پھر تعجب کا مقام ہے کہ باوجودیکہ آسمان یونانیون کے زعم مین ایک کثیف جوہر ہے اور ایسا کثیف جو

نہین ہین جو دائرہ اتقا سے بکلی خارج ہین بلکہ اِس سے وہ لوگ مراد ہین کہ جو ظلمت معصیت مین مبتلا تو ہین مگر با این ہمہ خدا تعالی سے سرکش نہین ہین بلکہ اپنے سرکش نفس سے کشتی کرتے رہتے ہین اور تکلف اور تصنع سے اور جس طرح بن پڑے حتی الوسع نفس کے جذبات سے رکنا چاہتے ہین مگر کبھی نفس غالب ہوجاتا ہے اور معصیت مین ڈال دیتا ہے اور کبھی وہ غالب آجاتے ہین اور رو رو کر اُس سیہ دستے کو دھڑا لیتے ہین اور یہ صفت جو اُن مین موجود ہوتی ہے دراصل مذموم نہین ہے بلکہ محمود اور ترقیات غیر متناہیہ کا مرکب اور مجاہدات شاقہ کا ذریعہ ہے اور درحقیقت یہی صفت مخالفت نفس کی جو دوسرے لفظون مین **ظلومیت** کے اسم سے بھی موسوم ہے ایک نہایت قابل تعریف

بشیر بصحا مقسم اور مدبر فرشتے ہین اور اب یہ قول اللہ جلشانہ کا کہ شہب ثاقبہ کو چلانیوالے وہ ستارے ہین جو سماء الدنیا مین ہین بظاہر منافی اور مبائن ان آیات سے دکھائی دیتا ہے جو فرشتون کے بارے مین آئی ہین لیکن اگر بنظر غور دیکھا جائے تو کچھ منافی نہین کیونکہ ابھی ہم ذکر کرچکے ہین کہ قرآن کریم کی تعلیم سے یہی ثابت ہوتا ہے

کہ فرشتے آسمان اور آسمانی اجرام کیلئے بطور جان کے ہین اور ظاہر ہے کہ کسی شے کی جان اُس شے سے جدا نہین ہوتی

قابل خرق و التیام نہین اور اس قدر بڑا کہ گویا چاند اور سورج کو اسکی ضخامت کی ساتھ کچھ بھی نسبت نہین - پھر بھی وہ اِن دوربین آلات سے نظر نہین آسکا - اگر دور کے آسمان نظر نہین آتے تھے تو سماء الدنیا جو سب سے قریب ہے ضرور نظر آجانا چاہئے تھا پس کچھ شک نہین کہ جو یونانیون نے عالم بالا کی تصویر دکھائی ہے وہ صحیح نہین اور اِس قدر اسپر اعتراض پیدا ہوتے ہین کہ جن سے مخلصی حاصل کرنا ممکن

جوہر انسان مین ہے جو فرشتون کو بھی نہین دیا گیا اور اسکی طرف اشارہ ہے جو اللہ جلشانہ فرماتا ہے **فحملها الانسان انه كان ظلوما جهولا** یعنے انسان مین ظلومیت اور جہولیت کی صفت تھی اسلیئے اُسنے اِس امانت کو اُٹھا لیا۔ جسکو وہی شخص اُٹھا سکتا ہے جسمین اپنے نفس کی مخالفت اور اپنے نفس پر سختی کرنیکی صفت ہو۔ غرض یہ صفت **ظلومیت** انسان کی مراتب سلوک کا ایک مرکب اور اسکے مقامات قرب کے لیئے ایک عظیم الشان ذریعہ اُسکو عطا کیا گیا ہے جو بوجہ مجاہدات شاقہ کے اوایل حال مین نار جہنم کی شکل پر تجلی کرتا ہے لیکن آخر نعماء جنت تک پہنچا دیتا ہے اور درحقیقت قرآن کریم کے دوسرے مقام مین جو آیت ہے وان منکم الا واردها کان

شیء بقیحا اِسی وجہ سے خدا تعالی نے قرآن کریم کے بعض مقامات مین رمی شہب کا فاعل فرشتون کو ٹھہرایا اور بعض دوسرے مقامات مین اُسی رمی کا فاعل ستارون کو ٹھہرا دیا کیونکہ فرشتے ستارون مین اپنا اثر ڈالتے ہین جیسا کہ جان بدن مین اپنا اثر ڈالتی ہے تب وہ اثر ستارون سے نکلکر اُن ارضی بخارات پر پڑتا ہے جو شہاب بننے کے لایق ہوتے ہین تو وہ فی الفور قدرت خدا تعالی سے مشتعل ہو جاتے ہین اور فرشتے ایک دوسرے رنگ مین شہب ثاقبہ سے تعلق پکڑ کر اپنے نور کے ساتھ ہمین اور بسا کیطرف اُنکو چلاتے ہین اور اس بات مین تو کسی فلسفی کو کلام نہین کہ جو کچھ کائنات النجم

ہی نہین لیکن قرآن کریم نے جو سموات کی حقیقت بیان کی ہے وہ نہایت صحیح اور درست ہے جسکے ماننے کے بغیر انسان کو کچھ چین نہین پڑتا اور اُسکی مخالفت مین جو کچھ بیان کیا جاتا ہے وہ سراسر اوہام فاسدہ یا تعصب پر مبنی ہوگا۔ قرآن کریم نے آسمانون کو یونانی حکماء کی طرح طبقات کثیفہ ٹھہراتا ہے اور نہ بعض نادانون کے خیال کے موافق ذوابیل جسمین کچھ بھی نہین۔ چنانچہ شق اول کی نقولی طور پر غلطی ظاہر ہے جسکی نسبت ہم ابھی بیان کر چکے ہین۔ اور شق دوم یعنے یہ کہ آسمان کچھ بھی وجود مادی نہین رکھتا

علی ربک حتما مقضیا ثم ننجی الذین اتقوا ونذر الظالمین فیہا جثیا

یہ بھی درحقیقت صفت محمودۂ ظلومیت کیطرف ہی اشارہ کرتی ہے اور ترجمہ آیت یہ ہے کہ تم مین سے کوئی بھی ایسا نفس نہین جو آگ مین وارد نہ ہو یہ وہ وعدہ ہے جو تیرے رب نے اپنے پر امر لازم اور واجب الادا ٹھہرا رکھا ہے پھر ہم اُس آگ مین وارد ہونیکے بعد متقیون کو نجات دیدیتے ہین اور ظالمون کو یعنی اُنکو جو مشرک اور سرکش ہین جہنم مین زانو پر گرے ہوئے چھوڑ دیتے ہین۔ اِس جگہ **الظالمین** پر جو الف لام آیا ہے وہ فایدہ تخصیص کا دیتا ہے اور اس سے غرض یہ ہے کہ ظالم دو قسم کے ہین۔

(۱) ایک متقی ظالم جنکی نجات کا وعدہ ہے اور جو خدا تعالیٰ کے پیارے ہین

شیہ بقیہ حاشیہ یا زمین مین ہوتا ہی علل ابتدائیہ اُن کے نجوم اور تاثیرات سماویہ ہی ہوتی ہین ہان اِس دوسرے دقیق بھید کو ہر ایک شخص نہین سمجھ سکتا کہ نجوم کے قویٰ فرشتون سے فیضیاب ہین اِس بھید کو اول قرآن کریم نے ظاہر فرمایا اور پھر عارفون کو اس طرف توجہ پیدا ہوئی۔ غرض اِس آیت سے بھی منقولی طور پر یہی ثابت ہوا کہ فرشتے نجوم اور آسمانی قوے کیلئے جان کیطرح ہین اسیوجہ سے خدا تعالیٰ نے قرآن کریم مین کئی جگہ نجوم کا فعل فرشتون کیطرف منسوب کیا ہی اور کہیں فرشتون کا فعل نجوم کیطرف منسوب کر دیا ہی بایں ہمہ کہ جب کہ

قرآن کریم کی تعلیم کی رو سے فرشتے نجوم اور شمس اور قمر اور آسمان

تنبیہ نرا پوں استقرا کی رُو سے سراسر غلط ثابت ہوتا ہے کیونکہ اگر ہم اُس فضا کی نسبت جو چمکتے ہوئے ستارون تک ہمین نظر آتا ہے بذریعہ اپنے تجارب استقرائیہ کے تحقیقات کرنا چاہین تو صاف ثابت ہوتا ہے کہ سنت اللہ یا قانون قدرت یہی ہے کہ خدا تعالیٰ نے کسی فضا کو محض خالی نہین رکھا چنانچہ جو شخص غبارہ مین بیٹھ کر ہوا کے طبقات کو چیرتا چلا جاتا ہے وہ شہادت دیسکتا ہے کہ جس قدر وہ اوپر کو چڑھا اُس نے کسی حصہ فضا کو خالی نہین پایا

اور جو آیت منھم ظالم مین ناجیون مین شمار کیے گئے ہین —

(۲) **دوسرے** مشرک اور کافر اور سرکش ظالم جو جہنم مین گرائے جائینگے اور اس آیت مین بیان فرمایا کہ متقی بھی اُس نار کی مس سے خالی نہین ہین اس بیان سے مراد یہ ہے کہ متقی اسی دُنیا مین جو دار الابتلا ہے انواع اقسام کے پیرایہ مین بڑی مردانگی سے اُس نار مین اپنے تئین ڈالتے ہین اور خدا تعالی کیلئے اپنی جانون کو ایک بھڑکتی ہوئی آگ مین گراتے ہین اور طرح طرح کے آسمانی قضاء قدر بھی نار کی شکل مین اُنپر وارد ہوتے ہین وہ ستائے جاتے اور دکھہ دئے جاتے ہین اور اس قدر بڑے بڑے زلزلے اُنپر آتے ہین کہ اُن کے ماسوا کوئی اُن لازل کی برداشت نہین کرسکتا اور حدیث صحیح مین

شیخ کیلئے جان کیطرح ہین اور قیام اور بقا اِن تمام چیزون کا فرشتون کے تعلق **بقیہ حا** پر موقوف ہے۔ اور اُن کے **ارجاء** کیطرف کہسک جانیسے تمام اجرام ستارون اور شمس و قمر اور آسمان کو موت کی صورت پیش آتی ہے تو پھر اس صورت مین وہ جان کیطرح ہوئے یا کچھہ اور ہوئے۔ مین ان ہولیون کی حالت پر سخت افسوس کرتا ہون کہ جو ان تمام کھلے کھلے مقامات قرآنی کو دیکھہ کر پھر بھی اسبات کے قبول کرنیسے متامل ہین کہ ملایکہ کو اجرام سماوی بلکہ بعض فرشتون کو جو **عنصریون** ہین عناصر اور اجرام سماوی سے ایسا شدید تعلق ہے کہ جیسا کہ ارواح کو قوالب کے ساتھہ ہوتا ہے یہ تو سچ ہے

پس یہ استقرا ہمین بہت کچھہ سمجھنے کیلئے بہت مدد دیسکتا ہے کہ اگرچہ یونانیون کیطرح آسمان کی حد بست ناجائز ہے مگر یہ بھی تو درست نہین ہے کہ آسمانون سے مراد صرف ایک خالی فضا اور پول ہے جسمین کوئی مخلوق مادہ نہین ہم جہانتک ہماری تجارب رویت رسائی رکھتے ہین کوئی مجرد پول مشاہدہ نہین کرتے پھر کیونکر خلاف اپنی مستمر استقرا کے حکم کرسکتے ہین کہ ان مملو فضاؤن سے آگے چل کر ایسے فضا بھی ہین جو بالکل خالی ہین۔ کیا بر خلاف ثابت شدہ استقرار کے اِس

ہے کہ تپ بہی جو مومن کو آتا ہے وہ نار جہنم مین سے ہے اور مومن بوجہ تپ اور دوسری تکالیف کے نار کا حصہ اسی عالم مین لے لیتا ہے اور ایک دوسری حدیث مین ہے کہ مومن کے لئے اس دنیا مین بہشت و دوزخ کی صورت مین تمثل ہوتا ہے یعنی خدا تعالی کی راہ مین تکالیف شاقہ جہنم کی صورت مین اسکو نظر آتی ہین پس وہ بطیب خاطر اس جہنم میں وارد ہو جاتا ہے تو معًا اپنے تئین بہشت مین پاتا ہے - اسی طرح اور بہی احادیث نبویہ بکثرت موجود ہین جنکا حاصل یہ ہے کہ مومن اسی دنیا مین نار جہنم کا حصہ لے لیتا ہے اور کافر جہنم مین بجبر و اکراہ گرایا جاتا ہے لیکن مومن خدا تعالی کے لئے آپ آگ مین گرتا ہے **ایک اور حدیث** اسی مضمون کی ہے جسمین لکھا ہے کہ ایک حصہ نار کا ہر ایک بشر کیلئے مقدر ہی چاہے تو وہ اس دنیا مین اس آگ کو اپنے لئے خدا تعالی کے راہ مین قبول کر لیوے

بقیہ حاشیہ کہ قرآن کریم سے بہی ثابت ہوتا ہے کہ ملایک آسمان پر ایک مستقل وجود رکہتے ہین مگر کیا یہ دوسری بات بہی اسی کتاب عزیز کی رو سے سچی ثابت نہین ہوتی کہ ملایکہ کا تعلق ہر ایک جرم سماوی سے ایک حافظانہ تعلق ہے اور ہر ایک ستارہ اپنے بقا اور قیام اور صدور افعال مین ملایکہ کی تائید کا محتاج ہے افسوس کہ یہ لوگ جو اپنے تئین **مولوی** کہلاتے ہین یون تو مسلمانون کو **کافر بنانے** کیلئے بڑے سرگرم ہین مگر قرآن کریم کی تعلیم مبارک کہ حکمیہ کو تدبر اور تعمق کی نظر سے نہین دیکہتے پہر حق کے سمجہنے مین کیون کر کامیاب ہون وہ قرآن کریم کا ذرا ادراک نہین کرتے اور اسکو نعوذ باللہ ایک موٹے خیالات کا مجموعہ سمجہتے ہین اور قرآن کریم کی اعلے طاقتون اور

تنبیہ مہم دیگر: وہم کا کچہہ بہی ثبوت ہے ایک ذرا بہی نہین - یہ کیونکر ایک بے بنیاد وہم کو قبول کیا جائے اور مان لیا جائے - ہم کیونکر ایک قطعی ثبوت کو بغیر کسی مخالفانہ اور غالب ثبوت کے چہوڑ سکتے ہین اور علاوہ اسکے اللہ جلشانہ کی یہ سر شان بہی ہے گویا وہ عام اور کامل خالقیت سے عاجز تہا تبہی تو تہوڑا سا بنا کر باقی بے انتہا فضا چہوڑ دی اور مین نہین سمجہہ سکتا کہ اس استقرائی ثبوت کے انکار مین کہ کوئی فضا کسی جوہر لطیف سے خالی نہین کون سی یقینی اور قطعی دلیل ایسے شخصون

اور چاہے تو متنعم اور غفلت میں عمر گذارے اور آخرت میں اپنے تنعم کا حساب دیوے اور آیت وان منکم الا واردھا کے ایک دوسرے معنے بھی ہیں اور وہ یہ ہے کہ عالم آخرت میں ہر یک سعید اور شقی کو تمثل کر کے دکھلا دیا جائیگا کہ وہ دنیا میں سلامتی کی راہوں میں چلا یا اُس نے ہلاکت اور موت اور جہنم کی راہیں اختیار کیں سو سعید کو سلامتی کی راہ جو صراط مستقیم اور نہایت باریک راہ ہے جس پر چلنے والے بہت تھوڑے ہیں اور جس سے تجاوز کرنا اور اِدھر اُدھر ہونا درحقیقت جہنم میں گرنا ہے تمثل کے طور پر نظر آجائیگی اور جو لوگ دنیا میں صراط مستقیم پر چل نہیں سکے وہ اس روز اُس صراط پر بھی چل نہیں سکیں گے کیونکہ وہ صراط درحقیقت دنیا کی روحانی صراط کا ہی ایک نمونہ ہے اور جیسا کہ ابھی روحانی آنکھوں سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہماری صراط کے دائیں بائیں درحقیقت جہنم ہے اگر

بقیہ حاشیہ حکمتوں اور اُسکے دقیق بھیدوں سے بے خبر ہیں۔

یہ تو ہمنے منقولی طور پر ثبوت دیا لیکن معقولی طور پر اس بات کا ثبوت کہ نظام ظاہری میں جو کچھ امر خیر ہو رہا ہے اُن تمام امور کا ظہور و صدور دراصل ملایکہ کے افعال خفیہ سے ہے **ان امور پر غور کرنے سے** پیدا ہوتا ہے کہ ہر یک چیز سے اللہ جلشانہ وہ کام لیتا ہے جس کام کے کرنے کی اُس چیز کو قوتیں عطا کی گئی ہیں۔ پس اب خیال کرنا کہ ہر یک تغیر اجرام سماوی اور کائنات الجو کا صرف اسباب طبیعیہ خارجیہ سے ظہور میں آتا ہے اور کسی روحانی سبب کی ضرورت نہیں بالکل غیر معقول ہے کیونکہ اگر ایسا ہی ہونا کہ یہ

اس بیان کا عقلی ثبوت کہ اس عالم کے تمام امور کا ظہور ملایکہ کے ذریعہ سے ہے نہ خود بخود۔

کے ماتحت میں ہے جو مجرد پول کے قائل ہیں یا قائل ہوں۔ اگر کوئی شخص ایسا ہی اعتقاد اور مذہب رکھتا ہے کہ چند ہا دی کردن کے بعد تمام پول ہی پڑا ہے جو بے انتہا ہے تو وہ ہماری اس حجت استقرائی سے صاف اور صریح طور پر ملزم ٹھہر جاتا ہے ظاہر ہے کہ استقراء وہ استدلال اور حجت کی قسم ہے جو اکثر دنیا کے ثبوتوں کو اسی سے مدد ملی ہے مثلاً ہمارا یہ قول کہ انسان کی دو آنکھیں ہوتی ہیں اور ایک زبان اور دو کان اور وہ عورتوں کی پیشاب گاہ کی راہ سے پیدا ہوتا ہے

ہم صراط کو چھوڑکر دائین طرف ہوئے تب بہی جہنم مین گرے اور اگر بائین طرف ہوئے تب بہی گرے اور اگر سیدھے صراط مستقیم پر چلے تب جہنم سے بچگئے۔ یہی صورت جسمانی طور پر عالم آخرت مین ہمین نظر آجائیگی اور ہم آنکھون سے دیکھین گے کہ درحقیقت ایک صراط ہے جو پُل کی شکل پر دوزخ پر بچہایا گیا ہے جسکے دائین بائین دوزخ ہے تب ہم مامور کئے جائینگے کہ اُسپر چلین۔ سو اگر ہم دنیا مین صراط مستقیم پر چلتے رہے ہین اور دائین بائین نہین چلے تو ہمکو اس صراط سے کچہہ بہی خوف نہین ہوگا اور نہ جہنم کی بھاپ ہم تک پہنچیگی اور نہ کوئی فزع اور خوف ہمارے دل پر طاری ہوگا بلکہ نوراِیمان کی قوت سے چمکتی ہوئی برق کیطرح ہم اُس سے گذر جائینگے کیونکہ ہم پہلے اُس سے گذر چکے ہین اسکی طرف اللہ جلشانہ اشارہ فرماتا ہے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ۔ الجزو نمبر سورۃ القصص یعنے نیکی کرنیوالون کو قیامت کے دن اُس نیکی سے زیادہ بدلا ملیگا

بقیہ حاشیہ تغیرات اجرام سماوی اور حوادث کائنات الجو جو بڑے بڑے مصالح پر مشتمل اور بنی آدم کی بقا اور صحت اور ضروریات معاشرت کی اِس شرط سے ممد و معاون ہین کہ اِن مین افراط اور تفریط نہ پایا جائے اگر خود بخود ہوتے اور ایسی ذی شعور چیزون کا درمیان قدم نہ ہوتا جو ارادہ اور فہم اور مصلحت اور اعتدال کی رعائت کرسکتے ہین اور ہمارا تمام کاروبار زندگی اور ابقا اور ضروریات معاشرت کا صاف ایسی چیزون پر چھوڑا جاتا جو نہ شعور رکہتے ہین نہ ادراک اور نہ مصلحت وقت کو پہچان سکتے ہین اور نہ اپنے کاموں کو افراط اور تفریط سے محفوظ رکہہ سکتے ہین اور نہ نیک انسان

اور پہلے بچہ پہر جوان اور پہر بڈہا ہوتا ہے اور آخر کسیقدر عمر پاکر مرجاتا ہے اور ایسا ہی ہمارا یہ قول کہ انسان سوتا بہی ہے اور کہاتا بہی اور آنکھون سے دیکہتا اور ناک سے سونگہتا اور کانون کے ذریعہ سے سنتا اور پیرون سے چلتا اور ہاتہون سے کام کرتا اور رودکانون ہین اوسکا سر ہے ایسا ہی اور صدہا باتین اور ہر ایک نوع نباتات اور جمادات اور حیوانات کی نسبت جو ہمنے طرح طرح کے خواص دریافت کئے ہین ان سبکا ذریعہ بجز استقرا کے اور کیا ہے

اور وہ ہر ایک ڈر سے اُسدن امن مین رہینگے ایسا ہی فرمایا ہے یاعبادِ لاخوف علیکم الیوم ولا انتم تحزنون۔ الجزو ۲۵ سورۃ الزخرف یعنے اے میرے بندو آجکے دن کچھہ تم کو خوف نہین اور نہ کوئی غم تمہین ہوسکتا ہے۔ لیکن جو شخص دنیا مین صراط مستقیم پر نہین چلا وہ اُسوقت بھی چل نہین سکیگا اور دوزخ مین گریگا اور جہنم کی آگ کا ہیمہ بنجائیگا۔ جیساکہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے۔ ومن جاء بالسیئۃ فکبت وجوھھم فی النار ھل تجزون الا ما کنتم تعملون۔ الجزو ۲۰ یعنی بدی کرنیوالے اُسدن جہنم مین گرائے جائینگے اور کہا جائیگا کہ یہ جزا درحقیقت وہی تمہارے اعمال ہین جو تم دُنیا مین کرتے تھے یعنی خدا تعالی کسی پر ظلم نہین کریگا بلکہ نیکی کے اعمال جنت کی صورت مین اور بدی کے اعمال دوزخ کی صورت مین ظاہر ہوجائین گے۔

جاننا چاہیئے کہ عالم آخرت درحقیقت دُنیوی عالم کا ایک عکس ہے اور جو کچھہ دُنیا

بقیہ حاشیہ: اور بد انسان مین فرق کرکے ہر ایک کے ساتھہ اُسکے مناسب حال معاملہ کرسکتے ہین تو دُنیا مین اندھیر پڑجاتا اور صانع حکیم وقدیر وعادل ورحیم وکریم کا کچھہ پتہ نہ لگتا بلکہ یہ سلسلہ ذی روحون کی حیات کا جو زمین پر بستے ہین ایک دم بھی چل نہ سکتا اور دنیا مع اپنے تمام لوازم کے اپنے خاتمہ کے صدمہ کو دیکھہ لیتی۔ پس اس سے صاف تر اور صریح تر اور روشن تر اور کیا دلیل ہوگی کہ اس آسمانی اور کائنات الجو کے سلسلہ مین وہ گڑبڑ اور اندھیر نظر نہین آتا جو اُس صورت مین ہوتا جبکہ

تتمہ حاشیہ: پھر اگر استقرا مین کسیکو کلام ہو تو یہ تمام علوم درہم برہم ہوجائینگے اور اگر یہ خلجان اُن کے دلون مین پیدا ہو کہ آسمانون کا اگر کچھہ وجود ہے تو کیون نظر نہین آتا تو اسکا یہ جواب ہے کہ ہر ایک وجود کا مرئی ہونا شرط نہین جو وجود نہایت لطافت اور بساطت مین پڑا ہے وہ کیونکر نظر آجائے اور کیونکر کوئی دوربین اُسکو دریافت کرسکے۔ غرض سماوی وجود کو خدا تعالی نے نہایت لطیف قرار دیا ہے چنانچہ اسی کی تصریح مین یہ آیت اشارہ کررہی ہے کہ کل فی فلک یسبحون یعنی ہر ایک ستارہ اپنے اپنے آسمان مین جو اُسکا مدار ہے تیر رہا ہے۔ اور درحقیقت خدا تعالی نے یونانیون

ہین رُوحانی طور پر ایمان اور ایمان کے نتائج اور کفر اور کفر کے نتائج ظاہر ہوتے ہین وہ عالم آخرت
ہین جسمانی طور پر ظاہر ہو جائینگے اللہ جلشانہ فرماتا ہے من کان فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الاٰخرۃ اعمیٰ
یعنی جو اس جہان مین اندھا ہے وہ اُس جہان مین بھی اندھا ہے ہوگا۔ ہمین اُس تمثلی وجود سے
کچھ تعجب نہین کرنا چاہئے اور ذرا سوچنا چاہئے کہ کیونکر روحانی امور عالم رویا مین متمثل ہو کر
نظر آجاتے ہین اور عالم کشف تو اِس سے بھی عجیب تر ہے کہ باوجود عدم غیبت حس اور بیداری
کے رُوحانی امور طرح طرح کے جسمانی اشکال مین انہین آنکھون سے دکھائی دیتے ہین جیسا کہ
بسا اوقات عین بیداری مین اُن روحون سے ملاقات ہوتی ہے جو اِس دُنیا سے گذر چکے ہین
اور وہ اِسی دنیوی زندگی کے طور پر اپنے اصلی جسم مین اِسی دُنیا کے کپڑون مین سے ایک پوشاک
پہنے ہوئے نظر آتے ہین اور باتین کرتے ہین اور بسا اوقات اُنہین سے مقدس لوگ بآمنہ تعالے

شبہ بقیہ حاشیہ: تمام مدار اِس نظام کا بیجان اور بے شعور چیزون پر ہونا سو ہمین اِس دلیل کی روشنی ملایک کے وجود اور اُن کی ضرورت کے ماننے کیلئے ایسی بصیرت بخشتی ہے کہ گویا ہم بچشم خود ملایک کے وجود کو دیکھہ رہے ہین۔

اور اگر کوئی اس جگہ یہ شبہ پیش کرے کہ کیون یہ بات روا نہین کہ ملایک درمیانی مؤثر ہون اور ہر یک چیز خدا تعالی کے حکم اور اذن اور تدبیر محکم سے وہی خدمت بجالاوے جو اللہ جلشانہ کا منشا ہے

کی محدود کی طرح اپنے عرش کو قرار نہین دیا اور نہ اُسکو محدود قرار دیا۔ ہان اُسکو اعلے سے اعلے ایک طبقہ قرار دیا ہے جس کی باعتبار اُسکی کیفیت اور کمیت کے اور کوئی اعلے طبقہ نہین ہے اور یہ امر ایک مخلوق اور موجود کے لئے ممتنع اور محال نہین ہو سکتا۔ بلکہ نہایت قرین قیاس ہے کہ جو طبقہ عرش اللہ کہلاتا ہے وہ اپنی وسعتون مین خدا کے غیر محدود کے مناسب حال اور غیر محدود ہو۔

اور اگر یہ اعتراض پیش ہو کہ قرآن کریم مین یہ بھی لکھا ہے کہ کسی وقت آسمان پھٹ جائینگے اور اُن مین شگاف ہو جائینگے اگر وہ لطیف مادہ ہے تو اُسکے پھٹنے کے کیا معنی ہین

اس بات کا جواب کہ کیون یہ بات جائز نہین کہ جگہ عالم اجسام مین ملایک کے کرنے کی ہو وہ کام خود ہی بجا لاوین جو خدا اپنی خلق مین خدا تعالے سے کرنا چاہتا ہے۔

آیندہ کی خبرین دیتے ہین اور وہ خبرین مطابق واقعہ نکلتی ہین بسا اوقات عین بیداری مین ایک شربت یا کسی قسم کا میوہ عالم کشف سے ہاتھہ مین آتا ہے اور وہ کھانے مین نہایت لذیذ ہوتا ہے اور ان سب امور مین یہ عاجز خود صاحب تجربہ ہے کشف کی اعلیٰ قسمون مین سے یہ ایک قسم ہے کہ بالکل بیداری مین واقع ہوتی ہے اور یہان تک اپنے ذاتی تجربہ سے دیکھا گیا ہے کہ ایک شیرین طعام یا کسی قسم کا میوہ یا شربت غیب سے نظر کے سامنے آگیا ہے اور وہ ایک غیبی ہاتھہ سی مونہہ مین پڑتا جاتا ہے اور زبان کی قوت ذائقہ اسکے لذیذ طعم سے لذت اٹھاتی جاتی ہے اور دوسرے لوگون سے باتون کا سلسلہ بھی جاری ہے اور حواس ظاہری بخوبی اپنا اپنا کام دے رہے ہین اور یہ شربت یا میوہ بھی کہایا جاتا ہے اور اسکی لذت اور حلاوت بھی ایسی ہی کہلی کہلی طور پر معلوم ہوتی ہے بلکہ وہ لذت اس لذت سے نہایت الطف ہوتی ہے اور یہ ہرگز نہین کہ وہ وہم ہوتا ہے یا صرف

حاشیہ بقیہ حاشیہ

تو ایسا شبہ درحقیقت غلط فہمی کی وجہ سے پیدا ہوگا کیونکہ ہم ابھی پہلے اس سے لکھہ چکے ہین کہ یہ بات ایک ثابت شدہ وصداقت ہے کہ اجرام علوی اور عناصر اور کائنات الجو جو ہماری بقا اور حیات اور معاشرت کے خادم ٹھہرائے گئے ہین علم اور شعور اور ارادہ نہین رکھتے پس صرف انہین کے تغیرات اور حوادث سے وہ کام اور وہ اغراض اور وہ مقاصد ہمارے لئے حاصل ہوجانا جو محض عاقلانہ وزن اور تعدیل اور تدبیر اور مصلحت اندیشی سے صادر ہوسکتے ہین بداہت ممتنع

تو اسکا یہ جواب ہے کہ اکثر قرآن کریم مین سماء سے مراد کل ما فی السماء کو لیا ہے جسمین آفتاب اور ماہتاب اور تمام ستارے داخل ہین۔ ماسوا اس کے ہر یک جرم لطیف ہو یا کثیف قابل خرق ہے بلکہ لطیف تو بہت زیادہ خرق کو قبول کرتا ہے پھر کیا تعجب ہے کہ آسمانون کے مادہ مین بحکم رب قدیر وحکیم ایک قسم کا خرق پیدا ہوجائے۔ وذالک علی اللہ یسیر۔ بالآخر یہ بات بھی یاد رکھنے کے لایق ہے کہ قرآن کریم کے ہر یک لفظ کو حقیقت پر حمل کرنا بھی بڑی غلطی ہے۔ اللہ جلشانہ کا یہ پاک کلام بوجہ اعلےٰ درجہ کی بلاغت کے استعارات لطیفہ سے بھرا ہوا ہے۔ سو ہمین اس فکر مین پڑنا کہ انشقاق اور انفجار آسمانون کا کیونکر ہوگا درحقیقت

بے بنیاد تخیلات ہوتے ہین بلکہ واقعی طور پر وہ خدا جسکی شان **بکل خلق علیم** ہے ایک قسم کے خلق کا تماشا دکھا دیتا ہے پس جبکہ اِس قسم کے خلق اور پیدایش کا دنیا مین ہی نمونہ دکھائی دیتا ہے اور ہر ایک زمانہ کے عارف اِسکے بارے مین گواہی دیتے چلے آئے ہین تو پھر وہ تمثلی خلق اور پیدایش جو آخرت مین ہوگی اور میزان اعمال نظر آئیگی اور پُل صراط نظر آئیگا اور ایسا ہی بہت سے اور امور روحانی جسمانی تشکل کے ساتھ نظر آئینگے اُس سے کیون عقلمند تعجب کرے کیا جس نے یہ سلسلہ تمثلی خلق اور پیدایش کا دنیا مین ہی عارفون کو دکھا دیا ہے اُسکی قدرت سے یہ بعید ہے کہ وہ آخرت مین بھی دکھا دے بلکہ ان تمثلات کو عالم آخرت سے نہایت مناسبت ہے کیونکہ جسجا لتہین اس عالم مین جو کمال انقطاع کا تجلی گاہ نہین ہے یہ تمثلی پیدایش تزکیہ یافتہ لوگون پر ظاہر ہو جاتی ہے تو پھر عالم آخرت مین جو اکمل اور اتم انقطاع کا مقام ہے کیون نظر نہ آوے

بقیہ حاشیہ ہے خدا تعالیٰ جس چیز سے کوئی کام لینا چاہتا ہے اول اُس کام کے متعلق جس قدر مصالح ہین اُن تمام مصالح کے مناسب حال اُس چیز مین تولے رکھ دیتا ہے۔ مثلاً ایک فعل خدا تعالیٰ کا بارش ہے جسکے انواع اقسام کے اغراض کیلئے ہمین ضرورت ہے اور خدا تعالیٰ اپنے بندون کے اعمال کے موافق کبھی اُس بارش کو عین وقتون پر نازل کرتا ہے اور افراط تفریط کے نقصانون سے ہماری کھیتون اور ہماری صحتون کو بچا لیتا ہے اور کبھی دنیا پر

اِن الفاظ کے وسیع مفہوم مین ایک دخل بیجا ہے صرف یہ کہہ سکتے ہین کہ یہ تمام الفاظ اور اِس قسم کے اور بھی عالم مادی کے فنا کی طرف اشارہ ہے الٰہی کلام کا مدعا یہ ہے کہ اِس عالم کون کے بعد فساد بھی لازم پڑا ہوا ہے ہر ایک جو بنایا گیا توڑا جائیگا اور ہر ایک ترکیب پاش پاش ہو جائیگی اور ہر ایک جسم متفرق اور ذرہ ذرہ ہو جائیگا اور ہر ایک جسم اور جسمانی پر عام فنا طاری ہوگی۔ اور قرآن کریم کے بہت سے مقامات سے ثابت ہوتا ہے کہ انشقاق اور انفجار کے الفاظ جو آسمانون کی نسبت وارد ہین اُن سے ایسے معنی مراد نہین ہین جو کسی جسم صلب اور کثیف کے حقیقی مراد لئے جاتے ہین جیسا کہ ایک دوسرے مقام مین اللہ جلشانہ فرماتا ہے

یہ بات بخوبی یاد رکھنی چاہیئے کہ انسان عارف پر اسی دُنیا مین وہ تمام عجائبات کشفی رنگون مین کھلجاتے ہین کہ جو ایک محجوب آدمی قصہ کے طور پر قرآن کریم کی اُن آیات مین پڑہتا ہے جو معاد کے بارے مین خبر دیتی ہین سو جسکی نظر حقیقت تک نہین پہنچتی وہ ان بیانات سے تعجب مین پڑجاتا ہے بلکہ بسا اوقات اُسکے دل مین اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ خدا تعالی کا عدالت کے دن تخت پر بیٹھنا اور ملایک کا صف باندھے کھڑے ہونا اور ترازو مین عملون کا تُلنا اور لوگون کا پُل صراط پر سے چلنا اور سزا جزا کے بعد موت کو بکرے کیطرح ذبح کر دینا اور ایسا ہی اعمال کا خوش شکل یا بدشکل انسانون کیطرح لوگون پر ظاہر ہونا اور بہشت مین دودہ اور شہد کی نہرین چلنا وغیرہ وغیرہ یہ سب باتین صداقت اور معقولیت سے دور معلوم ہوتی ہین لیکن یہ تمام شکوک اِس ایک ہی نکتہ کے حل ہونے سے رفع ہو جاتے ہین کہ عالم آخرت

بقیہ حاشیہ کوئی تنبیہ نازل کرنا منظور ہوتا ہے تو بارش کو جس ملک سے چاہے روک لیتا ہے یا اسمین افراط تفریط رکھدیتا ہے کبھی ایک ملک یا ایک شہر یا ایک گانو یا ایک خطعہ زمین کو بعض آدمیونکو نادینے کیلئے اُس بارش کے نفع سے بکلی محروم کر دیتا ہے اور جس قدر چاہتا ہے فقط اُسیقدر بادل کو آسمان کی فضا مین پہیلاتا ہے یہان تک کہ ایک کھیت مین بارش برستی ہے اور ایک دوسرا کھیت جو اُسی کے ساتھہ ملحق ہے اس بارش کے ایک قطرہ سے بھی بہرہ یاب نہین ہوتا

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِہٖ یعنی دنیا کے فنا کے کرنیکے وقت خدا تعالی آسمانون کو اپنے داہنے ہاتھہ سے لپیٹ لیگا اب دیکھو کہ اگر شق السموات سے درحقیقت پہاڑ مراد لیا جاے تو مطویات کا لفظ اُس سے مغائر اور منافی پڑیگا کیونکہ اسمین پہاڑ نیکا کہین ذکر نہین صرف لپیٹنے کا ذکر ہے۔ پھر ایک دوسری آیت ہے جو سورۃ الانبیا جزو ۱۷ مین ہے اور وہ یہ ہے یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ کَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُہٗ وَعْدًا عَلَیْنَا اِنَّا کُنَّا فٰعِلِیْنَ یعنی ہم اُسدن آسمانون کو ایسا لپیٹ لینگے جیسے ایک خط متفرق

ایک تمثلی خلق کا عالم ہے یہ خدا تعالیٰ کے بھیدون مین سے ایک بھید ہے کہ وہ بعض اشیا کو تمثلی طور پر ایسا ہی پیدا کر دیتا ہے جیسا دوسرے طور پر ہوا کرتا ہے جیسے تم دیکھتے ہو کہ آئینہ مین تمہاری ساری شکل منعکس ہو جاتی ہے اور تم خیال کر سکتے ہو کہ کس طرح عکسی طور پر تمہاری تصویر کھینچی جاتی ہے کیسے تمہاری تمام خال وخط انمین آجاتی ہین۔ پھر اگر خدا تعالیٰ روحانی امور کی سچ مچ تصویر کھینچ کر اور ان مین صداقت کی جان ڈالکر تمہاری آنکھون کے سامنے رکھدیوے تو کیون اُس سے تعجب کیا جاوے اللہ جلشانہ ڈھونڈھنے والون پر اسی دُنیا مین یہ تمام صداقتین ظاہر کر دیتا ہے اور آخرت مین کوئی بھی ایسا امر نہین جسکی کیفیت اِس عالم مین کھل نہ سکے۔

اور اگر یہ اعتراض کسیکے دل مین خلجان کرے کہ آیت وان منکم الّا واردھا کے بعد مین یہ آیت ہے کہ ثم ننجی الذین اتقوا ونذر الظالمین فیھا جثیّا یعنے پھر ہم ورود

بقیہ حاشیہ اور خشک اور دھوپ مین سڑا ہوا رہ جاتا ہے۔ ایسا ہی کبھی ایک ہوا کا بگڑنا ایک شہر یا ایک اقلیم یا ایک محلہ کو سخت وبا مین ڈالتا ہے اور دوسری طرف کو بکلی بچا لیتا ہے۔ اسی طرح ہم ہزارہا دقیق در دقیق ربانی مصالح دیکھتے ہین جنکو ہم بے شعور عناصر اور اجرام کیطرف ہرگز منسوب نہین کر سکتے اور یقیناً ہم جانتے ہین کہ ایسے مصالح سے

بقیہ حاشیہ مضامین کو اپنے اندر لپیٹ لیتا ہے اور جس طرز سے ہمنے اِس عالم کو وجود کیطرف حرکت دی تھی اُنہین قدمون پر پھر یہ عالم عدم کیطرف لوٹایا جائیگا یہ وعدہ ہمارے ذمہ ہے جسکو ہم کرنے والے ہین۔ بخاری نے بھی اِس جگہ ایک حدیث لکھی ہے جسمین جلسے غور یہ لفظ ہین۔ وتکون السموات بیمینہ یعنی لپیٹنے کے یہ معنی ہین کہ خدا تعالیٰ آسمانون کو اپنے داہنے ہاتھ مین چھپا لیگا اور جیسا کہ اب اسباب ظاہر اور مسبّب پوشیدہ ہے اُسوقت مسبب ظاہر اور اسباب زاویہ عدم مین چھپ جائینگے اور ہر یک چیز اُسکی طرف رجوع کر کے تجلیات قہریہ مین مخفی ہو جائیگی۔ اور ہر یک چیز اپنے مکان اور مرکز کو چھوڑ دیگی اور تجلّیات الٰہیہ

دوزخ کے بعد متقیون کو نجات دیدینگے اور ظالمون کو دوزخ مین گرے ہوئے چھوڑ دینگے - اور نجات دینے کے مفہوم مین یہ بات داخل ہے کہ اوّل انسان کسی عذاب یا بلا مین مبتلا ہو پھر اُس سے اسکو رہائی بخشی جاوے لیکن اِن معنون کی رُو سے نعوذ باللہ لازم آتا ہے کہ خدا تعالی کے مقرب بندے کسی حدتک عذاب دوزخ مین مبتلا ہو جائینگے اور پھر اُس سے اُنکو نجات دیجائیگی - تو اِس وہم کا یہ جواب ہے کہ نجات کا لفظ اِس جگہ اپنے حقیقی معنون پر مستعمل نہین بلکہ اُس سے صرف اس قدر مراد ہے کہ مومنون کا نجات یافتہ ہونا اِسوقت ہم ظاہر کردینگے اور لوگون کو دکھائینگے کہ وہ اُس سخت قلق اور کرب کی جگہ سے نجات پاکر اپنی مرادات کو پہنچ گئے اور قرآن کریم مین یہ سنت اللہ ہے کہ بعض الفاظ اپنی اصلی حقیقت سے پھر کر مستعمل ہوتے ہین جیسا کہ فرماتا ہے واقرضوا اللہ قرضا حسنا یعنی قرض دو اللہ کو قرض اچھا - اب ظاہر ہے کہ قرض کی اصل تعریف کے مفہوم مین یہ داخل ہے

بقیہ حاشیہ

پھرے ہوئے کام صرف ہیجان اور بے شعور اور بے تدبیر اجرام اور عناصر اور دوسری کائنات الجو سے ہرگز نہین ہو سکتے - بیشک خدا تعالی اس بات پر قادر تھا کہ ان چیزون سے یہ کام لے لیتا لیکن اگر وہ ایسا کرتا تو اول اِن چیزون کو فہم اور ادراک اور شعور اور وضع لشے فی محلہ کی عقل بخشتا اور جبکہ یہ ثابت نہین تو پھر ضرور تاً یہ ثابت ہے کہ اِنکے

اُسکی جگہ لین گی اور علل ناقصہ کے فنا اور انعدام کے بعد علت تامہ کاملہ کا چہرہ نمودار ہوجائیگا اسکی طرف اشارہ ہے کل من علیھا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام - لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار یعنے خدا تعالی اپنی قہری تجلی سے ہر ایک چیز کو معدوم کرکے اپنی وحدانیت اور یگانگت دکھلائیگا اور خدا تعالی کے وعدون سے مراد یہ بات نہین کہ اتفاقاً کوئی بات مونہہ سے نکل گئی اور پھر ہر چال کلے پڑا ڈھول بجانا پڑا کیونکہ اِس قسم کے وعدے خدائے حکیم و علیم کی شان کے لایق نہین یہ صرف انسان ضعیف البنیان کا خاصہ ہے جسکا کوئی وعدہ تکلف اور ضعف یا مجبوری اور لاچاری

کہ انسان حاجت اور لاچاری کیوقت دوسرے سے بوقت دیگر ادا کرنیکے عہد پر کچھ مانگتا ہے لیکن اللہ جلشانہ حاجت سے پاک ہے پس اس جگہ قرض کے مفہوم مین سے صرف ایک چیز مراد لیگئی یعنے اس طور سے بیناکہ پھر دوسرے وقت اُسکو واپس دیدینا اپنے ذمہ واجب ٹھہرالیا ہو۔ ایسا ہی یہ آیت ولنبلونکم بشیءٍ من الخوف والجوع اصل مفہوم سے پھیری گئی کیونکہ عرف عام مین آزمایش کرنیوالا اُس نتیجہ سے غافل اور بے خبر ہوتا ہے جو امتحان کے بعد پیدا ہوتا ہے مگر اس جگہ یہ مطلب نہین بلکہ خدا تعالی کے امتحان مین ڈالنے سے یہ مطلب ہے کہ تا شخص زیر امتحان پر اُسکے اندرونی عیب یا اندرونی خوبیان کھولدے۔ غرض اسیطرح پر یہ لفظ **نجات** بھی اپنے حقیقی معنون سے پھیرا گیا ہے جیسا کہ ایک دوسری آیت مین اسکی تصریح ثابت ہے اور وہ یہ ہے ویوم القیامۃ ترى الذين كذبوا على الله وجوهہم مسودّۃ۔ الیس فی جھنم مثوی للمتکبرین۔

بقیہ حاشیہ ساتھہ در پردہ اور چیزین ہین جنکو وضع الشے فی محلہ کی عقل دیگئی ہے اور وہی ملایک ہین۔ مین جانتا ہون کہ کوئی ایسا شخص جو خدا تعالی کے وجود پر ایمان لاتا ہے اور اُسکو رحیم اور کریم اور مدبر اور عادل سمجھتا ہے وہ ہرگز ایسا خیال نہین کریگا کہ اُس حکیم و کریم نے اپنی ربوبیت کے نظام کا نام کارخانہ ایسی چیزون کے ہاتھ مین دیدیا ہے جنکو نیک و بد

کے موانع سے ہمیشہ محفوظ نہین رہ سکتا اور با این ہمہ تقریبات اتفاقیہ پر مبنی ہوتا ہے نہ علم اور یقین اور حکمت قدیمہ پر۔ مگر خدا تعالی کے وعدے اُسکی صفات قدیمہ کے تقاضا کے موافق صادر ہوتے ہین اور اُسکے مواعید اُسکی غیر متناہی حکمت کی شاخون مین سے ایک شاخ ہے۔

بقیہ حاشیہ اور اگر اس جگہ کوئی یہ اعتراض پیش کرے کہ خدا تعالی نے آسمانون کو سات مین کیون محدود کیا اسکی کیا وجہ ہے تو اسکا یہ جواب ہے کہ درحقیقت یہ تاثیرات مختلفہ کیطرف اشارہ ہے جو مختلف طبقات سماوی سے مختلف ستارے اپنے اندر جذب کرتے ہین۔

وننجی الذین اتقوا بمفازتھم لا یمسھم السوء ولا ھم یحزنون الجزو نمبر ۲۴ سورۃ الزمر
یعنی قیامت کے دن تو دیکھے گا کہ جنہون نے خدا تعالی پر جھوٹھ بولا اُن کے مونہہ کالے ہین
(اور کیون کالے نہ ہون) کیا یہ لایق نہین کہ متکبر لوگ جہنم مین ہی گرائے جائین اور اللہ تعالے
متقیون کو نجات دیگا اِس طور سے کہ ان کو انکی مرادات تک پہنچا دیگا ان کو برائی نہین لگے گی اور
نہ وہ غمگین ہونگے - اب یہ آیت اُس پہلی آیت کی گویا تفسیر کرتی ہے کیونکہ اسمین نجات دینے
کی حقیقت یہ کھولی ہے کہ وہ اپنی مرادات کو پہنچ جائینگے اور یہہ بھی ظاہر کر دیا کہ وہ اُس دن برائی
کی مس سے بالکل محفوظ ہونگے ایک ذرا تکلیف اُنکو چھوئے گی بھی نہین اور غم اُن کے نزدیک
نہین آئے گا -

اور اِس آیت وان منکم الا واردھا کے یہ معنے بھی ہو سکتے ہین کہ دراصل

بقیہ حاشیہ کی شناخت عطا نہین ہوئی اور تدابیر اور تعدیل اور مصلحت شناسی کی قوتین بخشی نہین
گئین ہان ایک طبعی اور دہری جو خدا تعالی کے وجود سے ہی منکر ہے ضرور ایسا خیال
کریگا مگر وہ ساتھہ ہی غفلت کی وجہ سے یہ بھی کہیگا کہ جو کچھہ اجرام سماوی یا عناصر اور
کائنات الجو سے ظہور مین آرہا ہے وہ بر وفق حکمت اور مصلحت نہین ہے اور نہ خدا
موجود ہے تا اسکو حکمت اور مصلحت سے کام کرنیوالا مان لیا جائے بلکہ اتفاقاً اجرام علوی اور

تشریح الاحباب: اور پھر زمین پر اُن تاثیرات کو ڈالتے ہین چنانچہ اسی کی تصریح اِس آیت مین موجود ہے -
اللہ الذی خلق سبع سمٰوٰتٍ ومن الارض مثلھن یتنزل الامر بینھن
لتعلموا ان اللہ علی کل شئی قدیر وان اللہ قد احاط بکل شئ علما الجزو ۲۸
یعنے خدا تعالی نے آسمانون کو سات پیدا کیا اور ایسا ہی زمینین بھی سات ہی پیدا کین
اور اُن سات آسمانون کا اثر جو بامر الٰہی انہین پیدا ہے سات زمینون مین ڈالا تاکہ تم لوگ
معلوم کرلو کہ خدا تعالی ہر ایک چیز کے بنانے پر اور ہر ایک انتظام کے کرنے پر اور رنگا رنگ

مخاطب وہی لوگ ہون کہ جو عذاب دوزخ مین گرفتار ہون - پھر بعض انمین سے کہ کچھہ حصہ تقوی کا رکھتے ہین اُس عذاب سے نجات پاوین اور دوسرے دوزخ مین ہی گرے رہین اور یہ معنی اُس حالت مین ہونگے کہ جب اس خطاب سے ابرار اور اخیار اور تمام مقدس اور مقرب لوگ باہر رکھے جائین لیکن حق بات یہ ہے کہ اللہ جلشانہ کی کلام کا منشاء وہی معنی معلوم ہوتے ہین جو ابھی ہم لکھہ چکے ہین واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب -

اب پھر ہم بحث ظلومیت کیطرف رجوع کرکے لکھتے ہین کہ ظلومیت کی صفت جو مومن مین ہے یہی اُسکو خدا تعالی کا پیارا بنا دیتی ہے اور اسی کی برکت سے مومن بڑے بڑے مراحل سلوک کے طے کرتا اور ناقابل برداشت تلخیان اور طرح طرح کی دوزخون کی جلن اور حرقت اپنے لئے بخوشی خاطر قبول کرلیتا ہے یہی وجہ ہے کہ خدا تعالی نے جس جگہ انسان کی اعلے درجہ کی مدح بیان کی ہے اور اُسکو

بقیہ حاشیہ سفلی کے حوادث اور تغیرات سے کبھی خیر اور کبھی شر انسانون کے لئے پیش آجاتی ہے سو اُسکے قابل کرنیکے لئے الگ طریق ہے جو بہت صاف اور جلد اُسکا مونہہ بند کرنیوالا ہے اور وہ یہ ہے کہ خدا تعالی کے زبردست کام اور پیشگویان جو ربانی طاقت اپنے اندر رکھتی ہین جو ملہمون اور واصلان الہی کو دیجاتی ہین اللہ جلشانہ کے وجود اور اُسکی صفات کاملہ جمیلہ جلیلہ پر دلالت قویہ قطعیہ یقینیہ رکھتی ہین لیکن افسوس کہ دنیا مین

کے پیرائیون مین اپنے کام دکھلانے پر قدرت تامہ رکھتا ہے اور تا تمہاری علم وسیع ہو جاوین اور علوم وفنون مین تم ترقی کرو اور ہیئت اور طبعی اور طبابت اور جغرافیہ وغیرہ علوم تم مین پیدا ہو کر خدا تعالی کی عظمتون کیطرف تمکو متوجہ کرین اور تم سمجھہ لو کہ کیسے خدا تعالی کا علم اور اُسکی حکمت کاملہ ہر ایک شے پر محیط ہو رہی ہے اور کیسی ترکیب ابلغ اور ترتیب محکم کے ساتھہ آسمان اور جو کچھہ اُسمین ہے اپنا رشتہ زمین سے رکھتا ہے اور کیسے خدا تعالی نے زمین کو قوت قابلہ عطا کر رکھی ہے اور آسمانون اور اُن کے اجرام کو قوت موثرہ مرحمت فرمائی ہے

فرشتون پر بھی ترجیح دی ہے اس مقام مین اسکی یہی فضیلت پیش کی ہے کہ وہ ظلوم اور جہول ہے جیساکہ وہ فرماتا ہے فحملھا الانسان انہ کان ظلوماً جھولاً یعنے اُس امانت کو جو ربوبیت کا کامل ابتلا ہے جسکو فقط عبودیت کاملہ اُٹھا سکتی ہے انسان نے اُٹھا لیا کیونکہ وہ ظلوم اور جہول تھا یعنے خدا تعالی کیلئے اپنے نفس پر سختی کرسکتا تھا اور غیر اللہ سے اِس قدر دور ہوسکتا تھا کہ اسکی صورت علمی سے بھی اُسکا ذہن خالی ہوجاتا تھا۔ واضح ہو کہ ہم سخت غلطی کرینگے اگر اس جگہ ظلوم کے لفظ سے کافر اور سرکش اور مشرک اور عدل کو چھوڑنیوالا مراد لینگے کیونکہ یہ ظلوم جہول کا لفظ اِس جگہ اللہ جلشانہ نے انسان کیلئے مقام مدح مین استعمال کیا ہے نہ مقام ذم مین۔ اور اگر نعوذ باللہ یہ مقام ذم مین ہو تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ سب سے بدتر انسان ہی تھا جس نے خدا تعالی کی پاک امانت کو اپنے سر پر اُٹھا لیا اور اُسکے حکم کو مان لیا۔ بلکہ نعوذ باللہ یون کہنا پڑیگا کہ سب سے زیادہ

تنبیہ شریف صدق دل سے خدا تعالی کو طلب کرنیوالے اور اسکی معرفت کے راہون کے بھوکے اور پیاسے بہت کم ہین اور اکثر ایسے لوگون سے دُنیا بھری پڑی ہے جو پکارنیوالے کی آواز نہین سنتے اور بلانیوالے کیطرف متوجہ نہین ہوتے اور جگانیوالے کے شور سے آنکھہ نہین کھولتے۔ ہمنے اس امر کی تصدیق کرانیکے لئے خدا تعالی سے فضل اور توفیق اور اذن پاکر ہر ایک مخالف کو بُلایا مگر کوئی شخص دل کے صدق اور سچی طلب سے ہماری طرف متوجہ نہین ہوا

تنبیہ حاشیہ در حاشیہ اور یاد رہے کہ جس طرح **تنزل** امر جسمانی اور روحانی دونون طور پر آسمانون سے ہوتا ہے اور ملایک کی توجہات اجرام سماوی کی تاثیرات کے ساتھہ مخلوط ہوکر زمین پر گرتے ہین ایسا ہی زمین اور **زمین** والون مین بھی جسمانی اور روحانی دونون قوتین قابلیت کی عطا کی گئی ہین نا قوابل اور موثرات مین بکلی مساوات ہو۔

اور سات زمینون سے مراد زمین کی آبادی کے سات طبقے ہین جو نسبتی طور پر بعض بعض کے تحت واقع ہین اور کچھہ بیجا نہ ہوگا اگر ہم دوسرے لفظون مین اِن طبقات سبعہ

ظالم اور جاہل انبیاء اور رسول تھے جنہون نے سب سے پہلے اس امانت کو اُٹھا لیا حالانکہ اللہ جلشانہ آپ فرماتا ہے کہ ہمنے انسان کو احسن تقویم مین پیدا کیا ہے پھر وہ سب سے بدتر کیونکر ہوا اور انبیاء کو سید العادلین قرار دیا ہی پھر وہ ظلوم وجہول دوسرے معنون کی رو سے کیونکر کہلاوین - ماسوا اس کے ایسا خیال کرنے مین خدا تعالی پر بھی اعتراض لازم آتا ہے کہ اسکی امانت جو وہ دینی چاہتا تہا وہ کوئی خیر اور صلاحیت اور برکت کی چیز نہین تھی بلکہ شر اور فساد کی چیز تہی کہ شریر اور ظالم نے اُسکو قبول کیا اور نیکون نے اُسکو قبول نکیا مگر کیا خدا تعالی کی نسبت یہ بدظنی کرنا جائز ہے کہ جو چیز اُسکے چشمہ سے نکلے اور جسکا نام وہ اپنی امانت رکہی جو پھر اسکی طرف رد ہونیکے لایق ہے وہ درحقیقت نعوذ باللہ خراب اور پلید چیز ہو جسکو بجز ایسے خادم کے جو درحقیقت سرکش اور نافرمان اور نعمت عدل سے بکلی بے نصیب ہے کوئی دوسرا قبول نہ کرسکے - افسوس کہ ایسے مکروہ خیالون والے کچھہ بھی خدا تعالی

بقیہ حاشیہ اور اگر کوئی متوجہ ہوتا یا اب بہی ہو تو وہ زندہ خدا جسکی قدرتین ہمیشہ عقلمندون کو حیران کرتی رہی ہین وہ قادر قیوم جو قدیم سے اس جہان کے حکیمون کو شرمندہ اور ذلیل کرتا رہا ہے بلاشبہ آسمانی چمک سے اُسپر حجت قایم کریگا دنیا مین بڑی خرابی جو افعال شنیعہ کا موجب ہو رہی ہے اور آخرت کیطرف سر اُٹھانے نہین دیتی دراصل یہی ہے کہ اکثر لوگون کو جیسا کہ چاہئے خدا تعالی پر ایمان نہین - بعض تو اس زمانہ مین کہلی کہلی ہستی باریتعالے

کو ہفت اقلیم کے نام سے موسوم کردین لیکن ناظرین اس دہوکہ مین نہ پڑین کہ جو کچھہ ہفت اقلیم کی تقسیم اُن یونانی علوم کی رو سے ہو چکی ہے جسکو اسلام کے ابتدائی زمانہ مین حکماء اسلام نے یونانی کتب سے لیا تہا وہ بکلی صحیح اور کامل ہے کیونکہ اس جگہ تقسیم سے مراد ہماری ایک صحیح تقسیم مراد ہے جس سے کوئی معمورہ باہر نہ رہے اور زمین کی ہر ایک جزو کسی حصہ مین داخل ہو جاے ہمین اس سے کچھہ غرض نہین کہ ابتک یہ صحیح اور کامل تقسیم معرض ظہور مین بہی آئی یا نہین بلکہ صرف یہ غرض ہے کہ جو خیال اکثر انسانون کا اس طرف رجوع کر گیا ہے کہ زمین کو سات حصے

کی عظمت نگہ نہین رکھتے وہ یہ بھی نہین سوچتے کہ امانت اگر سراسر خیر ہے تو پھر اُسکا قبول کرلینا ظلم مین کیون داخل ہے اور اگر امانت خود شر اور فساد کی چیز ہے تو پھر وہ خدا تعالی کیطرف کیون منسوب کیجاتی ہے کیا خدا تعالی نعوذ باللہ فساد کا مبدا ہے اور کیا جو چیز اُسکے پاک چشمہ سے نکلتی ہے اُسکا نام فساد اور شر رکھنا چاہئے ؟ ظلمت ظلمت کیطرف جاتی ہے اور نور نور کیطرف سو امانت نور تھی اور انسان ظلوم جہول بھی ان معنون کرکے جو ہم بیان کر چکے ہین ایک نوع ہے اِسلئے نور نے نور کو قبول کرلیا - وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسان کامل کو وہ ملایک مین نہین تہا نجوم مین نہین تہا قمر مین نہین تہا آفتاب مین بھی نہین تہا وہ زمین کے سمندرون اور دریاؤن مین بھی نہین تہا - وہ لعل اور یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی مین بھی نہین تہا غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی مین نہین تہا صرف انسان مین تہا یعنی انسان کامل مین

بقیہ حاشیہ ہی منکر ہین اور بعض اگرچہ زبان سے قایل ہین مگر اُن کے اعمال اور خیال اور ہاتہہ اور پیر گواہی دے رہے ہین کہ وہ اللہ جلشانہ پر ایمان نہین رکھتے اور دن رات دنیا کی فکرون مین ایسے لگے ہوئے ہین کہ مرنا بھی یاد نہین اِسکا بھی یہی سبب ہے کہ اکثر دلون پر ظلمت چھا گئی ہے اور نور معرفت کا ایک ذرا دلون مین باقی نہین رہا -

اب واضح ہو کہ ہم ملایک کی ضرورت وجود کا ثبوت کلی دے چکے جسکا حاصل یہ ہے

تقسیم کیا جائے یہ خیال بھی گویا ایک الہامی تحریک تہی جو آلہی تقسیم کے لئے بطور شاہد ہے

اگر یہ اعتراض پیش ہو کہ قرآن کریم مین جو خدا تعالی نے کئی بار فرمایا ہے کہ ہمنے چھہ دن مین زمین و آسمان کو پیدا کیا تو یہ امر ضعف پر دلالت کرتا ہے کیونکہ معًا اُسکے ارادہ کے ساتہہ ہی سب کچھہ ہو جانا لازم ہے جیساکہ وہ آپ ہی فرماتا ہے انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون یعنے جب خدا تعالی ایک چیز کے ہونیکا ارادہ فرماتا ہے تو اسکا امر ایسی قوت اور طاقت اور قدرت اپنے اندر رکھتا ہے کہ وہ اُس چیز

جسکا اتم اور اکمل اور اعلےٰ اور ارفع فرد ہمارے **سید و مولیٰ سید الانبیاء سید الاحیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم** ہین + سو وہ نور اُس انسان کو دیا گیا اور حسب مراتب اُسکے تمام ہمرنگون کو بھی یعنے اُن لوگون کو بھی جو کسیقدر وہی رنگ رکھتے ہین اور امانت سے مراد انسان کامل کے وہ تمام قوےٰ اور عقل اور علم اور دل اور جان اور حواس اور خوف اور محبت اور عزّت اور وجاہت اور جمیع نعماء روحانی و جسمانی ہین جو خدا تعالیٰ انسان کامل کو عطا کرتا ہے اور پھر انسان کامل برطبق آیت ان اللہ یامرکم ان تؤدّوا الامانات الیٰ اھلھا اس ساری امانت کو جناب الٰہی کو واپس دیدیتا ہے یعنی اُسمین فانی ہوکر اُسکے راہ مین وقف کردیتا ہے۔ جیساکہ ہم مضمون **حقیقتِ اسلام** مین بیان کرچکے ہین اور یہ شان اعلےٰ اور اکمل اور اتم طور پر ہمارے سیّد ہمارے مولےٰ ہمارے ہادی نبی امی صادق مصدوق **محمد مصطفےٰ**

بقیہ حاشیہ کہ خدا تعالیٰ جو اپنے تنزہ اور تقدس مین ہر یک برتر سے برتر ہے اپنی تدلیات اور تجلیات مین مظاہر مناسبت سے کام لیتا ہے اور چونکہ جسم اور جسمانی چیزین اپنے ذاتی خواص اور اپنی ہستی کی کامل تعینات سے مقید ہوکر اور بمقابل ہستی اور وجود باری اپنا نام ہست اور موجود رکھاکر اور اپنے ارادون یا اپنے طبعی افعال سے اختصاص پاکر اور ایک مستقل وجود جامع ہویت نفس اور مانع ہویت غیر بنکر ذات علت العلل اور فیاض مطلق سے دور جا پڑی ہین اور اُن کے وجود کے گرد اگرد اپنی ہستی اور انانیت کا اور مخلوقیت کا ایک بہت ہی موٹا حجاب ہے اسلئے وہ اس لایق نہین رہین کہ ذات احدیت کے وہ فیضان براہ راست اُن پر نازل ہوسکین جو صرف اس صورت مین نازل ہوسکتے ہین کہ حجب مذکورہ بالا درمیان نہ ہون

جو اُسکے علم مین ایک علمی وجود رکھتا ہے فقط یہ کہنا ہے کہ ہو تو وہ ہو جاتی ہے۔

اس وہم کا جواب یہ ہے کہ قدرت اور طاقت کا مفہوم اس بات کو مستلزم نہین کہ وہ

صلے اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی تھی جیسا کہ خود خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ قُلْ اِنَّ صلواتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ ربّ العالمین لاشریک لہ وبذلک امرت وانا اول المسلمین وانّ ھذا صراطی مستقیما فاتبعوہ ولا تتبع السبل فتفرق بکم عن سبیلہ۔ قل ان کنتم تحبّون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم۔ فقل اسلمت وجھی للہ۔ وامرت ان اسلم لربّ العالمین

یعنی انکو کہدے کہ میری نماز اور میری پرستش میں جدوجہد اور میری قربانیاں اور میرا زندہ رہنا اور میرا مرنا سب خدا کے لئے اور اسکی راہ میں ہے وہی خدا جو تمام عالموں کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں اوّل المسلمین ہوں یعنی دنیا کی ابتدا سے اُسکے اخیر تک میرے جیسا اور کوئی کامل انسان نہیں جو ایسا اعلیٰ درجہ کا فنا فی اللہ ہو

شبیہ بقیہ حاشیہ اور ایک ایسی ہستی ہو جو کلی نیستی کے مشابہ ہو کیونکہ ممکنات تمام چیزوں کی ہستی نیستی کے مشابہ نہیں ہر ایک چیز اس قسم کی مخلوقات میں سے بزبان حال اپنی ہستی کا بڑے زور و شور سے اقرار کر رہی ہے۔ آفتاب کہہ رہا ہے کہ میں وہ ہوں جس پر تمام گرمی و سردی و روشنی کا مدار ہے جو ۳۶۵ صورتوں میں تین سو پینسٹھ قسم کی تاثیریں دنیا میں ڈالتا ہے اور اپنی شعاعوں کے مقابلہ سے گرمی اور اپنے انحراف شعاعوں سے سردی پیدا کرتا ہے اور اجسام اور اجسام کے مواد اور اجسام کی شکلوں اور حواس پر اپنی حکومت رکھتا ہے۔ زمین کہہ رہی ہے کہ میں وہ ہوں کہ جس پر ہزارہا ملک آباد ہیں اور جو طرح طرح کی نباتات پیدا کرتی اور طرح طرح کے جواہر اپنے اندر بطور ذخیرہ کے رکھتی اور آسمانی تاثیرات کو عورت کی طرح قبول کرتی ہے۔ آگ بزبان حال کہہ رہی ہے کہ میں ایک جلانیوالی

چیز خواہ نخواہ بلا توقف ہو جاوے اور نہ ارادہ کے مفہوم میں ضروری طور پر یہ بات داخل ہے کہ جس چیز کا ارادہ کیا گیا ہے وہ اُسی وقت ہو جائے بلکہ ایسی حالت میں ایک قدرت اور ایک ارادہ کو کامل قدرت

جو خدا تعالیٰ کی ساری امانتیں اُسکو واپس دینے والا ہو۔ اِس آیت میں اُن نادان موحدون کا رد ہے جو یہ اعتقاد رکھتے ہین جو ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دوسرے انبیاء پر فضیلت کلی ثابت نہین اور ضعیف حدیثون کو پیش کرکے کہتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ مجھ کو یونس بن متّی سے بھی زیادہ فضیلت دی جائے یہ نادان نہین سمجھتے کہ اگر وہ حدیث صحیح بھی ہو تب بھی وہ بطور انکسار اور تذلّل ہے جو ہمیشہ ہمارے سید صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی ہر ایک بات کا ایک موقعہ اور محل ہوتا ہے اگر کوئی صالح اپنے حق مین اخفر عباد اللہ لکھے تو اُس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ یہ شخص درحقیقت تمام دُنیا یہان تک کہ بُت پرستون اور تمام فاسقون سے بدتر ہے اور خود اقرار کرتا ہے کہ وہ اخفر عباد اللہ ہے کس قدر نادانی اور شرارت نفس ہے۔

غور سے دیکھنا چاہئے کہ جس حالت مین اللہ جلشانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

بقیہ حاشیہ چیز ہون اور بالخاصیت قوت احراق میرے اندر ہے اور اندھیرے مین قایم مقام آفتاب ہون اسیطرح زمین کی ہر ایک چیز بزبان حال اپنی ثنا کر رہی ہے مثلاً سنا کہتی ہے کہ مین دوسرے درجہ کے آخری حصہ مین گرم اور اول درجہ مین خشک ہون اور بلغم اور سودا اور صفرا اور اخلاط سوختہ کا مسہل ہون اور دماغ کی منقّی ہون۔ اور صرع اور شقیقہ اور جنون اور صداع کہنہ و درد پہلو وضیق النفس و قولنج وعرق النساء و نقرس و تشنج عضل و داء الثعلب و داء الحیہ اور حکہ اور جرب اور بثور کہنہ اور اوجاع مفاصل بلغمی و صفراوی مخلوطا باہم اور تمام امراض سوداوی کو نافع ہون اور ریوند بول رہی ہے کہ مین مرکب القوٰے ہون اور دوسرے درجہ کی پہلے مرتبہ مین گرم اور خشک ہون اور بالعرض مبرّد بھی بوجہ شدّت تحلیل ہون اور رطوبات فضلیہ

اور کامل ارادہ کہا جائیگا جبکہ وہ ایک فاعل کے اصل منشاء کے موافق جلد یا دیر کے ساتھ جیسا کہ منشاء ہو ظہور مین آوے مثلاً چلنے مین کامل قدرت اُس شخص کی نہین کہہ سکتے کہ جلد جلد وہ

کا نام اول المسلمین رکھتا ہے اور تمام مطیعون اور فرمانبردارون کا سردار ٹھہراتا ہے اور سب سے پہلی امانت کو واپس دینیوالا آنحضرت صلعم کو قرار دیتا ہے تو پھر کیا بعد اسکے کسی قرآن کریم کے ماننے والے کو گنجایش ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اعلےٰ مین کسی طرح کا جرح کر سکے - خدا تعالی نے آیت موصوفہ بالا مین اسلام کیلئے کئی مراتب رکھ کر سب مدارج سے اعلےٰ درجہ وہی ٹھہرایا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فطرت کو عنایت فرمایا سبحان اللہ ما اعظم شانک یارسول اللہ ؎

موسیٰ و عیسیٰ ہمہ خیلِ تواند جملہ درین راہ طفیلِ تواند

پھر بقیہ ترجمہ یہ ہے کہ اللہ جلشانہ اپنے رسول کو فرماتا ہے کہ ان کو کہدے کہ میری راہ جو ہے وہی راہ سیدھی ہے سو تم اسکی پیروی کرو اور اور راہون پر مت چلو کہ وہ تمہین خدا تعالی سے دور ڈال

بقیہ حاشیہ

اپنے اندر رکھتے ہون مجفف ہون قابض ہون جالی ہون اور منضج اور مقطع مواد لزجہ ہون اور سموم بارده کا تریاق ہون خاص کر عقرب کیلئے اور اخلاط غلیظہ اور رقیقہ کا مسہل ہون اور حیض اور بول کی مدر ہون اور جگر کو قوت دیتی ہون اور اُسکے اور بنز طحال اور امعاء کے سدے کھولتی ہون اور ریحون کو تحلیل کرتی ہون اور پورانی کہانسی کو مفید ہون اور ضیق النفس اور سل اور قرحہ ریہ و امعا اور استسقا کی تمام قسمون اور یرقان سدی اور اسہال سدی اور ماساریقا اور ذوسنطاریا اور تحلیل نفخ اور ریاح اور اورام بارده احشا و تخمہ و مغص و بواسیر و نواسیر و تپ ربع کو مفید ہون - اور مجدد کہتی ہے کہ مین تیسرے درجہ کے اوّل مرتبہ مین گرم اور خشک ہون اور حرارت غریزی سے بہت ہی مناسبت رکھتی ہون اور

چل کھتا ہے اور آہستہ آہستہ چلنے سے وہ عاجز ہے بلکہ اُس شخص کو کامل القدرت کہین گے کہ جو دونو طور جلد اور دیر مین قدرت رکھتا ہو یا مثلاً ایک شخص ہمیشہ اپنے ہاتھ کو لمبا رکھتا ہے اور اکہٹا کرنیکی

دینگی - اِن کو کہدے کہ اگر تم خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو آؤ - میرے پیچھے پیچھے چلنا اختیار کرو یعنے میرے طریق پر جو اسلام کی اصلی حقیقت ہے - قدم مارو تب خدا تعالیٰ تم سے بھی پیار کریگا اور تمہارے گناہ بخشدیگا - اِن کو کہدے کہ میری راہ یہ ہے کہ مجھے حکم ہوا ہے کہ اپنا تمام وجود خدا تعالیٰ کو سونپ دون اور اپنے تئیں رب العالمین کے لئے خالص کرلون یعنی ایسا فنا ہوکر جیسا کہ وہ رب العالمین ہے مین خادم العالمین بنون اور ہمہ تن اُسیکا اور اسی کی راہ کا ہوجاؤن - سو مینے اپنا تمام وجود اور جو کچھہ میرا تھا خدا تعالیٰ کا کردیا ہے اب کچھہ بھی میرا نہین جو کچھہ میرا ہے وہ سب اُسکا ہے

اور یہ وسوسہ کہ ایسے معنے آیت ظلوم وجہول کے کس نے متقدمین سے کئے ہین اور کون اہل زبان مین سے ظلم کے ایسے معنے بھی کرتا ہے اِس وہم کا جواب یہ ہے کہ ہمین بعد

اس وسوسہ کا جواب کہ آیت کے یہ معنے متقدمین سے کس نے کئے ہین

تقیید حاشیہ مفرح اور مقوی قوے اور اعضاء رئیسہ دل اور دماغ اور کبد ہون اور احشاء کی تقویت کرتی ہون اور تمام گرم اور سرد زہرون کا تریاق ہون - اور اسی وجہ سے زرنباد اور مشک اور زنجبیل کا قلیل حصہ اپنے ساتھہ ملاکر تیزاب گوگرد اور آب قاقلہ سفید اور آب پودینہ اور آب بادیان کے ساتھہ ہیضہ وبائی کو باذن اللہ بہت مفید ہون اور مسکن اوجاع اور مقوی باصرہ ہون اور تفتیت حصاۃ اور قلع قولنج وعسر البول ورفع تپ ربع مین نفع رکھتی ہون اور بقدر نیم مثقال گزیدہ مار اور عقرب کے لئے بہت ہی فایدہ مند ہون یہان تک کہ عقرب جرارہ کی بھی زہر دور کرتی ہون اور بید مشک اور عرق نیلوفر کے ساتھہ دل کے ضعف کو بہت جلد نفع پہنچاتی ہون اور کم ہوتی ہوئی نبض کو تھام لیتی ہون اور گلاب کے

طاقت نہین یا کھڑا رہتا ہے اور بیٹھنے کی طاقت نہین تو ان سب صورتون مین ہم اسکو قوی قرار نہین دینگے بلکہ بیمار اور معلول کہینگے غرض قدرت اسیوقت کامل طور پر متحقق ہوسکتی ہے

کلام اللہ کے کسی اور سند کی ضرورت نہین - کلام الٰہی کے بعض مقامات بعض کی شرح ہین
پس جس حالت مین خدا تعالیٰ نے بعض متقیون کا نام بھی ظالم رکھا ہے اور مراتب ثلاثہ
تقوی سے پہلا مرتبہ تقوے کا ظلم کو ہی ٹھہرایا ہے تو اس سے ہمنے قطعی اور یقینی طور پر سمجھ
لیا کہ اس ظلم کے لفظ سے وہ ظلم مراد نہین ہے جو تقوے سے دور اور کفار اور مشرکین اور
نافرمانون کا شعار ہے بلکہ وہ ظلم مراد ہے جو سلوک کی ابتدائی حالات مین متقیون کے لئے
شرط متحتم ہے یعنی جذبات نفسانی پر حملہ کرنا اور بشریت کی ظلمت کو اپنے نفس سے کم کرنے
کیلئے کوشش کرنا جیسا کہ اس دوسری آیت مین بھی کم کرنیکے ہی معنی ہین اور وہ یہ ہے
ولم تظلم منہ شیئاً - ای ولم تنقص دیکھو قاموس اور صحاح اور صراح
جو ظلم کے معنے کم کرنیکے بھی لکھے ہین اور اس آیت کے یہی معنے کئے ہین یعنی ولم تنقص

بھیہ شیر خشت کے ساتھ وجع مفاصل کو مفید ہون اور سنگ گردہ اور مثانہ کو نافع ہون اگر بول بند ہو جائے
تو شیرہ تخم خیارین کے ساتھ جلد اسکو کھول دیتی ہون اور قولنج ریحی کو مفید ہون اور
اگر بچہ پیدا ہونے مین مشکل پیش آجائے تو آب عنب الثعلب یا حلبہ یا شیرہ خارخسک کے
ساتھ صرف دو دانگ پلانیسے وضع حمل کرا دیتی ہون اور ام الصبیان اور اکثر امراض دماغی
اور اعصابی کو مفید ہون اور ام مغابن یعنے پس گوش اور زیر بغل اور بن ران اور خناق
اور خنازیر اور تمام اوراق گلو کو نفع پہنچاتی ہون اور طاعون کے لئے مفید ہون اور
سرکہ کے ساتھ پلکون کے ورم کو نفع دیتی ہون اور دانتون پر ملنے سے اُن کے اس
درد کو دور کر دیتی ہون جو بوجہ مادہ بارد ہو اور بواسیر پر ملنے سے اسکی درد کو ساکن کر دیتی

کہ جبکہ دونون شق سرعت اور بطو پر قدرت ہو اگر ایک شق پر قدرت ہو تو وہ قدرت نہین بلکہ
عجز اور ناتوانائی ہے تعجب کہ ہماری مخالف خدا تعالیٰ کے قانون قدرت کو بھی نہین دیکھتے کہ

ماسوا اِسکے اِس معنے کے کرنے مین یہ عاجز متفرد نہین بڑے بڑے محقق اور فضلا نے جو اہل زبان تھے یہی معنے کئے ہین چنانچہ منجملہ اُنکے صاحب فتوحات مکیہ ہین جو اہل زبان بھی ہین وہ اپنی ایک تفسیر مین جو مصر کے چھاپہ مین چھپ کر شایع ہوئی ہے یہی معنے کرتے ہین چنانچہ اُنہون نے زیر تفسیر آیت فحملھا الانسان انہ کان ظلوما جھولا یہی معنے لکھے ہین کہ یہ ظلوم وجہول مقام مدح مین ہے اور اِس سے مطلب یہی ہے کہ انسان ہون احکام الٰہی کے بجا آوری مین اپنے نفس پر اِس طور سے ظلم کرتا ہے جو نفس کے جذبات اور خواہشون کا مخالف ہو جاتا ہے اور اُس سے اُسکے جوشون کو گھٹاتا ہے اور کم کرتا ہے ۔

اور صاحب تفسیر حسینی خواجہ محمد پارسا کی تفسیر سے نقل کرتے ہین کہ آیت کے یہ معنی ہین کہ انسان نے اُس امانت کو اِسلئے اٹھالیا کہ وہ ظلوم تھا یعنے اِس بات پر قادر تھا کہ اپنے نفس اور اُسکی خواہشون سے

ان معنون کی کرنیوالا یہ عاجز متفرد نہین ہے

بقیہ حاشیہ

ہون اور آنکھہ مین چکانے سے رمد بارد کو دور کر دیتی ہون اور اجلیل مین چکانیسے نافع حبس البول ہون اور مشک وغیرہ ادویہ مناسبہ کے ساتھہ باہ کے لئے سخت موثر ہون اور صرع اور سکتہ اور فالج اور لقوہ اور استرخا اور رعشہ اور خدر اور اِس قسم کی تمام امراض کو نافع ہون اور اعصاب اور دماغ کے لئے ایک اکسیر ہون اور اگر مین نہ لکھون تو اکثر باتون مین زرنباد میرا قایم مقام ہے ۔

غرض یہ تمام چیزین بزبان حال اپنی اپنی تعریف کر رہی ہین اور محجوب بانفسہا ہین یعنی اپنے خواص کے پردہ مین محجوب ہین اسلئے مبدء فیض سے دور پڑ گئی ہین اور بغیر ایسی چیزون کی توسط کے جو اِن حجابون سے منزہ ہون مبدء فیض کا کوئی ارادہ اُن سے

دنیا مین اپنے قضا و قدر کو جلد بھی نازل کرتا ہے اور دیر سے بھی ہان یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ صفات قہریہ اکثر جلدی کے رنگ مین ظہور پذیر ہوتے ہین اور صفات لطیفہ دیر اور توقف کے پیرایہ مین مثلاً

باہر آجائے یعنی جذبات نفسانی کو کم بلکہ معدوم کردیوے اور ہویت مطلقہ مین گم جائے اور انسان جہول تہا اسلئے کہ اُسمین یہ قوّت ہی کہ غیر حق سے بکلی غافل اور نادان ہوجاے اور بقول لاالہ الاّ اللہ نفی ماسوے کی کردیوے اور ابن جریر بہی جو بیس المفسرین ہے اِس آیت کی شرح مین لکہتا ہے کہ ظلوم اور جہول کا لفظ محل مدح مین ہے نہ ذم مین غرض اکابر اور محققین جنکی آنکہون کو خدا تعالی نے نور معرفت سے منور کیا تہا وہ اکثر اسی طرف گئے ہین کہ اس آیت کی بجز اسکے اور کوئی معنے نہین ہوسکتے کہ انسان نے خدا تعالی کی امانت کو اُٹہاکر ظلوم اور جہول کا خطاب مدح کے طور پر حاصل کیا نہ ذم کے طور پر چنانچہ ابن کثیر نے بہی بعض روایات اسی کی تائید مین لکہی ہین اور اگر ہم اِس تمام آیت پر کہ انا عرضنا الامانۃ علی السموات و الارض والجبال فابین ان یحملنہا و اشفقن منہا وحملہا الانسان انہ کان

بقیہ حاشیہ تعلق نہین پکڑ سکتا کیونکہ حجاب اُس فیض سے مانع ہے اسلئے خدا تعالی کی حکمت نے تقاضا کیا کہ اسکی ارادت کا مظہر اول بننے کیلئے ایک ایسی مخلوق ہو جو محجوب بفطرتہ نہ ہو بلکہ اسکی ایک ایسی نرالی خلقت ہو جو برخلاف اور چیزون کے اپنی فطرت سے ہی ایسی واقع ہو کہ نفس حجاب سے خالی اور خدا تعالی کے لئے اسکی جوارح کیطرح ہو اور خدا تعالی کے جمیع ارادات کے موافق جو مخلوق اور مخلوق کے کل عوارض سے تعلق رکہتی ہین اسکی تعداد ہو اور وہ نرالی پیدائش کی چیزین مرایا صافیہ کیطرح اپنی فطرت رکہہ کر ہر وقت خدا تعالی کے سامنے کہڑے ہون اور اپنے وجود مین ذوجہتین ہون ایک جہت تجرد اور تنزہ کے جو اپنے وجود مین وہ نہایت اللطف اور منزہ عن الحجب ہون جسکی وجہ سے وہ دوسری مخلوق سے نرالی

(۱) انسان نو مہینے پیٹ مین رہ کر اپنے کمال وجود کو پہنچتا ہے اور مرنیکے لئے کچہہ ہی دیر کی ضرورت نہین مثلاً

(۲) انسان اپنی مرنیکی صفت ضرور ایک ہی ہچکی دست یا تہوڑا سا پانی قے کے طور پر نکال کر راہی ملک بقا ہوجاتا ہے اور وہ

ظلوماً جہولاً ایک نظر غور کی کرین تو یقینی طور پر معلوم ہوگا کہ وہ امانت جو فرشتون اور زمین اور پہاڑون اور تمام کواکب پر عرض کیگئی تہی اور اُنہون نے اُٹھانے سے انکار کیا تہا وہ جس وقت انسان پر عرض کیگئی تہی تو بلاشبہ سب سے اول انبیاء اور رسولون کی روحون پر عرض کیگئی ہوگی کیونکہ وہ انسانون کے سردار اور انسانیت کے حقیقی مفہوم کے اول المستحقین ہین پس اگر ظلوم اور جہول کے معنے یہی مراد لئے جائین جو کافر اور مشرک اور پکّے نافرمان کو کہتے ہین تو پہر نعوذ باللہ سب کے پہلے انبیا کی نسبت اِس نام کا اطلاق ہوگا لہذا یہ بات نہایت روشن اور بدیہی ہے کہ ظلوم اور جہول کا لفظ اِس جگہ محل مدح ہین ہے اور ظاہر ہے کہ خدا تعالی کے حکم کو مان لیا جاوے اور اُس سے منہ پہیرنا موجب معصیت نہین ہو سکتا یہ تو عین سعادت ہے تو پہر ظلوم اور جہول کے حقیقی معنی جوابا اور سرکشی کو مستلزم ہین کیون کر

بقیہ حاشیہ اور خدا تعالی کے وجود سے ظلی طور پر مشابہت تامہ رکہتے ہون اور محجوب بالنفس نہ ہون - دوسری جہت مخلوقیت کی جسکی وجہ سے وہ دوسری مخلوقات سے مناسبت رکہین اور اپنی تاثیرات کے ساتہہ اُنسے نزدیک ہو سکین سو خدا تعالی کے اِس ارادہ سے اس عجیب مخلوق کا وجود ہو گیا جسکو ملایک کہتے ہین - یہ ملایک ایسے فنا فی طاعت اللہ نہین کہ اپنا ارادہ اور فیشن اور توجہ اور اپنے ذاتی قوے یعنی یہ کہ اپنے نفس سے کسی پر مہربان ہونا یا اُس سے ناراض ہو جانا اور اپنے نفس سے ایک بات کو چاہنا یا اُس سے کراہت کرنا کچہہ بہی نہین رکہتے بلکہ بکلی جوارح الحق کیطرح ہین خدا تعالی کے

بقیہ حاشیہ بدن جسکی سالہا سے درازمین ظاہری اور باطنی تکمیل ہوئی تہی ایک ہی دم مین اُسکو چہوڑکر رخصت ہو جانا ہے اب جس قدر مینے اِس اعتراض کے جواب مین لکہا ہے میری دانست مین کافی ہے اسلئے مین اسی پر بس کرتا ہون لیکن یہ بات کہولکر دیدینا ضروری ہے کہ

اس مقام کے مناسب حال ہو سکتے ہین جو شخص قرآن کریم کی اسالیب کلام کو بخوبی جانتا ہی اُسپر یہ پوشیدہ نہین کہ بعض اوقات وہ کریم و رحیم جلشانہ اپنے خواص عباد کیلئے ایسا لفظ استعمال کر دیتا ہے کہ بظاہر بدنما ہوتا ہے مگر معناً نہایت محمود اور تعریف کا کلمہ ہوتا ہے جیساکہ اللہ جلشانہ نے اپنے نبی کریم کے حق مین فرمایا **ووجدك ضالاً فهدى** اب ظاہر ہے کہ ضال کے معنے مشہور اور متعارف جو اہل لغت کے منہہ پر چڑھے ہوئے ہین گمراہ کے ہین جس کے اعتبار سے آیت کے یہ معنی ہوتے ہین کہ خدا تعالی نے (ای رسول اللہ) تجھہ کو گمراہ پایا اور ہدایت دی - حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کبھی گمراہ نہین ہوئے اور جو شخص مسلمان ہو کر یہ اعتقاد رکھے کہ کبھی آنحضرت صلعم نے اپنی عمر مین ضلالت کا عمل کیا تھا تو وہ کافر بیدین اور حد شرعی کے لایق ہے بلکہ آیت کے اس جگہ وہ معنی لینے چاہیے جو آیت کے سیاق

بقیہ حاشیہ تمام ارادے اول انہین کے مرایا صافیہ مین منعکس ہوتے ہین اور پھر ان کی توسط سے کل مخلوقات مین پھیلتے ہین چونکہ خدا تعالی بوجہ اپنے تقدس تام کے نہایت تجرد اور تنزہ مین ہے اسلئے وہ چیزین جو انانیت اور ہستی محجوبہ کی کثافت سے خالی نہین اور محجوب بانفسہا ہین اس مبدء فیض سے کچھہ مناسبت نہین رکھتین اور اسی وجہ سے ایسی چیزون کی ضرورت پڑی جو من وجہ خدا تعالی سے مناسبت رکھتی ہون اور من وجہ اسکی مخلوق سے تا اُس طرف سے فیضان حاصل کرین اور اس طرف پہنچا دین یہ تو ظاہر ہے کہ دنیا کی چیزون مین سے کوئی چیز بھی اپنے وجود اور قیام اور حرکت اور

ارادہ کاملہ بھی قدرت کاملہ کی طرح دونون شقون سرعت اور بطو کو چاہتا ہے مثلاً ہم جیسا یہ ارادہ کر سکتے ہین کہ ابھی یہ بات ہو جائے ایسا ہی یہ بھی ارادہ کر سکتے ہین کہ دس برس کے بعد ہو مثلاً ریل اور تار اور صدہا کلین جواب نکل رہی ہین بیشک ابتدا سے خدا تعالی کے ارادہ اور علم مین تھین

اور سباق سے ملتی ہین اور وہ یہ ہے کہ اللہ جلشانہ نے پہلے آنحضرت صلعم کی نسبت فرمایا۔
اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی
یعنی خدا تعالی نے تجھے یتیم اور بیکس پایا اور اپنے پاس جگہ دی اور تجھہ کو ضال (یعنی عاشق وجہ اللہ)
پایا پس اپنی طرف کھینچ لایا اور تجھہ درویش پایا پس غنی کردیا ان معنون کی صحت پر یہ ذیل کی آیتین
قرینہ ہین جو انکے بعد آتی ہین یعنی یہ کہ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ
وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ کیونکہ یہ تمام آیتین لف نشر مرتب کے طور پر ہین اور پہلی آیتون
میں جو مدعا مخفی ہے دوسری آیتین اُسکی تفصیل اور تصریح کرتی ہین مثلاً پہلے فرمایا اَلَمْ یَجِدْکَ
یَتِیْمًا فَاٰوٰی اِسکے مقابل پر یہ فرمایا فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ یعنے یاد کر کہ تو بھی یتیم تنہا اور
ہمنے تجکو پناہ دی ایسا ہی تو بھی یتیمون کو پناہ دے۔ پھر بعد اس آیت کے فرمایا وَوَجَدَکَ

بقیہ حاشیہ ع سکون اور اپنے تغیرات ظاہری اور باطنی اور اپنے ہر یک خاصہ کے اظہار اور اپنے ہر ایک
عرض کے اخذ یا ترک مین مستقل بالذات نہین بلکہ اُس ایک ہی حیّ قیوم کے سہارے سے
یہ تمام کام مخلوق کے چلتے ہین اور بظاہر اگرچہ یہی نظر آتا ہے کہ ہم اپنے کامون مین کسی
غیبی مدد کے محتاج نہین جب چاہین حرکت کرسکتے ہین اور جب چاہین ٹھہر سکتے ہین
اور جب چاہین بول سکتے ہین اور جب چاہین چپ کرسکتے ہین لیکن ایک عارفانہ
نظر کے ساتھ ضرور کھل جائیگا کہ ہم اپنی ان تمام حرکات وسکنات اور سب کامون مین غیبی
مدد کے ضرور محتاج ہین اور خدا تعالی کی قیومیت ہماری نطفہ مین ہمارے علقہ مین ہمارے

حاشیہ: لیکن ہزار ہا برس تک انکا ظہور نہ ہوا اور وہ ارادہ تو ابتدا ہی سے تھا مگر مخفی چلا آیا اور اپنے وقت
پر ظاہر ہوا اور جب وقت آیا تو خدا تعالی نے ایک قوم کو اِن فکرون اور سوچون مین لگادیا اور انکی مدد
کی یہان تک کہ وہ اپنی تدبیرون مین کامیاب ہوگئے۔

ضالاً فھدیٰ اِسکے مقابل پر یہ فرمایا واما السائل فلا تنھر یعنے یاد کر کہ تو بھی ہمارے وصال اور جمال کا سائل اور ہماری حقایق اور معارف کا طالب تھا سو جیسا کہ ہمنے باپ کی جگہ ہو کر تیری جسمانی پرورش کی ایسا ہی ہمنے استاد کی جگہ ہو کر تمام دروازے علوم کے تجھ پر کھول دیئے اور اپنے لقا کا شربت سب سے زیادہ عطا فرمایا اور جو تو نے مانگا سب ہمنے تجھ کو دیا سو تو بھی مانگنے والوں کو مت جھڑک اور یاد کر کہ تو عائل تھا اور تیری معیشت کے ظاہری اسباب بکلی منقطع تھے سو خدا خود تیرا متولی ہوا اور غیروں کی طرف حاجت لیجانے سے تجھے غنی کر دیا نہ تو والد کا محتاج ہوا نہ والدہ کا نہ اوستاد کا اور نہ کسی غیر کی طرف حاجت لیجانا پڑا بلکہ یہ سارے کام تیرے خدا تعالیٰ نے آپ ہی کر دیئے اور پیدا ہوتے ہی اُس نے تجھ کو آپ سنبھال لیا سو اُسکا شکر بجالا اور حاجتمندوں سے تو بھی ایسا ہی معاملہ کر۔ اب اِن تمام

بتفسیر حاشیہ ۔ مضغہ میں ہمارے جنین میں اور ہماری ہر یک حرکت میں اور سکون میں اور قول میں اور فعل میں غرض ہماری تمام مخلوقیت کے لوازم میں کام کرتی ہے مگر وہ قیومیت بوجہ ہمارے محجوب بالنفس ہونیکے براہ راست ہمپر نازل نہیں ہوتی کیونکہ ہم میں اور اُس ذات اللطف اللطائف اور اعلےٰ اور اغنےٰ اور نور الانوار میں کوئی مناسبت درمیان نہیں کیونکہ ہر ایک چیز ہم میں سے خواہ وہ جاندار ہے یا بے جان محجوب بنفسہ اور ساحت قدسیہ تنزہ سے بہت دور ہے اِسلئے خدا تعالیٰ میں اور ہم میں ملایک کا وجود اسی طرح ضروری ہوا جیسا کہ نفس ناطقہ اور بدن انسان میں قوائے رُوحانیہ اور جسمیہ کا توسط ضروری ٹھہرا

اور اِس جگہ کے متعلق ایک اور اعتراض ہے جو بعض ناواقف آریہ پیش کیا کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان ربکم الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استوی علی العرش یعنے خدا نے جو تمہارا رب ہے

خدا تعالیٰ فرعیں اور آسمان کو چھ دن میں کیوں پیدا کیا

آیات کا مقابلہ کرکے صاف طور پر کہلتا ہے کہ اِس جگہ ضلال کے معنی گمراہ نہیں ہے بلکہ انتہائے درجہ کے تعشق کیطرف اشارہ ہے جیساکہ حضرت یعقوب کی نسبت اِسی کے مناسب آیت ہی انک فی ضلالک القدیم سو یہ دونون لفظ ظلم اور ضلالت اگرچہ ان معنون پر بھی آتے ہین کہ کوئی شخص جادۂ اعتدال اور انصاف کو چھوڑکر اپنے شہوات غضبیہ یا بہیمیہ کا تابع ہوجاوے۔ لیکن قرآن کریم مین عشاق کے حق مین بھی آئے ہین جو خدا تعالی کے راہ مین عشق کی مستی مین اپنے نفس اور اُسکے جذبات کو پیرون کے نیچے کچل دیتے ہین اِسی کے مطابق حافظ شیرازی کا یہ شعر ہے۔

آسمان بارِ امانت نتوانست کشید قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند

اِس دیوانگی سے حافظ صاحب حالت تعشق اور شدت حرص اطاعت مراد لیتے ہین۔

بقیہ حاشیہ کیونکہ نفس ناطقہ نہائت تجرد اور لطافت مین تہا اور بدن انسان مجوب بنفسہ اور کثافت اور ظلمت مین پڑا تھا اسلئے خدا تعالی نے اِن دونون کے درمیان مین قوٰے روحانیہ اور حسیہ کو دو جہتین پیدا کیا تا وہ قوٰے نفس ناطقہ سے فیضان قبول کرکے تمام جسم کو اس سے متاثر اور مہذب کرین۔

جاننا چاہیئے کہ انسان بھی ایک عالم صغیر ہے اور عالم کبیر کے تمام شیون اور صفات اور خواص اور کیفیات اسمین بھری ہوئی ہین جیساکہ اسکی طاقتون اور قوتون سے اِس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ ہر ایک چیز کی طاقت کا یہ نمونہ ظاہر کرسکتا ہے

زمین اور آسمانون کو چھ دن مین بنایا اور پھر عرش پر ٹھہرا یہ چھ دن کی کیون تخصیص ہے یہ تو تسلیم کیا کہ خدا تعالی کے کام اکثر تدریجی ہین جیساکہ اب بھی اسکی خالقیت جوجمادات اور نباتات اور حیوانات مین اپنا کام کررہی ہے تدریجی طور پر ہی ہر ایک چیز کو اسکی خلقت کامل تک پہنچاتی ہے

غرض اِن آیتون کی حقیقت واقعی یہی ہے جو خدا تعالیٰ نے میرے پر کھولی اور مین ہرگز ایسے معنی نہین کرون گا جنسے ایک طرف تو یہ لازم آوے کہ خدا تعالیٰ کیطرف سے یہ پاک امانت نہین تھی بلکہ کوئی فساد کی بات تھی جو ایک مفسد ظالم نے قبول کرلی اور نیکون نے اُسکو قبول نہ کیا اور دوسری طرف تمام مقدس رسولون اور نبیون کو جو اول درجہ پر امانت کے محل ہین ظالم ٹھہرایا جاوے۔ اور مین بیان کرچکا ہون کہ دراصل امانت اور اسلام کی حقیقت ایک ہی ہے اور امانت اور اسلام دراصل محمود چیز ہے جس کے یہ معنی ہین کہ خدا تعالیٰ کا دیا ہوا اُسی کو واپس دیا جاوے جیسے امانت واپس دیجاتی ہے پس جس نے ایک محمود اور پسندیدہ چیز کو قبول کرلیا اور خدا تعالیٰ کے حکم سے مُنہہ نہ پھیرا اور اُسکی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم رکھا وہ لایق مذمت کیون ٹھہرے اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اِس آیت کے آگے خدا تعالیٰ فرماتا ہے

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷۳ آفتاب کی طرح یہ ایک روشنی بھی رکھتا ہے اور ماہتاب کیطرح ایک نور بھی اور رات کیطرح ایک ظلمت بھی اور زمین کیطرح ہزار ہا نیک اور بد ارادون کا منبع ہوسکتا ہے اور درختان کی طرح نشوونما رکھتا ہے اور اپنی قوت جاذبہ کے ساتھہ ہر ایک چیز کو اپنی طرف کھینچ رہا ہے اور ایسا ہی اسکا عالم صغیر ہونا اِس طرح بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ اپنے کشوف صادقہ اور رویا صالحہ کے وقت عالم کبیر کی ہر ایک چیز کو اپنے اندر پاتا ہے کبھی اپنے کشفون اور خوابون مین چاند دیکھتا ہے کبھی سورج کبھی ستارے کبھی طرح طرح کی نہرین اور باغ اور کبھی آگ اور ہوا وغیرہ اور زیادہ تر عجیب یہ کہ کبھی اپنے رویا صالحہ اور کشوف صادقہ مین ایسا پاتا ہے کہ آپ ہی سورج بنگیا

لیکن چھہ دن کی تخصیص کچھہ سمجھہ مین نہین آتی۔

اما الجواب پس واضح ہو کہ یہ چھہ دن کا ذکر درحقیقت مراتب تکوینی کیطرف اشارہ ہے یعنی ہر یک چیز جو بطور خلق صادر ہوئی ہے اور جسم اور جسمانی ہے خواہ وہ مجموعہ عالم ہے

لیعذب اللہ المنافقین والمنافقات والمشرکین والمشرکات ویتوب اللہ علی المومنین والمومنات وکان اللہ غفورا رحیما یعنے انسان نے جو امانت اللہ کو قبول کر لیا تو اُس سے یہ لازم آیا جو منافقین اور منافقات اور مشرکین اور مشرکات جنہون نے صرف زبان سے قبول کیا اور عملاً اُسکے پابند نہین ہوئے وہ معذب ہون اور مومنین اور مومنات جنہون نے امانت کو قبول کر کے عملاً پابندی بہی اختیار کی وہ مورد رحمت الٰہی ہون یہ آیت بہی صاف اور صریح طور پر بول رہی ہے کہ آیت موصوفہ مین ظلوم وجہول سے مراد مومن ہین جنکی طبیعتون اور استعدادون نے امانت کو قبول کر لیا اور پہر اُسپر کاربند ہو گئے کیونکہ صاف ظاہر ہے کہ مشرکون اور منافقون نے کامل طور پر قبول نہین کیا اور حملہا الانسان مین جو انسان کے لفظ پر الف لام ہے وہ بہی درحقیقت تخصیص کے لئے ہے

بقیہ حاشیہ یا آپ ہی چاند ہو گیا ہے یا آپ ہی زمین ہے جسپر ہزارہا ملک آباد ہین پس ان دلایل سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان بلاشبہ ایک عالم صغیر ہے جو اپنے نفس مین عالم کبیر کا ہر یک نمونہ رکہتا ہے اور یہ نہایت عمدہ طریق ہے کہ جب عالم کبیر کے عجائبات دقیقہ مین سے کوئی سر مخفی سمجہہ نہ آوے تو عالم صغیر کیطرف رجوع کیا جاوے اور دیکہا جاوے کہ وہ اسمین کیا لوا ہی دیتا ہے کیونکہ یہ دونون عالم مرایا متقابلہ کیطرح ہین اور جس عالم کو ہمنے بجز بیانات دیکہہ لیا ہے اُسکو ہم دوسرے عالم کی تشخیص کیلئے ایک پیمانہ ٹہہرا سکتے ہین اور بلاشبہ اسکی شہادت ہمارے لئے موجب اطمینان ہو سکتی ہے اب جبکہ یہ تمہید ممہد ہو چکی تو نہایت درست ہو گا اگر ہم

اور خواہ ایک فرد از افراد عالم اور خواہ وہ عالم کبیر ہے جو زمین و آسمان و مافیہا سے مراد ہے اور خواہ وہ عالم صغیر جو انسان سے مراد ہے وہ بحکمت و قدرت باریتعالی پیدائش کے چہہ مرتبے طے کر کے اپنے کمال خلقت کو پہنچتی ہے اور یہ عام قانون قدرت ہے کچہہ ابتدائی

جس سے خدا تعالیٰ کا یہ منشا ثابت ہوتا ہے کہ تمام انسانون نے اس امانت کو کامل طور پر قبول نہین کیا صرف مومنون نے قبول کیا ہے اور منافقون اور مشرکون کی فطرتون مین گو ایک ذرہ استعداد کا موجود تھا مگر بوجہ نقصان استعداد وہ کامل طور پر اس پیارے لفظ ظلوم اور جہول سے حصہ نہ لے سکے اور جن کو بڑی قوت ملی تھی وہ کامل طور پر اس نعمت کو لے گئے انہون نے اس امانت کے قبول کرنیکا صرف اپنی زبان سے اقرار نہین کیا بلکہ اپنے اعمال اور افعال مین ثابت کرکے دکھلا دیا اور جو امانت لی تھی کمال دیانت کے ساتھ اسکو واپس دیدیا۔

بالآخر یہ بھی واضح رہے کہ جہول کا لفظ بھی ظلوم کے لفظ کی طرح ان معنون مین استعمال کیا گیا ہے جو اتقا اور اصطفا کے مناسب حال ہین کیونکہ اگر جاہلیت کا حقیقی مفہوم مراد

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ کہ ملایک کی نسبت جو اجرام علوی اور اجسام سفلی کیطرف ہے وہ درحقیقت ایسی ہی ہے جیسے قوائے روحانیہ اور جسمیہ کی نسبت بدن انسان کیطرف ہے کیونکہ جیسا کہ نفس ناطقہ انسان کا بدن انسان کی تدبیر بتوسط قوائے روحانیہ اور جسمیہ کے کرتا ہے ایسا ہی قیوم العالم جو تمام عالم کے بقا اور قیام کے لئے نفس مدبرہ کیطرح اور بہ حکم آیت اللہ نور السموات والارض انکی حیات کا نور ہے تدبیر عالم کبیر کی بواسطہ ملایک کے فرماتا ہے اور ہمین اس بات کے ماننے سے چارہ نہین کہ جو کچھ عالم صغیر مین ذات واحد لاشریک کا نظام ثابت ہوا ہے اسی کے مشابہ عالم کبیر کا بھی نظام ہے کیونکہ وہ بھی

زمانہ سے خاص نہین چنانچہ اللہ جلشانہ ہر ایک انسان کی پیدائش کی نسبت بھی یہی نہین فرماتا ہے کا ذکر فرماتا ہے جیسا کہ قرآن کریم کے اٹھارویں سیپارے سورۃ المومنون مین یہ آیت ہے ولقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین ثم جعلناہ نطفۃ فی قرار مکین

ہو جو علوم اور عقاید صحیحہ سے بیخبری اور ناراستہ اور بیہودہ باتون مین مبتلا ہونا ہے تو یہہ تو صریح متقیون کی صفت کے برخلاف ہے کیونکہ حقیقی تقوی کے ساتھہ جاہلیت جمع نہین ہوسکتی حقیقی تقوی اپنے ساتھہ ایک نور رکھتی ہے جیسا کہ اللہ جل شانہ فرماتا ہے یا ایھا الذین آمنوا ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانا ویجعل لکم نورا تمشون بہ۔ یعنے اے ایمان لانیوالو اگر تم متقی ہونے پر ثابت قدم رہو اور اللہ تعالے کے لئے اتقا کی صفت مین قیام اور استحکام اختیار کرو تو خدا تعالے تم مین اور تمہارے غیرون مین فرق رکھہ دیگا وہ فرق یہہ ہے کہ تمکو ایک نور دیا جاویگا جس نور کے ساتھہ تم اپنی تمام راہون مین چلوگے یعنے وہ نور تمہارے تمام افعال اور اقوال اور قوی اور حواس مین آجاویگا تمہاری عقل مین بھی نور ہوگا اور تمہاری ایک ایک مشکل کی بات مین بھی نور ہوگا اور تمہاری

بقیہ حاشیہ عالم ایک ہی ذات سے صادر ہین اور اس ذات واحد لاشریک کا یہی تقاضا ہونا چاہیے کہ دونون نظام ایک ہی شکل اور طرز پر واقع ہون تا دونون ملکر ایک ہی خالق اور صانع پر دلالت کرین کیونکہ توحید فی النظام توحید باری عز اسمہ کے مسئلہ کو موید ہے وجہ یہہ کہ ہم کہہ سکتے ہین کہ اگر کئی خالق ہوتے تو اس نظام مین اختلاف کثیر پایا جاتا۔ غرض یہہ بات نہایت سیدھی اور صاف ہے کہ ملایک اللہ عالم کبیر کے لئے ایسے ہی ضروری ہین جیسے قوی روحانیہ وجسمیہ نشاء انسانیہ کے لئے جو عالم صغیر ہے۔

اگر یہہ اعتراض پیش کیا جاوے کہ اگر ملایک فی الحقیقت موجود ہین تو کیون نظر نہین

ثم خلقنا النطفۃ علقۃ فخلقنا العلقۃ مضغۃ فخلقنا المضغۃ عظاما فکسونا العظام لحما۔ ثم انشاناہ خلقا آخر فتبارک اللہ احسن الخالقین ط۔ یعنے پہلے تو ہمنے انسان کو اس مٹی سے پیدا کیا جو زمین کے تمام

اس بات کا ثبوت کہ حقیقت ملایک زمین پر نہین آسکتی

آنکھون مین ہی نور ہوگا اور تمہارے کانون اور تمہاری زبانون اور تمہارے بیانون اور تمہاری ہر ایک حرکت اور سکون مین نور ہوگا اور جن راہون مین تم چلوگے وہ راہ نورانی ہوجائیگی غرض جتنی تمہاری راہین تمہارے قوی کی راہین تمہارے حواس کی راہین ہین وہ سب نور سے بھر جائینگی اور تم سراپا نور مین ہی چلوگے -

اب اِس آیت سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ تقوی سے جاہلیت ہرگز جمع نہیں ہوسکتی ہان فہم اور ادراک حسب مراتب تقوی کم وبیش ہوسکتا ہے اسی مقام سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ بڑی اور اعلی درجہ کی کرامت جو اولیاء اللہ کو دیجاتی ہی جنکو تقوی مین کمال ہوتا ہے وہ یہی دیجاتی ہے کہ اُنکے تمام حواس اور عقل اور فہم اور قیاس مین نور رکھا جاتا ہے اور اُنکی قوت کشفی نور کے پانیون سے ایسی صفائی حاصل کرلیتی ہی کہ وجود وسرون

بقیہ حاشیہ ۴ آتے اور کیون اُنکی کسی مدد کا ہمین احساس نہین ہوتا اور ہم صریح دیکھتے ہین کہ ہر یک چیز اپنی فطرتی طاقت سے کام دے رہی ہے مثلاً رحم مین جو بچہ پیدا ہوتا ہے یا درختون کو جو پھل لگتے ہین یا کانون مین جو طرح طرح کے جواہر پیدا ہوتے ہین تو صرف اُس ایک طبعی طریق سے جو چلا آتا ہے طبیعت مدبرہ حیوانی اور نباتی اور جمادی اپنے فعل کو کمال تک پہنچاتی ہے جیسا کہ حکماء کا قدیم سے یہی قول ہے اور تجربہ بھی اسی قول کا موید نظر آتا ہے کیونکہ کبھی ہم حیوانی اور نباتی اور جمادی افعال کو اپنے ارادون کے بھی تابع کرلیتے ہین یعنے اپنی تدبیرون کے موافق اپنے کام صادر کرا سکتے ہین مثلاً رحم مین جو کبھی بچہ قبل از تکمیل خلقت ساقط ہوجاتا ہے اور

انواع اور اقسام کا لب لباب تھا اور اُسکی تمام قوتین اپنے اندر رکھتا تھا وہ باعتبار جسم کے عالم صغیر تھا اور زمین کی تمام چیزون کی اسمین قوت اور خاصیت ہو جیسا کہ وہ مرطبق آیت واذا السموات نفخت فیہ من روحی - باعتبار روح عالم صغیر

کو نصیب نہین ہوتی اُنکے حواس نہایت باریک بین ہو جاتے ہین اور معارف اور دقایق کے پاک چشمے اُن پر کھولے جاتے ہین اور فیض سایغ ربّانی اُنکی رگ و ریشہ مین خون کی طرح جاری ہو جاتا ہے۔

اب پھر ہم اصل بحث کی طرف جو بیان کیفیت اسلام ہے عنان قلم پھیرتے ہین سو واضح ہو کہ یہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ اسلام کیا چیز ہے اور اُسکی حقیقت کیا ہے سو اس بیان کے بعد یہ تذکرہ بھی نہایت ضروری ہے کہ وہ حقیقت جسکا نام اسلام ہے کیونکر حاصل ہو سکتی ہے اور قرآن کریم مین اُسکے حصول کے لئے کیا کیا وسایل بیان فرمائے گئے ہین۔

اوّل جاننا چاہئے کہ کسی شے کا وسیلہ اُس چیز کو کہا جاتا ہے جسکے ٹھیک ٹھیک

بقیہ حاشیہ عورتون کو سقوط حمل کی ایک مرض ٹھہر جاتی ہے تو طبیب حاذق سمجھ لیتا ہے کہ رحم کی قوتیں کمزور ہو گئی ہین تب وہ مثلاً اوایل حمل مین ایک ملین خفیف سا دیتا ہے اور مواد موذیہ کو دور کر کے تقویات رحم مثلاً جوارش لولو اور دواالمسک وغیرہ استعمال کراتا ہے اور عورت کو اُسکے مرد سے پرہیز فرماتا ہے تب اس تجویز سے صریح فایدہ محسوس ہوتا ہے اور بچہ ساقط ہونے سے بچ جاتا ہے ایسا ہی حبّ دانا باغبان کسی پھلدار درخت کو ایسا پاتا ہے کہ اب وہ پھل کم دیتا ہے تو وہ غور کرتا ہے کہ اسکا کیا سبب ہے تب بلحاظ اسباب متفرقہ کبھی وہ شاخ تراشی کرتا ہے اور کبھی جڑ کھود کر بقدر ضرورت آبپاشی کراتا ہے اور کبھی معمولی کہاد

اور بلحاظ شیون و صفات کاملہ و ظلیّت تامہ روح الٰہی کا مظہر تام ہے۔ پھر بعد اسکے انسان کو ہمنے دوسرے طور پر پیدا کرنے کے لئے یہ طریق جاری کیا جو انسان کے اندر نطفہ پیدا کیا اور اُس نطفہ کو ہمنے ایک مضبوط تھیلی مین جو ساتھ ہی رحم مین بنتے

استعمال یا دوسرے اس شے کا میسّر آجانا ضروری ہو اور اُسکے عوض اُسکی نقیض کا استعمال کرنا موجب بعد و ناکامی نہو۔

بعد اسکے واضح ہو کہ اگرچہ قرآن کریم نے حقیقت اسلامیہ کی تحصیل کے لئے بہت سے وسائل بیان فرمائے ہین مگر درحقیقت اُن سب کا مآل دو قسم پر ہی جا ٹھہرتا ہے اوّل یہ کہ خدا تعالیٰ کی ہستی اور اُسکی مالکیت تامہ اور اُسکی قدرت تامہ اور اُسکی حکومت تامہ اور اُسکے علم تام اور اُسکے حساب تام اور نیز اُسکے واحد لاشریک اور حیّ قیّوم اور حاضر ناظر ذوالاقتدار اور ازلی ابدی ہونے مین اور اُسکی تمام قوّتوں اور طاقتوں اور جمیع جلال و کمال کے ساتھہ یگانہ ہونے مین پورا پورا یقین آجاے یاں تک کہ ہر ایک ذرّہ اپنے وجود اور اس تمام عالم کے وجود کا اُسکے تصرف اور حکم مین دکھائی دے اور

بقیہ حاشیہ یا تدبیان پیش کر اُسکی جڑھون مین رکھتا ہے۔ ایسا ہی کانون کی تحقیق مین دخل رکھنے والے اسی طور پر تجویزین کیا کرتے ہین اور اکثر یہ سب لوگ کامیاب ہو جاتے ہین پس اگر یہ سلسلہ ملایک کے ارادہ کے تابع ہے تو ہماری تدبیرات کے مقابل پر کیون ملایک ٹھہر نہین سکتے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جن دنون مین لوگ طبعی کی کامل تحقیقات تون سے بے بہرہ تھے اُنہین دنون مین ملایک کا وجود تراشا گیا ہے انسان کی عادت ہے کہ معلومات کے لئے کوئی نہ کوئی علت تلاش کرتا ہے پس جبکہ علت صحیحہ دریافت نہ ہو سکے تو بے علمی کے زمانہ مین ملایک کا وجود قوت متخیلہ کی تسکین دینے کے لئے تراشا گیا یہ حال

جاتے ہین جگہ دی۔ (قرار مکین کا لفظ اسلئے اختیار کیا گیا کہ تا رحم اور تہلیل دونون پر اطلاق پا سکے) اور پھر ہمنے نطفہ سے علقہ بنایا اور علقہ سے مضغہ اور مضغہ کے بعض حصون مین ہڈیان اور ہڈیون پر پوست پیدا کیا پھر اُسکو ایک اور پیدایش دی یعنے روح اُس

ھو القاھر فوق عبادہٖ کی تصویر سامنے نظر آجاوے اور نقش راسخ بیدہ ملکوت السموات والارض کا جلی قلم کے ساتھہ دل مین لکھا جائے۔ یانتک کہ اُسکی عظمت اور ہیبت اور کبریائی تمام نفسانی جذبات کو اپنی قہری شعاعون سے مضمحل اور خیرہ کرکے اُنکی جگہ لیلے اور ایک دایمی رُعب اپنا دلپر جما دیوے اور اپنے قہری حملہ سے نفسانی سلطنت کے تخت کو خاک مذلّت مین پھینک دیوے اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیوے اور اپنے خوفناک کرشمون سے غفلت کی دیوارون کو گرادے اور تکبّر کے مینارون کو توڑ دے اور ظلمت بشری کی حکومتین وجود انسانی کی دارالسلطنت سے بکلّی اُٹھا دیوے اور جو جذبات نفس امارہ کی طبیعت انسانی پر حکومت کرتے تہے اور باعزّت سمجھے گئے تہے اُنکو ذلیل اور خوار اور ہیچ اور بیمقدار کرکے دکھلا دیوے۔

بقیہ حاشیہ کی نئی روشنی (کہ خاک برفرق این روشنی) نو تعلیم یافتہ لوگون کو اوہام باطلہ سکھا رہی ہے اور ہم نے تو ڈرتے ڈرتے اسقدر بیان کیا ہے اکثر انکی تو فقط اسی پر نہین ٹہرتی بلکہ خود خداوند تعالیٰ کی نسبت بہی ایسا ہی جسارت پیش کرکے صانع حقیقی کے وجود سے فارغ ہو بیٹہے ہین۔

اما الجواب پس واضح ہو کہ یہ خیال کہ فرشتے کیون نظر نہین آتے بالکل عبث ہے فرشتے خدا تعالیٰ کے وجود کی طرح نہایت لطیف وجود رکہتے ہین پس کس طرح ان آنکہون سے نظر آوین کیا خدا تعالیٰ جسکا وجود ان فلسفیون کے نزدیک بہی



مین والذی پس کیا ہی مبارک ہے وہ خدا جو اپنی صنعت کاری مین تمام صنّاعون سے بالا ہے حسن صنعت و کمال عجائبات خلقت بڑا ہوا ہے۔

اب دیکہو خدا تعالیٰ نے اس جگہ بہی اپنا قانون قدرت ہی بیان فرمایا کہ انسان

دوم یہ کہ اللہ جل شانہٗ کے حسن و احسان پر اطلاع و افر پیدا کرے کیونکہ کامل درجہ کی محبت یا تو حسن کے ذریعہ سے پیدا ہوتی ہے، و یا احسان کے ذریعہ سے اور اللہ جل شانہٗ کا حسن اُسکی ذات اور صفات کی خوبیاں ہیں اور خوبیاں یہ ہیں کہ وہ خیر محض ہے اور مبدا ہے جمیع فیضوں کا اور مصدر ہے تمام خیرات کا اور جامع ہے تمام کمالات کا اور مرجع ہے ہر یک امر کا اور موجد ہے تمام وجودوں کا اور علت العلل ہے ہر یک موثر کا جس کی تاثیر یا عدم تاثیر ہر یک وقت اُسکے قبضہ میں ہے اور واحد لاشریک ہی اپنی ذات میں اور صفات میں اور اقوال میں اور افعال میں اور اپنے تمام کمالوں میں اور ازلی اور ابدی ہے اپنی جمیع صفات کاملہ کے ساتھ۔ بڑا ہی نیک اور بڑا ہی رحیم باوجود قدرت کاملہ سزا دہی کے ہزاروں برسوں کی خطاؤں میں یکدم کے رجوع میں بخشنیوالا بڑا ہی حلیم اور بُردبار اور پردہ پوش کروڑہا نفرت کے کاموں اور کردہ ناکردہ گناہوں

بقید حاشیہ سلم ہے ان فانی آنکھوں سے نظر آتا ہے۔ ماسوا اسکے یہ بات بھی درست نہیں کہ کسی طرح نظر ہی نہیں آسکتے کیونکہ عارف لوگ اپنے مکاشفات کے ذریعہ سے جو اکثر بیداری میں ہوتے ہیں فرشتوں کو روحانی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں اور اُن سے باتیں کرتے ہیں اور کئی علوم اُن سے اخذ کرتے ہیں اور مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اور جو مفتری کذاب کو ہیچ ذلیل اور معذب کرنے کے نہیں چھوڑتا کہ میں اس بیان میں صادق ہوں کہ بارہا عالم کشف میں میں نے ملایک کو دیکھا ہے اور اُن سے بعض علوم اخذ کئے ہیں اور اُن سے گذشتہ یا آئندہ

چہ طور کے خلقت کے مدارج طے کرکے اپنے کمال انسانیت کو پہنچتا ہے اور یہ تو ظاہر ہے کہ عالم صغیر اور عالم کبیر میں نہایت شدید تشابہ ہے اور قرآن سے انسان کا عالم صغیر ہونا ثابت ہے اور آیت انا خلقنا الانسان فی احسن تقویم۔ اسی کی

دیکھنے والا اور پھر جلد نہ پکڑنے والا اگر اُسکا روحانی جمال تمثل کے طور پر ظاہر ہو تو ہر یک دل پروانہ کی طرح اُسپر گرے پر اُسنے اپنا جمال غیرون سے چھپایا اور اُنہین پر ظاہر کیا جو صدق سے اُسکو ڈھونڈھتے ہین اُسنے ہر یک خوبصورت چیز پر اپنے حُسن کا پرتو ڈالا اگر آفتاب ہے یا ماہتاب یا وہ سیارے جو چمکتے ہوئے نہایت پیارے معلوم ہوتے ہین یا خوبصورت انسانون کے مونہہ جو دلکش اور ملیح دکھائی دیتے ہین یا وہ تازہ اور تر بتر اور خوشنما پھول جو اپنے رنگ اور بو اور آب و تاب سے دلون کو اپنی طرف کھینچتے ہین یہ سب درحقیقت ظلی طور پر اُس حُسن لازوال سے ایک ذرّہ کے موافق حصہ لیتے ہین وہ حُسن ظن اور وہم اور خیال نہین بلکہ یقینی اور قطعی اور نہایت روشن ہے جسکے تصور سے تمام نظرین خیرہ ہوتی ہین اور پاک دل اُسکی طرف کھینچے جاتے

بقیہ حاشیہ خبرین معلوم کی ہین جو مطابق واقعہ نہین پھر مین کیون کہون کہ فرشتے کسی کو نظر نہین آسکتے بلاشبہ نظر آسکتے ہین مگر اور آنکھون سے اور جیسے یہ لوگ ان باتون پر ہنستے ہین عارف اِنکی حالتون پر روتے ہین - اگر صحبت مین رہین تو کشفی طریقون سے مطمئن ہوسکتے ہین لیکن مشکل تو یہی ہے کہ ایسے لوگون کی کھوپری مین ایک قسم کا تکبر ہوتا ہے وہ تکبر انہین اس قدر بھی اجازت نہین دیتا کہ انکسار اور تذلل اختیار کرکے طالب حق بنکر حاضر ہوجائین -

اور یہ خیالات کہ ہمین فرشتون کے کامون کا کیون کچھہ احساس نہین ہوتا -

---

طرف اشارہ کررہی ہے کہ تقویم عالم کی متفرق خوبیون اور حسنون کا ایک ایک حصہ انسان کو دیکر بوجہ جامعیت جمیع شمایل وشیون عالم اُسکو احسن ٹھہرا گیا ہے پس اب بوجہ تشابہ عالمین اور نیز بوجہ ضرورت تناسب افعال صانع واحد ماننا پڑتا ہے کہ جو

ہین۔ اور اُس محبوب حقیقی کے احسانات جو انسان پر ہین وہ دفترون مین سما نہین سکتے کیونکہ اُسکی نعمتین بشمار ہین گناہ پر گناہ دیکھتا ہے اور احسان پر احسان کرتا ہے اور خطا پر خطا پاتا ہے اور نعمت پر نعمت دیتا ہے۔ درحقیقت نہ زید ہم سے کچھہ بھلائی کرسکتا ہے اور نہ بکر۔ نہ آفتاب اپنی روشنی سے ہمکو کچھہ فایدہ پہنچا سکتا ہے نہ ماہتاب اپنے نور سے ہمکو کوئی نفع دیسکتا ہے نہ ستارے ہمارے کام آسکتے ہین نہ اُنکی تاثیر کچھہ چیز ہے ایسا ہی نہ دوست کام آسکتا ہے نہ فرزند غرض کوئی چیز بھی ہمین آرام نہین پہنچا سکتی جبتک وہ ارادہ نہ فرماوے پس اس سے ظاہر ہے کہ ہزارہا اور بے شمار طریقون سے جو ہماری حاجات پوری ہوتی ہین درحقیقت یہ فضل اُسی منعم حقیقی کی طرف سے ہے پس اُسکے انعامات کو کون گن سکتا ہے اگر ہم انصاف سے بولین تو ہمین یہ شہادت دینی پڑیگی کہ کسی نے ہم سے ایسا پیار نہین کیا جیسا کہ اُسنے

بقیہ حاشیہ۔ اس پہلے اعتراض کی ایک فرع ہین محجوب ہونے کی حالت مین جیسے فرشتے نظر نہین آتے اور جیسے خدا تعالیٰ کا بھی کچھہ پتہ نہین لگتا صرف اپنے خیالات پر سارا مدار ہوتا ہے ایسا ہی فرشتون کے کامون کا بھی جو روحانی ہین کچھہ احساس نہین ہوتا اس جگہ یہ مثل ٹھیک آتی ہے کہ ایک اندھے نے آفتاب کے وجود کا انکار کردیا تھا کہ ٹٹولنے سے اسکا کچھہ پتہ نہین ملتا تب آفتاب نے اُسکو مخاطب کرکے کہا کہ اے اندھے مین ٹٹولنے سے معلوم نہین ہوسکتا کیونکہ تیرے ہاتھون سے بہت دور ہون تو یہ دعا کر کہ خدا تعالیٰ تجھہ کو آنکھین بخشے تب تو آنکھون کے ذریعہ سے مجھے دیکھہ لیگا

عالم صغیر مین مراتب تکوین موجود ہین وہی مراتب تکوین عالم کبیر مین بھی ملحوظ ہون اور ہم صریح اپنی آنکھون سے دیکھتے ہین کہ یہ عالم صغیر جو انسان کے اسم سے موسوم ہے اپنی پیدایش مین چھہ طریق رکھتا ہے اور کچھہ شک نہین کہ یہ عالم عالم کبیر کے کوائف

یہ دونون قسم کے وسایل جن پر حقیقت اسلامیہ کا حاصل ہونا موقوف ہے قرآن کریم مین ان دونون وسیلون کی طرف اس آیت مین اشارہ فرمایا گیا ہے انما یخشی اللہ من عبادہ العلما۔ الجزو نمبر ۲۲ سورۃ الفاطر۔ یعنے اللہ جل شانہ سے وہ لوگ ڈرتے ہین جو اسکی عظمت اور قدرت اور احسان اور حسن اور جمال پر علم کامل رکھتے ہین خشیت اور اسلام درحقیقت اپنے مفہوم کے رو سے ایک ہی چیز ہے کیونکہ کمال خشیت کا مفہوم اسلام کے مفہوم کو مستلزم ہے پس اس آیت کریمہ کے مضمون کا مآل اور ماحصل یہی ہوا کہ اسلام کے حصول کا وسیلہ کاملہ یہی علم عظمت ذات وصفات باری ہے جسکی ہم تفصیل لکھہ چکے ہین اور اسی کی طرف درحقیقت اشارہ اس آیت مین بھی ہے۔ یوتی الحکمۃ من یشاء ومن یوت الحکمۃ

بقیہ حاشیہ اور یہ خیال کہ اگر مدبرات اور مقسمات امر فرشتے ہین تو پھر ہماری تدبیرین کیون پیش جاتی ہین اور کیون اکثر امور ہمارے معالجات اور تدبیرات سے ہماری مرضی کے موافق ہوجاتے ہین تو اسکا یہ جواب ہے کہ وہ ہمارے معالجات اور تدبیرات بھی فرشتون کے دخل اور القاء اور الہام سے خالی نہین ہین جس کام کو فرشتے باذنہ تعالیٰ کرتے ہین وہ کام اس شخص یا اس چیز سے لیتے ہین جس مین فرشتون کی تحریکات کے اثر کو قبول کرنیکا فطرتی مادہ ہے مثلاً فرشتے جو ایک کھیت یا ایک گانو یا ایک ملک مین باذنہ تعالیٰ پانی برسانا چاہتے ہین تو وہ آپ تو پانی نہین بن سکتے اور نہ آگ سے

فخصیہ کے شناخت کے لئے ایک آئینہ کا حکم رکھتا ہے پس جبکہ اسکی پیدایش کے چہہ مرتبے ثابت ہوئے تو قطعی طور پر یہ حکم دیسکتے ہین کہ عالم کبیر کے بھی مراتب ستہ ہین جو بلحاظ موثرات ستہ یعنے تجلیات ستہ جن کے آثار باقیہ نجوم ستہ مین محفوظ ہین

فقد اوتی خیرا کثیرا۔ یعنے جسکو خدا تعالیٰ چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے اور جسکو حکمت دی گئی اُسکو خیر کثیر دی گئی حکمت سے مراد علم عظمت ذات وصفات باری ہے اور خیر کثیر سے مراد اسلام ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ قرآن کریم مین فرماتا ہے ھو خیر مما یجمعون۔ پھر ایک دوسری آیت مین فرماتا ہے قل رب زدنی علما یعنے اے میرے ربّ تو مجھے اپنی عظمت اور معرفت شیون اور صفات کا علم کامل بخش اور پھر دوسری جگہ فرمایا وھذا اول المسلمین ان دونون آیتون کے ملانے سے معلوم ہوا کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلّم جو اول المسلمین ٹھہرے تو اسکا یہی باعث ہوا کہ اور دن کی نسبت علوم معرفت الٰہی مین اعلم ہین یعنے علم انکا معارف الٰہیہ کے بارے مین سب سے بڑھ کر ہے۔

بقیہ حاشیہ پانی کا کام لے سکتے ہین بلکہ بادل کو اپنی تحریکات جاذبہ سے محل مقصود پر پہنچا دیتے ہین اور مدبرات امرًا جسم کم اور کیف اور حد اور اندازہ تک ارادہ کیا گیا ہے برسا دیتے ہین بادل مین وہ تمام قوتین موجود ہوتی ہین جو ایک بیجان اور بے ارادہ اور بے شعور چیز مین باعتبار اُسکے جمادی حالت ادنیٰ کے خاصیت کے ہو سکتے ہین اور فرشتون کی نسبی خدمت دراصل تقسیم اور تدبیر ہوتی ہے اسی لئے وہ مقسمات اور مدبرات کہلاتے ہین اور القاء اور الہام بھی جو فرشتے کرتے ہین وہ بھی بربنا فطرت ہی ہوتا ہے مثلاً وہ الہام جو خدا تعالیٰ کے برگزیدہ بندون پر وہ نازل کرتے ہین دوسرون پر نہین کر سکتے

گئے ہین معقولی طور پر متحقق ہوتے ہین اور نجوم سنہ کا اب بھی علوم حکمیہ ہین جنہین کی تکمیل کے لئے تعلّق مانا جاتا ہے چنانچہ سدیدی مین اسکے متعلق ایک مبسوط بحث لکھی ہے بعض نادان اس جگہ اس آیت کی نسبت یہ اعتراض پیش کرتے ہین کہ حال کی طبی تحقیقاتون

اسلئے انکا اسلام بھی سب سے اعلیٰ ہے اور وہ اوّل المسلمین ہین - اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس زیادت علم کی طرف اُس دوسری آیت مین بھی اشارہ ہے جیسا کہ اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما الخ یعنے خدا تعالیٰ نے تجکو وہ علوم عطا کئے جو تو خود بخود نہین جانسکتا اور فضل الہی سے فیضان الہی سب سے زیادہ تیرے پر ہوا یعنے تو معارف الہیہ اور اسرار اور علوم ربّانی مین سب سے بڑھ گیا اور خدا تعالیٰ نے اپنی معرفت کے عطر کے ساتھ سب سے زیادہ تجھے معطّر کیا غرض علم اور معرفت کو خدا تعالیٰ نے حقیقت اسلامیہ کے حصول کا ذریعہ ٹھہرایا ہے اور اگرچہ حصول حقیقت اسلام کے وسایل اور بھی ہین جیسے صوم وصلوٰۃ اور دُعا اور تمام احکام الہی جو چہرہ سو سے بھی کچھ زیادہ

بقیہ حاشیہ بلکہ اُس طرف توجہ ہی نہین کرتے اور اسی قاعدہ کے موافق ہر یک شخص اپنے اندازہ استعداد پر فرشتون کے القا سے فیضیاب ہوتا ہے اور جس فن یا علم کی طرف کسی کا روئے خیال ہے اُسی مین فرشتہ سے مدد پاتا ہے مثلاً جب اللہ جل شانہ کا ارادہ ہوتا ہے کہ کسی دوا سے کسی کو دست آوین تو طبیب کے دل مین فرشتہ ڈالدیتا ہے کہ فلان مسہل کی دوا اُسکو کھلا دو تب وہ تربد یا خیارشنبر یا شیرخشت یا سقمونیا یا سنا یا کشنیز این یا کوئی اور چیز جسے دل مین ڈالا گیا ہو اُس بیمار کو تبلا دیتا ہے اور پھر فرشتون کی تائید سے اُس دوا کو طبیعت قبول کر لیتی ہے تب تک نہین آتی تب فرشتے اُس دوا پر اپنا اثر ڈالکر بدن مین

کی رو سے یہ طرز بچہ کے بننے کی جو رحم عورت مین ہتا ہے ثابت نہین ہوتی بلکہ برخلاف اسکے ثابت ہوتا ہے لیکن یہ اعتراض سخت درجہ کی کم فہمی یا صریح تعصب پر مبنی ہے اس بات کی تجربہ کے لئے کسی ڈاکٹر یا طبیب کی حاجت نہین خود ہر یک انسان اس آزمایش کے لئے

ہین لیکن علم عظمت و وحدانیت ذات اور معرفت شیون و صفات جلالی و جمالی حضرت باری عز اسمہٗ وسیلۃ الوسایل اور سب کا موقوف علیہ ہے کیونکہ جو شخص غافل دل اور معرفت الہی سے بکلّی بے نصیب ہے، وہ کب توفیق پا سکتا ہے کہ صوم اور صلوٰۃ بجالاوے یا دُعا کرے یا اور خیرات کی طرف مشغول ہو ان سب اعمال صالح کا محرّک تو معرفت ہی ہے اور یہ تمام دوسرے وسایل دراصل اسی کے پیدا کردہ اور اُسی کے ہیں و نبات ہین اور ابتدا اِس معرفت کی پر تو ہ اسم رحمانیت سے ہے نہ کسی عمل سے نہ کسی دُعا سے بلکہ بلا علّت فیضان سے صرف ایک موہبت ہے یھدی من یشاء ویضل من یشاء مگر پھر یہہ معرفت اعمال صالحہ اور حُسن ایمان کے شمول سے زیادہ ہوتی جاتی ہے یہان تک کہ آخر الہام اور کلام الہی کے رنگ مین نزول

بقیہ حاشیہ اُسکی تاثیرات پہنچاتے ہین اور مادہ موذیہ کا اخراج باذنہٖ تعالیٰ شروع ہوجاتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے نہایت حکمت اور قدرت کاملہ سے سلسلہ ظاہری علوم و فنون کو بھی ضایع ہونے نہین دیا اور اپنی خدائی کے تصرفات اور دایمی قبضہ کو بھی معطل نہین رکھا اور اگر خدا تعالیٰ کا اسقدر دقیق در دقیق تصرف اپنی مخلوق کے عوارض اور اُسکی بقا و فنا پر نہ ہوتا تو وہ ہرگز خدا نہ ٹھہر سکتا اور نہ توحید درست ہوسکتی ہان یہ بات درست ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس عالم مین نہین چاہا کہ یہ تمام اسرار عام نظرون مین بدیہی ٹھہراوین کیونکہ اگر یہ بدیہی ہوتی تو پھر اُن پر ایمان لانے کا کچھ بھی ثواب نہ ہوتا مثلاً

وقت خرچ کرکے اور اُن بچون کو دیکھکر جو تمام خلقت یا اکثر تمام خلقت کی حالت مین پیدا ہوتے ہین یا سقوط حمل کے طور پر گرتے ہین حقیقت واقعیہ تک پہنچ سکتا ہے اور جیسا کہ ہم اپنے ذاتی مشاہدہ سے جانتے ہین بلاشبہ یہ بات صحیح ہے کہ جب خدا تعالیٰ انسانی

پکڑ کر تمام صحن سینہ کو اُس نور سے منوّر کر دیتی ہے جسکا نام اسلام ہے اور اِس معرفت تامہ کے درجہ پر پہنچکر اسلام صرف لفظی اسلام نہیں رہتا بلکہ وہ تمام حقیقت اُسکی جو ہم بیان کر چکے ہیں حاصل ہو جاتی ہے اور انسانی روح نہایت انکسار سے حضرت احدیت میں اپنا سر رکھہ دیتی ہے تب دونوں طرف سے یہ آواز آتی ہے کہ جو میرا سو تیرا ہے۔ یعنے بندہ کی روح بھی بولتے ہے اور اقرار کرتی ہے کہ یا الٰہی جو میرا ہے سو تیرا ہے۔ اور خدا تعالیٰ بھی بولتا ہے اور بشارت دیتا ہے کہ اے میرے بندے جو کچھہ زمین و آسمان وغیرہ میرے ساتھہ ہے وہ سب تیرے ساتھہ ہے۔ اسی مرتبہ کی طرف اشارہ اس آیت میں ہے۔ قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا الجزو

بقیہ حاشیہ اگر لوگ خدا تعالیٰ کو اپنی آنکھوں سے دیکھہ لیتے اور اُسکے فرشتوں کا مشاہدہ کر لیتے تو پھر یہ معلومات بھی اُن تمام معلومات کی مدّ میں داخل ہو جاتے جو انسان بذریعہ حواس یا تجارب حاصل کرتا ہے اِس صورت میں اُن امور کا ماننا موجب نجات نہ ٹھہر سکتا جیسا کہ اور دوسرے صدہا امور معلومہ کا ماننا موجب نجات نہیں ہے مثلاً ہم اِس بات کو مانتے ہیں کہ درحقیقت سورج اور چاند موجود ہیں اور زمین پر صدہا قسم کے جانور صدہا قسم کی بوٹیاں صدہا قسم کی کانیں اور دریا اور پہاڑ موجود ہیں مگر کیا اِس ماننے سے ہمیں کوئی ثواب حاصل ہوگا یا ہم اِن چیزوں کا وجود قبول کرنے سے خدا تعالیٰ

نُطفہ سے کسی بچہ کو رحم میں بنانیکے لئے ارادہ فرماتا ہے تو پہلے مرد اور عورت کا نُطفہ رحم میں ٹھہرتا ہے اور صرف چند روز تک اُن دونوں منیوں کے امتزاج سے کچھہ تغیّر طاری ہو کر جمے ہوئے خون کی طرح ایک چیز ہو جاتی ہے جسپر ایک نرم سی جِلّی ہوتی ہے یہ جِلّی جیسے جیسے

الجزو ۲۴ سورۃ الزمر یعنی کہہ اے میرے غلامو جنہون نے اپنے نفسون پر زیادتی کی ہے کہ تم رحمت الہی سے نا امید مت ہو خدا تعالیٰ سارے گناہ بخش دیگا اب اس آیت مین بجاے قل یا عباد اللہ کے جسکے یہ معنے ہین کہ کہہ اے خدا تعالیٰ کے بندو یہ فرمایا کہ قل یا عبادی یعنے کہہ کہ اے میرے غلامو - اس طرز کے اختیار کرنے مین بھید یہی ہے کہ یہ آیت اس لئے نازل ہوئی ہے کہ تا خدا تعالیٰ بے انتہا رحمتون کی بشارت دیوے اور جو لوگ کثرت گناہون سے دل شکستہ ہین انکو تسکین بخشے سو اللہ جل شانہٗ نے اس آیت مین چاہا کہ اپنی رحمتون کا ایک نمونہ پیش کرے اور بندہ کو دکھلا دے کہ مین کہان تک اپنے وفادار بندون کو انعامات خاصہ سے مشرف کرتا ہون سو اسنے قل یا عبادی کے

بقیہ حاشیہ کے مقرب ہو جائینگے ہرگز نہین پہر اسکی کیا وجہ ہے کہ جو شخص خدا تعالیٰ کے فرشتون کو مانتا ہے بہشت اور دوزخ کے وجود پر ایمان لاتا ہے اور قیامت مین میزان عمل کو قبول کرتا ہے قیامت کی پل صراط پر صدق دل سے یقین رکھتا ہے اور اس حقیقت کو مانتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی کتابین ہین جو دنیا مین نازل ہوئی ہین اور اسکے رسول بھی ہین جو دنیا مین آئے ہین اور اسکی طرف سے حشر اجسام بھی ہے جو ایکدن ہوگا اور خدا بھی موجود ہے جو در حقیقت واحد لاشریک ہے تو وہ شخص عند اللہ قابل نجات ٹھہر جاتا ہے - پیارو!! یقیناً سمجھو کہ اسکی یہی وجہ ہے کہ یہ شخص خدا تعالیٰ پر جو ہنوز در پردہ غیب ہے ایمان لاتا ہے اور اسکی

---

۱۰۰ حاشیہ بچہ بڑھتا ہے بڑھتی جاتی ہے یان تک کہ خاکی رنگ کی ایک تہیلی سی ہو جاتی ہے جو کھمبی کی طرح نظر آتی ہے اور اپنی تکمیل خلقت کے دنون تک بچہ اسی مین ہوتا ہے قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے اور حال کی تحقیقاتین بھی اسکی مصدق ہین کہ عالم کبیر

لفظ سے یہ ظاہر کیا کہ دیکھو یہ میرا پیارا رسول دیکھو یہ برگزیدہ بندہ کہ کمال طاعت سے کس درجہ تک پہنچا کہ اب جو کچھ میرا ہے وہ اُسکا ہے جو شخص نجات چاہتا ہے وہ اُسکا غلام ہو جاوے یعنے ایسا اُسکی طاعت میں محو ہو جاوے کہ گویا اُسکا غلام ہے تب وہ گو کیسا ہی پہلے گناہ گار تھا بخشا جائیگا۔ جاننا چاہئے کہ عبد کا لفظ لغت عرب میں غلام کے معنوں پر بھی بولا جاتا ہے جیسا کہ اللہ جل شانہ فرماتا ہے ولعبد مومن خیر من مشرک اور اِس آیت میں اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جو شخص اپنی نجات چاہتا ہے وہ اِس نبی سے غلامی کی نسبت پیدا کرے یعنے اُسکے حکم سے باہر نہ جائے اور اُسکے دامن طاعت سے اپنے تئیں وابستہ جانے جیسا کہ غلام جانتا ہے تب وہ نجات پائیگا اس مقام میں اُن کو رباطن نام کے موحدوں پر افسوس آتا ہے کہ جو ہمارے

بقیہ حاشیہ ۱ کتاب کے اخبار غیبیہ کو صحیح سمجھتا ہے تو وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک راستباز اور نیک خیال اور نیک ظن اور فرمان بردار ٹھہرتا ہے تب اِس صدق کی برکت سے بخشا جاتا ہے اور نجد و معلوم کو نجات سے تعلق نہیں کیا ہے کیا اگر کوئی روز قیامت میں کُل حجابوں کے رفع کے بعد یہ کہے کہ یہ بہشت اور دوزخ جو سامنے نظر آرہا ہے اور یہ ملایک جو صف باندھے کھڑے ہیں اور یہ میزان جس سے عمل تُل رہے ہیں اور یہ رب العالمین جو عدالت کر رہا ہے ان سب باتوں پر اب میں ایمان لایا تو کیا ایسے ایمان سے وہ رہا ہو جائیگا ہرگز نہیں پس اگر رہا نہیں ہوگا تو اِسکا سبب کیا ہے کیا اِسکا یہ سبب نہیں کہ اُس وقت

بھی اپنے کمال خلقت کے وقت تک ایک گہڑی کی طرح تھا جیسا کہ اللہ جل شانہ فرماتا ہے اولم یر الذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا ففتقنا ھما وجعلنا من الماء کل شیئ حی الجزو نمبر یعنے فرماتا ہے کیا کافروں نے آسمان اور

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یاں تک بُغض رکھتے ہین کہ اُنکے نزدیک یہ نام کہ غلام نبی غلام رسول غلام مصطفیٰ غلام احمد غلام محمد شرک مین داخل ہین اور اِس آیت سے معلوم ہوا کہ مدار نجات یہی نام ہین۔ اور چونکہ عبد کے مفہوم مین یہ داخل ہے کہ ہر ایک آزادگی اور خودروی سے باہر آجاے اور پورا متبع اپنے مولی کا ہو اسلئے حق کے طالبون کو یہ رغبت دی گئی کہ اگر نجات چاہتے ہین تو یہ مفہوم اپنے اندر پیدا کرین اور درحقیقت یہ آیت اور یہ دوسری آیت قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنوبکم ازروے مفہوم کے ایک ہی ہین کیونکہ کمال اتباع اُس محبوبیت اور اطاعت تامہ کو مستلزم ہے جو عبد کے مفہوم مین پائی جاتی ہے یہی سِرّ ہے کہ جیسے پہلی آیت مین مغفرت کا وعدہ بلکہ محبوب الٰہی بننے کی

بقیہ حاشیہ: اسنے اُن تمام چیزون کو دیکھ لیا ہے جو پہلے اِس سے پردہ غیب مین تھین اسلئے وہ موقعہ ثواب کا ہاتھ سے جاتا رہا جو صرف اُسی شخص کو مل سکتا ہے جو ان بدیہی ثبوتون سے بیخبر ہو اور محض قراین دقیقہ سے استنباط کرکے بات کی اصلیت تک پہنچ گیا ہو افسوس کہ وہ لوگ جو فلسفہ پر مرے جاتے ہین اُنکی عقلون پر یہی پردہ پڑا ہوا ہے کہ وہ اِس بات کو نہین سوچتے کہ اگر علم ذات باری اور علم وجود ملایک اور علم حشر اجسام اور علم جنت وجہنم اور علم نبوّت اور رسالت ایسے مانے جاتے اور صاف کئے جاتے اور بدیہی طور پر دکھلاے جاتے کہ جیسے علوم ہندسہ وحساب اور

زمین کو نہین دیکھا کہ گٹھری کی طرح آپس مین بندھے ہوئے تھے اور ہمنے اُنکو کھولدیا۔ سو کافرون نے تو آسمان اور زمین بنتا نہین دیکھا اور نہ اُنکی گٹھری دیکھی لیکن اِس جگہ روحانی آسمان اور روحانی زمین کی طرف اشارہ ہے جسکی گٹھری کفار عرب کے روبرو

خوشخبری ہے گویا یہ آیت کہ قل یا عبادی دوسرے لفظون مین اِس طرح پر ہے کہ تل یا متبعی یعنے اے میری پیروی کرنے والو جو بکثرت گناہون مین مبتلا ہو رہے ہو رحمت الہی سے نومید مت ہو کہ اللہ جل شانہٗ ببرکت میری پیروی کے تمام گناہ بخشدیگا اور اگر عباد سے صرف اللہ تعالیٰ کے بندے ہی مراد لئے جائین تو معنے خراب ہوجاتے ہین کیونکہ یہ ہرگز درست نہین کہ خدا تعالیٰ بغیر تحقق شرط ایمان اور بغیر تحقق شرط پیروی تمام مشرکون اور کافرون کو یون ہی بخش دیوے ایسے معنے تو نصوص بینہ قرآن سے صریح مخالف ہین۔

اِس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ ماحصل اِس آیت کا یہ ہے کہ جو لوگ دل وجان سے تیرے یا رسول اللہ غلام بن جائین گے اُنکو وہ نور ایمان اور محبت اور عشق بخشا جائیگا

بقیہ حاشیہ بعض حصے علوم طبعی اور طبابت اور ہیئت صاف کئے گئے ہین تو پھر ایسے علوم بدیہہ فروریہ کو نجات انسانی سے تعلق ہی کیا تھا جبکہ نجات کی یہ حقیقت ہے کہ وہ اللہ جل شانہٗ کا محبت اور پیار سے بھرا ہوا ایک فضل ہے جو راستبازون اور صادقون اور سچے ایمانداروں اور کامل

کھل گئی اور فیضان سماوی زمین پر جاری ہوگئے اب پھر ہم اپنے پہلے کلام کی طرف عود کرکے کہتے ہین کہ نطفتین مرد اور عورت کے جو آپس مین ملجاتے ہین وہ اول مرتبہ تکوین کا ہے اور پھر ان مین ایک جوش آکر وہ مجموعہ نطفتین جو قوت عاقدہ اور منعقدہ اپنے اندر رکھتا ہے سرخی کی طرف مایل ہوجاتا ہے گویا وہ منی جو پہلے خون سے بنی تھی پھر اپنی اصلی رنگ کی طرف جو خونی ہے عود کرآتی ہے یہ دوسرا درجہ ہے پھر وہ خون جما ہوا جسکا نام علقہ ہے ایک گوشت کا مضغہ ہوجاتا ہے جو انسانی شکل کا کچھ خاکہ نہایت دقیق طور پر اپنے اندر رکھتا ہے یہ تیسرا درجہ ہے اور اس درجہ پر اگر بچہ ساقط ہوجائے تو اُسکے دیکھنے سے شور کی

کہ جو اُنکو غیر اللہ سے رہائی دیدیگا اور وہ گناہون سے نجات پا جائینگے اور اسی دنیا مین ایک پاک زندگی اُنکو عطا کیجائیگی اور نفسانی جذبات کی تنگ و تاریک قبرون سے وہ نکالے جائینگے اسی کی طرف یہ حدیث اشارہ کرتی ہے انا الحاشر الذی یُحشر الناس علے قدمے یعنے مین وہ مردون کو اُٹھانیوالا ہون جسکے قدمون پر لوگ اُٹھائے جاتے ہین واضح ہو کہ قرآن کریم اس محاورہ سے بھرا پڑا ہے کہ دنیا مرچکی تھی اور خدا تعالیٰ نے اپنے اس نبی خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجکر نئے سرے دنیا کو زندہ کیا جیساکہ وہ فرماتا ہے اعلموا ان اللہ یحی الارض بعد موتھا یعنے اس بات کو سُن رکھو کہ زمین کو اُسکے مرنے کے بعد خدا تعالیٰ زندہ کرتا ہے پھر اسی کے مطابق آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے حق مین فرماتا ہے۔

بقیہ حاشیہ وفادارون اور اخبار ظنیہ کے ماننے والونکی طرف رجوع کرتا ہے تو پھر علوم بدیہہ ضروریہ کا ماننا کس راستبازی اور صدق اور صفا کو ثابت کرسکتا ہے ہم صریح دیکھتے ہین کہ جیسے ہم اشیاء کے قایل ہین کہ چاند نصف دو ہین ایسا ہی ایک دل درد کا بدمعاش بھی اسی بات کا قایل ہوتا ہے ہم دنیا

نظر سے کہ خطوط انسان بننے کے اُس مین دکھائی دیتے ہین چنانچہ اکثر بچے اس حالت مین ہی ساقط ہوجاتے ہین جن عورتون کو کبھی یہ اتفاق پیش آیا ہے یا وہ دایہ کا کام کرتی ہین وہ اس حال سے خوب واقف ہین۔ پھر جب وہ ہے جب مضغہ سے ہڈیان بنائی جاتی ہین جیساکہ آیت فخلقنا المضغۃ عظاما بیان فرما رہی ہے مگر المضغہ پر جو الف لام ہے وہ تخصیص کے لئے ہے جس سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ تمام مضغہ ہڈی نہین بنجاتا بلکہ جہان جہان ہڈیان درکار ہین باذنہ تعالیٰ وہی نرم گوشت کسیقدر صلب ہوکر ہڈی کی صورت بنجاتا ہے اور کسیقدر بدستور نرم گوشت

وایدھم بروح منہ یعنے اُنکو روح القدس کے ساتھہ مدد دی اور روح القدس کی مدد یہ ہے کہ دلون کو زندہ کرتا ہے اور روحانی موت سے نجات بخشتا ہے اور پاکیزہ قوتین اور پاکیزہ حواس اور پاک علم عطا فرماتا ہے اور علوم یقینیہ اور براہین قطعیہ سے خدا تعالیٰ کے مقام قرب تک پہنچا دیتا ہے کیونکہ اُسکے مقربہ وہی ہین جو یقینی طور پر جانتے ہین کہ وہ ہے اور یقینی طور پر جانتے ہین کہ اُسکی قدرتین اور اُسکی حکمتین اور اُسکی عقوبتین اور اُسکی عدالتین سب سچ ہے اور وہ جمع فیوض کا مبدا اور تمام نظام عالم کا سرچشمہ اور تمام سلسلہ موثرات اور متاثرات کا علت العلل ہے مگر متصرف بالارادہ جسکے ہاتھہ مین کل ملکوت السموات والارض ہے اور یہ علوم جو مدار نجات ہین یقینی اور قطعی طور پر بجز اُس حیات کے حاصل نہین ہوسکتے جو بتوسط روح القدس انسان کو

بقیہ حاشیہ مین ہزارہا بلکہ کروڑہا چیزون کو یقینی اور قطعی طور پر مانتے ہین اور اُنکے وجود مین ذرہ شک نہین کرتے تو کیا اُنکے ماننے سے کوئی ثواب نہین مل سکتا ہے ہرگز نہین یہی وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اپنے نشانون کو بھی ایسے بدیہی طور سے اپنے نبیون کے ذریعہ سے

رہتا ہے اور اس درجہ پر انسانی شکل کا کھلا کھلا خاکہ طیار ہو جاتا ہے جسکے دیکھنے کے لئے کسی غور و فکر کی ضرورت نہین اس خاکہ مین انسان کا اصل وجود جو کیہہ بننا چاہئے تیار ہو چکتا ہے لیکن وہ ابھی اُس لحم سے خالی ہوتا ہے جو انسان کے لئے بطور ایک موٹے اور شاندار اور پھبیلے لباس کے ہے جس سے انسان کے تمام خط و خال ظاہر ہوتے ہین اور بدن پر تازگی آتی ہے اور خوبصورتی نمایان ہو جاتی ہے اور تناسب اعضا پیدا ہوتا ہے پھر بعد اسکے پانچوان درجہ وہ ہے کہ جب اُس خاکہ پر لحم یعنے موٹا گوشت بمقابلہ مواضع مناسبہ چڑھایا جاتا ہے یہ وہی گوشت ہے کہ جب انسان

ملتی ہے اور قرآن کریم کا بڑے زور شور سے یہ دعویٰ ہے کہ وہ حیات روحانی صرف متابعت اِس رسول کریم سے ملتی ہے اور تمام وہ لوگ جو اس نبی کریم کی متابعت سے سرکش ہین وہ مُردے ہین جن مین اس حیات کی روح نہین ہے اور حیات روحانی سے مراد انسان کے وہ علمی اور عملی قوی ہین جو روح القدس کی تائید سے زندہ ہوجاتے ہین اور قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ جن احکام پر اللہ جل شانہٗ انسان کو قایم کرنا چاہتا ہے وہ چھ سو ہین ایسا ہی اِسکے مقابل پر جبرائیل علیہ السلام کے پر بھی چھ سو ہین اور بغیہ بشریت جبتک چھ سو حکم کو سر پر رکھ کر جبرائیل کے پرون کے نیچے نہ آوے اُسمین نفانی اللہ ہونیکا بچہ پیدا نہین ہوتا اور انسانی حقیقت اپنے اندر چھ سو بغیہ کی استعداد رکھتی ہے پس جس شخص کا چھ سو بغیہ استعداد جبرائیل کے چھ سو پر کے نیچے آگیا وہ انسان کامل اور یہ تولد اسکا

بقیہ حاشیہ ظاہر نہین کیا جیسے ہمیشہ سے دُنیا کے جاہل لوگ تقاضا کر رہے ہین بلکہ جنکی استعداد ون پر پردہ تھا اُن پر ابتلا کا پردہ بھی ڈالدیا جیساکہ یہ ذکر قرآن کریم مین موجود ہی کہ مکہ کے جاہل یہ درخواست کرتے تھے کہ ہم اس شرط پر ایمان لاسکتے ہین کہ عرب کے تمام مردے زندہ کئے جائین یا یہ کہ ہمارے رہبر

وغیرہ سے بیمار رہتا ہے تو فاقہ اور بیماری کی تکالیف شاقہ سے وہ گوشت تحلیل ہوجاتا ہے اور بسا اوقات انسان ایسی لاغری کی حالت پر پہنچ جاتا ہے جو وہی پانچوین درجہ کا خاکہ یعنے مشت استخوان رہ جاتا ہے جیسے مدقوقون اور سلولون اور اصحاب ذیابطیس جو مرض کے انتہائی درجہ مین یہ صورت ظاہر ہوجاتی ہے اور اگر کسی کی حیات مقدر ہوتی ہے تو پھر خدا تعالیٰ اُسکے بدن پر گوشت چڑھاتا ہے غرض یہ وہی گوشت ہے جس سے خوبصورتی اور تناسب اعضا اور رونق بدن پیدا ہوتی ہے اور کچھ شک نہین کہ یہ گوشت خاکہ طیار ہونیکے بعد آہستہ آہستہ جنین پر چڑھتا رہتا ہے اور جب جنین

تولد کامل اور یہ حیات حیات کامل ہے اور غور کی نظر سے معلوم ہوتا ہے کہ بفیضہ بشریت کے روحانی بچے جو روح القدس کی معرفت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی متابعت کی برکت سے پیدا ہوئے وہ اپنی کمیت اور کیفیت اور صورت اور نوع اور حالت مین تمام انبیا کے بچون سے اتم اور اکمل ہین اسی کی طرف اشارہ ہے جو اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے کنتم خیر امۃ اخرجت للناس یعنے تم سب امتون سے بہتر ہو جو لوگون کی اصلاح کے لئے پیدا کئے گئے ہو اور درحقیقت جس قدر قرآنی تعلیم کے کمالات خاصہ ہین وہ اس امت مرحومہ کے استعدادی کمالات پر شاہد ہین کیونکہ اللہ جل شانہٗ کی کتابین ہمیشہ اسیقدر نازل ہوتی ہین جس قدر اس امت مین جو تعمیل کتاب کی مکلف ہے استعداد ہوتی ہے مثلاً انجیل کی نسبت تمام محققین کی یہ رائے ہے کہ

بقیہ حاشیہ ایک زینہ لگاکر آسمان پر چڑھ جاؤ اور ہمارے روبرو وہی آسمان سے اترو اور کتاب الہی ساتھ لاؤ جسکو ہم ہاتھ مین لیکر پڑھ لین۔ اور وہ نادان نہین سمجھتے ہے کہ اگر انکشاف حقیقت اسقدر ہوجاے تو پھر اس عالم اور قیامت مین فرق کیا رہا اور ایسے بدیہی

ایک کافی حصہ اسکا لے لیتا ہے تب اذنہ تعالیٰ اس مین جان پڑجاتی ہے تب وہ نباتی حالت سے جو صرف نشوونما ہے منتقل ہوکر حیوانی حالت کی خاصیت پیدا کرلیتا ہے اور پیٹ مین حرکت کرنے لگتا ہے غرض یہ ثابت شدہ بات ہے کہ بچہ اپنی نباتی صورت سے حیوانی صورت کو کامل طور پر اسوقت قبول کرتا ہے کہ جب کہ عام طور پر موٹا گوشت اسکے بدن پر مناسب کمی بیشی کے ساتھ چڑھ جاتا ہے یہی بات ہے جسکو آجتک انسان کے مسلسل تجارب اور مشاہدات نے ثابت کیا ہے یہ بھی تمام صورت ہے جو قرآن کریم نے بیان فرمائی ہے اور مشاہدات کے ذریعہ سے بتواتر ثابت ہے پھر اسپر اعتراض

اُسکی تعلیم کامل نہین ہے اور وہ ایک ہی پہلو پر چلی جاتی ہے اور دوسرے پہلو کو بکلّی چھوڑ رہی ہے لیکن در اصل یہ قصور اُن استعدادوں کا ہے جن کے لئے انجیل نازل ہوئی تھی چونکہ خدا تعالیٰ نے انسانی استعدادون کو تدریجًا ترقی دی ہے اِس لئے اوایل زمانون مین اکثر ایسے لوگ پیدا ہوتے رہے کہ جو غبی اور بلید اور کم عقل اور کم فہم اور کم دل اور کم ہمت اور کم یقین اور پست خیال اور دُنیا کے لالچون مین پھنسے ہوئے تھے اور دماغی اور دلی قوتین اُنکی نہایت ہی کمزور تھین مگر اِن زمانون کے بعد ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلے اللہ علیہ وسلّم کا وہ زمانہ آیا جسمین رفتہ رفتہ استعدادین ترقی کر گئیں گویا دُنیا نے اپنے فطرتی قوی مین ایک اَور ہی صورت بدل لی پس اُن کی کامل استعدادون کے موافق کامل تعلیم نے نزول فرمایا۔

بقیہ حاشیہ نشانون کے بعد اُس قبول پر ایمان کا لفظ کیونکر اطلاق کرینگے کون شخص ہے جو حقائق بدیہہ بیّنہ کو قبول نہین کرتا غرض فلسفہ والون کے خیالات کی بُنیاد ہی غلط ہے وہ چاہتے ہین کہ کُل ایمانیات کو علوم مشہودہ محسوسہ مین داخل کر دین اور ملائک اور

کرنا اگر نادانون کا کام نہین تو اور کس کا ہے ؟

اب پھر ہم اپنے پہلے کلام کی طرف رجوع کرکے کہتے ہین کہ چونکہ عالم صغیر مین جو انسان ہے سنت اللہ یہی ثابت ہوئی ہے کہ اُسکے وجود کی تکمیل چھ مرتبون کے طے کرنے کے بعد ہوتی ہے تو اِسی قانون قدرت کی رہبری سے ہمین معقولی طور پر یہ راہ ملتی ہے کہ دُنیا کی ابتدا مین جو اللہ جل شانہٗ نے عالم کبیر کو پیدا کیا تو اُسکی طرز پیدائش مین بھی یہی مراتب ستہ ملحوظ رکھے ہونگے اور ہر یک مرتبہ کو تفریق اور تقسیم کی غرض سے ایک دن یا ایک وقت سے مخصوص کیا ہوگا جیسا کہ انسان کی پیدائش کے مراتب ستہ چھ وقتون سے

تنبیہ

بمراد ازالہ وہم نور افشان ۱۳- اکتوبر ۱۸۹۴ء

انجیل یوحنا ۱۱ باب ۴- آیت مین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول یہ لکھا ہے کہ قیامت اور زندگی مین ہی ہون جو مجھہ پر ایمان لاوے اگرچہ وہ مرگیا ہو تو بھی جئے گا یعنے گناہ اور نافرمانی اور غفلت اور کفر کی موت سے نجات پاکر اطاعت الہی کی روحانی زندگی حاصل کریگا- انجیل کے اس فقرہ پر اڈیٹر نور افشان نے اپنے پرچہ ۱۳- اکتوبر ۱۸۹۴ء مین کم فہمی کی راہ سے لکھا ہے کہ آدم سے تا ایندم کوئی شخص دنیا کی تواریخ مین ایسا نہین ہوا جسنے ایسا بھاری دعوی کیا ہو اور اپنے حق مین ایسے لفظ استعمال کئے ہون کہ قیامت اور زندگی مین ہون اور اگر کوئی ایسا کہتا تو اُسکے مطابق ثابت کردینا غیر ممکن

بقیہ حاشیہ جنت اور جہنم اور خدا تعالی کا وجود ایسا ثابت ہوجاے جیسا کہ آجکل کی تحقیقاتون سے اکثر معمورہ ارض اور بہت سے نباتات اور کانون کا پتہ لگ گیا ہے مگر جس چیز کو خدا تعالی نے اول روز سے انسان کی نجات کا ایک طریق نکالنے کے لئے ایمانیات مین

خاص ہین اور دنیا کی تمام قومون کا سات دنون پر اتفاق ہونا اور ایک دن تعطیل کا ٹھہرا کر چھہ دنون کو کامون کے لئے خاص کرنا اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ چھہ دن اُن چھہ دنون کی یادگار چلے آتے ہین کہ جن مین زمین و آسمان اور جو کچھہ اُن مین ہے بنایا گیا تھا-

اور اگر کوئی اب بھی تسلیم نہ کرے اور انکار سے باز نہ آوے تو ہم کہتے ہین کہ ہمنے تو عالم کبیر کے لئے عالم صغیر کی پیدایش کے مراتب ستہ کا ثبوت دیدیا اور جو کام کہ نیکے دن بالاتفاق ہر یک قوم مین مسلم ہین انکا چھہ ہونا بھی ظاہر کردیا اور یہ بھی ثابت کردیا کہ

ہوتا لیکن خداوند مسیح نے جیسا دعویٰ اپنے حق مین کیا ویسا ہی اُسکو ثابت بھی کر دکھلایا فقط۔

اڈیٹر صاحب کا یہ مقولہ جسقدر راستی اور صداقت سے دور ہے کسی حقیقت شناس پر مخفی نہین رہ سکتا واقعی امر یہ ہے کہ اگر حضرت مسیح علیہ السلام ایسا دعویٰ کرتے کہ زندگی اور قیامت مین ہون تو چونکہ وہ سچے نبی تہے اِس لئے ضرور تہا کہ اُس دعویٰ کی سچائی ظاہر ہوجاتی اور حضرت مسیح کی زندگی مین اور بعد اِنکے روحانی حیات دُنیا مین بذریعہ اِنکے پہیل جاتی لیکن جس قدر حضرت مسیح الہی صداقت اور ربّانی توحید کے پھیلانے سے ناکام رہے شاید اُسکی نظیر کسی دوسرے نبی کے واقعات مین بہت ہی کم ملیگی ہمارے اِس زمانہ مین یہ شہادت بڑے بڑے پادری صاحبان ہی دیکھے

بقیہ حاشیا داخل کر دیا ہے وہ کیونکر برخلاف ارادہ الہی اِس درجہ کی ہدایت تک پہنچ جائے ہان جب انسان ایمان کے درجہ سے عرفان کے مرتبہ پر ترقی کرتا ہے تو بلاشبہ یہ تمام امور ہدایت کے رنگ مین نظر آتے ہین بلکہ ہندسی ثبوتون سے بڑھکر اُنکا ثبوت ہوتا ہے

خدا تعالیٰ کے تمام پیدائشی کام اِس دُنیا مین تدریجی ہین تو پھر اگر منکر کی نظر مین یہ دلیل کافی نہین تو اُسپر واجب ہوگا کہ وہ بہی تو اپنے اِس دعویٰ پر کوئی دلیل پیش کرے کہ خدا تعالیٰ نے یہ عالم جسمانی صرف ایکدم مین پیدا کر دیا تہا تدریجی طور پر پیدا نہین کیا تہا۔ ہر یک شخص جانتا ہے کہ وہی خدا اب بہی ہے جو پہلے تہا اور وہی خالقیت کا سلسلہ اب بہی جاری ہے جو پہلے جاری تہا اور صاف بدیہی طور پر نظر آرہا ہے کہ خدا تعالیٰ ہر یک مخلوق کو تدریجی طور پر اپنے کمال وجود تک پہنچاتا ہے یہ تو نہین کہہ سکتے کہ پہلے وہ قوی تہا اور جلد کام کر لیتا تہا اور اب ضعیف ہے اور دیر سے کرتا ہے بلکہ یہی کہینگے

ہین کہ مسیح کی تعلیم خود اُنکے شاگردون کی پست خیالی اور کم فہمی اور دُنیا طلبی کو دور نہین کرسکے اور مسیح کی گرفتاری کے وقت جو کچھہ اُنہون نے اپنی بُزدلی اور بداعتقادی اور بیوفائی دکہلائی بلکہ بعض کی زبان پر بہی جو کچھہ اس آخری وقت مین لعن طعن کے الفاظ حضرت مسیح کی نسبت جاری ہوے یہ ایک ایسی بات تھے کہ بڑے بڑے اور اعلیٰ درجہ کے فاضل مسیحیون نے حواریون کی ان بیجا حرکات کو مسیحیون کے لئے سخت قابل شرم قرار دیا ہے پہر یہ خیال کرنا کہ حضرت مسیح روحانی قیامت ہے اور اُن مین داخل ہوکر روحانی مُردے زندہ ہوگئے کسقدر دور از صداقت ہے جو کچھہ حضرت مسیح کے پیرووں نے آپکی زندگی کے وقت اپنی استقامت اور ایمانداری کا نمونہ دکہلایا وہ تو ایک ایسا بدنمونہ ہے کہ ضرور اُن مسیحیون پر جو بعد مین اب تک دُنیا مین

بقیہ حاشیہ کیونکہ ہندسی ثبوت اکثر دو اور سہ ہوسہ پر مبنی ہین مگر دینی اور عرفانی مرتبہ مین وہم اور شک سے منزّہ ہوتے ہین اور دُنیا مین جس قدر ایک چیز زیادہ سے زیادہ بدیہی

کہ اسکا قانون قُدرت ہی ابتدا سے یہی ہے کہ وہ ہر یک مخلوق کو بتدریج پیدا کرتا ہے سو حال کے افعال الہی ہمین متلاشی ہے ہین کہ گذشتہ اور ابتدائی زمانہ پر بہی بتدریج ملحوظ تہی جواب ہے ہم سخت نادان ہونگے اگر ہم حال کے آئینہ مین گذشتہ کی صورت نہ دیکہہ لین اور حال کی طرز خالقیت پر نظر ڈالکر صرف اتنا ہی ثابت نہین ہوتا کہ خدا تعالیٰ اپنی پیدائش کے سلسلہ کو تدریج سے کمال وجود تک پہنچاتا ہے بلکہ یہ بہی ثابت ہوتا ہے کہ ہر یک مخلوق کی پیدائش مین جہہ ہی مرتبے رکہے ہین اور حکمت الہی نے ہر یک مخلوق کی پیدائش مین یہی تقاضا کیا ہے کہ اسکے پیدا ہونے کے چہہ مرتبے ہون جو چہہ وقتون مین انجام پذیر ہون کسی مخلوق پر نظر ڈالکر

آتے گئے اُسکا بد اثر پڑا ہوگا کیونکہ ہر یک شخص سمجھہ سکتا ہے کہ اگر حضرت مسیح سے درحقیقت معجزات ظہور مین آتے اور اعلیٰ درجہ کے عجایب کام اُن سے ظاہر ہوتے تو اُنکے حواریون کا جو ایمان لا چکے تہے ایسا بد انجام ہرگز نہ ہوتا کہ بعض چند درم رشوت لیکر اُنکو گرفتار کراتے اور بعض اُنکو گرفتار ہوتے دیکہہ کر بھاگ جاتے اور بعض اُنکے روبرو اُن پر لعنت بھیجتے جن کے دلون مین ایمان رچ جاتا ہے اور جنکو نئی زندگی حاصل ہوتی ہے کیا اُنکے یہی آثار ہوا کرتے ہین اور کیا وہ اپنے مخدوم اپنے آقا اپنے رہبر سے ایسی ہی وفاداریان کیا کرتے ہین اور حضرت مسیح کے الفاظ ہی جو انجیلون مین درج ہین دلالت کر رہے ہین کہ آپکے حواری اور آپکے دن رات کے دوست اور رفیق اور ہم پیالہ اور ہم نوالہ بکلّی روحانیت سے خالی تہے اسی وجہ سے حضرت مسیح علیہ السلام نے

بقیّہ حاشیہ طور پر ثابت ہوسکتی ہے اسی طور پر اُن تمام عقاید کا ثبوت ملجاتا ہے بلکہ ایسا اعلیٰ ثبوت کہ کوئی مذہب اُسکا دنیا مین پایا نہین جاتا مگر کمبخت انسان ان راہون کی طرف

دیکھہ لو یہی چہہ مراتب اُس مین متحقق ہونگے یعنے بنظر تحقیق یہ ثابت ہوگا کہ ہر یک جسمانی مخلوق کے وجود کی تکمیل چہہ مرتبون کے طے کرنے کے بعد ہوتی ہے اور انسان پر کچھہ موقوف نہین زمین پر جو ہزارہا حیوانات ہین اُنکے وجود کی تکمیل بھی انہین مراتب ستّہ پر موقوف پاؤگے۔

پہر ایک اور عجیب بات یہ ہے کہ یہ سلسلہ مراتب ستہ تکوین کا صرف جسمانی مخلوق ہی مین محدود نہین بلکہ روحانی امور مین بھی اسکا وجود پایا جاتا ہے مثلاً تہوڑے سے غور سے معلوم ہوگا کہ انسان کی روحانی پیدایش کے مراتب بھی چہہ ہی ہین پہلے وہ نطفہ کی صورت پر صرف حق کے قبول کرنے کی ایک استعداد بعیدہ اپنے اندر رکہتا ہے اور پہر جب

بعض کو اُنمین سے سُست اعتقاد کے لفظ سے پکارا ہے اور بعض کو شیطان کے لفظ سے یاد کیا ہے اور اگر ہم حواریون کو الگ رکھکر اُن عیسائیون کے حالات پر نظر ڈالین جو بعد اُنکے وقتاً فوقتاً آجتک پیدا ہوتے رہے تو ہمین ایک بھی اُن مین سے نظر نہین آتا جو دنیا اور نفس کی قبر سے نکلکر نئی زندگی کی قیامت مین برانگیختہ ہوگیا ہو بلکہ وہ تمام نفسانیت کی تنگ و تاریک قبرون مین مرے ہوئے اور سڑے ہوئے نظر آرہے ہین اور روحانی حیات کی ہوا اُنکو چھو ہی نہین گئی وہ جانتے ہی نہین کہ خدا کون ہے اور اُسکی عظمت اور قدرت کیا شے ہے اور کیونکر وہ پاک دلون کو پاک زندگی بخشتا اور اُن سے قریب ہوجاتا ہے وہ تو ایک عاجز انسان کو خدا قرار دیکر اور بے وجہ اُسپر دوسرونکے گناہونکا بوجھ لاد کر خوش ہورہے ہین جاننا چاہئے کہ موت چار قسم کی ہوتی

بقیہ حاشیہ ذرہ رغبت نہین کرتا اور اُن راہون سے حق الیقین تک پہنچنا چاہتا ہے جو خدا تعالیٰ کے قدیم قانون قدرت نے وہ راہین ان امور کے دریافت کے لئے مقرر نہین کین اسکی

اُس استعداد کے ساتھ ایک قطرہ رحمت الٰہی ملجاتا ہے اُسی طرز کے موافق کہ جب عورت کے نطفہ مین مرد کا نطفہ پڑتا ہے تو تب انسان کی بالمنی حالت نطفہ کی صورت سے علقہ کی صورت مین آجاتی ہے اور کچھ رشتہ باری تعالیٰ سے پیدا ہونے لگتا ہے جیسا کہ علقہ کے لفظ سے تعلق کا لفظ مفہوم ہوتا ہے اور پھر وہ علقہ اعمال صالحہ کے خون کی مدد سے مضغہ بنتا ہے اُسی طرز سے کہ جیسے خون حیض کی مدد سے علقہ مضغہ بنجاتا ہے اور مضغہ کی طرح ابھی اُسکے اعضا ناتمام ہوتے ہین جیسا کہ مضغہ مین ٹڈی والے عضو ابھی ناپدید ہوتے ہین ایسا ہی اس مین بھی شدت للہ اور ثبات للہ اور استقامت للہ کے عضو ابھی کماحقہ پیدا نہین ہوتے گو تواضع اور نرمی موجود ہوجاتی ہے۔ اور اگرچہ پوری شدت

ہے غفلت کی موت گناہ کی موت شرک کی موت کفر کی موت سو یہ چاروں قسمون کی موت عیسائی مذہب مین موجود ہے غفلت کی موت اسلئے کہ اُنکی تمام قوتین دنیا کی آرایشون اور جمعیتون کے لئے خرچ ہو رہے ہین اور خدا تعالیٰ مین اور اُن مین جو حجاب ہین اُنکے دور کرنیکے لئے ایک ذرہ بھی اُنہین فکر نہین اور گناہ کی موت اگر دیکھنی ہو تو یورپ کی سیر کرو اور دیکھو کہ ان لوگون مین عفت اور پرہیزگاری اور پاکدامنی کسقدر باقی رہ گئی ہے اور شرک کی موت خود دیکھتے ہو کہ انسان کو خدا بنا دیا اور خدا تعالیٰ کو بھلا دیا اور کفر کی موت یہ کہ سچے رسول سے منکر ہو گئے اب اس تمام تقریر سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح کی نسبت یہ گمان کرنا کہ اُنہون نے روحانی مُردون کے زندہ کرنے مین قیامت کا نمونہ دکھلایا سراسر خیال محال اور دعویٰ بے دلیل ہے بلکہ یہ قیامت کا نمونہ

بقیہ حاشیہ ایسی ہی مثال ہے کہ جیسے کوئی کسی شیرینی کو آنکھ پر رکھ کر اُسکا میٹھا یا کڑوا ہونا امتحان کرے یا آنکھون کو بند کرکے کانون سے دیکھنے کا کام لینا چاہے مگر یاد رہے

اور صلابت اس مرتبہ مین پیدا نہین ہوتی مگر مضغہ کی طرح کسیقدر قضاء قدر کی مضغ کے لائق ہو جاتا ہے یعنے کسیقدر اس لائق ہو جاتا ہے کہ قضاء قدر کا دانت اُسپر چلے اور وہ اُسکے نیچے ٹھہر سکے کیونکہ علقہ جو ایک سیال رطوبت کے قریب قریب ہے، وہ تو اس لائق ہی نہین کہ دانتون کے نیچے پیسا جاوے اور ٹھہر رہے لیکن مضغہ مضغ کے لائق ہے اسی لئے اُسکا نام مضغہ ہے سو مضغہ ہونے کی وہ حالت ہے کہ جب کچھ چاشنی محبت الٰہی کی دل مین پڑ جاتی ہے اور تجلی جلالی توجہ فرماتی ہے کہ بلاؤن کے ساتھ اُس کی آزمایش کرے تب وہ مضغہ کی طرح قضاء قدر کے دانتون مین پیسا جاتا ہے اور خوب قیمہ کیا جاتا ہے غرض تیسرا درجہ سالک کے وجود کا مضغہ ہونے کی حالت ہے اور پھر چوتھا درجہ

روحانی حیات کے بخشنے مین اُس ذات کامل الصفات نے دکھلایا جسکا نام نامی محمد ہی صلی اللہ علیہ وسلم سارا قرآن اول سے آخر تک یہ شہادت دے رہا ہے کہ یہ رسول اُسوقت بھیجا گیا تہا کہ جب تمام قومین دُنیا کی روح مین مُرچکی تھین اور فساد روحانی نے برّ و بحر کو ہلاک کر دیا تھا تب اس رسول نے آکر نئے سرے سے دُنیا کو زندہ کیا اور زمین پر توحید کا دریا جاری کر دیا اگر کوئی مُنصف فکر کرے کہ جزیرہ عرب کے لوگ اوّل کیا تہے اور پہر اس رسول کی پیروی کے بعد کیا ہوگئے اور کیسی اُنکی وحشیانہ حالت اعلیٰ درجہ کی انسانیت تک پہنچ گئی اور کس صدق وصفا سے اُنہون نے اپنے ایمان کو اپنے خونون کے بہانے سے اور اپنی جانون کے فدا کرنے اور اپنے عزیزون کو چہوڑنے اور اپنے مالون اور عزّتون اور آرامون کو خدا تعالیٰ کے راہ مین

بقیہ حاشیہ کہ یہ بات بہی نہین کہ ایمانی مرتبہ مین خدا تعالیٰ نے اِن تمام امور کے تسلیم کرانے مین اپنے بندون کو صرف تکلیف مالایطاق دینا چاہا ہے بلکہ اُنکی تسلیم کے لئے براہین

وہ ہے کہ جب انسان استقامت اور بلاون کی برداشت کی برکت سے آزمایا جانے کے بعد نقوش انسانی کا پورے طور پر انعام پاتا ہے یعنے روحانی طور پر اُسکے لئے ایک صورت انسانی عطا ہوتی ہے اور انسان کی طرح اُسکو دو آنکہین دو کان اور دل اور دماغ اور تمام ضروری قوٰی اور اعضا عطا کئے جاتے ہین اور بمقتضاے آیت اشدّاء علی الکفار رحماء بینہم سختی اور نرمی مواقع مناسبہ مین ظاہر ہوجاتی ہے یعنے ہر یک خلق اُسکا اپنے اپنے محل پر صادر ہوتا ہے اور آداب طریقت تمام محفوظ ہوتے ہین اور ہر یک کام اور کلام حفظ حدود کے لحاظ سے بجا لاتا ہے یعنے نرمی کی جگہ پر نرمی اور سختی کی جگہ پر سختی اور تواضع کی جگہ پر تواضع اور ترفع کی جگہ پر ترفع ایسا ہی تمام قوٰی

لگانے سے ثابت کر دکھلایا تو بلاشبہ اُنکی ثابت قدمی اور اُنکا صدق اور اپنے پیارے رسول کی راہ مین اُنکی جانفشانی ایک اعلیٰ درجہ کی کرامت کی رنگ مین اُسکو نظر آئیگی وہ پاک نظر اُنکے وجودون مین کیا ایسا کام کر گئی کہ وہ اپنے آپ سے کہوئے گئے اور اُنہون نے فنا فی اللہ ہو کر صدق اور راستبازی کے وہ کام دکھلائے جسکی نظیر کسی قوم مین ملنا مشکل ہے اور جو کچھ اُنہون نے عقاید کے طور پر حاصل کیا تہا وہ یہ تعلیم تہی کہ کسی عاجز انسان کو خدا مانا جاے یا خدا تعالیٰ کو بچون کا محتاج ٹہرایا جائے بلکہ اُنہون نے حقیقی خدا ذوالجلال جو ہمیشہ سے غیر متبدّل اور حیّ قیّوم اور ابن اور اب ہونے کی حاجات سے منزّہ اور موت اور پیدایش سے پاک ہے بذریعہ اپنے رسول کریم کے شناخت کر لیا تہا اور وہ لوگ سچ مچ موت کے گڑہے سے نکلکر پاک حیات کے بلند مینار پر کہڑے ہو گئے تہے اور ہر یک

بقیہ حاشیہ لطیفہ دیئے ہین جن پر ایک سلیم العقل نظر غور ڈالکر ایک حصہ وافر یقین کا حاصل کر سکتا ہے مثلاً گو ایمانی مرتبہ مین خدا تعالیٰ پر ایمان لانا ایک ایمان

---

۴۰۰ کا ۴۰۰ ظ ۴۰۰ ع

سے اپنے اپنے محل پر کام لیتا ہے یہ درجہ جنین کے اُس درجہ سے مشابہت رکہتا ہے کہ جب وہ مضغہ کی حالت سے ترقی کر کے انسان کی صورت کا ایک پورا خاکہ حاصل کر لیتا ہے اور ہڈی کی جگہ پر ہڈی نمودار ہو جاتی ہے اور گوشت کی جگہ پر گوشت باقی رہتا ہے ہڈی نہین بنتی اور تمام اعضا مین باہم تمیز کلّی پیدا ہو جاتی ہے لیکن ابھی خوبصورتی اور تازگی اور تناسب اعضا نہین ہوتا صرف خاکہ ہوتا ہے جو نظر دقیق سے دکہائی دیتا ہے پہر بعد اسکے عنایت الہی توفیقات متواترہ سے موفّق کر کے اور تزکیہ نفس کے کمال تک پہنچا کر اور فنا فی اللہ کے انتہائی نقطہ تک کہینچکر اُسکے خاکہ کے بدن پر انواع اقسام کی برکات کا گوشت بہر دیتی ہے اور اُس گوشت سے

نے ایک تازہ زندگی پائی تھی اور اپنے ایمانوں مین ستارون کی طرح چمک اُٹھے تھے
سو درحقیقت ایک ہی کامل انسان دُنیا مین آیا جسنے ایسے اتم اور اکمل طور پر یہ
روحانی قیامت دکھلائی اور ایک زمانہ دراز کے مُردون اور ہزارون برسون کے
عظم رمیم کو زندہ کرکے دکھلایا اُسکے آنے سے قبرین کھل گئین اور بوسیدہ ہڈیون مین
جان پڑ گئی اور اُسنے ثابت کر دکھلایا کہ وہی حاشر اور وہی روحانی قیامت ہے جس
کے قدمون پر ایک عالم قبرون مین سے نکل آیا اور بشارت ورسیئت الناس
یدخلون فی دین اللہ افواجا تمام جزیرہ عرب پر اثر انداز ہوگئی اور پھر اس
قیامت کا نمونہ صحابہ تک ہی محدود نہ رہا بلکہ اُس خداوند قادر قدیر نے جسنے ہر قوم اور
ہر زمانہ اور ہر ملک کے لئے اس بشیر و نذیر کو مبعوث کیا تھا ہمیشہ کے لئے جاودانی برکین

بقیہ حاشیہ بالغیب ہے مگر قرآن کریم کو دیکھو کہ اُس صانع کا وجود ثابت کرنیکے لئے کس قدر
استدلالات اور براہین شافیہ سے بھرا ہوا ہے - ایسا ہی اگرچہ یہ تو نہین کہ

---

۴۰۰ فا اُسکی شکل کو چمکیلی اور اُسکی تمام ہیکل کو آبدار کر دیتی ہے تب اُسکے چہرہ پر کمیت
۴۰۰ فا کا نور برستا ہے اور اُسکے بدن پر کمال تمام کی آب و تاب نظر آتی ہے اور یہ درجہ
۴۰۰ ط پیدائش کا جسمانی پیدائش کے اُس درجہ سے مشابہ ہوتا ہے کہ جب جنین کے
فاکہ کی ہڈیون پر گوشت چڑھایا جاتا ہے اور خوبصورتی اور تناسب اعضا ظاہر
کیا جاتا ہے - پھر بعد اسکے روحانی پیدائش کا چھٹا درجہ ہے جو مصداق ثم
انشاناہ خلقاً آخر کا ہی وہ مرتبہ تھا ہے جو فنا کے بعد ملتا ہے جسمین روح تجدد
کامل طور پر عطا کیا جاتا ہے اور ایک روحانی زندگی کی روح انسان کے اندر
پھونک دیجاتی ہے - ایسا ہی یہ چھ مراتب خدا تعالیٰ کی پاک کلام مین ہی

اُسکے پیچے تابعدارون مین رکھہ دین اور وعدہ کیا کہ وہ نور اور وہ روح القدس جو اس کامل انسان کے صحابہ کو دیا گیا تھا آنیوالے متبعین اور صادق الاخلاص لوگون کو بھی ملیگا جیسا کہ اُسنے فرمایا ھوالذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلوعلیھم آیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین وآخرین منھم لما یلحقوا بھم وھو العزیز الحکیم یعنے وہ رحیم خدا وہ خدا جسنے اُمیون نہین سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اسکی آیتین پڑہتا ہے اور اُنہین پاک کرتا ہے اور اُنہین کتاب اور حکمت سکھلاتا ہے اگرچہ وہ پہلے اس سے صریح گمراہ تھے اور ایسا ہی وہ رسول جو اُنکی تربیت کرتا ہے ایک دوسری گروہ کی بھی تربیت کریگا جو ابھی نہین ہوا ہے اور انہین کے کمالات پیدا کرلینگے مگر ابھی وہ ان سے ملے نہین اور خدا غالب ہے اور حکمت والا۔ اس

بقیہ حاشیہ ہم ملایک کو کسی منکر کے ہاتھہ مین پکڑا دین یا کام کرتے دکھلا دین لیکن طالب حق کے لئے اسقدر کافی ہے کہ دقیق و دقیق تدبیرات نظام کو دیکھہ کر ضرورت

جمع ہین۔ اول حروف کا مرتبہ جو حامل کلام الہی اور کلمات کتاب اللہ کے لئے بطور تخم کے ہین جنکو معانی مقصودہ سے کچھہ ہی حصہ نہین ان اُنکے حصول کے لئے ایک استعداد بعیدہ رکھتے ہین دوم کلمات کا مرتبہ جو اس تخم کے ذریعہ سے ظہور خارجی کے رنگ مین آئے جنکو معانی مقصودہ سے کچھہ حصہ نہین مگر اُنکے حصول کے لئے ایک ذریعہ قریبہ ہین سوم اُن فقرات ناتمام کا مرتبہ جو ابھی کلام مقصودہ کے پورے درجہ تک نہین پہنچے تھے کیونکہ ہنوز تنزیل کا سلسلہ ناتمام تھا اور خدا تعالی کے کلام نے ابھی اپنا کامل چہرہ نہین دکھلایا تھا مگر اُن فقرات کو معانی مقصودہ سے ایک وافر حصہ تھا اسلئے وہ کلام الہی کے لئے بطور بعض اعضا کے ٹھہرے جنکا نام لحاظ قلت و کثرت آیتین اور سورتین رکھا گیا

یہ نکتہ یاد رہے کہ آیت وآخرین منھم مین آخرین کا لفظ مفعول کے محل پر واقع ہی کیونکہ یا تمام آیت اپنے لفظ مقدرہ کے یون ہے ھوالذی بعث فی الامیین رسولاً منھم یتلوعلیھم آیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ ویعلّمہ آخرین منھم لما یلحقوا بھم یعنے ہمارے خالص اور کامل بندے بجز صحابہ رضی اللہ عنہم کے اور بھی ہین جنکا گروہ کثیر آخری زمانہ مین پیدا ہوگا اور جسطرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تربیت فرمائی ایسا ہی آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُس گروہ کی بھی باطنی طور پر تربیت فرمائینگے یعنے وہ لوگ ایسے زمانہ مین آئین گے کہ جس زمانہ مین ظاہری افادہ اور استفادہ کا سلسلہ منقطع ہوجائیگا اور مذہب اسلام بہت سی غلطیون اور بدعتون سے پُر ہوجائیگا اور فقرا کے دلون سے بھی باطنی روشنی جاتی

بقیہ حاشیہ ملائکہ اسکی نظر مین ضرور ثابت ہوجائینگی اور اگر ایسا طالب دہریہ ہے تو پہلے ہم وجود باری کا اسکو ثبوت دینگے اور پھر اس بات کا ثبوت کہ خدا بجز اسکے ہو ہی نہین سکتا

چہارم اُس کلام جامع تام مفصل ممیز کا مرتبہ جو سب نازل ہوچکا اور جمیع مضامین متعہدہ اور علوم حکمیہ وقصص واخبار واحکام وقوانین وضوابط وحدود ومواعید وانذارات وتبشیرات اور درشتی اور نرمی اور شدت اور رحم اور حقایق ونکات پر بالاستیفا مشتمل ہے پنجم بلاغت وفصاحت کا مرتبہ جو زینت اور آرایش کے لئے اُس کلام پر ازل سے چڑھائی گئی ششم برکت اور تاثیر اور کشش کی روح کا مرتبہ جو اُس پاک کلام مین موجود ہے جس نے تمام کلام پر اپنی روشنی ڈالی اور اُسکو زندہ اور منور کلام ثابت کیا۔

اسی طرح ہر یک عاقل اور فصیح منشی کے کلام مین یہی چھ مراتب جمع ہوسکتے ہین گو وہ کلام اعجازی حد تک نہین پہنچتا کیونکہ جس حروف مین کوئی کلام لکھا جائیگا

رہیگی تب خدا تعالیٰ کسی نفس سعید کو بغیر وسیلہ ظاہری سلسلوں اور طریقوں کے صرف نبی کریم کی روحانیت کی تربیت سے کمال روحانی تک پہنچا دیگا اور اُسکو ایک گروہ بنائیگا اور وہ گروہ صحابہ کی گروہ سے نہایت شدید مشابہت پیدا کریگا کیونکہ وہ تمام و کمال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی زراعت ہوگی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان اُن میں جاری و ساری ہوگا اور صحابہ سے وہ ملینگی یعنے اپنے کمالات کے رو سے اُنکی مشابہ ہو جائینگی اور اُنکو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہی موقعہ ثواب حاصل کرنے کے حاصل ہو جائینگے جو صحابہ کو حاصل ہوئے تھے اور بباعث تنہائی اور بیکسی اور پھر ثابت قدمی کے اُسی طرح خدا تعالیٰ کے نزدیک صادق سمجھی جائینگی جس طرح صحابہ سمجھے گئے تھے کیونکہ یہ زمانہ بہت سی آفتوں اور فتنوں اور بے ایمانی کے

بقیہ حاشیہ کہ اُسکے حکم اور ارادہ کے بغیر ایک پتہ بھی ہل نہ سکے اور پھر یہ ثبوت دینگے کہ جن مصالح و دقیقہ کے ساتھ خدا تعالیٰ اپنے بندوں پر اپنا فیضان بذریعہ شمس و قمر و نجوم

خواہ وہ عربی ہوں یا انگریزی یا ہندی پہلے اُنکا وجود ضروری ہے سو یہ تو پہلا مرتبہ ہوا جو مضامین مقصودہ کے اظہار کے لئے ایک ذریعہ بعیدہ ہے مگر ان سے کچھ حصہ نہیں رکھتا پھر بعد اسکے دوسرا مرتبہ کلمات کا ہے جو حروف اور ادہ سے پیدا ہوئے جن کو معانی و مضامین مقصودہ سے بھی کچھ حصہ نہیں مگر اُنکے حصول کے لئے ایک ذریعہ قریبہ ہیں پھر اسکے بعد تیسرا مرتبہ تفرقات کا ہے جو ہی معانی مقصودہ کے پورے جامع تو نہیں مگر ان میں سے کچھ حصہ رکھتے ہیں اور اُس مضمون کے لئے جو منشی کے ذہن میں ہے بطور بعض اعضا کے ہیں پھر چوتھا مرتبہ کلام جامع تام کا ہے جو منشی کے دل میں سے نکلکر بہ تمام و کمال کاغذ پر اندراج پا گیا ہے اور تمام معانی اور

پھیلنے کا زمانہ ہوگا اور راستبازوں کو وہی مشکلات پیش آجائینگی جو صحابہ رضی اللہ عنہم کو پیش آئی تھین اسلئے وہ ثابت قدمی دکھلانے کے بعد صحابہ کے مرتبہ پر شمار ہونگے لیکن درمیانی زمانہ فیج اعوج سے جسمین باعث رعب اور شوکت سلاطین اسلام اور کثرت اسباب متنعم صحابہ کے قدم پر قدم رکھنے والے اور انکے مراتب کو ظلی طور پر حاصل کرنیوالے بہت ہی کم تھے مگر آخری زمانہ اول زمانہ کے مشابہ ہوگا کیونکہ اس زمانہ کے لوگ پھر غربا ہی ہوجائینگے اور بجز روحانی قوت کے اور کوئی سہارا مخالفون کے مقابلہ پر انکے لئے نہ ہوگا سو اگر ایمان ثریا کے نزدیک بھی لیا ہوگا تو ثابت ہوگا کہ اگر ایمان آسمان پر اٹھایا جاتا تب بھی وہ آسمان سے زمین پر لے آتے یعنی ان پر زلزلے آئینگے اور وہ آزمائے جائینگے اور بہت سے انکو گمراہ کرینگے لیکن ایسے

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ ۔ اور بادو فیرہ کرتا ہے ان مصالح کے شناخت اور وضع شے فی محلہ کا ہی ہر گز ان چیزون کو نہین دیئے گئے جیسا کہ ابھی ہم ثابت کرچکے اور یہ بھی ثابت کرچکے کہ

---

۲۴۰ ۔ ۲۴۰ ۔ ۲۴۰ ۔

ثابت قدم نکلینگے کہ اگر ایمان آفلاک پر بھی ہوتا تب بھی اُسکو نہ چھوڑتے سو یہ تعریف کہ وہ ایمان کو آسمان پر سے بھی لے آتے اِس بات کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ وہ ایسے زمانہ مین آئینگے کہ جب چارون طرف بے ایمانی پھیلی ہوئی ہوگی اور خدا تعالیٰ کی سچی محبت دلون سے نکل جائیگی مگر اُنکا ایمان اُن دلون مین بڑے زور مین ہوگا اور خدا تعالیٰ کے لئے بلاکشی کی اُنمین بہت قوّت ہوگی اور صدق اور ثبات بے انتہا ہوگا نہ کوئی خوف اُنکے لئے مانع ہوگا اور نہ کوئی دُنیوی اُمید اُنکو سست کریگی اور ایمانی قوّت اُنھین باتون سے آزمائی جاتی ہے کہ ایسی آزمایشون کی وقت اور بے ایمانی کے زمانہ مین ثابت نکلے سو اِس حدیث مین یہ اشارہ پایا جاتا ہے کہ اُس گروہ کا اُسی وقت مین آنا ضروری ہے جبکہ اُسکی آزمایش کے لئے ایسے ایسے اسباب موجود ہون

بقیہ حاشیہ خدا تعالیٰ بغیر وسائط کے کوئی کام نہین کرتا اور جن کو وسائط ٹھہراتا ہے پہلے اُنکو اُن کاموں کی مناسب حال قوّتین اور طاقتین عطا کرتا ہے مثلاً شعور کے کام صاحب

اور ہمنے ارادہ کیا تھا کہ اُن اعتراض کا جواب بھی تحریر کرین کہ زمین کیون چار دن مین بنائی گئی اور آسمان دو دن مین۔ اور کیون یہ لکھا ہے کہ خدا تعالیٰ کے عرش کو چار فرشتے اُٹھا رہے ہین اور قیامت کے دن آٹھ اُٹھائین گے اور اسکے کیا معنے ہین کہ ابتدا مین خدا تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا لیکن چونکہ اب وقت بہت کم ہے اور طول بہت ہوگیا ہے اور ان اعتراضات کے جوابات نہایت درجہ کے معارف و حقائق سے بھرے ہوئے ہین جو بہت طول چاہتے ہین اِس لئے بالفعل ہم اِس حاشیہ کو ختم کرتے ہین اور انشاء اللہ القدیر براہین احمدیہ کے حصہ پنجم مین یہ تمام معارف عالیہ تحریر کرکے دکھلائین گے اور خلق اللہ پر ظاہر کرین گے کہ ہمارے

اور دنیا حقیقی ایمان سے ایسی دور ہو کہ گویا خالی ہو۔ خلاصہ کلام یہ کہ اللہ جل شانہٗ انکے حق مین فرماتا ہے کہ وہ آخری زمانہ مین آنیوالے خالص اور کامل بندے ہونگے جو اپنے کمال ایمان اور کمال اخلاص اور کمال صدق اور کمال استقامت اور کمال ثابت قدمی اور کمال معرفت اور کمال خدا دانی کے رو سے صحابہ کے ہمرنگ ہونگے اور اس بات کو بخوبی یاد رکھنا چاہئے کہ درحقیقت اس آیت مین آخری زمانہ کے کاملین کی طرف اشارہ ہے نہ کسی اور زمانہ کی طرف کیونکہ یہ تو آیت کے ظاہر الفاظ سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ کامل لوگ آخری زمانہ مین پیدا ہونگے جیسا کہ آیت وآخرین منھم لمّا یلحقوا بھم صاف بتلا رہی ہے اور زمانے تین ہین ایک اول جو صحابہ کا زمانہ ہے اور ایک اوسط جو مسیح موعود اور صحابہ کے درمیان ہے اور ایک آخری زمانہ

لقیّد حسّا شعور سے لیتا ہے اور ارادہ کا کام صاحب ارادہ سے انسان کا کام انسان سے اور حیوان کا کام حیوان سے اور نظر دقیق کا کام نظر دقیق سے پس ان

---

(۱) شتاب کار اور بلید طبع مخالفین نے ایسے اعتراضات کے کرنے مین کس قدر معرفت اور حکمت سے اپنی بے بہرگی ظاہر کی ہے اور کیسے وہ اور انکی مذاہب دقایق حقانیت سے دور پڑے ہوئے ہین اور قرآن کریم کیسے اعلیٰ درجہ کے حقایق و معارف ولطایف ونکات اپنی پاک تعلیم مین جمع رکھتا ہے اور کیونکر تمام روحانی محاسن اور خوبیون پر محیط ہو رہا ہے بالآخر ہم دعا کرتے ہین کہ اے قادر خدا اے اپنے بندون کے رہنما جیسا تو نے اس زمانہ کو ضائع جدیدہ کے ظہور و بروز کا زمانہ ٹھہرایا ہے ایسا ہی قرآن کریم کے حقایق معارف ان غافل قومون پر ظاہر کر اور اب اس زمانہ کو اپنی طرف اور اپنی کتاب کی طرف اور اپنی توحید کی

جو مسیح موعود کا زمانہ اور مصداق آیت وآخرین منھم کا ہے وہ وہی زمانہ ہے جس مین ہم ہین جیسا کہ مولوی صدیق حسن مرحوم قنوجی ثم بھوپالوی جو شیخ بطالوی کے نزدیک مجدد وقت ہین اپنی کتاب حجج الکرامہ کے صفحہ ۳۸۲ مین لکھتے ہین کہ آخر میں این امت از بدایت الف ثانی شروع کردیدہ آثار تقوی از اوّل گم شدہ بودند واکنون سلوت ظاہری اسلام بہ مفقودہ شدہ تم کلامہ اور یہ تو ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہی زمانے نیک قرار دیئے ہین ایک صحابہ کا زمانہ جسکا امتداد اُس حد تک متصور ہے جس مین سب سے آخر کوئی صحابی فوت ہوا ہو اور امتداد اس زمانہ کا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے وقت تک ثابت ہوتا ہے اور دوسرا زمانہ وسط ہے جسکو بلحاظ بدعات کثیرہ اھ الخ یہ کہنا چاہئے

بقیہ حاشیہ نمونون کے بعد بلاشبہ ملایک کے وجود کی ضرورت ثابت ہوتی ہے اور ایمانی امور کے لئے صرف اسقدر ثبوت کی حاجت ہے تا تکلیف مالایطاق نہ ہو ونیز ایمان لانیکا ثواب اسی صورت مین صحیح ہوگا کہ اگر ملایک کے وجود کا ایسا ثبوت دیا جاتا کہ گویا انکو بچشم سر دیکھ لیا جاتا تو پھر ایمان نہ رہتا اور سنجات کی حکمت عملی فوت ہوجاتی فافہم وتدبر ولا تکن من المتعجبین۔ منہ

ف پہنچے کے کفر اور شرک بہت بڑھ گیا اور اسلام کم ہوگیا اب اے کریم مشرق اور مغرب مین توحید کی ایک ہوا چلا اور آسمان پر عجائب کا ایک نشان ظاہر کر اے رحیم تیرے رحم کے ہم سخت محتاج ہین اے ہادی تیری ہدایتون کی ہمین شدید حاجت ہے مبارک وہ دن جس مین تیرے انوار ظاہر ہون کیا نیک ہے وہ گھڑی جس مین تیری فتح کا نقارہ بجے اے ملک الملوک ولا حول ولا قوۃ الا بک وانت العلی العظیم۔

منہ

اور جسکا نام آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فیج اعوج رکھا ہے اور اس زمانہ کا آخری حصہ جو مسیح موعود کے زمانہ اقبال سے ملحق ہے اُسکا حال احادیث نبویہ کے رو سے نہایت ہی بدتر معلوم ہوتا ہے + بیہقی نے اُسکے بارے مین ایک حدیث لکھی ہے یعنے یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ اُس زمانہ کے مولوی اور فتوی دینے والے اُن تمام لوگون سے بدتر ہونگے جو اُسوقت روئے زمین پر موجود ہونگے - اور حجج الکرامہ مین لکھا ہے کہ درحقیقت مہدی اللہ مسیح موعود پر کفر کا فتوی دینے والے یہی لوگ ہونگے اس بات سے اکثر مسلمان بیخبر ہین کہ احادیث سے ثابت ہے کہ مسیح موعود پر ہی کفر کا فتوی ہوگا چنانچہ وہ پیشگوئی پوری ہوئی غرض وہ زمانہ جو اوّل زمانہ اور مسیح موعود کے زمانہ کے بیچ مین ہے نہایت

+ حاشیہ ایک رویا کے بیان مین

اب یہ عاجز نور نشان کے جواب مین اس بات کو دلایل شافیہ کے ساتھ لکھنا چاہتا ہے کہ درحقیقت رویا حالی قیامت کے مصداق ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور کسیقدر نعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جو درحقیقت احاطہ بیان سے خارج ہے ان عبارت مین [illegible] اور نونہ کچھ مناقب و محامد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی اسی ضمن مین [illegible] کر چکا تو ۱۷ - اکتوبر ۱۸۹۶ء کا دن تھا پھر جب مین رات کو بعد ختم نعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مناقب و محامد صحابہ رضی اللہ عنہم سویا تو مجھے ایک نہایت مبارک اور پاک رویا دکھایا گیا کیا دیکھتا ہون کہ مین ایک وسیع مکان مین ہون جسکے نہایت کشادہ اور وسیع دالان ہین اور نہایت تکلف فرش ہو رہے ہین اور اوپر کی منزل ہے اور مین ایک جماعت کثیر کو ثانی حقایق و معارف شنا رہا ہون اور ایک اجنبی اور غیر متعقد مولوی اس جماعت مین بیٹھا ہے جو مانند اس جماعت مین سے نہین ہے مگر مین اُسکا خلیہ بیچا نتا ہون وہ الغرض اوّل سے ہی

بجناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا بیان

فاسد زمانہ ہے چنانچہ اُس زمانہ کے لوگون کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین خیر ھذہ الامۃ اولھا وآخرھا - اولھا فیھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم - وآخرھا فیھم عیسی بن مریم وبین ذلک فیج اعوج لیسوا منی ولست منھم یعنے اُمتین وہی بہتر ہین ایک اوّل اور ایک آخر اور درمیانی گروہ ایک لشکر کج ہے جو دیکھنے مین ایک فوج اور روحانیت کے رو سے مُردہ ہے نہ وہ مجھ سے اور نہ مین اُن مین سے ہون - حدیث صحیح مین ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ آخرین منھم لمّا یلحقوا بھم تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمان فارسی کے کاندھے پر ہاتھ رکھا اور فرمایا لوکان الایمان عند الثریا

بقیہ حاشیہ ۱۶ اُسنے میرے اُس بیان مین دخل بیجا دیکر کہا کہ یہ باتین کنہ باری مین دخل ہے اور کنہ باری مین گفتگو کرنے کی ممانعت ہے تو مین نے کہا کہ اے نادان ان بیہودہ باتون کو کنہ باری سے کچھ تعلق نہین یہ معارف ہین اور مین نے اُسکے بیجا دخل سے دل مین بہت رنج کیا اور کوشش کی کہ وہ چپ رہے مگر وہ اپنی شرارتون سے باز نہ آیا تب میرا غصہ بھڑکا اور مین نے کہا کہ اِس زمانہ کے بدذات مولوی شرارتون سے باز نہین آتے خدا اُنکی پردہ دری کریگا اور ایسے ہی چند الفاظ اور بھی کہے جو اب مجھے یاد نہین رہے تب مین نے اِسکے بعد کہا کہ کوئی ہے کہ اِس مولوی کو اِس مجلس سے باہر نکالے تو میرے ملازم حامد علی نام کی صورت پر ایک شخص نظر آیا اُسنے اُٹھتے ہی اِس مولوی کو پکڑ لیا اور دھکے دیکر اُسکو اُس مجلس سے باہر نکالا اور زینہ کے نیچے اوتار دیا تب مین نے نظر اٹھا کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہون کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری جماعت کے قریب ایک وسیع چبوترہ پر کھڑے ہین اور یہ ہی گمان گذرتا ہے کہ چہل قدمی کر رہے ہین اور معلوم ہوتا ہے کہ جب مولوی کو نکالا گیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُسی جگہ کے

لنالہ رجل من فارس او رجال من فارس پس اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آخری زمانہ مین فارسی الاصل لوگون مین سے ایک آدمی پیدا ہوگا کہ وہ ایمان مین ایسا مضبوط ہوگا کہ اگر ایمان ثریا مین ہوتا تو وہین سے اسکو لے آتا اور ایک دوسری حدیث مین اسی شخص کو مہدی کے لفظ سے موسوم کیا گیا ہے اور اسکا

بقیہ حاشیہ ہی کہرے تھے مگر اس وقت نظر اٹھا کر دیکھا نہین اب جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھہ مین کتاب آئینہ کمالات اسلام ہے یعنے یہی کتاب اور یہ مقام جو اسوقت چھپا ہوا معلوم ہوتا ہے اور آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگشت مبارک اس مقام پر رکھی ہوئی ہے کہ جہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے محامد مبارکہ کا ذکر اور آپکی پاک اور پر اثر اور اعلیٰ تعلیم کا بیان ہے اور ایک انگشت اس مقام پر بھی رکھی ہوئی ہے کہ جہان صحابہ رضی اللہ عنہم کے کمالات اور صدق و صفا کا بیان ہے اور آپ تبسم فرماتے ہین اور کہتے ہین کہ

ہذا لی و ہذا لاصحابی

یعنے یہ تعریف میرے لئے ہے اور یہ میرے اصحاب کے لئے - اور پھر بعد اسکے خواب سے الہام کی طرف میری طبیعت منتقل ہوئی اور کشفی حالت پیدا ہوگئی تو کشفاً میرے پر ظاہر کیا گیا کہ اس مقام مین جو خدا تعالیٰ کی تعریف ہے اسپر اللہ تعالیٰ نے اپنی رضا ظاہر کی اور پھر اسکی نسبت یہ الہام ہوا کہ

ہذا ثناؤ لی اور یہ رات منگل کی تھی اور تین بجے پر پندرہ منٹ گذر رہے تھے -

ظہور آخری زمانہ مین بلاد مشرقیہ سے قرار دیا گیا ہے اور دجّال کا ظہور بھی آخری زمانہ مین بلاد مشرقیہ سے قرار دیا گیا ہے ان دونون حدیثون کے ملانے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص دجال کے مقابل پر آنیوالا ہے وہ بھی شخص ہے اور سنت اللہ بھی اسی بات کو چاہتی ہے کہ جس مُلک مین دجال جیسا خبیث پیدا ہوا اُسی مُلک مین وہ طیّب بھی پیدا ہو کیونکہ طبیب جب آتا ہے تو بیمار کی طرف ہی رُخ کرتا ہے اور یہ نہایت تعجب کا مقام ہے کہ بموجب احادیث صحیحہ کے دجال تو ہندوستان مین پیدا ہو اور مسیح دمشق کے مناروں پر جا اُترے اِسمین شک نہین کہ مدینہ منورہ سے ہندوستان سمت مشرق مین واقع ہے بلاشُبہ حدیث صحیح سے ثابت ہے کہ شرق کی طرف سے ہی دجال کا ظہور ہوگا اور مشرق کی طرف سے ہی رایات سود مہدی اللہ کے ظاہر ہونگے گویا روز ازل سے یہی مقرر ہے کہ محلّ فتن بھی مشرق ہی ہے اور محلّ

بقیہ حاشیہ کہ تریہ کہ ۱۸- اکتوبر ۱۸۹۱ء کے بعد ۷ دسمبر ۱۸۹۱ء کو اور رویا دیکھا - کیا دیکھتا ہون کہ مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ بن گیا ہون یعنے خواب مین ایسا معلوم کرتا ہون کہ وہی ہون اور خواب کے عجائبات مین سے ایک یہ بھی ہے کہ بعض اوقات ایک شخص اپنے تئین دوسرا شخص خیال کرلیتا ہے سو اُس وقت مین سمجھتا ہون کہ مین علی مرتضی ہون اور ایسی صورت واقعہ ہے کہ ایک گروہ خوارج کا میری خلافت کا مزاحم ہو رہا ہے یعنے وہ گروہ میری خلافت کے برکورہ کنا چاہتا ہے اور اُسمین فتنہ انداز ہے تب مین نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس ہین اور شفقت اور تودّد سے مجھے فرماتے ہین کہ **یا علی دعهم و انصرف**

اصلاح فتن بھی شرق ہی ہے۔

اور اس جگہ ایک نکتہ ہے اور وہ یہ ہے کہ جیسا اللہ جل شانہ نے ظاہر الفاظ آیت مین و آخرین منھم کا لفظ استعمال کرکے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہ لوگ جو کمالات مین صحابہ کے رنگ مین ظاہر ہونگے وہ آخری زمانہ مین آئینگے ایسا ہی اس آیت و آخرین منھم لما یلحقوا بھم کے تمام حروف کے اعداد سے جو ۱۴۷۵ ہین اس بات کی طرف اشارہ کر دیا جو آخرین منھم کا مصداق جو فارسی الاصل ہر اپنے نشاء ظاہر کا بلوغ اس سن مین پورا کرکے صحابہ سے

بقیہ حاشیہ

ھم وزراعتھم

یعنے اے علی ان سے اور انکے مددگارون اور ان کی کھیتی سے کنارہ کر اور انکو چھوڑ دے اور ان سے مونہہ پھیر لے اور مین نے پایا کہ اس فتنہ کے وقت صبر کے لئے ان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو فرماتے ہین اور اعراض کے لئے تاکید کرتے ہین اور کہتے ہین کہ تو ہی حق پر ہے مگر ان لوگون سے ترک خطاب بہتر ہے اور کھیتی سے مراد مولویون کے پیرو لوگ کی وہ جماعت ہے جو انکی تعلیمون سے اثر پذیر ہے جسکی وہ ایک مدت سے آب پاشی کرتے چلے آئے ہین پھر بعد اسکے میری طبیعت الہام کی طرف مخمور ہوئی اور الہام کے رو سے خدا تعالی نے میرے پر ظاہر کیا کہ ایک شخص مخالف میری نسبت کہتا ہے

ذرونی اقتل موسی

یعنے مجھ کو چھوڑ دو تا مین موسی کو یعنے اس عاجز کو قتل کر دون۔ اور یہ خواب سات کے "دین بجے قریبا بیس منٹ کم مین دیکھی تھی اور صبح مجھ کو دن تھا فالحمد للہ علی ذالک

مناسبت پیدا کریگا سو یہی سن ۱۳۷۵ ہجری جو آیت وآخرین منھم لما یلحقوا بھم کے حروف کی اعداد سے ظاہر ہوتا ہے اس عاجز کی بلوغ اور پیدائش ثانی اور تولد روحانی کی تاریخ ہے جو آج کے دن تک چونتیس برس ہوتے ہین۔

اور اگر یہ کہا جاے کہ آخرین منھم کا لفظ جمع ہے پھر ایک پر کیونکر اطلاق پا سکتا ہے تو اسکا یہ جواب ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے خود اسکا ایک پر اطلاق کر دیا ہے کیونکہ آپ نے اس آیت کی شرح کے وقت سلمان فارسی کے کاندھے پر ہاتھہ رکھہ کر فرمایا کہ فارس کے اصل سے ایک ایسا رجل پیدا ہوگا کہ قریب ہے جو ایمان کو ثریا سے زمین پر لے آوے یعنے وہ ایسے وقت مین پیدا ہوگا کہ جب لوگ بباعث شایع ہو جانے فلسفی خیالات اور پھیل جانے دہریت اور ٹھنڈے ہو جانے الہی محبّت کے ایمانی حالت مین نہایت ضعیف اور نکمی ہو جائینگی تب خدا تعالیٰ اُسکے ہاتھہ سے اور اُسکے وجود کی برکت سے دوبارہ حقیقی ایمان لوگون کے دلون مین پیدا کریگا گویا گم شدہ ایمان آسمان سے پھر نازل ہوگا۔ اور قرآن کریم مین جمع کا لفظ واحد کے لئے آیا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اُمّت کہا گیا ہے حالانکہ وہ ایک فرد تھے ماسوا اسکے اس آیت مین اس تفہیم کی غرض سے بھی یہ لفظ اختیار کیا گیا ہے کہ تا ظاہر کیا جاے کہ وہ آنیوالا ایک نہین رہیگا بلکہ وہ ایک جماعت ہو جائیگی جنکو خدا تعالیٰ پر سچّا ایمان ہوگا اور وہ اُس ایمان کے رنگ و بو پائینگی جو صحابہ کا ایمان تھا۔

اب پھر ہم پرچہ نور افشان کے بے بُنیاد دعوی کے ابطال کی غرض سے لکھتے ہین کہ اگر اُس محرّف مبدّل انجیل کی نسبت جو عیسائیون کے ہاتھہ مین ہے خاموش

رہکر اِس فقرہ کو صحیح بھی سمجھا جاے کہ حضرت مسیح نے ضرور یہ دعوی کیا ہے کہ قیامت
اور زندگی مین ہون تو اِس سے کچھہ حاصل نہین کیونکہ ایسا دعوی جو اپنے ساتھہ
اپنا ثبوت نہین رکھتا کسی کے لئے موجب فضیلت نہین ہوسکتا اگر ایک انسان
ایک امر کی نسبت دعوی تو نہ کرے مگر وہ امر کر دکھاے تو اُس دوسرے انسان
سے بدرجہا بہتر ہے کہ دعوی تو کرے مگر اثبات دعوی سے عاجز رہے انجیل خود
شہادت دی رہی ہے کہ حضرت مسیح کا دعوی اور دن کی نسبت تو کیا خود حواریون
کی حالت پر نظر ڈالنے سے ایک معترض کی نظر مین سخت قابل اعتراض ٹہرتا ہے اور
ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح اپنے حواریون کو بھی نفسانی قبرون مین ہی چھوڑ گئے اور
جب ہم حضرت مسیح کے اِس دعوی کو حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم
کے دعوی سے مقابلہ کرتے ہین تو اُس دعوی اور اِس دعوی
مین ظلمت اور نور کا فرق دکھائی دیتا ہے حضرت مسیح کا دعوی عدم ثبوت کی ایک
تنگ و تاریک گڑہے مین گرا ہوا ہے اور کوئی نور اپنے ساتھہ نہین رکھتا لیکن ہمارے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوی آفتاب کی طرح چمک رہا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی جاودانی زندگی پر یہ بھی بڑی ایک بھاری دلیل ہے کہ حضرت ممدوح کا فیض
جاودانی جاری ہے اور جو شخص اس زمانہ مین بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی
کرتا ہے وہ بلاشبہ قبر مین سے اُٹھایا جاتا ہے اور ایک روحانی زندگی اُسکو بخشی جاتی ہے
نہ صرف خیالی طور پر بلکہ آثار صحیحہ صادقہ اُسکے ظاہر ہوتے ہین اور آسمانی مدد اور سماوی
برکتین اور روح القدس کی خارق عادت تائیدین اُسکے شامل حال ہوجاتی ہین اور وہ
تمام دُنیا کے انسانون مین سے ایک متفرد انسان ہوجاتا ہے یہانتک کہ خدا تعالی اُس سے ہم کلام ہوتا

ہے اور اپنے اسرار خاصہ اُسپر ظاہر کرتا ہے اور اپنے حقایق و معارف کھولتا ہے اور اپنی محبت اور عنایت کے چمکتے ہوئے علامات اُسمین نمودار کر دیتا ہے اور اپنے نصرتین اُسپر اوتارتا ہے اور اپنی برکات اُسمین رکھہ دیتا ہے اور اپنی ربوبیت کا آئینہ اُسکو بنا دیتا ہے اُسکی زبان پر حکمت جاری ہوتی ہے اور اُسکے دل سے نکات لطیفہ کے چشمے نکلتے ہین اور پوشیدہ بھید اُسپر آشکار کئے جاتے ہین اور خدا تعالیٰ ایک عظیم الشان تجلی اُسپر فرماتا ہے اور اُس سے نہایت قریب ہو جاتا ہے اور وہ اپنی استجابت دعاؤن مین اور اپنی قبولیتون مین اور فتح ابواب معرفت مین اور انکشاف اسرار غیبیہ مین اور نزول برکات مین سب سے اوپر اور سب پر غالب رہتا ہے چنانچہ اِس عاجز نے خدا تعالیٰ سے مامور ہو کر انہین امور کی نسبت اور اسی اتمام حجت کی غرض سے کئی ہزار رجسٹری شدہ خط ایشیا اور یورپ اور امریکہ کے نامی مخالفون کی طرف روانہ کئے تھے تا اگر کسی کا یہ دعویٰ ہو کہ یہ روحانی حیات بجز اتباع خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی اور ذریعہ سے بھی مل سکتی ہے تو وہ اِس عاجز کا مقابلہ کرے اور اگر یہ نہین تو طالب حق بنکر یکطرفہ برکات اور آیات اور نشانون کے مشاہدہ کے لئے حاضر آوے لیکن کسی نے صدق اور نیک نیتی سے اِس طرف رُخ نہ کیا اور اپنی کنارہ کشی سے ثابت کر دیا کہ وہ سب تاریکی مین گرے ہوئے ہین - اور حال مین جو ہمارے بعض ہم مذہب بھائی مسلمان کہلا کر اِس روشنی سے مُنکر ہین نہ قبول کرتے اور نہ صدق دل سے آتے اور آزماتے ہین اور کافر کہنے پر کمر باندہ رہے ہین اِن سب امور کا اصل باعث نا بینائی اور بخل اور شدت تعصب ہے اور ایسے لوگون کا اسلام مین ہونا اسلام کی ہتک کا موجب نہین اور یہ اعتراض نہین ہو سکتا کہ اِن لوگون کے امراض روحانی کیون دور نہین ہوئی اور یہ لوگ کیون قبول

مین سے نہ نکلے کیون کہ اگر کوئی آفتاب کی طرف سے اپنے گھر کے کواڑ
بند کرکے ایک تاریک گوشہ مین بیٹہہ جائے تو اگر اُس تک آفتاب کی روشنی نہ
پہنچے تو یہ آفتاب کا قصور نہین بلکہ خود اُس شخص کا قصور ہے جسنے ایسا کیا ماسوا اِس
کے اگرچہ یہ لوگ کیسے ہی محجوب اور دور از حقیقت ہین مگر پھر بھی علانیہ توحید کے
قایل ہین کسی انسان کو خدا نہین بناتے اور یہ برکت توحید اپنے اندر ایک نور بھی
رکھتے ہین اور کسی قدر زندگی کی حرارت اُنمین موجود ہے اِس لئے ہم نہین کہہ سکتے
کہ وہ بالکل مر گئے اگرچہ خطرناک حالت مین ہین اگر کوئی عیسائی یا ہندو ہماری طرف
سے سونہہ پھیر کر ایسی نکتہ چینی کرے تو وہ سخت متعصّب یا سخت نادان ہے باغ مین
کانٹون کا ہونا بھی ضروری ہے جہان پھول ہین کانٹے بھی ہونگے مگر فرقہ مخالفہ مین تو
سراسر کانٹون کا ہی انبار نظر آتا ہے عیسائیون کی یہ اسراسر بیہودہ باتین ہین کہ
مسیح روحانی قیامت تھا اور مسیح مین ہو کر ہم جی اُٹھے حضرات عیسائی خوب یاد رکھین
کہ مسیح علیہ السلام کا نمونہ قیامت ہونا سرمو ثابت نہین اور نہ عیسائی جی اُٹھے
بلکہ مُردہ اور سب مُردون سے اول درجہ پر اور تنگ و تاریک قبرون مین پڑے
ہوئے اور شرک کے گڑہے مین گرے ہوئے ہین نہ ایمانی روح اُن مین ہے نہ ایمانی
روح کی برکت بلکہ ادنیٰ سے ادنیٰ درجہ توحید کا جو مخلوق پرستی سے پرہیز کرنا ہے وہ
بھی اُنکو نصیب نہین ہوا اور ایک اپنے جیسے عاجز اور ناتوان کو خالق سمجھہ کر اُسکی
پرستش کر رہے ہین۔ یاد رہے کہ توحید کے تین درجے ہین سب سے ادنیٰ درجہ یہ ہے
کہ اپنے جیسے مخلوق کی پرستش نہ کرین نہ پتھر کی نہ آگ کی نہ آدمی کی نہ کسی ستارہ کی
دوسرا درجہ یہ ہے کہ اسباب پر بھی ایسے نہ گرین کہ گویا ایک قسم کا اُنکو بوجہ کے

کارخانہ مین مستقل دخیل قرار دین بلکہ ہمیشہ مسبب پر نظر رہے نہ اسباب پر تیسرا درجہ توحید کا یہ ہے کہ تجلیات الٰہیہ کا مل مشاہدہ کرکے ہر یک غیر کے وجود کو کالعدم قرار دین اور ایسا ہی اپنے وجود کو بھی غرض ہر یک چیز نظر مین فانی دکھائی دے بجز اللہ تعالیٰ کی ذات کامل الصفات کے یہی روحانی زندگی ہے کہ یہ مراتب ثلثہ توحید کے حاصل ہو جائین اب غور کرکے دیکھ لو کہ روحانی زندگی کی تمام جاودانی چشمے محض حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طفیل دُنیا مین آئے ہین یہی اُمت ہے کہ اگرچہ نبی تو نہین مگر نبیون کی مانند خدا تعالیٰ سے ہمکلام ہو جاتے ہے اور اگرچہ رسول نہین مگر رسولون کی مانند خدا تعالیٰ کے روشن نشان اُسکے ہاتھ پر ظاہر ہوتے ہین اور روحانی زندگی کے دریا اُس مین بہتے ہین اور کوئی نہین کہ اُسکا مقابلہ کرسکے **کوئی ہے کہ جو برکات اور نشانون کے دکھلانے کے لئے مقابل مین کھڑا ہو کر ہمارے اِس دعوی کا جواب دے !!!-**

ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہمنے
کوئی دین - دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے

کوئی مذہب نہین ایسا کہ نشان دکھلاوے
یہ ثمر باغِ محمدؐ سے ہی کھایا ہم نے

ہمنے اسلام کو خود تجربہ کرکے دیکھا
نور ہی نور اُٹھو دیکھو سُنایا ہم نے

اَور دینون کو جو دیکھا تو کہین نور نہ تھا
کوئی دکھلاے اگر حق کو چھپایا ہمنے

تھک گئے ہم تو اِنہین باتونکو کہتے کہتے
ہر طرف دعوتون کا تیر چلایا ہم نے

آزمایش کے لئے کوئی نہ آیا ہر چند
ہر مخالف کو مقابل پہ بُلایا ہم نے

یون ہی غفلت کے لحافون مین پڑے سوتے ہین
وہ نہین جاگتے سو بار جگایا ہم نے

جل رہے ہین یہ سبھی بغض و کینون مین
باز آتے نہین ہر چند ہٹایا ہم نے

آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے
لو تمہیں طور تسلی کا بتایا ہم نے

آج اُن نوروں کا اِک زور ہی اِس جا جو ہیں
دل کو اُن نور و نکاہر رنگ دلایا ہمنے

جب سے یہ نور ملا نور پیمبر سے ہمیں
ذات سے حق کے وجود اپنا ملایا ہمنے

مصطفیٰ پر ترا بے حد ہو سلام اور رحمت
اُس سے یہ نور لیا بار خدایا ہم نے

ربط ہے جانِ محمدؐ سے مری جاں کو مدام
دلکو وہ جام لبالب ہی پلایا ہم نے

اُس سے بہتر نظر آیا نہ کوئی عالم مین
لاجرم غیروں سے دل اپنا چھوڑایا ہمنے

سورِ دقہر ہوئے آنکہ میں اغیار کے ہم
جب سے عشق اُسکا تہِ دل میں بٹہایا ہمنے

زعم میں اُنکے مسیحائی کا دعویٰ میرا
افترا ہے جسے از خود ہی بنایا ہم نے

کافر و ملحد و دجّال ہمیں کہتے ہیں
نام کیا کیا غمِ ملت میں رکہایا ہمنے

گالیاں سُنکے دُعا دیتا ہوں اُن لوگونکو
رحم ہے جوش میں اور غیظ گٹہایا ہمنے

تیرے سونہہ کی ہی قسم تیرے پیارے احمدؐ
تیری خاطر سے یہ سب بار اُٹہایا ہمنے

تیری اُلفت سے ہے معمور مرا ہر ذرّہ
اپنے سینہ میں یہ اِک شہر بسایا ہمنے

صفِ دشمن کو کیا ہمنے بہ حجت پاماں
سیف کا کام قلم سے ہی دکہایا ہمنے

نور دکہلا کے تیرا سب کو کیا ملزم و خوار
سب کا دل آتش سوزاں میں جلایا ہمنے

نقشِ ہستی تری اُلفت سے مٹایا ہمنے
اپنا ہر ذرّہ تری راہ میں اوڑایا ہم نے

تیرا میخانہ جو اِک مرجع عالم دیکہا
خم کا خم مونہہ سے بصد حرص لگایا ہمنے

شانِ حق تیرے شمایل میں نظر آتی ہے
تیرے پانے سے ہی اُس ذات کو پایا ہمنے

چہو کے دامن ترا ہر دام سے طیّب ہے بخدا
لاجرم در پہ ترے سر کو جہکایا ہمنے

دلبرا تجہ کو قسم ہے تری یکتائی کی
آپ کو تیری محبت میں بھلایا ہم نے

نجد دل سے ترے مٹ گئے سب غیر کی نقش	جب سے دل میں یہ تیرا نقش جمایا ہمنے
دیکھ کر تجھ کو عجب نور کا جلوہ دیکھا	نور سے تیرے شیاطین کو جلایا ہمنے
ہم ہوئے خیر امم تجھ سے ہی اے خیر رسل	تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہمنے
آدمی زاد تو کیا چیز فرشتے بھی تمام	مدح میں تیری وہ گاتے ہیں جو گایا ہمنے
قوم کے ظلم سے تنگ آکے ترے پایہ پہ آج	شور محشر ترے کوچہ میں مچایا ہم نے

اب ہم کسقدر اس بات کو ظاہر کرنا چاہتے ہین کہ اسلام کے ثمرات کیا ہین سو

سید احمد خانصاحب سی ایس آئی پر ایک ضروری اتمام حجت

+ حاشیہ اسلام کے ایک جدید فرقہ کے سرگروہ سید احمد خان صاحب سی ایس آئی کی بعض تحریرات خصوصاً انکی تفسیر کے دیکھنے سے کچھ ایسے خیالات ان کے معلوم ہوتے ہین کہ گویا انکو اس بات سے انکار ہے کہ سچ مچ کسیکو مخاطبہ اور مکالمہ الہیہ نصیب ہوسکے اور مین اتنک یہی سمجھتا ہون کہ وہ اس دعی سے منکر ہین جو بذریعہ جبرائیل علیہ السلام انبیا کو ملتی ہے اور انہی طاقتون غیب گوئی اور دیگر خوارق کو اپنے اندر رکھتی ہے اور خالصتاً آسمان سے نازل ہوتی ہے نہ کہ کوئی فطرتی قوت اگرچہ وہ بظاہر جبرائیل کو بھی مانتے ہین مگر انکا جبرائیل وہ نہین ہے جسکو بالاتفاق بیس کروڑ مسلمان دنیا مین مان رہے ہین وہ کلام اسی کے بھی قایل ہین مگر اس کلام کے نہیں جو خدا کا نور اور خدائی طاقتین اپنے وجود مین رکھتا ہے بلکہ صرف ایک ملکہ فطرت جو انسانی ظرف کے اندازہ پر فیض الہی قبول کرتا ہے نہ وہ وحی جو خدائی کے چشمہ سے نکلی ہے اور تعجب یہ کہ سید صاحب قرآن کریم کو بھی منجانب اللہ مانتے ہین اور انکے کاموں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسلام سے محبت بھی رکھتے ہین اور مسلمانو کے ہمدرد بھی ہین اور اہل اسلام کی دنیوی حالت کے خیرخواہ بھی - مگر باوصف اسکے تعجب پر تعجب یہ کہ وہ کیون بینات قرآن کریم کے برخلاف نہایت مجہول اور منکرانہ طور مین ظاہر کر رہے ہین اسکا باعث ایک نادانی ابتلا معلوم ہوتا ہے

سید احمد خانصاحب سی ایس آئی پر ایک ضروری اتمام حجت

واضح ہو کہ جب کوئی اپنے مولیٰ کا سچا طالب کامل طور پر اسلام پر قایم ہو جائے اور نہ کسی تکلف اور بناوٹ سے بلکہ طبعی طور پر خدا تعالیٰ کی راہوں میں ہر ایک

بقیہ حاشیہ جس میں وہ پھنس گئے اور وہ یہ کہ قبل اسکے کہ وہ قرآن کریم کی تعلیمات میں تدبر کرتے اور اسکے تسلی بخش دلایل سے اطلاع پاتے کسی منحوس وقت میں ان کتابوں کی طرف متوجہ ہو گئے جو اس زمانہ کے یورپ کے فلاسفروں نے جو دہریہ کے قریب قریب ہیں تالیف کی ہیں اور نہ صرف یہی بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے مجامع تو تعلیم یافتہ لوگوں کی باتیں ہی سنتے رہے جنکی طبیعتوں میں یورپ کے طبعی اور فلسفہ پھنس گیا تھا سو جیسا کہ کیمیا نہ خیالات کے سننے کا نتیجہ ہوا کرتا ہے وہی نتیجہ سید صاحب کو بھی بھگتنا پڑا۔ قرآن کریم کے حقایق معارف سے تو بیخبر ہی تھے اس لئے فلاسفروں کی تقریروں کے ساحرانہ اثر نے سید صاحب کے دل پر وہ کام کیا کہ اگر خدا تعالیٰ کا فضل اور طینت کی پاکیزگی جو اسی کے فضل سے تھی انکو نہ تھامتے تو معلوم نہیں کہ انکی یہ سرگردانی کہاں تک انکو پہنچاتی سید صاحب کی یہ تشویش درحقیقت قابل تعریف ہے کہ انہوں نے بہرحال قرآن شریف کا دامن نہیں چھوڑا گو سہو اسکے منشاء اور اسکی تعلیم اور اسکی ہدایتوں سے ایسے دور جا پڑے کہ جو تاویلیں قرآن کریم کی نہ خدا تعالیٰ کے علم میں تھیں نہ اسکے رسول کے علم میں نہ صحابہ کے علم میں نہ اولیاء اور قطبوں اور غوثوں اور ابدال کے علم میں اور نہ ان پر دلالت النص نہ اشارۃ النص وہ سید صاحب کو سوجھیں زیادہ تر افسوس کا یہ مقام ہے کہ سید صاحب نے قرآن شریف کی ان تعلیموں پر جو اصل اصول اسلام اور وحی الٰہی کا لب لباب تھیں یا یوں کہو کہ جنکا نام اسلام تھا خیر خواہی کی نیت سے پانی پھیر دیا اور اپنی تفسیر میں آیات بینات قرآن کریم کی ایسی بعید از صدق و انصاف تاویلیں کی کہ جن کو ہم کسی طرح سے تاویل نہیں کہہ سکتے بلکہ ایک پیرایہ میں قرآن کریم کی پاک تعلیمات کا رد ہے سید صاحب کے ہر ایک فقرہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس منتے فلسفہ سے جو یورپ نے پیش کیا ہے اسکا دل

قوت اُسکے کام مین لگ جائے تو آخری نتیجہ اُسکی اِس حالت کا یہ ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی ہدایت کے اعلیٰ تجلیات تمام حُجب سے مبرّا ہوکر اُسکی طرف رُخ کرتے ہین اور طرح طرح کے برکات اُسپر نازل ہوتے ہین اور وہ احکام اور وہ عقاید جو محض ایمان اور

بقیہ حاشیہ کانپتا اور لرزتا ہے اور اُنکی روح اُسکو سجدہ کر رہی ہے ہمنے جب کسی ایسے مقام سے اُنکی تفسیر کو دیکھا جہان اُنہین قرآن کریم سچ مچ فلسفہ موجودہ کے مخالف یا بظاہر نظر مخالف معلوم ہوتا تہا وہان ہی پایا کہ سید صاحب اقلیدس و مدعا علیہ کی طرح فلسفہ کے قدمون پر گر پڑے۔ اور فلسفی تعلیمات کو بسر و چشم قبول کرکے تاویلات رکیکہ کے ساتھہ قرآن کریم کی طرف سے ایسی ذلّت کے ساتھہ صلح کا پیغام بھیجا یا کہ جیسے عاجز اور مغلوب دشمن درماندہ ہوکر اور ہر طرف سے رُک کر چند کچّے اور بیہودہ عذرات سے مصالحہ کا طالب ہوتا ہے ہمکو یہ شوق ہی رہا کہ سید صاحب کی کوئی ایسی تالیف بہی دیکھین جس مین سید صاحب نے کوئی تیز تلوار فلسفہ موجودہ پر چلائی ہو اور مخالفت کے موقع پر بغیر کسی تاویل کے قرآن کریم کا بول بالا ثابت کیا ہو مگر افسوس کہ یہ ہمارا شوق پورا نہ ہوا۔ اگر سید صاحب اُن احادیث کی تاویلات کرتے جو قرآن کریم کے بیّنات سے بظاہر اُنکو معارض معلوم ہوتین اور نیز فلسفہ موجودہ کے رو سے قابل اعتراض ٹہرتین تو ہمین چندان افسوس نہ ہوتا کیونکہ ہم خیال کرتے کہ بڑا متکا اور مدار ایمان جسکا حرف حرف قطعی اور متواتر اور یقینی الثبوت ہے یعنے قرآن کریم سید صاحب کے ہاتھہ مین ہے مگر اُنکی اِس لغزش کو کہان چھپائین اور کیونکر پوشیدہ کرین کہ اُنہون نے تو قرآن کریم پر ہی خط نسخ کھینچنا چاہا ہمین کبھی تسلیم نہین کرینگا کہ کسی موقع پر اُنکے قلب نے شہادت دی ہو کہ جو کچھہ تاویلات کا دور دراز تک دامن اُنہون نے پھیلایا ہے وہ صحیح ہے بلکہ جا بجا خود اُنکا دل اُنکو ملزم کرتا ہوگا کہ اے شخص تیری تمام تاویلات ایسی ہین کہ اگر قرآن کریم ایک مجسّم شخص ہوتا تو بصد زبان اُن سے بیزاری ظاہر کرتا اور اُسنے بیزاری ظاہر کی ہے کیونکہ اُن لوگون کو سخت سزا و غضب ٹہراتا ہے جو اُسکی آیات مین الحاد

سماع کے طور پر قبول کئے گئے ہیں اب بذریعہ مکاشفات صحیحہ اور الہامات یقینیہ قطعیہ مشہود اور محسوس طور پر کھولے جاتے ہیں اور مغلقات شرع اور دین کے اور اسرار بسترہ ملت حنیفیہ کے اُسپر منکشف ہوجاتے ہیں اور ملکوت الہی کا اُسکو سیر کرایا جاتا ہے تا وہ یقین اور معرفت میں مرتبہ کامل حاصل کرے اور اُسکی زبان اور اُسکے بیان اور تمام افعال اور اقوال اور حرکات سکنات میں ایک برکت رکھی جاتی ہے اور ایک فوق العادت شجاعت اور استقامت اور ہمت اُسکو عطا کیجاتی ہے اور شرح صدر کا ایک اعلیٰ مقام اُسکو عنایت کیا جاتا ہے اور بشریت کے حجابوں کی تنگ دلی اور سخت اور بخل اور بار بار کی لغزش اور تنگ چشمی اور غلامی شہوات اور رذالت اخلاق اور ہر ایک قسم کی نفسانی تاریکی کُلّی اُس سے دور کرکے اُسکی

بقیہ حاشیہ کرتے ہیں یہودیوں کی کارستانیوں کا نمونہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے کہ اُنہوں نے کلام الہی میں تحریف اور الحاد اختیار کرکے کیا نام رکھا یا قرآن کریم کی کسی آیت کے ایسے معنے کرنے چاہئے کہ جو صدہا دوسری آیات سے جو اُسکی تصدیق کے لئے کھڑے ہوں مطابق ہوں اور دل مطمئن ہوجاے اور بول اُٹھے کہ ہاں یہی منشا اللہ جلشانہٗ کا اُسکے پاک کلام میں سے یقینی طور سے ظاہر ہوتا ہے یہ سخت گناہ اور معصیت کا کام ہے کہ ہم قرآن کریم کی ایسی دور از حقیقت تاویلیں کریں کہ گویا ہم اُسکے عیب کی پردہ پوشی کر رہے ہیں یا اُسکو وہ باتیں جنلا رہے ہیں جو اُسکو معلوم نہیں تعجب سید صاحب سے بڑی غلطی یہ ہوئی کہ حال کی تحقیقاتوں کو ایسا مسلم الثبوت اور یقینی مان لیا کہ گویا اُن میں غلطی ہونا ممکن ہی نہیں حالانکہ اِس نئی فلسفہ اور سائنس میں ایسی ہی غلطیاں نکلنا ممکن ہے کہ جیسے پہلے فلسفہ اور طبعی کی اب غلطیاں نکل رہی ہیں سید صاحب اِس مثل مشہور کو بھول گئے کہ - یا سے اشد لالیان چو بین بود

جگہ ربانی اخلاق کا نور پھر دیا جاتا ہے تب وہ تجلّی بتبدّل ہو کر ایک نئی پیدائش کا پیرایہ پہن لیتا ہے اور خدا تعالیٰ سے سُنتا اور خدا تعالیٰ سے دیکھتا اور خدائے تعالیٰ کے ساتھ حرکت کرتا اور خدا تعالیٰ کے ساتھ ٹھہرتا ہے اور اُسکا غضب خدا تعالیٰ کا غضب اور اُسکا رحم خدا تعالیٰ کا رحم ہو جاتا ہے اور اِس درجہ میں اُسکی دعائیں بطور اصطفاء کے منظور ہوتے ہیں نہ بطور ابتلا کے اور وہ زمین پر حجت اللہ اور امان اللہ ہوتا ہے اور آسمان پر اُسکے وجود سے خوشی کیجاتی ہے اور اعلیٰ سے اعلیٰ عطیہ جو اُسکو عطا ہوتا ہے مکالمات الٰہیہ اور مخاطبات حضرت یزدانی ہیں جو بغیر شک اور شُبہ اور کسی غبار کے چاند کے نور کی طرح اُسکے دل پر نازل ہوتے رہتے ہیں اور ایک شدید الاثر لذّت اپنے ساتھ رکھتے ہیں اور

بقیہ حاشیہ اور نئے فلسفہ کردہ عزت دی جو خدا تعالیٰ کی پاک اور غریب کلام کا حق تھا چند ماہ کا عرصہ ہوا ہے کہ سید صاحب نے اپنے ایک دوست کے نام جو سیالکوٹ میں رہتے ہیں اِس عاجز کی تالیفات کی نسبت لکھا تھا کہ وہ ایک ذرّہ کس کو فائدہ نہیں پہنچا سکتیں یعنے بکلّی صداقت سے خالی ہیں اور نہ صرف اسقدر بلکہ مجھے یاد پڑتا ہے کہ ایک دفعہ سید صاحب نے ایک اخبار میں چھپوا بھی دیا تھا کہ کسی سے الہامی پیشگوئی کرنا لغو ہے میں آیا یا مکاشفات و مخاطبات الٰہیہ سے مشرف ہونا ایک غیر ممکن امر ہے اور اگر کوئی ایسا دعویٰ کرے تو وہ مجانین میں سے ہے اور ایسے خیالات جنون کے مقدمات میں سے ہیں اور اگر یہ خیالات دل میں راسخ ہو جائیں تو پھر وہ پورا پورا جنون ہے اگرچہ اِسوقت مجھے کو ٹھیک ٹھیک یاد نہیں کہ سید صاحب کے اپنے الفاظ کیا تھے مگر قریباً اُنکا خلاصہ یہی تھا۔ القصہ مجھے ایسے کلمات کے سُننے اور پڑھنے سے بہت ہی رنج ہوا کہ سید صاحب جیسا ایک آدمی جسے

طمانیت اور تسلی اور سکینت بخشتے ہین اور اس کلام اور الہام مین فرق یہ ہے کہ الہام کا چشمہ تو گویا ہر وقت مقرب لوگون مین بہتا ہے اور وہ روح القدس کے بُلاے بولتے اور روح القدس کے دکھاے دیکھتے اور روح القدس کے سُناے سُنتے اور اُنکے تمام ارادے روح القدس کے نفخ سے ہی پیدا ہوتے ہین اور یہ بات سچ اور بالکل سچ ہے کہ وہ ظلی طور پر اس آیت کا مصداق ہوتے ہین وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحیٰ لیکن مکالمہ الہیہ ایک الگ امر ہے اور وہ یہ ہے کہ وحی متلو کی طرح خدا تعالیٰ کا کلام اُن پر نازل ہوتا ہے اور وہ اپنے سوالات کا خدا تعالیٰ سے ایسا جواب پاتے ہین کہ جیسا ایک دوست دوست کو جواب دیتا ہے اور اُس کلام کی اگر ہم تعریف کرین تو صرف اسقدر کر سکتے ہین

بقیہ حاشیہ حُبّ اسلام کا دعویٰ اور قرآن کریم کی تفسیر کرنیکا ولولہ اور نیز شان اور استقلال اور نیک منشی کا دیہی پتا ہوتا ہے وہ ایسی جلدی ایسی باتین مونہہ پر لاوے کہ جو فرقان حمید کی تعلیمات سے بالکل مخالف ہین مجھے نہایت خوشی ہوتی اگر سید صاحب صرف اسقدر پر کفایت نہ کرتے کہ مخالفانہ اور غیر معتقدانہ باتین کہہ کر اور مکالمہ الہیہ کے مدعی کو مجنون اور پاگل قرار دیکر چپ ہو جائین بلکہ جیسا کہ داب اور طریق حق پسندون اور منصف مزاجون کا ہے میرے دعاوی کی وجہ سے دلیل طلب کرتے تا اگر مین غلطی پر تھا تو اُس غلطی کا صاف طور پر فیصلہ ہو جاتا اور اگر حضرت آپ ہی غلطی پر تھے تو اُنکو اپنے اقوال سے رجوع کرنیکا مبارک موقع ملتا بہرحال اس تقریب سے پبلک کو ایک فایدہ پہنچتا اور آجکل جو انہین مسایل پر قلمون کی کشت خونی ہو رہی ہے یہ روز کے جھگڑے طے ہو جاتے مگر مجھے بار بار افسوس آتا ہے کہ اس طریق مستقیم کی طرف سید صاحب نے رُخ ہی نہ کیا۔ مین نے بہت سوچا کہ اسکا کیا سبب ہے مجھے

کہ وہ اللہ جل شانہٗ کی ایک تجلی خاص کا نام ہے جو بذریعہ اُسکے مقرب فرشتہ کے ظہور مین آتی ہے اور اُس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ تا دعا کے قبول ہونے سے اطلاع دیجائے یا کوئی نئی اور مخفی بات بتائی جاے یا آیندہ کی خبرون پر آگاہی دیجائے یا کسی امر مین خدا تعالیٰ کی مرضی اور عدم مرضی پر مطلع کیا جاے یا کسی اور قسم کے واقعات مین یقین اور معرفت کے مرتبہ تک پہنچایا جاے بہرحال یہ وحی ایک ایسی آواز ہے جو معرفت اور اطمینان سے رنگین کرنیکے لئے مخاطب اللہ پر ایسا یہ مکالمہ و مخاطبہ مین ظہور پذیر ہوتی ہے اور اِس سے بڑھ کر اُسکی کیفیت بیان کرنا غیر ممکن ہے کہ وہ صرف الہی تحریک اور ربانی نفخ سے بغیر کسی قسم کے فکر اور تدبر اور خوض اور غور اور اپنے نفس کی دخل کی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک قدرتی خدا ہے جو لذیذ اور پُر برکت

لقب حسنا اسکا یہ باعث قرار دینا تو صحیح معلوم نہ ہوا کہ سید صاحب ہر یک شخص سے بحث کی طرح ڈالنا پسند نہین کرتے کیونکہ میرے دعاوی ایک معمولی دعاوی نہین بلکہ یہ وہ امور ہین کہ اگر کروڑ ہا لوگون مین اِنکا چرچا نہین تو لاکھون مین تو ضرور ہوگا ماسوا اِسکے سید صاحب کا الہامی پیشگویون اور خوارق سے ایک تمام انکار ہے جس سے انبیا بھی جیسا کہ مجھے آپکی تالیفات کا منشا معلوم ہوتا ہے باہر نہین ہین پس کیا چاہیا تھا کہ اِس موقع پر جو الہامی پیشگویون پر نہ صرف ایمانًا میرا اعتقاد ہے بلکہ اُنکا معجزہ کر خود دعوی بھی ہے سید صاحب مجھ سے اپنے شکوک دور کرا لیتے اور اگر مین اپنے دعوی مین سچا نہ نکلتا تو جس سزا کر سید صاحب میرے لئے تجویز کرتے مین اُسکے بھگتنے کے لئے حاضر تھا اور اگر میرا صدق کھل جاتا تو سید صاحب اِسوقت مین کر ستارہ زندگی قریب الغروب ہے نہ صرف میری سچائی کے قایل ہوتے بلکہ ان پاک اعتقادون کو جو وحی نبوت کی نسبت ضایع کر بیٹھے ہین پھر حاصل کر لیتے عزیزمن ایک منادی

الفاظ مین محسوس ہوتی ہے اور اپنے اندر ایک ربّانی تجلّی اور الٰہی صولت کہتی ہے۔

اِس جگہ ہر یک سچّے طالب کے دل مین بالطبع یہ سوال پیدا ہوگا کہ مجھے کیا کرنا چاہئے کہ تا یہ مرتبہ عالیہ مکالمہ الٰہیہ حاصل کرسکون پس اِس سوال کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک نئی ہستی ہے جس مین نئی قوّتین نئی طاقتین نئی زندگی عطا کیجاتی ہے اور نئی ہستی پہلی ہستی کی فنا کے بغیر حاصل نہین ہوسکتی۔ اور جب پہلی ہستی ایک سچی اور حقیقی قربانی کے ذریعہ سے جو فدائے نفس اور فدائے عزّت و مال و دیگر لوازم نفسانیہ سے مراد ہے نکلی جاتی رہے تو یہ دوسری ہستی فی الفور اسکی جگہ لے لیتی ہے۔ اور اگر یہ سوال کیا جاوے کہ پہلی ہستی کے دور ہونے کے نشان کیا ہین تو

بقیہ حاشیہ کی آواز کو جو سچائی کی طرف بُلا رہا ہے نہ سُننا اور تحقیر کی نظر سے اُسکو دیکھنا اور بے تحقیق اُسکی نسبت مخالفانہ بولنا اور ثابت شدہ صداقت کے برخلاف جمے رہنا ہلاک ہونے کی راہ ہے مجھے آپکے کلمات سے بو آتی ہے کہ صرف اتنا ہی نہین کہ آپ اِس اُمّت کو مرتبہ مکالمات الٰہیہ سے تہیدست خیال کرتے ہین بلکہ آپ کسی نبی کے لئے بھی یہ مرتبہ تجویز نہین کرتے کہ خدا تعالیٰ کا زندہ اور خدا کی قدرتون سے بھرا ہوا کلام اُسپر کبھی نازل ہوا ہو پس اگر آپکا عقیدہ یہی ہے جو مین نے سمجھا اور میرے خیال مین گذرا ہے تو خود بادنیٰ آپکا ایمان نہایت خطرناک ورطہ مین پڑا ہوا ہے اور مین بہت خوش ہونگا اگر آپ کسی اخبار کے ذریعہ سے مجھ کو اطلاع دیدین کہ ہمارا انبیا کی نسبت یہ عقیدہ نہین ہے کہ اُن پر خدا تعالیٰ کا زندہ کلام نازل نہین ہوتا اور وہ کلام اخبار غیبیہ پر مشتمل نہین ہوتا اور اگر خدانخواستہ آپکا یہی کتابون کی نسبت جیسا کہ اب تک مین نے سمجھا ہے یہی خیال ہے کہ وہ واقعی اور حقیقی طور پر خدا تعالیٰ

اسکا جواب یہ ہے کہ جب پہلے خواص اور جذبات دور ہوکر نئے خواص اور نئے جذبات پیدا ہون اور اپنی فطرت مین ایک انقلاب عظیم نظر آوے اور تمام حالتین کیا اخلاقی اور کیا ایمانی اور کیا تعبدی ایسی ہی بدلی ہوئی نظر آوین کہ گویا اُن پر اب رنگ ہی اور ہے غرض جب اپنے نفس پر نظر ڈالے تو اپنے تئین ایک نیا آدمی پاوے اور ایسا ہی خدا تعالیٰ بھی نیا ہی دکھائی دے اور شکر اور صبر اور یاد الٰہی مین نئی لذتین پیدا ہوجائین جن کی پہلے کچھ بھی خبر نہین تھی اور بدیہی طور پر محسوس ہو کہ اب اپنا نفس اپنے رب پر بکلّی متوکل اور غیر سے بکلّی لاپروا ہے اور تصوّر وجود حضرت باری اس قدر اُسکے دلپر استیلا پکڑ گیا ہے کہ اب اُسکی نظر شہود مین وجود غیر بکلّی معدوم ہے اور تمام اسباب ہیچ اور ذلیل اور بیقدر نظر آتے ہین اور صدق اور

بقیہ حاشیہ کا کلام نہین اور وحی سے مراد صرف ایک ملکہ ہے جو انبیا کی فطرت کو حاصل ہوتا ہے یعنے اُنکی فطرت کچھ ایسی ہی واقعہ ہوتی ہے کہ صداقت اور حکمت کی باتین اُن کے سینہ سے نکلتی ہین تو پھر مین آپ پر کھلے کھلے معارضہ کے ساتھ اتمام حجت کرنا چاہتا ہون تا لوگ آپکی پیروی سے ہلاک نہ ہون اگر آپ اپنے قول سے رجوع کا اقرار کرکے تجربہ سے اس بات کا ثبوت چاہین کیونکہ وحی فی الواقعہ خدا تعالیٰ کا کلام ہوتا ہے اور اخبار غیبیہ اور آئندہ اور گذشتہ کی خبرون پر مشتمل ہوتا ہے تو مین بڑی خوشی سے الہامی پیشگوئیون کے نمونہ سے ثبوت دینے کو طیار ہون اور اس بات کے سُننے سے کہ آپ نیک نیتی سے اس امتحان کے لئے مستعد ہوگئے ہین مجھے اس قدر خوشی ہوگی کہ شاید ایسی خوشی کسی اور چیز سے نہ ہوسکے اسلئے کہ آپکا اپنی مُہلک غلطیون سے باز آجانا میرے نزدیک ایک قوم کی اصلاح سے کم نہین جب مین دیکھتا ہون کہ قرآن کریم تو آئندہ اور گذشتہ پیشگوئیون سے بھرا ہوا ہے مثلاً اُسکا ہر یک قصہ ہی اخبار غیب ہے یہ نہین

وفا کا مادّہ اسقدر جوش مین آگیا ہے کہ ہر یک مصیبت کا تصور کرنے سے وہ مصیبت آسان معلوم ہوتی ہے اور نہ صرف تصور بلکہ مصائب کے وارد ہونے سے بھی ہر یک درد بر رنگ لذت نظر آتا ہے تو جب یہ تمام علامات پیدا ہو جائین تو سمجھنا چاہیئے کہ اب پہلی ہستی پر بکلّی موت آگئی۔

اِس موت کے پیدا ہو جانے سے عجیب طور کی قوّتین خدا تعالیٰ کی راہ مین پیدا ہو جاتی ہین وہ باتین جو دوسرے کہتے ہین پر کرتے نہین اور وہ راہین جو دوسرے دیکھتے ہین پر چلتے نہین اور وہ بوجھ جو دوسرے جانچتے ہین پر اُٹھاتے نہین اِن سب اُمور شاقہ کی اُسکو توفیق دیجاتی ہے کیونکہ وہ اپنی قوّت سے نہین بلکہ ایک زبردست الٰہی طاقت اُسکی اعانت اور امداد مین ہوتی ہے جو پہاڑون سے زیادہ

بقیّہ حاشیہ کہ کسی سے سُنکر لکھا ہے تو مجھے تعجب آتا ہے کہ کیونکر آپ اِس بات کے راضی ہو سکتے ہین کہ قرآن کریم مین امور غیبیہ اور آئندہ اور گذشتہ کی خبرین نہین کیا یہ خیال کرین کہ نعوذ باللہ آپکا یہ اعتقاد ہے کہ قرآن کریم مین جو مثلاً یوسف کا قصہ اور اصحاب کہف کا قصہ اور آدم کا قصہ اور موسیٰ کا قصہ وغیرہ وغیرہ قصص موجود ہین وہ خدا تعالیٰ کی وحی یعنے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل نہین ہوئے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے یہودیون اور عیسائیون سے سُن سُنا کر قرآن کریم مین درج کر لئے تھے اگر یہی بات ہے تو بہت سا حصہ قرآن کریم کا اُس پاک کلام سے خارج کرنا پڑیگا کیونکہ جو باتین یہودیون اور عیسائیون سے سُنکر لکھی گئین وہ باتین درحقیقت یہودیون اور عیسائیون کا کلام ہوگا نہ کہ خدا تعالیٰ کا کلام اور پھر سخت مشکل یہ پیش آئیگی کہ قرآن کریم توریت کے قصون سے بہت جگہ مخالف ہے اِس صورت مین نعوذ باللہ یہ ماننا پڑیگا کہ جو کچھ شریر یہودیون نے دروغ کر کے راہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے پاس سرسری قصہ بیان کیا قرآن جناب نے سادگی اور

اُسکو استحکام کی راہ سے کر دیتی ہے اور ایک وفادار دل اُسکو بخشتی ہے تب خدا تعالیٰ کے جلال کے لئے وہ کام اُس سے صادر ہوتے ہین اور وہ صدق کی باتین ظہور مین آتی ہین کہ انسان کیا چیز ہے اور آدمزاد کیا حقیقت ہے کہ خود بخود اُنکو انجام دے سکے وہ بکلی غیر سے منقطع ہوجاتا ہے اور ماسوا اللہ سے دونون ہاتھہ اُٹھا لیتا ہے اور سب تفاوتون اور فرقون کو درمیان سے دور کر دیتا ہے اور وہ آزمایا جاتا اور دکھہ دیا جاتا ہے اور طرحطرح کے امتحانات اُسکو پیش آتے ہین اور ایسی مصایب اور تکالیف اُسپر پڑتی ہین کہ اگر وہ پہاڑون پر پڑتین تو اُنہین نابود کر دیتین اور اگر وہ آفتاب اور ماہتاب پر وارد ہوتین تو وہ بھی تاریک ہوجاتی لیکن وہ ثابت قدم رہتا ہے اور وہ تمام سختیون کو بڑی انشراح صدر سے برداشت

بقیہ حاشیہ بیخبری کی وجہ سے ایسے قصہ کو قرآن کریم مین درج کر دیا اب سوچنا چاہئے کہ جبکہ یہ اعتقاد ہو کہ قرآن کریم مین یہودیون اور عیسائیون سے سنی سنائی باتین لکھی گئی ہین وہ کس منہ سے کہہ سکتا ہے کہ مین قرآن کریم کو خدا تعالیٰ کا کلام جانتا ہون مگر میرے خیال مین ہے کہ آپکے دل مین ایسا عقیدہ نہین ہوگا گو مغربی فلاسفہ کا ستارہ کیسا ہی چمکدار آپ کو دکھائی دیا ہو مگر نعوذ باللہ یہ کب ہو سکتا ہے کہ آپکی حالت اس حد تک پہنچ جائے کہ وہ گہرا اور مضبوط عقیدہ اسلام کا جو نہ صرف اسلامی حیثیت سے بلکہ سیادت کی طینت سے بھی آپکے وجود مین ہے یعنے یہ کہ قرآن کریم کا لفظ لفظ وحی متلو ہی آپکے دل سے یک لخت اکھڑ گیا ہو ہو اور بجاے اسکے یہ خیال باطل دل مین جم گیا ہو کہ قرآن کریم کے قصص اور اخبار ماضیہ خالص امور غیبیہ نہین بلکہ یہودیون اور عیسائیون سے لئے گئے ہین لیکن مشکل یہ ہے کہ اگر آپ اس بات پر ایمان لاتے ہین کہ وہ تمام قصے جو اللہ جل شانہ نے قرآن مجید مین حضرت آدم سے لیکر حضرت مسیح علیہ السلام تک بیان فرمائے ہین خالص غیب کی خبرین ہین جو انسان کی

کرلیتا ہے اور اگر وہ ہاون حوادث مین پیسا بھی جاے اور غبار سا کیا جائے
تب بھی بغیر **انی مع اللہ** کے اور کوئی آواز اُسکے اندر سے نہین
آتی - جب کسی کی حالت اِس نوبت تک پہنچ جاے تو اُسکا معاملہ اِس عالم سے وراء
الوراء ہوجاتا ہے اور اُن تمام ہدایتون اور مقامات عالیہ کو ظلّی طور پر پالیتا ہے جو
اُس سے پہلے نبیون اور رسولون کو ملے تھے اور انبیا اور رُسل کا وارث اور نائب
ہوجاتا ہے وہ حقیقت جو انبیا مین معجزہ کے نام سے موسوم ہوتی ہے وہ اِس
مین کرامت کے نام سے ظاہر ہوجاتی ہے اور وہی حقیقت جو انبیا مین عصمت کے
نام سے نامزد کیجاتی ہے اِس مین محفوظیت کے نام سے پکاری جاتی ہے اور وہی
حقیقت جو انبیا مین نبوّت کے نام سے بولی جاتی ہے اِسمین محدّثیت کے پیرایہ مین

بقیہ حاشیہ طاقت اور انسان کی فطرت سے بالاتر مین تو پیرا یکا یہ اصول ٹوٹتا ہے کہ وحی اور کچھ چیز
نہین صرف بلکہ فطرت ہے کیونکہ انسان کی فطرت خدائی کی طاقتین اپنے اندر پیدا نہین
کرسکتی ہر یک انسان کی فطرت اُسیقدر ملکہ رکھتی ہے جو اُسکی لیاقت کے مناسب حال
ہے اور چونکہ آپکا یہی مذہب ہے کہ وحی کی حقیقت ملکہ فطرت سے زیادہ نہین تو وہی اعتراض
جسکا ابھی مین نے ذکر کیا ہے وارد ہوگا - ہر ایک اہل حال جو وحی کی حقیقت کو بطور واردات
کے جانتا ہے وہ آپکی اِس قیاسی بات پر ہنسیگا جو وحی صرف ملکہ فطرت ہے - اگرچہ استعداد
تو سچ ہے کہ وحی الٰہی کے انوار قبول کرنیکے لئے فطرت قابلہ شرط ہے جس مین وہ انوار
منعکس ہوسکین جو خدا تعالیٰ کسی وقت اپنے خاص ارادہ سے نازل کرے مگر یہ سراسر
جھوٹ ہے کہ وہ انوار انسانی فطرت مین ہی جمع ہین اور مبدء فیض سے اُسکے ارادہ
کے ساتھ کچھ نازل نہین ہوتا جو اپنے اندر خدائی طاقتون کی رنگ و بو رکھتا ہو - عزیز
سید جن خیالات کے آپ اِس مسئلہ مین پیروی کرتے ہین وہ درحقیقت اسلام کی تعلیم

ظہور پکڑتی ہے حقیقت ایک ہی ہے لیکن بہ باعث شدت اور ضعف رنگ کے مختلف نام رکھے جاتے ہین اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ملفوظات مبارکہ اشارت فرما رہے ہین کہ محدث نبی بالقوہ ہوتا ہے اور اگر باب نبوت مسدود نہ ہوتا تو ہر یک محدث اپنے وجود مین قوت اور استعداد نبی ہوجانی کی رکھتا تھا اور اسی قوت اور استعداد کے لحاظ سے محدث کا حمل نبی پر جایز ہے یعنے کہہ سکتے ہین کہ المحدث نبی جیسا کہ کہہ سکتے ہین کہ العنب خمر نظراً علی القوۃ والاستعداد و مثل ھذا الحمل شایع متعارف فی عبارات القوم وقد جرت المحاورات علی ذالک کما لا یخفی علی کل ذکی عالم مطلع علی کتب الاذواق والکلام التصوف اور اسی حمل کی طرف اشارہ ہے جو اللہ جل شانہ نے اس قرات کو جو

بقیہ حاشیہ نہین ہے بلکہ ان کو ربانی فلسفیون کی رائین ہین جو حضرت باری تعالیٰ عزاسمہ کو مدبر بالارادہ نہین سمجھتے بلکہ آفتاب اور ماہتاب کی طرح بعض امور کے صدور کے لئے علت موجبہ خیال کرتے ہین جب آپ خدا تعالیٰ کو مدبر بالارادہ اور اپنی مرضی کے ساتھہ منزل وحی یقین کرینگے اور وحی کو ایسی چیز سمجھینگے جو اسی سے نکلتی ہے اور اسی کے اوتارنے سے اپنی قوت کے ساتھہ دلون پر اترتی ہے تو اس صورت مین آپ اسکو بلکہ فطرت نہین کہہ سکتے اور نہ اسکا نام فطرتی قوت رکھہ سکتے ہین بلکہ ایک نور اللہ قرار دینگے جو خدا تعالیٰ کے ہاتھہ سے اور اسکے ارادہ سے اسیوقت اترتا ہے جب وہ چاہتا ہے ہان وہ نور جو اترتا ہے وہ فطرت قابلہ پر ہی اپنی روشنی ڈالتا ہے اور اپنا آثار اسکو جتلا دیتا ہے -

اور یہ کہنا کہ ہم اس طرح پر وحی کو مان نہین سکتے کیونکہ وہ عقل انسانی کے مافوق ہے سو اسکا یہی جواب ہے کہ عقل انسانی اگر ایک ثابت شدہ صداقت کو اپنے فہم اور ادراک سے

وما ارسلنا من رسولٍ ولا نبیٍّ ولا محدث ہی مختصر کرکے قرات ثانی مین صرف یہ الفاظ کافی قرار دے کہ وما ارسلنا من رسولٍ ولا نبی۔

اور اس سوال کا جواب کہ جس شخص کو شرف مکالمہ الہیہ کا نصیب ہو وہ کب اور کن حالات مین افاضہ کلام الہی کا زیادہ تر مستحق ہوتا ہے۔ یہ ہے کہ اکثر شدائد اور مصائب کے نزول کے وقت اولیاء اللہ پر کلام الہی نازل ہوتا ہے تا اُنکی تسلی اور تقویت کا موجب ہو جب وہ نزول آفات اور حوادث فوق الطاقت سے نہایت شکستہ اور درد مند اور کوفتہ ہو جاتے ہین اور حزن اور قلق انتہا کو پہنچ جاتا ہے تب خدا تعالی کی صفت کلام اُنکے دل پر متجلی ہوتی ہے اور کلمات طیبہ الہیہ سے اُنکو سکینت اور تشفی بخشی جاتی ہے حقیقت یہ ہے کہ مُلہم کی انکساری حالت الہامی آگ کے افروختہ

بقیہ حاشیہ بالا تر سمجھے تو وہ صداقت صرف اس وجہ سے رد کرنیکے لایق نہین ٹہرےگی کہ عقل اُسکی حقیقت تک نہین پہنچتی دُنیا مین ہزارہے ایسے خواص نباتات وجمادات وحیوانات مین پاے جاتے ہین کہ وہ تجارب صحیحہ کے ذریعہ سے ثابت ہین مگر عقل انسان کی ماورا ہین یعنے عقل اُنکی حقیقت تک پہنچ نہین سکتی اور اُنکی حقیقت تبلا نہین سکتے پس ایسا ہی وہ وحی ہے جو خدا تعالی کی طرف سے نازل ہوتی اور پاک دلون تک وہ علوم پہنچاتی ہے جو بشری طاقتون سے بلند تر ہین پھر جبکہ یہ حال ہے کہ عقل بجاے خود خبیر نہین بلکہ ثابت شدہ صداقتون کے ذریعہ سے قدر و منزلت پیدا کرتی ہے تو ہم کہتے ہین کہ وحی سماوی ایک ثابت شدہ صداقت ہے جو اپنے اندر اعجازی قوت رکھتی ہے اور علوم غیبیہ پر مشتمل ہوتی ہے اور ہم اس دعوی کے ثابت کرنے کے ذمہ وار ہین پھر آزمایش کے لئے متوجہ نہ ہونا کیا اُن لوگون کا شیوہ ہو سکتا ہے جو حقیقی صداقتون کے بھوکے اور پیاسے ہین۔

ہونے کے لیئے بہت ہی دخل رکھتی ہے جب ایک شرف یاب مکالمہ الہی کمال درد مند اور مضطر ہوتا ہے اور اُسکی توجہ درد اور حزن سے ملی ہوئی ایک تابندہ جانے کی حالت تک پھنچ جاتی ہے اور وفاداری اور تضرع اور صدق کے ساتھہ ربوبیت کی شعاعون کے نیچے جا پڑتی ہے تو یکدفعہ ربوبیت کا ایک شعاع اپنی ربوبیت کی تجلّی کے ساتھہ اُسپر گرتا ہے اور اُسکو روشن کر دیتا ہے اور وہ روشنی کبھی کلام کی صورت مین اور کبھی کشف کی صورت مین ظاہر ہوتی ہے اور رجوع کرنے والے دل کو اُس فتیلہ کی طرح جو آگ کے نزدیک پھنچ جاتا ہے اپنے ربانی نور سے منور کر دیتی ہے کیا یہ بدیہی طور پر محسوس نہین ہوتا جو ایک فتیلہ جو پاکیزہ تیل اپنے اندر رکھتا ہے جب آگ کے نزدیک کیا جاتا ہے تو وہ فی الفور صورت بدل لیتا ہے اور آگ

بقیہ حاشیہ اگر آپ ایک صادق دل لیکر میری طرف متوجہ ہون تو مین خدا تعالیٰ سے توفیق پاکر عہد کرتا ہون کہ آپکو مطمئن کرنیکے لیئے اُس قادر مطلق سے مدد چاہونگا اور مین یقین رکھتا ہون کہ وہ میری فریاد سُنیگا اور آپکو اُن غلطیون سے نجات دیگا جنکی وجہ سے نہ صرف آپ بلکہ ایک گروہ کثیر گرداب شبہات مین مبتلا نظر آتا ہے - آپ یقین کیجیے کہ مین محض للہ اِس کام کے لیئے مستعد کھڑا ہون کہ آپکی رائے کا غلط ہونا آپ پر ثابت کر دکھاؤن تو اب آپ میرے اُس تعجب اور تاسف کا اندازہ کر سکتے ہین جو آپکے اُن کلمات سے مجھکو ہو رہا ہے جن مین آپ نے بلا غور و فکر یہ دعویٰ کر دیا ہے کہ نہ ملایک کچھہ چیز ہین اور نہ وحی ملایک کچھہ چیز بلکہ یہ سب انسانی فطرت کی قوتون کے نام ہین - عزیز من انسانی فطرت کا ظرف خدائی طاقتون کا مظہر نہین ہو سکتا اور جو کچھہ انسان کو اُسکی فطرت کے توسط سے عطا کیا جاتا ہے وہ مخلوقیت کی حدود سے باہر نہین ہوتا - مثلاً انسان کی جسقدر ایجادات ہین اور جسقدر انسانون نے اب تک صنعتین نکالی ہین

کی صحبت سے واپس آتے وقت ایک چمکتا ہوا شعلہ اپنے ساتھ لاتا ہے پس ایک عارف اور کامل انسان اُس وقت مکالمہ الہیہ کے لئے نہایت ہی استعداد قریبہ رکھتا ہے جب وہ دردمند ہو کر آستانہ الٰہی پر گرتا ہے اور ہر یک طرف سے منقطع ہو کر اُس موافقت اور مصادقت کو جو اُسکے رگ و ریشہ میں رچی ہوئی ہے ایک تازہ اور نیا جوش دیتا ہے اور دردناک روح کے ساتھ خدا تعالیٰ کی مدد کے لئے التجا کرتا ہے تب خدا تعالیٰ اُسکی سُنتا ہے اور اُسے تودد اور محبت کے ساتھ جواب دیتا ہے اور اُسپر رحم کرتا ہے اور اُسکی دعاؤں کو اکثر قبول فرما لیتا ہے۔ آج کل کے بعض ملحدانہ خیال والے جو یورپ کے فلسفہ اور نیچر کے تابع ہو گئے ہیں اور اجابت اور قبولیت دُعا سے منکر ہیں اُنکے یہ خیالات سراسر

بقیہ حاشیہ گو وہ کیسے ہی غریب اور نادر ہوں گر نہیں کہہ سکتے کہ وہ خدائی کاموں کے ہم پلہ ہیں لیکن وہ وحی جسکا ہم نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے جسکی بابرکت آوازیں ہمنے اپنے کانوں سے سُنی ہیں وہ بلاشبہ انسان کی فطرت سے مافوق اور الوہیت کی زبردست طاقتیں اپنے اندر رکھتی ہے جسکے دیکھنے سے گویا ہم خدا تعالیٰ کا چہرہ دیکھتے ہیں اور وہ خدا تعالیٰ کا ویسا ہی قول خالص ہے جیسا کہ زمین اور آفتاب اور ماہتاب خدا تعالیٰ کا فعل خالص۔ اور بلاشبہ وہ انسانی فطرت کی حدود سے ایسا ہی بلند تر ہے جیسا کہ خدا انسان سے اگر آپ تھوڑی سی زحمت اُٹھا کر اور بزرگواری کے حجابوں سے الگ ہو کر چند ہفتہ اس عاجز کی صحبت میں رہیں تو میں امید رکھتا ہوں کہ آپ کے بہت سے امور مافوق العقل بڑی آسانی سے آپکو معقول اور ممکن دکھائی دیں۔ گو آپ اپنے خیال میں فلسفہ اور سائنس کا نچوڑ اپنے دماغ میں جمع رکھتے ہیں اور نیچر کے تمام درجے طے کر کے نئی روشنی سے منور ہو چکے ہیں لیکن عزیز من انا راض نہ ہوں

باطل ہین کہ قبولیت دُعا کچھہ چیز نہین اور تحصیل مرادات کے لئے دُعا کرنا نہ کرنا برابر ہے - یاد رکھنا چاہئے کہ ہمسن پر خدا تعالیٰ کے فضلون مین سے یہ ایک بڑا بھاری فضل ہوتا ہے جو اُسکی دُعائین قبول ہوتی ہین اور اُسکی درخواستین گو کیسے ہی مشکل کامون کے متعلق ہون اکثر بہ پایۂ اجابت پہنچتے ہین اور در اصل ولایت کی حقیقت یہی ہے جو ایسا قرب اور وجاہت حاصل ہوجائے جو بہ نسبت اورون کے بہت دعائین قبول ہون کیونکہ ولی خدا تعالیٰ کا دوست ہوتا ہے اور خالص دوستی کی یہی نشانی ہے کہ اکثر درخواستین اُسکی قبول کیجائین پس جو شخص کہتا ہے کہ دعا قبول ہونے کے اس سے زیادہ اور کچھہ معنے نہین کہ خدا تعالیٰ تک اُسکی آواز پہنچ جاتی ہے اور خدا تعالیٰ جان لیتا ہے کہ اُسنے دُعا کی ہے ایسا شخص مسخرہ ہے اور خدا تعالیٰ کی کتاب

تنبیہ ششم - سماوی روشنی شیے دیگر ہے اور مغربی علوم کی روشنی دیگر - اگر آپکو اس روشنی کی تاریکیون اور مضرتون کی کچھہ خبر ہوتی تو آپ اسلام کی اُمیت کو اس ناہنجار روشنی پر بہ ہزار مرتبہ ترجیح دیتے اور دین العجائز اختیار کرکے اور اس زمانہ کے دجالی فتنون سے دُور کر اور ایمانی امور پر صبر کی خواہش کرکے ہمیشہ تضرع سے یہ دعا کیا کرتے کہ ربنا افرغ علینا صبرًا و توفنا مسلمین - آپکو معلوم رہے کہ فلسفہ موجودہ ثابت شدہ صدہا قوتون کے مقابل پر بالکل مُردہ اور بے طاقت ہے کوئی علم نیا ہو یا پرانا واقعات صحیحہ پر غالب نہین آسکتا اگر مین دو اور دو کو چار کہون تو مجھے اس سے کیا اندیشہ ہے کہ کوئی بڑا فلاسفر میری مخالفت پر کمر باندھے یا اگر مین دن کو دن ہی سمجھون تو مجھے کیون اس بات سے ڈرنا چاہئے کہ ایک گروہ فلاسفرون کا میرے سامنے اسوقت دن کو رات کہہ رہا ہے کوئی نہ ادراک ان کو ایسی قوت نہین پہنچا سکتی کہ جیسے برہان یقینی اور انکشاف تام دیتا ہے - اور یہ انکشاف اور یہ برہان جو معرفت الٰہی اور معاد مین مطلوب

اور اُسکے دین سے محض بیگانہ ہے اگر صرف دُعا کا سُن لینا اجابت مین داخل ہے اور اس سے زیادہ کوئی بات نہین تو پھر ہر یک کہہ سکتا ہے کہ میری دُعا رد نہین ہوئی کیونکہ اگر اجابت سے مطلب صرف اطلاع بر دُعا ہے تو پھر کون شخص ہے جسکی دُعا سے خدا تعالیٰ بے خبر رہتا ہے ظاہر ہے کہ اللہ جل شانہٗ بباعث اپنی صفت علیم اور خبیر اور سمیع ہونیکے ہر یک بات کو سُنتا ہے اور ہر یک شخص کی آواز اُس تک پہنچ جاتی ہے پھر ایسے سُننے مین مومن اور غیر مومن کی دُعا مین فرق کیا ہے اور یہ کہنا کہ مومن کو لبیک کہتا ہے اور دوسرے کو نہین یہ کیونکر ثابت ہو جب کہ اصل محرومی مین مومن اور غیر مومن دونون مساوی ہین تو ایک کافر بھی کہہ سکتا ہے کہ میری دُعا پر لبیک کہا گیا ہے تو اب اِسکا کون فیصلہ کرے کہ نہین کہا گیا۔ اور

بقیہ حاشیہ ہے جو درحقیقت سرچشمہ نجات ہے صرف اُس سچے عرفان سے حاصل ہوتا ہے جو صاحب انسان کو بعد ایمان کے ملتا ہے پُرانے یا نئے فلسفہ کے ذریعہ سے ہرگز حاصل نہین ہو سکتا لیکن اُن لوگون پر یہ امر مشتبہ رہتا ہے کہ جو نہ ایمان کو مرتبہ کمال تک پہنچاتے ہین تا اسکے انوار معلوم کرین اور نہ فلسفہ مین پوری ترقی کرتے ہین تا اُسکی زہریلی اثر پورے طور پر اُن پر ظاہر ہون۔ ہر یک چیز کی پوری حقیقت اُسکے کمال سے کھلتی ہے مثلاً اگر کسی زہر یا تریاق کی اصل حقیقت معلوم کرنی ہو تو اُسکی پوری خوراک کھا کر دیکھین اور اگر کسی فلاسفر یا نبی کی ہدایات کے نتایج کاملہ دریافت کرنے مقصود ہون تو پورے طور پر اُسکے چیلے یا متبع بنین۔ آپکو معلوم ہوگا کہ فلسفہ کا کمال جس حد تک انسان کو پہنچاتا رہا ہے اور اب بھی پہنچاتا ہے وہ وہی حد ہے جسکو دہریت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ کیا آپکا گمان ہے کہ حقیقی خدادانی کے وہ لوگ وارث ہین جو فلاسفر کہلاتے ہین۔ کیا حقیقی انکسار اور حقیقی تقویٰ اور حقیقی خداترسی اور کامل طور پر خدا تعالیٰ کی عظمت کا دل مین بٹھانا

ایسی بے معنی لبیک کا فایدہ کیا بلکہ مومن کی دُعا ضرور قبول کیجاتی ہے اور اگر قبول کرنا مومن کے حق مین بہتر نہ ہو تو کم سے کم یہ ہوتا ہے کہ مومن کو نرمی اور محبّت کی راہ سے بذریعہ محبانہ مکالمہ کے اُسپر اطلاع دیجاتی ہے۔ خدا تعالیٰ جو تمام رحمتون کا سرچشمہ ہے سب سے زیادہ رحمت مومن پر ہی کرتا ہے اور ہر یک مصیبت کے وقت اُسے سنبھالتا ہے اور اُسکی حفاظت کرتا ہے اور اگر تمام دُنیا ایک طرف ہو اور مومن ایکطرف تو فتح مومن ہی کو دیتا ہے اور اُسکی عمر اور عافیت کے دن بڑھاتا ہے۔ دشمن کہتا ہے کہ وہ ہلاک ہوجاے اور ناپدید ہوجاے پر وہ دشمن کو ہی ہلاک کرتا ہے اور اُسکی بددُعائین اُسی کے سر پر مارتا ہے پر مومن کی دُعا کو قبول کرلیتا ہے اور اُسکی دُعاؤن کو قبول کرکے وہ خوارق دکھلاتا ہے جن سے دُنیا

بقیہ حاشیہ بوحقیقی خداداني کے نتایج ہین کبھی اُن فلاسفرون کو میسّر ہوے ہین یا اب میسّر ہین کیا فلسفہ کی کتابون کے ورق گردانے سے اُس سچی معرفت کی اُمید ہے جو نفسانی جذبات سے آزاد کرتی اور محبت الٰہی دل مین بٹھاتی ہے میری دانست مین تو ہرگز نہیں فلسفہ کے علم کا انتہائی معراج تو یہی ہے کہ ایسا انسان جو صرف فلسفہ کا تابع ہے خدا اور رسول اور بہشت اور دوزخ سے بکلی دست بردار ہوجاے اور تکبّر اور رعونت اور نفس پرستی اختیار کرلیوے اور نزدیک اور دور موجودات مدبر بالارادہ صرف ایک جسم اور جسم اور صلوٰۃ تضیع اوقات اور فکر معاد مجنونانہ خیال ہی ہی انکی تو رگ رگ پے مین وہ باتین پھیلی ہوئی ہین جو ایک پُرزور انجن کی طرح ہر دم دہریت کی طرف کھینچتی چلی جاتی ہین اسلامی حکمت اور معرفت کا مرکز دایرہ وجود باری اور اُسکا مدبر بالارادہ ہونا اور اُسکا واحد لاشریک ہونا ہے اور اُسی کے مناسب حال ہمارے دین کے تمام مسایل ہین اور فلسفیون کی حکمت اور معرفت کا اصل مرکز دایرہ دہریت ہے اور اُسی کے مناسب حال اُنکی تمام تحقیقاتین ہین ان اُن مین سے بعض ایسے بھی ہین جو صرف ہوا نام

حیران ہوجاتی ہے کرامت کیا چیز ہے؟ مومن کی دعا جو قبول ہوکر ایک نہایت مشکل اور بعید از عقل کام کو پورا کر دیتی ہے اور تمام خلقت کو ایک حیرت مین ڈالتی ہے پھر کیونکر کہا جاے کہ دعا قبول نہین ہوتی نادان ہے وہ شخص جو ایسا خیال کرتا ہے بیوقوف ہے وہ فلسفی جو ایسا سمجھتا ہے یہ دعوی بے دلیل نہین اسپر میرے پاس کھلے کھلے دلائل اور نہایت روشن براہین ہین یہ جو اپنی آنکھون پر پٹی باندہتا ہے تا آفتاب نظر نہ آوے وہ کیونکر روشنی کو دیکھہ سکتا ہے۔

اب یہ بھی یاد رہے کہ وہ اسلام جسکی خوبیان ہم بیان کر چکے ہین وہ ایسی چیز نہین ہے جسکے ثبوت کے لئے ہم صرف گذشتہ کا حوالہ دین اور محض قبرون کے نشان دکہلائین اسلام مردہ مذہب نہین تا یہ کہا جاے کہ اسکی سب برکات پیچھے رہ

بتید حتا خدا تعالی کو علت العلل سمجھتے ہین لیکن اسکو مدبر بالارادہ اور اپنی مخلوق مین متصرف اور عالم جمیع جزئیات کائنات یقین نہین رکھتے اور کوئی اختیار یا تصرف اسکا عالم پر تسلیم نہین کرتے سو وہ ہی درحقیقت دہریون کے چھوٹے بہائی ہین یہ سچ ہے کہ انسان جہان سچائی دیکھے اسکو لیلے لیکن ہمین نہین چاہیے کہ مسموم کہانون مین سے ایک کہانے کو اس خیال سے کہانے لگین کہ غالبا اس مین زہر نہین ہوگا یہ یقینی امر ہے کہ ہر یک شخص اپنے اصول کے موافق کلام کرتا ہے اور تمام جزئی مباحث اور تحقیقات پر اصول کا اثر پڑا ہوا ہوتا ہے پھر جبکہ فلاسفرون کا اصل عقیدہ دہریت یا اسی کے قریب قریب ہے تو کیا امید ہوسکتی ہے کہ انکے دوسرے مباحث مین جو اسے اصول کے زیر سلسلہ چلے جاتے ہین کوئی صلاحیت اور رشد کی بات ہوگی اور خدا تعالی کے کلام نے ہمین کونسی ضرورت اور حاجت انکی طرف باقی رکہی ہے تاہم دانستہ ایسے خطرناک راہ کو اختیار کرین جو ہمیشہ ہلاکت تک پہنچاتی رہی ہے ہر یک مسلمان پانچ

گئی ہین اور آگے خاتمہ ہے اسلام مین بڑی خوبی یہی ہے کہ اُسکی برکات ہمیشہ اُسکے ساتھہ ہین اور وہ صرف گذشتہ حصون کا سبق نہین دیتا بلکہ موجودہ برکات پیش کرتا ہے دُنیا کو برکات اور آسمانی نشانون کی ہمیشہ ضرورت ہے یہ نہین کہ پچھلے نہین اور اب نہین ہین ضعیف اور عاجز انسان جو انڈے کی طرح پیدا ہوتا ہے ہمیشہ اِس بات کا محتاج ہے کہ آسمانی بادشاہت کا اُسکو کچھہ پتہ لگے اور وہ خدا جسکے وجود پر ایمان ہے اُسکی ہستی اور قدرت کے کچھہ آثار ہی ظاہر ہون پچھلے زمانہ کے نشان دوسرے زمانہ کے لئے کافی نہین ہو سکتے کیونکہ خبر معاینہ کی مانند نہین ہو سکتی اور امتداد زمانہ سے خبرین ایک قصہ کے رنگ مین ہو جاتی ہین ہر یک نئی صدی جو آتی ہے تو گویا ایک نئی دُنیا شروع ہوتی ہے اسلئے اسلام کا خدا جو

بقیہ حاشیہ وقت اپنی نماز مین یہ دُعا پڑہتا ہے کہ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم اور خدا تعالیٰ نے آپ فرما دیا ہے کہ صراط مستقیم نبیون کی راہ صدیقون کی راہ شہیدون کی راہ ہے پھر ہم سخت نادان ہونگے اگر ہم اُن راہون کے طلبگار نہ ہون جن کی طلب کے لئے خدا تعالیٰ نے ہمین حکم دیا ہے اور فلسفیون کے پیچھے بھٹکتے پھرین اور یہ خیال کہ ہمکو اپنے جمیع عقاید ایسے معقولی طور پر ثابت کر لینی چاہئے کہ جیسے ہندسہ اور حساب اور بعض حصے علوم طبعی کے ثابت ہین کیونکہ انسان مکلف بعقل ہے پس جو باتین ہماری عقل سمجھہ نہ سکے وہ قبول کرنیکے لایق نہین ہین یہ سخت مغرور اور مہلک دھوکا ہے جو آجکل لگا ہوا ہے اور اسی وجہ سے آجکی یہ حالت ہے کہ آپ علم اور مذہب کو دو چیز کہنا نہین چاہتے بلکہ جمیع مسایل اور عقاید مذہب کو ایسا علم بنانا چاہتے ہین جو ہندسہ اور حساب کی طرح یا اُس سے بھی بڑہ کر ہو مگر افسوس کہ آپ یہ نہین سوچتے کہ اگر علم دین اور دینی عقاید ایسے ہی علوم بدیہہ مین سے ہوتے

سچا خدا ہے ہر یک نئی دُنیا کے لئے نئے نشان دکھلاتا ہے اور ہر یک صدی کے سر پر اور خاصکر ایسی صدی کے سر پر جو ایمان اور دیانت سے دور پڑ گئی ہے اور بہت سی تاریکیاں اپنے اندر رکھتی ہے ایک قایم مقام نبی کا پیدا کر دیتا ہے جسکے آئینہ فطرت مین نبی کی شکل ظاہر ہوتی ہے اور وہ قایم مقام نبی متبوع کے کمالات کو اپنے وجود کے توسط سے لوگون کو دکھلاتا ہے اور تمام مخالفون کو سچائی اور حقیقت نمائی اور پردہ دری کے رو سے ملزم کرتا ہے۔ سچائی کے رو سے اِس طرح کہ وہ سچے نبی پر ایمان نہ لاے پس وہ دکھلاتا ہے کہ وہ نبی سچا تھا اور اُسکی سچائی پر آسمانی نشان یہ ہین اور حقیقت نمائی کی رو سے اِس طرح کہ اُس نبی متبوع کے تمام متعلقات دین کا حل کر کے دکھلا دیتا ہے اور تمام شُبہات اور اعتراضات کا استیصال کر دیتا

بقیہ حاشیہ کہ جیسے دو اور دو چار تو پھر کیا وجہ تھی کہ اُنکے ماننے اور تسلیم کرنے سے ہمین نجات کا وعدہ دیا جاتا مین نہین سمجھ سکتا کہ کسی بدیہی بات کے ماننے اور قبول کرنے سے نجات کو کیا تعلق ہے اگر مین یہ کہون کہ مین نے مان لیا کہ اب تک جو ۳۰ ستمبر ۱۸۹۷ء ہے سید صاحب صحیح سالم زندہ موجود ہین یا اگر مین قبول کر لون کہ فی الواقع آتوار کے بعد پیر آتا ہے اور درحقیقت نبیون کا نصف دن ہوتے ہین تو کیا مجھے اِن باتون پر ایمان لانے اور مان لینے سے کسی ثواب کی توقع رکھنی چاہئے پھر اگر مثلاً وجود ملایک کا اشیاء مشہودہ محسوسہ کی طرح ہوتا مثلاً ایسا یقینی ہوتا کہ خدا یتعالیٰ آپکو کوئی فرشتہ پکڑا کر دکھا دیتا اور آپ ملایک کو ہاتھون سے ٹٹول لیتے اور آنکھون سے دیکھ لیتے اور ایسا ہی بہشت کی حوریں اور غلمان آپکو علیحدہ علیحدہ مین بیٹھے ہوئے نظر آجاتین اور شراب طہور کا کوئی پیالہ ہی پی لیتے اور دوزخ بھی سامنے نظر آتا تو مین نہین سمجھ سکتا کہ ان تمام کھلم کھلے ثبوتون کے بعد آپکا امنا و صدقنا کہنا کیا وزن رکھتا

ہے - اور پردہ دری کے رو سے اِس طرح کہ وہ مخالفون کے تمام پردے پھاڑ دیتا ہے اور دُنیا کو دکھلا دیتا ہے کہ وہ کیسے بیوقوف اور معارف دین کو نہ سمجھنے والے اور غفلت اور جہالت اور تاریکی مین گرنے والے اور جناب الہی سے دور و مہجور ہین - اِس کمال کا آدمی ہمیشہ مکالمہ الہیّہ کا خلعت پاکر آتا ہے اور دعا کی اور مبارک اور مستجاب الدعوات ہوتا ہے اور نہایت صفائی سے اِن باتون کو ثابت کرکے دکھلا دیتا ہے کہ خدا ہے اور وہ قادر اور بصیر اور سمیع اور علیم اور مدبر بالارادہ ہے اور درحقیقت دُعائین قبول ہوتی ہین اور اہل اللہ سے خوارق ظاہر ہوتے ہین پس صرف اتنا ہی نہین کہ وہ آپ ہی معرفت الہیہ سے مالامال ہے بلکہ اُسکے زمانہ مین دُنیا کا ایمان عام طور پر دوسرا رنگ پکڑ لیتا ہے اور وہ تمام خوارق جن سے

بقیہ حاشیہ - میرے عزیز سعید وقت گذرتا جاتا ہے جلد اِس نازک اور ضروری مسئلہ کو سمجھ لو کہ مدار اجر ایمان پر ہے اور ایمان اسی طرز سے ماننے کا نام ہے کہ جب امور مسئلہ چند قرائن سے ممکن الوجود فہم آوین مگر ہنوز مخفی اور مستور ہون کیونکہ ایسے امور کے ماننے سے انسان خدا تعالیٰ کے نزدیک صادق ٹھہر جاتا ہے وجہ یہ کہ اُسنے اُسکے نبی اور رسول کی خبر کو مان لیا اور اُسکے پیغمبر کو مخبر صادق سمجھ لیا سو اِس صدق اور حسن ظن سے وہ بخشا جاتا ہے - اِس دقیق بحث کو تشریح کرنا ہر یک عقلمند کا فرض ہے کہ خدا تعالیٰ نے کیون ایسا کیا کہ جن امور پر ایمان لانے کی تکلیف دی اُنکو ایسا مخفی اور مستور رکھا کہ وہ اِس دُنیا کی عقل اور اِس دُنیا کی حکمت اور اِس دُنیا کے علم سے کُل نہین سکتے مثلاً ایمانیات مین سے ہے مقدم امر خدا تعالیٰ کی ہستی اور اُسکے علیم اور حکیم اور قادر مطلق اور مدبر بالارادہ اور واحد لاشریک اور ازلی ابدی اور ذوالعرش اور ہر یک جگہ حاضر ناظر ہونے پر ایمان لانا ہے مگر بجز قیاسی باتون اور خود تراشیدہ خیالات کے اور کونسا بیّنہ اِن امو

دُنیا کے لوگ مُنکر ہتے اور اُن پر ہنستے ہتے اور اُنکو خلاف فلسفہ اور نیچر سمجھتے ہتے یا اگر بہت نرمی کرتے ہتے تو بطور ایک قصہ اور کہانی کے اُنکو مانتے ہتے اب اُسکے آنے سے اور اُسکے عجائبات ظاہر ہونے سے نہ صرف قبول ہی کرتے ہین بلکہ اپنی پہلی حالت پر روتے اور تاسف کرتے ہین کہ وہ کیسی نادانی ہتی جسکو ہم عقلمندی سمجھتے ہتے اور وہ کیسی بیوقوفی ہتی جسکو ہم علم اور حکمت اور قانون قدرت خیال کرتے ہتے غرض وہ خلق اللہ پر ایک شعلہ کی طرح گرتا ہے اور سب کو کم و بیش حسب استعدادات مختلفہ اپنے رنگ مین لے آتا ہے اگرچہ وہ اوایل مین آزمایا جاتا اور تکالیف مین ڈالا جاتا ہے اور لوگ طرح طرح کے دُکھ اُسکو دیتے اور طرح طرح کی باتین اُسکے حق مین کہتے ہین اور انواع اقسام کے طریقون سے

بقیہ حاشیہ ۱۵ کا عقل لگا سکتی ہے اور کیونکر ایسا شخص جو انکشاف حقیقت کا بھوکا پیاسا اور زندہ خدا کی معرفت چاہتا ہے نقل کی یکطرفہ اور ناکافی استدلالات پر مطمئن ہوسکتا ہے عقل انسانی ہزار سوچے اور گو لاکھہ دفعہ زمین اور اجرام آسمانی کی پُرحکمت بناوٹ پر نظر غور کرے لیکن وہ یہ دعویٰ نہین کرسکتے کہ اس عالم کا کوئی صانع ہے کیونکہ ایسا دعویٰ تو تب کرے کہ اُسکو دیکھا بھی ہو اُسکا کوئی پتہ بھی لگا ہو ہان اگر عقل دھوکا نہ کھاوے اور دوسری طرف رُخ نہ کرے تو یہ کہہ سکتی ہے کہ اس ترتیب محکم اور ترکیب ابلغ اور اس کاروبار پُرحکمت کا کوئی صانع ہونا چاہئے کرتے اور ہونا چاہئے مین جس قدر فرق ہو وہ ظاہر ہے اور یہ بات ہی بلوغ منزل ہمنے بیان کی ہے ورنہ جنہون نے خدا تعالیٰ کے وجود کا پتہ لگانے مین صرف اپنی عقل ہی کو امام بنایا اور فقط اُسی کی رہبری سے کسی منزل تک پہنچنا چاہا تہا اُنکو عقل نے جس جگہ پہنچایا ہے وہ یہی ہے کہ یا تو وہ لوگ آخر کار دہریہ ہوگئے اور یا خدا تعالیٰ کو ایسے ضعیف طور پر مانا جو نہ ماننے کے برابر تہا اب جبکہ خدا دانی کے مرتبہ پر ہی

[illegible] چونکہ وہ برہان حق اپنے
[illegible] اور اسکی سچائی کی کرنین
[illegible] کہ زمین اسکی
[illegible] کو حکم کرتا ہے کہ وہ گواہی
[illegible] دعاؤں کے قبول
[illegible] آسمان سے اُترتی ہے
[illegible] ہیں جو
[illegible] وہ جو پہلے سے قبول
[illegible] ایمان کے صدیقوں کی شان کا ایک

---

(۴) عقل دنیا پر غالب ہوا اور رسم اتباع ہی غلط ہوئی تو پھر وہ سرے امور غیبیہ کو عقل انسانی کی
کیونکر تک جانا کیا امید رکھیں۔ اور اس کا جواب کہ یہ ایمانی امور کیوں مخفی رکھے گئے وہی ہے
جو ابھی ہم لکھ چکے ہیں یعنے خدا تعالیٰ کی رحمت اور بخشش اور فضل نے ان امور مخفیہ کو
انسان کی نجات کے لئے ایک راہ نکالی کیونکہ خدا تعالیٰ نے اپنی ہستی کو جو علت العلل ہے اور اپنے
ملایک کو جو بادنہ تعالیٰ مدبرات امور ہیں اور روز قیامت کو جو تجلی گاہ قدرت نامہ ہے اور بہشت
اور دوزخ اور حقیقت نبوت اور رسالت اور وحی کو عقلمندوں کی نظر سے پوشیدہ
کیا اور اپنے امی بندوں کو ان امور کی معرفت بخش کر اور تاج نبوت اور خلعت رسالت
عطا فرما کر دعوت ایمان کے لئے دنیا میں بھیجا پھر جسنے انکو مخبر صادق سمجھا اور انکی باتوں
پر ایمان لایا وہ مومن کہلایا اور نجات پاگیا اور جس نے دنیا کی عقل اور منطق کو اپنا
قبلہ بنا کر جون و چرا کیا وہ مردود اور کافر اور خسر الدنیا والآخرت قرار پایا اور جہنم اسکا
ٹھکانا ہوا لیکن اس جگہ کوئی یہ دھوکا نہ کھاوے کہ اس دعوت ایمان میں محض

حصہ ملتا ہے اور یہ اُسکا فضل ہے جسپر چاہے کرے۔

اب اتمام حجت کے لئے مین یہ ظاہر کرنا چاہتا ہون کہ اُسی کے موافق جو ابھی مینے ذکر کیا ہے خدا تعالیٰ نے اِس زمانہ کو تاریک پایا کہ اور دُنیا کو غفلت اور کفر اور شرک مین غرق دیکھکر اور ایمان اور صدق [illegible] کو زایل ہوتے ہوئے مشاہدہ کرکے مجھے بھیجا ہے کہ تا وہ دوبارہ دُنیا مین علمی اور عملی اور اخلاقی اور ایمانی سچائی کو قایم کرے اور تا اسلام کو اُن لوگون کے حملہ سے بچائے جو فلسفیت اور نیچریت اور اباحت اور شرک اور دہریت کے لباس مین اِس الٰہی باغ کو کچھ نقصان پہنچانا چاہتے ہین سو اے حق کے طالبو سوچ کر دیکھو کہ کیا یہ وقت وہی وقت نہین ہے جس مین اسلام کے لئے آسمانی مدد کی ضرورت تھی

بقید حاشیہ جبراً و تکلف مالایطاق ہے کیونکہ جیسا کہ ہم اِس تالیف اور [illegible] مین لکھ چکے ہین اُن ایمانی امور کے ساتھ ایسے قراین مرجحہ بھی ہین جو طالب حق کو تشفی بخشتے ہین اور عقل سلیم کے لئے قایم مقام دلائل و براہین ہو جاتے ہین اور اوہام فلسفیہ کو کالعدم اور نابود کر دیتے ہین پھر جب کہ وہ ایسے شخص کے مونہہ سے نکلے جو بہت سے انوار سماوی اور برکات اور خوارق اپنے ساتھ رکھتا ہے تو اُن انوار کو ملحوظ نظر رکھنے سے بلاشبہ ایک سلیم الفطرت آدمی کا یقین نور علی نور ہو جاتا ہے سو ایمان کی یہی فلاسفی ہے جو مین نے بیان کی خدا تعالیٰ کا کلام ہمین یہی سکھلاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ تب نجات پاؤ گے یہ ہمین ہدایت نہین دیتا کہ تم اُن عقاید پر جو نبی علیہ السلام نے پیش کئے دلایل فلسفیہ اور براہین یقینیہ کا مطالبہ کرو اور جب تک علوم ہندسہ اور حساب کی طرح وہ حد اقتین مکمل نہ جائین تب تک اُن کو مت مانو ظاہر ہے کہ اگر نبی کی باتون کو علوم حسیہ کے ساتھ وزن کرکے ہی ماننا ہے تو وہ

کیا ابھی تک تم پر یہ ثابت نہین ہوا کہ گذشتہ صدی مین جو تیرھوین صدی تھی کیا کیا صدمات اسلام پر پہنچ گئے اور ضلالت کے پھیلنے سے کیا کیا ناقابل برداشت زخم ہمین اٹھانے پڑے کیا ابھی تک تمنے معلوم نہین کیا کہ کن کن آفات نے اسلام کو گھیرا ہوا ہے۔ کیا اسوقت تمکو یہ خبر نہین ملی کہ کس قدر لوگ اسلام سے نکل گئے کس قدر عیسائیون مین جا ملے کس قدر دہریہ اور طبعیہ ہوگئے اور کس قدر شرک اور بدعت نے توحید اور سنت کی جگہ لے لی اور کس قدر اسلام کے ردّ کے لئے کتابین لکھی گئین اور دُنیا مین شایع کی گئین سو تم اب سوچ کر کہو کہ کیا اب ضرور نہ تھا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے اِس صدی پر کوئی ایسا شخص بھیجا جاتا جو بیرونی حملونکا مقابلہ کرتا اگر ضرور تھا تو تم سنت الٰہی نعمت کو رد مت کرو اور اُس شخص سے منحرف مت ہو جاؤ

بقیہ حاشیہ نبی کی متابعت نہین بلکہ ہر یک صداقت جب کامل طور پر کھل جاے خود واجب التسلیم ٹھہرتی ہے خواہ اُسکو ایک نبی بیان کرے خواہ غیر نبی بلکہ اگر ایک فاسق ہی بیان کرے تب ہی ماننا ہی پڑتا ہے جس خبر کو نبی کے اعتبار پر اور اُسکی صداقت کو مسلّم رکھہ کر ہم قبول کرینگے وہ چیز ضرور ایسی ہونی چاہئے کہ گو عند العقل صدق کا بہت زیادہ احتمال رکھتے ہو مگر کذب کی طرف بھی کسیقدر نادانون کا وہم جا سکتا ہو! ہم صدق کے شق کو اختیار کر کے اور نبی کو صادق قرار دیکر اپنی نیک ظنی اور اپنی فراست دقیقہ اور اپنے ادب اور اپنے ایمان کا اجر پاتے ہین لب لباب قرآن کریم کی تعلیم کا ہے جو ہمنے بیان کر دیا ہے لیکن حکماء اور فلاسفر اِس پہلو پر چلے ہی نہین اور وہ ہمیشہ ایمان سے لاپروا رہے اور ایسے علم کو ڈھونڈتے رہے جسکا فی الفور قطعی اور یقینی ہونا اُن پر کھل جاے مگر یاد رہے کہ خدا تعالیٰ نے ایمان بالغیب کا حکم فرما کر مومنون کو یقینی معرفت سے محروم رکھنا نہین چاہا بلکہ یقینی معرفت کے حاصل کرنیکے لئے ایمان ایک زینہ ہے

جسکا آنا اِس صدی پر اِس صدی کے مناسب حال ضروری تہا اور جسکی ابتدا سے نبی کریم نے خبر دی تہی اور اہل اللہ نے اپنے الہامات اور مکاشفات سے اُسکی نسبت لکہا تہا ذرہ نظر اُٹہا کر دیکہو کہ اسلام کو کس درجہ پر بلاؤن نے مجبور کر لیا ہے اور کیسے چارون طرف سے اسلام پر مخالفون کے تیر جہوٹ رہے ہین اور کیسے کروڑہا نفسون پر اِس زہر نے اثر کر دیا ہے یہ علمی طوفان یہ عقلی طوفان یہ فلسفی طوفان یہ مکر اور منصوبون کا طوفان یہ فسق اور فجور کا طوفان یہ لالچ اور طمع دینے کا طوفان یہ اباحت اور دہریت کا طوفان یہ شرک اور بدعت کا طوفان جو ہے اِن سب طوفانون کو ذرہ آنکہین کہولکر دیکہو اور اگر طاقت ہی تو اِن مجموعہ طوفانات کی کوئی پہلے زمانہ مین نظیر بیان کر دو اور ایمانًا کہو کہ حضرت آدم سے لیکر تا ایندم اِسکی کوئی نظیر بہی ہے اور اگر نظیر

بقیہ حاشیہ جس زینہ پر چڑہنے کے بغیر سچی معرفت کو طلب کرنا ایک سخت غلطی ہے لیکن اِس زینہ پر چڑہنے والے معارف صافیہ اور مشاہدات شافیہ کا ضرور چہرہ دیکہہ لیتے ہین جب ایک ایماندار بحیثیت ایک صادق مومن کے احکام اور اخبار الٰہی کو محض اِس جہت سے قبول کر لیتا ہے کہ وہ اخبار اور احکام ایک مخبر صادق کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ نے اُسکو عطا فرمائے ہین تو عرفان کا انعام پانے کے لئے مستحق ٹہہر جاتا ہے اسی لئے خدا تعالیٰ نے اپنے بندون کے لئے یہی قانون ٹہہرا رکہا ہے کہ پہلے وہ امور غیبیہ پر ایمان لاکر فرمان بردارون مین داخل ہون اور پہر عرفان کا مرتبہ عطا کر کے سب عقدے اُنکے کہولے جائین لیکن افسوس کہ جلد باز انسان اِن راہون کو اختیار نہین کرتا خدا تعالیٰ کا قرآن کریم مین یہ وعدہ ہے کہ جو شخص ایمانی طور پر نبی کریم کی دعوت کو مان لیوے تو وہ اگر مجاہدات کے ذریعہ سے اُنکی حقیقت دریافت کرنا چاہے وہ اُس پر بذریعہ کشف اور الہام کے کہولے جائینگے اور اُسی کے ایمان کو عرفان کے درجہ تک پہنچایا جائیگا اور اِس وعدہ کا صدق ہمیشہ راستباز دل

نہین تو خدا تعالیٰ سے ڈرو اور حدیثون کے وہ معنے کرو جو ہو سکتے ہین واقعات موجودہ کو نظر انداز مت کرو تا تم پر کھل جاے کہ یہ عام ضلالت وہی سخت وجالیت ہے جس سے ہر یک نبی ڈراتا آیا ہے جسکی بنیاد اِس دُنیا مین عیسائی مذہب اور عیسائی قوم نے ڈالی جسکے لئے ضرور تہا کہ مجدد وقت مسیح کے نام پر آوے کیونکہ بنیاد فساد مسیح کی ہی اُمت ہے اور میرے پر کشفاً یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ زہرناک ہوا جو عیسائی قوم سے دُنیا مین پھیل گئی حضرت عیسیٰ کو اِسکی خبر دی گئی اُنکی روح روحانی نزول کے لئے حرکت مین آے اور اُسنے جوش مین آکر اور اپنی اُمت کو ہلاکت کا مفسدہ پرداز پاکر زمین پر اپنا قایم مقام اور شبیہ چاہا جو اُسکا ایسا ہم طبع ہو کہ گویا وہی ہو سو اُسکو خدا تعالیٰ نے وعدہ کے موافق ایک شبیہ عطا کیا اور اُسمین مسیح کی ہمت اور سیرت

تقیہ حاشیہ پر جو مجادلات سے خدا تعالیٰ کو ڈھونڈھتے ہین ظاہر ہو جاتا ہے۔ غرض جو بات مومنون کی معمولی سمجھ سے برتر ہے اُسکے دریافت کرنے کی یہ راہ نہین ہے کہ وہ فرقہ ضالہ فلاسفرون کے دست نگر ہون اور گم گشتہ سے راہ پوچھین بلکہ اُنکے لئے صدق اور صبر سے عرفان کا مرتبہ عطا کیا جاتا ہے جس مرتبہ پر پہنچکر تمام عقدے اُنکے حل ہو جاتے ہین۔

اِس زمانہ مین جو مذہب اور علم کی نہایت سرگرمی سے لڑائی ہو رہی ہے اُسکو دیکھکر اور علم کے مذہب پر حملے مشاہدہ کرکے بیدل نہین ہونا چاہئے کہ اب کیا کرین یقیناً سمجھو کہ اِس لڑائی مین اسلام کو مغلوب اور عاجز دشمن کی طرح صلح جوئی کی حاجت نہین بلکہ اب زمانہ اسلام کی روحانی تلوار کا ہے جیسا کہ وہ پہلے کسی وقت اپنی ظاہری طاقت دکھلا چکا ہے یہ پیشگوئی یاد رکھو کہ عنقریب اِس لڑائی مین بھی دشمن ذلت کے ساتھ پس پا ہوگا اور اسلام فتح پاویگا۔ حال کے علوم جدیدہ کیسے ہی زور اور حملے کرین۔ کیسے ہی نئے نئے ہتیار لون کے ساتھ چڑھ چڑھ کر آوین مگر انجام کار اُنکے لئے ہزیمت ہے۔ مین شکر نعمت کے

ورروحانا نازل ہوئی اور اُسمین اور مسیح مین بشدت اتصال کیا گیا گویا وہ ایک ہی جوہر کے دو ٹکڑے بنائے گئے اور مسیح کی توجہات نے اُسکے دل کو اپنا قرارگاہ بنایا اور اُسمین ہوکر اپنا تقاضا پورا کرنا چاہا پس ان معنون سے اُسکا وجود مسیح کا وجود ٹھہرا اور مسیح کے پُرجوش ارادات اُس مین نازل ہوئے جنکا نزول الہامی استعارات مین مسیح کا نزول قرار دیا گیا یاد رہے کہ یہ ایک عرفانی بھید ہے کہ بعض گذشتہ کاملون کا اُن بعض پر جو زمین پر زندہ موجود ہون عکس توجہ پڑکر اور اتحاد خیالات ہوکر ایسا تعلق ہوجاتا ہے کہ وہ اُنکے ظہور کو اپنا ظہور سمجھ لیتے ہین اور اُنکے ارادات جیسے آسمان پر اُنکے دل مین پیدا ہوتے ہین ویسا ہی باذنہٖ تعالیٰ اِسکے دل مین جو زمین پر ہے پیدا ہوجاتے ہین اور ایسی روح جسکی حقیقت کو اُس آدمی سے جو زمین پر ہے متحد کیا جاتا ہے ایک ایسا ملکہ رکھتی ہے

بقیہ حاشیہ طور پر کہتا ہون کہ اسلام کی اعلیٰ طاقتون کا مجھ کو علم دیا گیا ہے جس علم کے رو سے مین کہہ سکتا ہون کہ اسلام نہ صرف فلسفہ جدیدہ کے حملہ سے اپنے تئین بچائیگا بلکہ ۔ حال کے علوم مخالفہ کو جہالتین ثابت کردیگا۔ اسلام کی سلطنت کو اِن چڑہائیون سے کچھ بھی اندیشہ نہین ہے جو فلسفہ اور طبعی کی طرف سے ہورہے ہین اُسکے اقبال کے دن نزدیک ہین اور مین دیکھتا ہون کہ آسمان پر اُسکے فتح کے نشان نمودار ہین۔ یہ اقبال روحانی ہے اور فتح بھی روحانی تا باطل علم کی مخالفانہ طاقتون کو اُسکی اپنی طاقت ایسا ضعیف کرے کہ کالعدم کردیوے مین متعجب ہون کہ آپ نے کس سے اور کہان سے سُن لیا اور کیونکر سمجھ لیا کہ جو باتین اِس زمانہ کے فلسفہ اور سائنس نے پیدا کی ہین وہ اسلام پر غالب ہین حضرت خوب یاد رکھو کہ اِس فلسفہ کے پاس تو صرف عقلی استدلال کا ایک ادھورا سا ہتیار ہے اور اسلام کے پاس یہ بھی کامل طور پر اور دوسرے کئی آسمانی ہتیار ہین پھر اسلام کو اِسکے حملہ سے کیا خوف پھر نہ معلوم کہ آپ اِس قدر اِس فلسفہ سے

کہ جب چاہے پورے طور پر اپنے ارادات اُس مین ڈالتی رہے اور اُن ارادات کو
خدا تعالیٰ اُس دل سے اِس دل مین رکھہ دیتا ہے غرض یہ سنت اللہ ہے کہ کبھی
گذشتہ انبیاء اولیا اِس طور سے نزول فرماتے ہین اور ایلیا نبی نے یحیی نبی مین ہوکر
اسی طور سے نزول کیا تہا سو مسیح کے نزول کی سچی حقیقت یہی ہے جو اِس عاجز پر ظاہر
کی گئی اور اگر اب بہی کوئی باز نہ آوے تو مین مباہلہ کے لئے طیار ہون پہلے صرف اِس
وجہ سے مینے مباہلہ سے اعراض کیا تہا کہ مین جانتا تہا کہ مسلمانون سے ملاعنہ جائز نہین مگر
اب مجہہ کو بتلایا گیا کہ جو مسلمان کو کافر کہتا ہے اور اُسکو اہل قبلہ اور کلمہ گو اور عقاید
اسلام کا معتقد پاکر پہر بہی کافر کہنے سے باز نہین آتا وہ خود دایرہ اسلام سے خارج ہے
سو مین مامور ہون کہ ایسے لوگون سے جو ائمہ التکفیر ہین اور مفتی اور مولوی اور محدث

بقیہ حاشیہ کیون ڈرتے ہین اور کیون اُسکے قدمون کے نیچے گرے جاتے ہین اور کیون قرآنی آیات
کو تاویلات کے تختہ پر چڑہا رہے ہین افسوس کہ جن باتون مین سے ایک بات کو بہی ماننا اس امر کو مستلزم
ہے کہ اسلام کے سارے عقاید سے انکار کیا جائے اُن باتون کا ایک ذخیرہ کثیرہ آپنے مان
لیا ہے اور طرفہ یہ کہ باوجود انکار معجزات انکار ملایک انکار اخبار غیبیہ انکار وحی انکار اجابت
دعا وغیرہ انکارات کے آپ جا بجا یہ بہی لکہتے گئے کہ قرآن برحق رسول برحق اسلام
برحق اور مخالف اُسکے سب باطل تو ان متضاد خیالات کے جمع ہونے کی وجہ سے
آپکی تالیفات اس عجیب حیوان کی مانند ہوگئین کہ جو ایسا فرض کیا جائے کہ جسکا منہ آدمی
کا ہو اور دُم بندر کی اور کہال بکرے کی اور پنجے بہیڑیئے کے اور دانت ہاتہی کے کہانے
کے اور دکہانے کے اور پر نہایت افسوس کی جگہ یہ ہے کہ شیعون کی طرح آپکے کلام
مین تقیہ بہی پایا جاتا ہے چنانچہ اپنی بعض رایون کے بیان کرنے مین آپ ایک ایسی
ذوالوجوہ بات بیان کر جاتے ہین جسکا کچہہ ماحصل معلوم نہین ہوتا اور شتر مرغ کی طرح

کہلاتے ہین اور ابناء اور نساء بھی رکھتے ہین مباہلہ کرون اور پہلے ایک عام مجلس
مین ایک مفصل تقریر کے ذریعہ سے اُنکو اپنے دلایل سمجھا دون اور اُسی مجلس
مین اُنکے تمام الزامات اور شُبہات کا جو اُنکے دل مین خلجان کرتے ہین جواب بھی
دیدون اور پھر اگر کافر کہنے سے باز نہ آوین تو اُن سے مباہلہ کرون مباہلہ اِس بنا پر
نہین ہوگا کہ وہ اپنے اصطلاحی نام اہل سنت والجماعت سے مجھ کو باہر کیون
سمجھتے ہین کیون کہ اِس سے تو مجھ کو کچھہ بھی رنج نہین جب مین دیکھتا ہون
کہ ایک غیر مقلد جو اپنے تئین اہل حدیث کہلاتا ہے آیمہ اربعہ کے مقلدین کا نام مدعی
اور فیج اعوج رکھتا ہے اور صحابہ کرام کے طریق سے اُنکو باہر سمجھتا ہے اور جماعت
سلف کا اُنکو مخالف خیال کرتا ہے ایسا ہے ایک مثلاً حنفی تمام موحدین غیر مقلدین کو

بقیہ حاشیہ آپکا کلام دونون صورتون کی گنجایش رکھتا ہے مشترک کی بھی اور مزع کی بھی۔
شاید آپ اپنے اُسی پہلے عُذر کو جو ابھی مین رد کر چکا ہون دوسرا کہین کہ اِس
قسم کی تالیفات کے زمانہ کو ضرورت تھی اور شاید آپکا یہ خیال ہو کہ اگر کسی فتنہ مین
تمام مال غارت ہوتا دیکھین تو یہ کچھہ بُری بات نہین کہ اگر کچھہ تھوڑا سا نقصان اُٹھا کر بڑے
نقصان سے بچ سکین تو بچنے کی کوشش کرین کیونکہ تھوڑے کا ہاتھہ سے جانا
اِس سے بہتر ہے کہ سارا جاے لیکن یہ تمام خیالات آپکی قلت تدبر سے ہونگے۔
آپکو یاد رہے کہ قرآن کا ایک نقطہ یا شعشہ ہی اولین اور آخرین کے فلسفہ کے مجموعی
حملہ سے ذرہ سے نقصان کا اندیشہ نہین رکھتا وہ ایسا پتھر ہے کہ جسپر گریگا اُسکو
پاش پاش کریگا اور جو اُسپر گریگا وہ خود پاش پاش ہو جائیگا پھر آپکو دب کر صلح
کرنیکے کیون فکر پڑ گئی آپ نے اسلام کے لئے بجز اِسکے اور کیا کیا ہے کہ فلسفہ
موجودہ کے بہت سے باطل خیالات کو مان لیا اور اُس کتاب کو جسکے ایک ایک حرف

بدمذہب اور سنت جماعت کے احاطہ سے باہر یقین رکھتا ہے تو پھر مجھے کیون افسوس کرنا چاہیئے کہ مین کیون سنت جماعت سے باہر کیا جاتا ہون درحقیقت اہل سنت والجماعت کہلانا آجکل کسی خاص فرقہ کا حق تسلیم نہین کیا گیا ہر یک اپنے زعم مین اہل سنت ہے اور دوسرون کو اس سے خارج کر رہا ہے پس یہ کچھ ایسا جھگڑا نہین جسکا عند اللہ بہت قدر ہو مگر جزئیات کے اختلاف کی وجہ سے کسی کو جھٹ پٹ کافر کہہ دینا اور ہمیشہ کے جہنم کا سزاوار اسکو ٹھہرانا یہ امر درحقیقت عند اللہ کوئی سہل اور معمولی بات نہین بلکہ بہت ہی بڑا ہے اور جائے تعجب ہے کہ ایک شخص کلمہ گو ہو اور اہل قبلہ اور موحد اور اللہ اور رسول کو ماننے والا اور اُن سے سچی محبت رکھنے والا اور قرآن پر ایمان لانیوالا ہو اور پھر کسی جزئی اختلاف کی وجہ سے وہ ایسا

بقیہ حاشیہ سے شان خدا نظر آتی ہے فلاسفرون کے خیالات کے تابع کرنا چاہا اور گر بکر صلح کے لئے مجبوری ظاہر کی سو میرے خیال مین آپکی یہ کارروائیان اس زمانہ کے دجالی فتنون سے بچا نہین سکتین بلکہ اسکی شاخون مین سے یہ بھی ایک شاخ ہے کیونکہ آپ نے اسلامی قلعہ کے اندر ہو کر دشمنون کے لئے دروازہ کھولدیا اور مسلمانون کے ہاتھ پانون باندھنے مین کوشش کی تا دشمن آرام و امن اس شہر مین داخل ہو کر جس طرح چاہین دست برد کرین اور مسلمان کچھ ہاتھ پیر نہ ہلا سکین مگر میری یہی رائے ہے کہ آپ نے یہ طریق عمداً اختیار نہین کیا بلاشبہ آپ کی نیت بخیر ہوگی کیونکہ آپ کی تالیفات سے یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ آپکے اسلامی خیرخواہ ہونے مین شک نہین گو آپکی خیراندیشی درحقیقت بد اندیشی کا کام دیگی اور یہ قوم کی بدقسمتی ہے کہ ایک مصلح کے پیرایہ مین وہ ضرر آپ سے مسلمانون کو پہنچ گیا کہ شاید کوئی مفسد بالجہر بھی ایسا ضرر نہ پہنچا سکتا - شاید آپ یہ عذر پیش کرین کہ اس طریق کے اختیار کرنے مین ایک

کافر ٹھہر جاے کہ یہود و نصاریٰ کی طرح بلکہ اُن سے بھی بدتر شمار ہو اور میان نذیر حسین اور شیخ بطالوی اِس بات پر راضی ہون کہ وہ نہ صرف کافر بلکہ اُسکا نام اکفر رکھا جائے یعنے ہمیشہ کی جہنم سے بھی اُسکی سزا کچھہ زیادہ ہو اہل علم جانتے ہین کہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین بڑے بڑے اختلاف تھے اور اُنمین سے کوئی بھی اختلاف سے بچ نہین سکا نہ صدیق نہ فاروق نہ دوسرا کوئی صحابی بلکہ مروی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ باوجود اپنی اُس جلالت وشان کے جو علماء مین مسلّم ہے دینی امور مین تمام جماعت صحابہ سے بیچاس مسئلہ مین مخالف تھے اور یہ مخالفت اُس کمال تک پہنچ گئی تھی کہ بعض ایسے امور کو وہ حلال جانتے تھے جنکو دوسرے صحابہ حرام قطعی بلکہ صریح فسق سمجھتے تھے اور حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما اور اُنکے گروہ کے لوگ معراج اور رؤیت باری کے بارہمین دوسرے صحابہ سے بکلّی مخالف تھے مگر کوئی کسی کو کافر نہین کہتا تھا مگر یہ نیا ایک

بقیہ حاشیہ حکمت عملی تھی اور وہ یہ کہ آپ نے ایسے وقت مین یہ تالیفات کین کہ جب مغربی علوم کے بد اثر بہت قوت سے دُنیا مین پھیلائے جاتے تھے اور طوفان ضلالت بہت طغیانی پر تھا تو آپ نے نجاست خورون کے لئے ایک نجاست بطور غذا کے پیش کر دی تا وہ اسلام سے باہر نہ جائین نجاست کہائین بارے اسلام مین تو رہین پس آپکی نسبت بعض کا یہ مقولہ شاید کسیقدر ٹھیک ہو کہ اگر ایسے لوگون کے لئے سید صاحب ایسی غذا پیش نہ کرتے تو خدا معلوم وہ کن حیوانات کی قطار مین ملجاتے اگر آپ کی یہی نیت تھی تو پھر ہی میرے نزدیک غلطی سے خالی نہین کیونکہ آپ کسی کے بد مادہ کو اُسکے تقاضاے ظہور سے روک نہین سکتے اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے کل یعمل علی شاکلتہ یعنے ہر یک شخص اپنی فطرت کے موافق عمل کرتا ہے انسان کو چاہیے کہ مسایل صحیحہ کا معلوم ہو چاہے کرئی اُنکو قبول کرے یا رد کرے یہی طریق انبیاء ہے نہ یہ کہ دوسرے کو اندھا دیکھہ کر اپنی آنکھہ ہی پھوڑ دے۔ شاید آپکے دل مین یہ عذر

ایسا زمانہ آیا کہ مولویون نے اپنے بھائی مسلمان کو کافر کہہ دینا اور ہمیشہ کے لئے جہنمی قرار دیدینا ایک ایسی سہل بات سمجھ لی کہ جیسے کوئی پانی کا گھونٹ پی لے اسی پرانی عادت کی وجہ سے اِس عاجز کو بھی اُنہون نے کافر ٹھہرایا سو اب مین ما مور ہون جو انھین لوگون سے جو اُمتہ التکفیر ہین یعنے نذیر حسین دہلوی اور شیخ محمد حسین بطالوی اور جو اِنکے ہم رتبہ اور ہم خیال ہین مباہلہ کی درخواست کرون لہذا اِس فرض سے سبکدوش ہونیکے لئے ان اُمتہ التکفیر کے نام پر مباہلہ کا اشتہار ذیل مین شایع کیا جاتا ہے۔

بقیہ حاشیہ بھی مخفی ہو کہ اِس نئے فلسفہ کے طوفان کے وقت اسلام کی کشتی خطرناک حالت مین تہی اور گو وہ کشتی جواہرات اور نفیس مال ومتاع سے بھری ہوئی تہی مگر چونکہ وہ تلکہ انگیز طوفان کے نیچے آگئے تہے اسلئے اس ناگہانی بلا کے وقت یہی مصلحت تہی اور اُسکے بغیر کوئی اور چارہ نہین تہا کہ کسیقدر وہ جواہرات اور نفیس مال کی گٹھریان دریا مین پھینک دی جائین اور جہاز کو ذرہ ہلکا کرکے جانون کو بچالیا جاے لیکن اگر آپ نے اِس خیال سے ایسا کیا تو یہ ہی خود سری کی ایک گستاخانہ حرکت ہے جسکے آپ مجاز نہین تہے اِس کشتی کا ناخدا خداوند تعالیٰ ہے نہ آپ وہ بار بار وعدہ کرچکا ہے کہ ایسے خطرات مین یہ کشتی قیامت تک نہین پڑیگی اور وہ ہمیشہ اُسکو طوفان اور باد مخالف سے آپ بچاتا رہیگا جیسا کہ فرماتا ہے انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون یعنے ہمنے ہی اِس کلام کو اتارا اور ہم ہی اِسکو بچاتے رہینگے سو آپکو چاہیئے تہا کہ آپ اُس ناخدا کی غیبی ہدایت کی انتظار کرتے اور دلی یقین سے سمجھتے کہ اگر طوفان آگیا ہے تو اب اُس ناخدا کی مدد ہی نزدیک ہے جسکا نام خدا ہے جو مالک جہاز ہی ہے اور ناخدا ہی بن جاہیئے تہا کہ ایسی بے رحمی اور جراءت نہ کرتے اور آپ ہی خود مختار بنکر بے بہا جواہرات کے صندوق اور زر خالص کی تھیلیان اور نفیس اور قیمتی پارچات

مباہلہ کے لئے اشتہار

اُن تمام مولویون اور مفتیون کی خدمت مین جو اِس عاجز کو جزئی اختلافات کے وجہ سے یا اپنی نافہمی کے باعث سے کافر ٹھہراتے ہین عرض کیا جاتا ہے کہ اب مین خدا تعالیٰ سے مامور ہو گیا ہون کہ تا مین آپ لوگون سے مباہلہ کرنیکی درخواست کرون اس طرح پر کہ اوّل آپکو مجلس مباہلہ مین اپنے عقاید کے دلائل از روے قرآن اور حدیث کے سُناؤن اگر پھر بھی آپ لوگ تکفیر سے باز نہ آوین تو اُسی مجلس مین مباہلہ کرون سو میرے پہلے مخاطب میان نذیر حسین دہلوی

یقیناً شبا کی گلہریان دریا مین نہ پھینکتے خیر ہر چہ گذشت گذشت اب مین آپکو اطلاع دیتا ہون اور بشارت پہنچاتا ہون کہ اُس نا خدا نے جو آسمان اور زمین کا خدا ہے تین کے طوفان نے دون کی فریاد سُن لی اور جیسا کہ اُسنے اپنی پاک کلام مین طوفان کے وقت اپنے جہاز کو بچانے کا وعدہ کیا ہوا تھا وہ وعدہ پورا کیا اور اپنے ایک بندہ کو یعنے اِس عاجز کو جو بول رہا ہے اپنی طرف سے مامور کرکے وہ تدبیرین سمجھا دین جو طوفان پر غالب آوین اور مال و متاع کے صندوقون کو دریا مین پھینکنے کی حاجت نہ پڑے اب قریب ہے جو آسمان سے یہ آواز آوے کہ قلنا یا ارض ابلعی ماءک و یا سماء اقلعی وغیض الماء وقضی الامر و استوت علی الجودی گھر ابھی تو طوفان زور مین ہے اسی طوفان کے وقت خدا تعالیٰ نے اِس عاجز کو مامور کیا اور فرمایا واصنع الفلک باعیننا ووحینا یعنے تو ہمارے حکم سے اور ہماری آنکھون کے سامنے کشتی طیار کر اُس کشتی کو اِس طوفان سے کچھ خطرہ نہ ہوگا اور خدا تعالیٰ

ہین اور اگر وہ انکار کرین تو پھر شیخ محمد حسین بطالوی اور اگر وہ انکار کرین تو پھر
بعد اسکے تمام وہ مولوی صاحبان جو مجھہ کو کافر ٹہراتے اور مسلمانون مین
سرگروہ سمجھے جاتے ہین اور مین ان تمام بزرگون کو آج کی تاریخ سے جو
دہم ڈسمبر ۱۸۹۳ء ہے چار ماہ تک مہلت دیتا ہون اگر چار ماہ تک ان لوگون
نے مجھہ سے بشرایط متذکرہ بالا مباہلہ نہ کیا اور نہ کافر کہنے سے باز آئے تو پھر
اللہ تعالی کی حجت اُن پر پوری ہوگی مین اوّل یہ چاہتا تہا کہ وہ تمام بیجا
الزامات جو میری نسبت ان لوگون نے قایم کرکے موجب کفر قرار دیئے
ہین اس رسالہ مین اُنکا جواب شایع کرون لیکن بباعث بیمار ہوجانے
کاتب اور حرج واقع ہونیکے ابہی تک وہ حصہ طبع نہین ہوسکا سو مین مباہلہ کی

لقیہ حاشیہ کا باقی اُسپر ہوگا سو وہ خالص اسلام کی کشتی ہی ہے جسپر سوار ہونے کے لئے مین لوگونکو
بُلاتا ہون اگر آپ جاگتے ہو تو اُٹھو اور اِس کشتی مین جلد سوار ہوجاؤ کہ طوفان زمین پر
سخت جوش کر رہا ہے اور ہر یک جان خطرہ مین ہے اگر آپ انصاف پسند ہون تو سب
سے پہلے آپ اِس طوفان کے وجود کا اقرار کرسکتے ہین بلکہ آپ نے کوئی جگہ اقرار کردیا ہے کہ
اسلام کی کشتی کو طوفان سے بچانے کا وعدہ جو قرآن کریم مین موجود ہے اُس طوفان
اور اُس وعدہ کا زمانہ یہی ہے ایسے طوفان کا زمانہ اِس اُمت پر کبھی نہین آیا جو اب
آگیا دُنیا نے کبھی علم اور مذہب کی وہ لڑائیان نہ دیکھین جو اب ہو رہی ہین کبھی کسی
پرانے طبعی اور فلسفہ نے اسلام کا ایسا نقش مٹانا نہ چاہا جو حال کا سائنس مٹانے
کے فکر مین ہے کون اُس درجہ کی عقلی اور علمی رہزنیون کا پہلے زمانون مین کوئی نشان
دے سکتا ہے جنکو اب ہم بچشم خود دیکھہ رہے ہین کس کی یہ طاقت ہے کہ اِس معقولی
طوفان کا نمونہ کسی پہلے وقت مین دکہا سکے جسکو اب ہم دن رات مشاہدہ کر رہے ہین۔ ان

مجلس مین وہ مضمون بہرحال سنا دونگا اگر اُسوقت طبع ہوگیا ہو یا نہ ہوا ہو۔
لیکن یاد رہے کہ ہماری طرف سے یہ شرط ضروری ہے کہ تکفیر کے فتوی لکھنے
والون نے جو کچھ سمجھا ہے اول اُس تحریر کی غلطی ظاہر کیجاے اور اپنی طرف سے
دلایل شافیہ کے ساتھہ اتمام حجت کیا جاے اور پھر اگر باز نہ آوین تو اُسی مجلس
مین مباہلہ کیا جاے اور مباہلہ کی اجازت کے بارے مین جو کلام الہی میرے
پر نازل ہوا وہ یہ ہے۔

نظر اللہ الیک معطرا وقالوا اتجعل فیھا من یفسد فیھا

بقید حاشیہ دقیق در دقیق فلسفیانہ اور دہریانہ حملون کے پہلے وقتون مین کہان نظر ل سکتی
ہے اور ان پیچ در پیچ عاقلانہ بیوقوفیون کا قرون گذشتہ مین کہان پتہ لگ سکتا
ہے اس قسم کی علمی اور عقلی آفات کسی پہلے زمانہ مین کہان مین جنکا اب اسلام کو سامنا
ہوا ہے۔ کب اور کس وقت ایسی مشکلات کسی پہلے زمانہ مین بھی پیش آئی تھین جو
اب پیش آرہی ہین۔ کیا آپکو اس بات کا اقرار نہین کہ یہ اشد درجہ کی علمی مباحث کی
مصیبتین اور صعوبتین جو اب اسلام پر وارد ہین اسکے پہلے زمانون مین ایسی
مصیبتین کبھی وارد نہین ہوئین اور نہ آدم سے لیکر امید ہم تک اسکی کوئی نظیر
پائی جاتی ہے۔ کیا آپ اس بات کو نہین مانتے کہ اس فلسفہ اور سائنس کی بلا
سے ہزار ہا درجہ شدت اور غلظت مین بڑھ کر ہے جو یونانیون کے علوم سے اسلام
کو مین پہلے ہی کیا آپ اس امر واقعہ کو تسلیم نہین کرتے کہ یہ دشمن جو اب پیدا ہوا ہے
اپنی قوت بازو مین اُن تمام دشمنون کے مجموعہ سے بڑھ کر ہے جو شروع زمانون مین

قال انی اعلم ما لا تعلمون۔
قالوا کتاب ممتلئ من الکفر
والکذب قل تعالوا ندع ابناء
نا وابناءکم ونساءنا ونساءکم
وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل

بقیہ حاشیہ پیدا ہوتے رہے ہین پھر آپ اس اقرار سے کہان بھاگ سکتے ہین کہ وہ پاک وعدہ جسکو یہ پیارے الفاظ ادا کررہے ہین کہ انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون وہ انھین دنون کے لئے وعدہ ہے جو بتلا رہا ہے کہ جب اسلام پر سخت بلا کا زمانہ آئیگا اور سخت دشمن اُسکے مقابل کھڑا ہوگا اور سخت طوفان پیدا ہوگا تب خدا تعالیٰ آپ اُس کا معالجہ کریگا اور آپ اُس طوفان سے بچنے کے لئے کوئی کشتی عنایت کریگا وہ کشتی اسی عاجز کی دعوت ہے اگر کوئی سُن سکتا ہے تو سُنے آپ احادیث نبویہ کے دوسرے سے انکاری ہین پھر ہر ایک صدی پر مجدد آنے کی حدیث آپکے سامنے پیش کرنا فضول ہے آپ کیون اسکو قبول کرین گے اس سے تو فراغت ہے مگر مین آپکو اسی آیت موصوفہ بالا اور اسی کے مانند اور کئی آیتون کی طرف توجہ دلاتا ہون جو مین نے اس بحث کے موقعہ پر اسی کتاب مین لکھی ہین۔ حضرت یہ وہ زمانہ ہے اور یہ وہ آفات ہین کہ جن کے لئے ہزارہا برس سے عنایت ازلی آپ ہی توجہ کرتی تھی قرآن کریم اسی زمانہ کی بلاؤن کی طرف

فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین

یعنے خدا تعالیٰ نے ایک معطر نظر سے تجھ کو دیکھا اور بعض لوگون نے اپنے دلون مین کہا کہ اے خدا کیا تو زمین پر ایک ایسے شخص کو قایم کریگا کہ جو دُنیا مین فساد پھیلاوے تو خدا تعالیٰ نے اُنکو جواب دیا کہ جو مین جانتا ہون تم نہین جانتے اور اُن لوگون نے کہا کہ اِس شخص کی کتاب ایک ایسی کتاب ہے جو کذب اور کفر سے بھری ہوئی ہے سو اُنکو کہہ دے کہ آؤ ہم اور تم سب اپنی عورتون اور بیٹون اور عزیزون کے مباہلہ کرین پھر اُن پر لعنت کرین جو کاذب ہین۔

بقیہ حاشیہ اشارہ کرکے فرماتا ہے کہ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون یعنے ہم نے ہی اس کلام کو اوتارا اور ہم ہی اسکی عزت اور اسکی عظمت اور اسکی تعلیم کو دشمنون کے حملون سے بچاینگے پہلے وہ زمانے تھے کہ اسلام کی ظاہری تلوار نے بہت سی فضول بحثون سے فراغت کر رکھی تھی اور ظالم اور شریر طبع لوگون کے لئے اُن کے مناسب حال تدارک موجود تھا اور عہد نبوت ہی قریب تھا اور مسلمانون مین تقوی اور طہارت اور سچی ہمدردی اسلام کی موجود تھی اب یہ سب کچھ ندارد اور اب اسلام جیسا ردی زمین مین کوئی غریب اور یتیم اور مسکین نہین اکثر اہل مقدرت اپنی عیاشیون مین مصروف اور اُنکو اپنی دُنیا کی عمارتون کے بنانے اور اپنی لذات کے سامان طیار کرنے یا کسیقدر ننگ و ناموس کے لئے مال خرچ کرنے سے فراغت نہین اور سو بھی لوگ اپنے نفسانی جھگڑون مین پھنسے ہوئے ہین اور دعوت اسلام کی لیاقت نہین رکھتے ہین نہ اُسکا کچھ ہوش نہ اُسکی کچھ پروا اگر اُنسے کچھ ہو سکتا ہے تو صرف اس قدر کہ اپنی ہی قوم اور اپنے ہی بھائیون اور اپنے جیسے مسلمانون اور اپنے جیسے

یہ وہ اجازت مباہلہ ہے جو اِس عاجز کو دی گئی لیکن ساتھ اسکے جو بطور تبشیر کے اور الہامات ہوئے اُن مین سے ہی کسیقدر لکھتا ہون اور وہ یہ ہین یوید الحق ویکشف الصدق ویخسر الخاسرون - انت معی وانا معک و لا یعلمها الا المسترشدون نردّ الیک الکرّة الثانیه ونبدلنک من بعد خوفک امنا - یا تی قمر الانبیا - وامرک یتاتّی بیس الله وجهک و یُنیر برهانک - سیولد لک الولد ویُدنی منک الفضل انّ نوری قریب وقالوا انّی لک هذا قل هو الله عجیب - ولا تئیس من روح الله - انظر الی یوسف واقباله - تدحباء وقت الفتح والفتح اقرب - یخرون علی المساجد ربنا اغفر لنا انّا کنا خاطئین - لا تثریب علیکم الیوم

بقیہ حاشیہ کلمہ گویون اور اپنے جیسے اہل قبلہ کو کافر قرار دین دجّال کہین اور بے ایمان نام رکھین اور فتوی لکھین کہ ان سے ملنا جایز نہین اور انکا جنازہ پڑہنا روا نہین یہ ایسے ہین اور ویسے ہین اور کیا کیا ہین -

اور اِس وقت کے پیرزادے اور گوشہ نشین بھی جو فقرا اور اہل اللہ کہلاتے ہین کانون مین روئی دیکر بیٹھے ہوئے ہین اسلام کو اُنکی آنکھون کے سامنے ایک معصوم بچہ کی طرح مارین پڑ رہی ہین اور دشمن گلا گھوٹنے کو تیار ہے لیکن ان سخت دل نام کے فقیرون کو کچھ ہی پروا نہین - پھر اسلام کس سے مدد چاہے اور کسکو اپنا ہمدرد سمجھے اول تو اسلام کے لئے ان تمام فقیرون سے کچھ خدمت ہوتی ہی نہین اور اگر شاذ و نادر کسی سے ہو بھی تو وہ ریا اور طمع سے خالی نہین پھر اگر اسلام اسوقت فریب نہین تو پھر کسوقت ہوگا اور اگر یہ مصیبت کے دن نہین تو پھر اور کب آئینگے مین خدا تعالی سے یقینی اور قطعی علم پاکر کہتا ہون کہ یہ وہی سخت بلاؤن کے دن اور وہی دجالیت

یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین۔ اردت أن استخلف فخلقت آدم یحیی الاسرار۔ انا خلقنا الانسان فی یوم موعود۔ یعنے اُس دن حق آئیگا اور صدق کھل جائیگا اور جو لوگ خسارہ مین ہین وہ خسارہ مین پڑینگے۔ تو میرے ساتھ اور مین تیرے ساتھ ہون۔ اور اِس حقیقت کو کوئی نہین جانتا مگر وہی جو رشد رکھتے ہین ہم پھر تجھہ کو غالب کرینگے اور خوف کے بعد اُن کی حالت عطا کرینگے نبیون کا چاند آئیگا۔ اور تیرا کام تجھے حاصل ہوجائیگا خدا تیرے مونہہ کو شاش کریگا اور تیرے برہان کو روشن کردیگا اور تجھے ایک بیٹا عطا ہوگا اور فضل تجھہ سے قریب کیا جائیگا اور میرا نور نزدیک ہے۔ اور کہتے ہین کہ یہ مراتب تجھہ کو کہان اِنکو کہہ کہ وہ خدا عجیب خدا ہے اُسکے ایسے ہی کام ہین جسکو چاہتا ہے اپنے مقربون مین

بقیہ حاشیہ کا زمانہ ہے جسکے آنے کی نبی معصوم علیہ السلام نے خبر دی تھی حال کے نادان مولوی انکار کرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ دجالیت کبریٰ اور فتن عظمیٰ کا زمانہ نہین مگر بات تو تب ہو کہ آدم سے لیکر تا ایندم ایسے عظیم الشان فتنونکے جو اسلام کے جگر پر حربے مار رہے ہین کوئی نظیر پیش کرسکین اور چونکہ اِس زمانہ سے بکلی صلاحیت اُٹھہ گئی اور حقیقی تقویٰ جاتی رہی اور بعضون کے ہاتھہ مین صرف تقویٰ اور اعمال صالحہ کا پوست رہ گیا نہ مغز اور بعضون کے ہاتھہ مین نہ پوست رہا اور نہ مغز بجز خدا تعالیٰ کے پوشیدہ بندون کے جو شاذ و نادر کے حکم مین ہین اِسلئے یہ زمانہ ایسا نہ رہا کہ خمیر سے خمیر ہو اور ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن ہوسکے اور خدا تعالیٰ نے دیکھا جو زمین بگڑ گئی اور کوئی نہین جو آپ اصلاح کرسکتا ہو ایک بھی نہین اور اُسنے دیکھا کہ کامون اور کلامون اور نیات اور خیالات ارادات مین فساد راہ پاگیا ہے اور اعمال درست نہین رہے تب اُسنے وعدہ کے موافق آسمان سے اُس مقدس شخص کی شبیہ کو اوتارا جسکی پیروی کے دعوی کرکے

جگہ دیتا ہے - اور میرے فضل سے نومید مت ہو - یوسف کو دیکھو اور اُس کے اقبال کو - فتح کا وقت آرہا ہے اور فتح قریب ہے - مخالف یعنے جنکے لئے توبہ مقدر ہے اپنے سجدہ گاہوں مین گرینگے کہ اے ہمارے خدا ہمین بخش کہ ہم خطا پر تھے آج تم پر کوئی سرزنش نہین خدا تمہین بخش دیگا اور وہ ارحم الراحمین ہے - مین نے ارادہ کیا کہ ایک اپنا خلیفہ زمین پر مقرر کرون تو مینے آدم کو پیدا کیا جو سخی الاسرار ہے ہمنے ایسے دن اُسکو پیدا کیا جو وعدہ کا دن تھا - یعنے جو پہلے سے پاک نبیؐ کے واسطہ سے ظاہر کر دیا گیا تھا کہ وہ فلان زمانہ مین پیدا ہوگا اور جس وقت پیدا ہوگا فلان قوم دُنیا مین اپنی سلطنت اور طاقت مین غالب ہوگی اور فلان قسم کی مخلوق پرستی روے زمین پر پھیلی ہوئی ہوگی اُسی زمانہ مین وہ موعود پیدا ہوا اور وہ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۶۷ بُنیاد فساد اور زمین مین دجالیت کی نجاست پھیلانے والے تھے اور اصلیت سے بگڑ کر دجال اکبر بن گئے تھے اور چونکہ اُس اترنے والے کے لئے یہ موقعہ نہ ملا کہ وہ کچھ روشنی زمین والون سے حاصل کرتا یا کسی کی بیعت یا شاگردی سے فیضیاب ہوتا بلکہ اُسنے جو کچھ پایا آسمان کے خدا سے پایا اسی وجہ سے اُسکے حق مین اس معصوم کی پیشگوئی مین یہ الفاظ آئے کہ وہ آسمان سے اُتریگا یعنے آسمان سے پائیگا - مین سے کچھ نہین پائیگا اور حضرت عیسیٰ کے نام پر اس عاجز کے آنیکا سبب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اِس عیسائی فتنہ کے وقت مین یہ فتنہ حضرت مسیح کو دکھایا یعنے اُنکو آسمان پر اِس فتنہ کی اطلاع دیدی کہ تیری قوم اور تیری اُمت نے اِس طوفان کو برپا کیا ہے تب وہ اپنی قوم کی خرابی کمال فساد پر دیکھکر زمین کے لئے بیقرار ہوا اور اُسکی روح سخت جنبش مین آئی اور اُسنے زمین پر اپنی ارادات کا ایک مظہر چاہا تب خدا تعالیٰ نے اُس وعدہ کے موافق جو کیا گیا تھا مسیح کی روحانیت اور اُسکے جوش کو ایک جوہر قابل مین نازل کیا سو ان معنون کر کے وہ آسمان سے اُترا اُسی کے موافق جو ایلیا نبی

صلیب کا زمانہ اور عیسیٰ پرستی کا زمانہ ہی جو شخص کہ سمجھ سکتا ہے چاہیے کہ ہلاک ہونے سے پہلے سمجھ لے۔ یکسر الصلیب پر غور کرے یقتل الخنزیر کو سوچے۔ یضع الجزیۃ کو نظر تدبر سے دیکھے جو یہ سب امور اہل کتاب کے حق میں اور انکی شان میں صادق آسکتے ہیں نہ کسی اور کے حق میں پھر جب تسلیم کیا گیا کہ اس زمانہ میں اعلیٰ طاقت عیسائی مذہب کی طاقت اور عیسائی گورنمنٹوں کی طاقت ہوگی جیسا کہ قرآن کریم بھی اسی بات کی طرف اشارہ فرماتا ہے تو پھر ان طاقتوں کے ساتھ ایک فرضی اور خیالی اور وہمی دجال کی گنجایش کہاں یہی لوگ تو ہیں جو تمام زمین پر محیط ہوگئے ہیں پھر اگر انکے مقابل پر کوئی اور دجال خارج ہو تو وہ باوجود انکے کیونکر زمین پر محیط ہو ایک میان میں دو تلواریں تو سما نہیں سکتیں جب ساری زمین پر دجال کی بادشاہت ہوگی تو پھر

بقیہ حاشیہ یوحنا کے رنگ میں اترا تھا مسلمان اگر اس قصہ کو جو انجیل میں موجود ہے اور خود حضرت مسیح کے فیصلہ سے تصفیہ یافتہ امر ہے منظور نہ کریں تو حدیث حدثوا عن بنی اسرائیل پر تو عمل کرنا چاہیئے اور تکذیب کے تو کسی طرح مجاز نہیں کیونکہ تکذیب سے ہر ایک مسلمان منع کیا گیا ہے اور تصدیق کے لئے اور بھی بہت سے دلایل قرآن کریم سے ملتے ہیں جنکا ہم اپنی بعض تالیفات میں اور کچھ اس رسالہ میں بھی ذکر کر چکے ہیں۔ اب میں ان باتوں کو طول دینا نہیں چاہتا صرف اپنی اس تقریر کو اس بات پر ختم کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے مجھے اس لئے بھیجا ہے کہ تا میں اس زمانہ کے اوہام دور کروں اور ٹھوکر سے بچاؤں اور مجھے اس نے توفیق عنایت کی ہے کہ اگر آپ حق کے طالب ہوں تو میں آپکی تسلی کروں سو اب میں خدا تعالیٰ کو اس بات پر شاہد کرتا ہوں کہ میں نے آپکو آپکی غلطیوں کے رفع کرنیکے لئے بلایا اگر اب بھی آپ خاموش رہے تو اللہ جل شانہ کی حجت آپ پر پوری ہوگی اور آپکے تمام گروہ کا گناہ آپ ہی کی گردن پر ہوگا حضرت

انگلنڈ کے کہان ہونگے اور روس کہان اور جرمن اور فرانس وغیرہ یورپ کی بادشاہتین کہان جائینگی حالانکہ مسیح موعود کا عیسائی سلطنتون کے وقت مین ظاہر ہونا ضروری ہے اور جب مسیح موعود کے لئے یہی ضروری ہے کہ دنیا مین عیسائی طاقتون کو ہی دنیا پر غالب پاوے اور تمام صلیبون کی کنجیان انھین کے ہاتھ مین دیکھی انھین کی صلیبون کو توڑے اور انھین کے خنزیرون کو قتل کرے اور انھین کو اسلام مین داخل کرکے جزیہ کا قصہ تمام کرے تو پھر سوچو کہ فرضی دجال کی سلطنت باوجود عیسائی سلطنت کے کیونکر ممکن ہے مگر یہ غلط ہے کہ مسیح موعود ظاہری تلوار کے ساتھ آئیگا تعجب کہ یہ علما یضع الحرب کے کلمہ کو کیون نہین سوچتے اور حدیث الائمۃ من قریش کو کیون نہین پڑھتے پس جبکہ ظاہری سلطنت اور خلافت اور امامت بجز قریش کے کسی کے لئے روا ہی نہین تو پھر مسیح موعود جو قریش مین سے نہین ہے۔

بقیہ حاشیہ آپکو اس ذات کی قسم کہ جسکے قبضہ مین ہر یک جان ہے کہ آپ میرے اس نیاز نامہ کو لاپروائی سے مال نہ دین اور سوچ سمجھ کر جواب شایع کرین۔

اس حاشیہ کے خاتمہ پر مین محض للہ ان تمام صاحبون کو جو سید صاحب کی تالیفات پر فریفتہ ہو رہے ہین نصیحت کرتا ہون کہ وہ اس بات پر غور کرین کہ آیا ایمان سے نجات ملتی ہے یا فلسفہ سے مین بار بار کہتا ہون اور زور سے کہتا ہون کہ اگر عقاید دینیہ فلسفہ کے رنگ پر اور ہندسہ اور حساب کی طرح عام طور پر بدیہی الثبوت ہوتے تو وہ ہرگز نجات کا ذریعہ نہ ٹھہر سکتے۔ بھائیو یقینًا سمجھو کہ نجات ایمان سے وابستہ ہے اور ایمان غیب سے وابستہ ہے۔ اگر حقایق اشیاء مستور نہ ہوتی تو ایمان نہ ہوتا اور اگر ایمان نہ ہوتا تو نجات کا کوئی ذریعہ نہ ہوتا۔ ایمان ہی ہے جو خدا تعالیٰ کا وسیلہ اور مراتب قرب کا زینہ اور گناہ سے نکلنے اور رنگ و ہونے کے لئے ایک چشمہ ہے اور یہی جو خدا تعالیٰ کی طرف حاجت ہے اسکا ثبوت ایمان ہی کے ذریعہ سے ملتا ہے کیونکہ ہم اپنی نجات کے

کیونکر ظاہری خلیفہ ہوسکتا ہے اور یہ کہنا کہ وہ مہدی سے بیعت کریگا اور اُسکا تابع ہوگا اور نوکرون کی طرح اُسکے کہنے سے تلوار اُٹھائیگا عجب بیہودہ باتین ہین نہین حضرات خدا تعالیٰ آپ لوگون کو ہدایت دے مسیح موعود کی روحانی خلافت ہے دُنیا کی بادشاہتون سے اُسکو کچھہ تعلق نہین اُسکو آسمانی بادشاہت دی گئی ہے اور آجکل یہ زمانہ بھی نہین کہ تلوار سے لوگ سچا ایمان لاسکین - آجکل تو پہلی تلوار پر ہی نادان لوگ اعتراض کر رہے ہین چہ جائیکہ نئے سرے اِنکو تلوار دن سے قتل کیا جاے ہان روحانی تلوار کی سخت حاجت ہے سو وہ چلیگی اور کوئی اُسکو روک نہین سکتا اب ہم اِس مقدمہ کو ختم کرتے ہین لیکن ذیل مین ایک روحانی تلوار مخالفون پر چلا دیتے ہین اور وہ یہ ہے -

---

بقیہ حاشیہ اور ہر ایک دُکھہ سے راحت پانے کے لئے خدا تعالیٰ کے محتاج ہین اور وہ نجات صرف ایمان سے ہی ملتی ہے کیا دُنیا کا عذاب اور کیا آخرت کا دونون کا علاج ایمان ہے - جب ہم ایمان کی قُوّت سے ایک مُشکل کا حل ہوجانا غیر ممکن نہین دیکھتے تو وہ مشکل ہمارے لئے حل کیجاتی ہے - ہم ایمان ہی کی قُوّت سے خلاف قیاس اور بعید از عقل مقاصد کو بھی پا لیتے ہین - ایمان ہی کی قُوّت سے کرامات ظاہر ہوتی ہین اور خوارق ظہور مین آتی ہین اور اَن ہونی باتین ہو جاتی ہین پس ایمان ہی سے پتہ لگتا ہے کہ خدا ہے خدا فلسفیون سے پوشیدہ رہا اور حکیمون کو اُسکا کچھہ پتہ نہ لگا مگر ایمان ایک عاجز دلق پوش کو خدا تعالیٰ سے ملا دیتا ہے اور اُس سے باتین کرا دیتا ہے سو سچ اور محبوب حقیقی مین قُوّت ایمانی دلالہ ہے - یہ قُوّت ایک مسکین ذلیل خوار مردود خلایق کو اُس قصر مقدس تک جو عرش اللہ ہے پہنچا دیتی ہے اور مقام پر دون کو اُٹھاتی اُٹھاتی دلدار ازلی کا چہرہ دکھا دیتی ہے سو اے ایمان کو ڈھونڈو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

(اللہ اکبر خُربت الذلۃ علی کُل مخالفٍ)

اشتہار

بنام جملہ پادری صاحبان و ہندو صاحبان و آریہ صاحبان و

بقیہ حاشیہ اور فلسفہ کے خشک اور بے سود و قوتوں کو جلاؤ کہ ایمان سے منور کستین ملیں گی۔ ایمان کا ایک ذرہ فلسفہ کے ہزار دفتر سے بہتر ہے اور ایمان سے صرف آخری نجات نہیں بلکہ ایمان دُنیا کے عذابوں اور لعنتوں سے بھی چھوڑا دیتا ہے اور روح کے تحلیل کرنے والوں غموں سے ہم ایمان ہی کی برکت سے نجات پاتے ہیں۔ وہ چیز ایمان ہی ہے جس سے موسن کامل سخت گھبراہٹ اور قلق اور کرب اور غموں کے طوفان کے وقت اور اُسوقت کہ جب ناکامی کے چاروں طرف سے آثار ظاہر ہوجاتے ہیں اور اسباب عادیہ کے تمام دروازے مقفل اور مسدود نظر آتے ہیں مطمئن اور خوش ہوتا ہے ایمان کامل سے سارے استبعاد جاتے رہتے ہیں اور ایمان کو کوئی چیز ایسا نقصان نہیں پہنچاتی جیسا کہ استبعاد۔ اور کوئی ایسی دولت نہیں جیسا کہ ایمان دُنیا میں ہر یک ماتم زدہ ہے مگر ایماندار دُنیا میں ہر یک سوزش اور حرقت اور جلن

برہمو صاحبان وسکھ صاحبان ودھرمی صاحبان ونیچری صاحبان وغیرہ صاحبان

الحمد للہ الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون والصلوٰۃ والسلام علی خیر رسلہ وافضل انبیائہ وسلالۃ اصفیائہ محمدن المصطفیٰ الذی یصلی علیہ اللہ وملائکتہ والمومنون المقربون - اما بعد چونکہ اس زمانہ مین مذاہب مندرجہ عنوان تعلیم قرآن کے سخت مخالف ہین اور اکثر انکی ہمارے

بقیہ حاشیہ مین گرفتار ہے مگر مومن اسے ایمان کیا ہے تیرے ثمرات شیرین ہین کیا ہی تیرے پھول خوشبودار ہین سبحان اللہ کیا عجیب تجہد مین برکتین ہین - کیا ہی خوش نور تجھہ مین چمک ہے ہین کوئی شریا تک پہنچ نہین سکتا مگر وہی جس مین تیری کششین ہین خدا تعالیٰ کو یہی پسند آیا کہ اب تو آوے اور فلسفہ جاوے ولا راد لفضلہ - منہ

سیّد و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلّم کو حق پر نہین سمجھتے اور قرآن شریف کو ربّانی کلام تسلیم نہین کرتے اور ہمارے رسول کریم کو مفتری اور ہمارے صحیفہ پاک کتاب اللہ کو مجموعہ افترا قرار دیتے ہین اور ایک زمانہ دراز ہم مین اور اُن مین مباحثات مین گذر گیا اور کامل طور پر اُنکے تمام الزامات کا جواب دے دیا گیا اور جو اُنکے مذاہب اور کُتب پر الزامات عاید ہوتے ہین وہ شرطین باندہ باندہ کر اُنکو سُنائے گئے اور ظاہر کر دیا گیا کہ اُنکے مذہبی اصول اور عقاید اور قوانین جو اسلام کے مخالف ہین کیسے دور از صداقت اور جائے ننگ و عار ہین مگر پھر بھی اِن صاحبون نے حق کو قبول نہین کیا اور نہ اپنی شوخی اور بدزبانی کو چھوڑا آخر ہمنے پورے پورے اتمام حجّت کی غرض سے یہہ اشتہار آج لکھا ہے جسکا مختصر مضمون ذیل مین درج کیا جاتا ہے۔

صاحبو تمام اہل مذاہب جو سزا جزا کو مانتے ہین اور بقاء روح اور روز آخرت پر یقین رکھتے ہین اگرچہ صدہا باتون مین مختلف ہین مگر اِس کلمہ پر سب اتفاق رکھتے ہین جو **خدا موجود ہے** اور یہ دعویٰ کرتے ہین کہ اُسی خدا نے ہمین یہ مذہب دیا ہے اور اُسی کی یہ ہدایت ہے جو ہمارے ہاتھہ مین ہے اور کہتے ہین کہ اُسکی مرضی پر چلنے والے اور اُسکے پیارے بندے صرف ہم لوگ ہین اور باقی سب سورد غضب اور ضلالت کے گڑھے مین گرے ہوئے ہین جنسے خدا تعالیٰ سخت ناراض ہے پس جبکہ ہر یک کا دعویٰ ہے کہ میری راہ خدا تعالیٰ کی مرضی کے موافق ہے اور مدار نجات اور قبولیت فقط یہی راہ ہے وبس اور اِسی راہ پر قدم مارنے سے خدا تعالیٰ راضی ہوتا ہے اور ایسون سے ہی وہ پیار کرتا ہے

اور ایسون کی ہی وہ اکثر اور اغلب طور پر باتین مانتا ہے اور دعائین قبول کرتا ہے تو پھر فیصلہ نہایت آسان ہے اور ہم اِس کلمہ مذکورہ مین ہر یک صاحب کے ساتھہ اتفاق کرتے ہین ہمارے نزدیک بھی یہ سچ ہے کہ سچے اور جھوٹے مین اسی دُنیا مین کوئی ایسا مابہ الامتیاز قایم ہونا چاہئیے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہو یون تو کوئی اپنی قوم کو دوسری قومون سے خدا ترسی اور پرہیزگاری اور توحید اور عدل اور انصاف اور دیگر اعمال صالحہ مین کم نہین سمجھیگا پھر اِس طور سے فیصلہ ہونا محال ہے اگرچہ ہم کہتے ہین کہ اسلام مین وہ قابل تعریف باتین ایک بے نظیر کمال کے ساتھہ پائی جاتی ہین جن سے اسلام کی خصوصیت ثابت ہوتی ہے مثلاً جیسے اسلام کی توحید اسلام کے تقویٰ اسلام کے قواعد حفظان عفت حفظان حقوق جو عملاً و اعتقاداً کروڑہا افراد مین موجود ہین اور اِسکے مقابل پر جو کچھہ ہمارے مخالفون کی اعتقادی اور عملی حالت ہے وہ ایسی شے ہے جو کسی منصف سے پوشیدہ نہین لیکن جب کہ تعصّب درمیان ہے تو اسلام کی اِن خوبیون کو کون قبول کرسکتا ہے اور کون سُن سکتا ہے سو یہ طریق نظری ہے اور نہایت بدیہی طریق جو دیہات کے ہل چلانے والے اور جنگلون کے خانہ بدوش بھی اُسکو سمجھہ سکتے ہین یہ ہے کہ اِس جنگ و جدل کے وقت مین جو تمام مذاہب مین ہو رہا ہے اور اب کمال کو پُہنچ گیا ہے اُسی سے مدد طلب کرین جسکی راہ مین یہ جنگ و جدل ہے جبکہ خدا تعالیٰ موجود ہے اور درحقیقت اُسی کے بارے مین یہ سب لڑائیان ہین تو بہتر ہے کہ اُسی سے فیصلہ چاہین۔ اب واضح ہو کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے میری یہ حالت ہے کہ مین صرف اسلام کو سچا مذہب سمجھتا ہون اور

دوسرے مذاہب کو باطل اور سراسر دروغ کا پتلا خیال کرتا ہون اور مین دیکھتا ہون
کہ اسلام کے ماننے سے نور کے چشمے میرے اندر بہ رہے ہین اور محض محبت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے وہ اعلیٰ مرتبہ مکالمہ الہیہ اور اجابت دعاؤن کا مجھے
حاصل ہوا ہے کہ جو بجز سچے نبی کے پیرو کے اور کسیکو حاصل نہین ہو سکیگا اگر ہندو
اور عیسائی وغیرہ اپنے باطل معبودون سے دعا کرتے کرتے مر بھی جاوین تب بھی انکو
وہ مرتبہ مل نہین سکتا اور وہ کلام الٰہی جو دوسرے ظنی طور پر اسکو مانتے ہین مین
اسکو سن رہا ہون اور مجھے دکھلایا اور بتلایا گیا اور سمجھایا گیا ہے کہ دنیا مین فقط اسلام
ہی حق ہے اور میرے پر ظاہر کیا گیا کہ یہ سب کچھ ہبرکت پیروی حضرت خاتم الانبیاء
صلی اللہ علیہ وسلم تجھ کو ملا ہے اور جو کچھ ملا ہے اسکی نظیر دوسرے مذاہب مین نہین
کیونکہ وہ باطل پر ہین اب اگر کوئی سچ کا طالب ہے خواہ وہ ہندو ہے یا عیسائی یا آریہ
یا یہودی یا برہمو یا کوئی اور ہے اسکے لئے یہ خوب موقعہ ہے جو میرے مقابل پر کھڑا
ہو جائے اگر وہ امور غیبیہ کے ظاہر ہونے اور دعاؤن کے قبول ہونے مین میرا مقابلہ
کر سکا تو مین اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر کہتا ہون کہ اپنی تمام جائیداد غیر منقولہ جو دس ہزار
روپیہ کے قریب ہوگی اسکے حوالہ کر دونگا یا جس طرح سے اسکی تسلی ہو سکے اسی طرح سے
تاوان ادا کرنے مین اسکو تسلی دونگا میرا خدا واحد شاہد ہے کہ مین ہرگز فرق نہین کرونگا
اور اگر سزائے موت بھی ہو تو بدل وجان روا رکھتا ہون مین دل سے یہ کہتا ہون اور
اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ مین سچ کہتا ہون اور اگر کسی کو شک ہو اور میری اس تجویز پر اعتبار نہ ہو
تو وہ آپ ہی کوئی احسن تجویز تاوان کی پیش کرے مین اسکو قبول کر لونگا مین ہرگز عہد
نہین کرونگا اگر مین جھوٹا ہون تو بہتر ہے کہ کسی سخت سزا سے ہلاک ہو جاؤن اور اگر

مین سچّا ہون تو چاہتا ہون کہ کوئی ہلاک شدہ میرے ہاتھہ سے بچ جاے اے حضرات پادری صاحبان جو اپنی قوم مین معزز اور ممتاز ہو آپ لوگون کو اللہ جل شانہٗ کی قسم ہے جو اس طرف متوجّہ ہو جاؤ اگر آپ لوگون کے دلون مین ایک ذرہ اس صادق انسان کی محبت ہے جسکا نام عیسیٰ مسیح ہے تو مین آپکو قسم دیتا ہون کہ ضرور میرے مقابلہ کے لئے کھڑے ہو جاؤ آپکو اس خدا کی قسم ہے جسنے مسیح کو مریم صدیقہ کے پیٹ سے پیدا کیا جسنے انجیل نازل کی جسنے مسیح کو وفات دیکر پھر مردون مین نہین رکھا بلکہ اپنی زندہ جماعت ابراھیم اور موسیٰ اور یحییٰ اور دوسرے نبیون کے ساتھہ شامل کیا اور زندہ کرکے انھین کے پاس آسمان پر بُلا لیا جو پہلے اس سے زندہ کئے گئے تھے کہ آپ لوگ میرے مقابلہ کے لئے ضرور کھڑے ہو جاؤ مین اگر حق تمہارے ہی ساتھہ ہے اور سچ مچ مسیح خدا ہی ہے تو پھر تمہاری فتح ہے اور اگر وہ خدا نہین ہے اور ایک عاجز اور ناتوان انسان ہے اور حق اسلام مین ہے تو خدا تعالیٰ میری سُنیگا اور میرے ہاتھہ پر وہ امر ظاہر کردیگا جسپر آپ لوگ قادر نہین ہو سکین گے اور اگر آپ لوگ یہ کہین کہ ہم مقابلہ نہین کرتے اور نہ ایمانداروں کی نشانیان ہم مین موجود ہین تو آؤ اسلام لانے کی شرط پر یکطرفہ خدا تعالیٰ کے کام دیکھو اور چاہئے کہ تم مین سے جو نامی اور ریئس رو اور اپنی قوم مین معزز شمار کئے جاتے ہین وہ سب یا اُن مین سے کوئی ایک میرے مقابل پر آوے اور اگر مقابلہ سے عاجز ہو تو صرف اپنی طرف سے یہ وعدہ کرکے کہ مین کوئی ایسا کام دیکھہ کر جو انسان سے نہین ہو سکتا ایمان لے آونگا اور اسلام قبول کر لونگا مجھہ سے کسی نشان کے دیکھنے کی درخواست کرین اور چاہئے کہ اپنے وعدہ کو بہ ثبت شہادت بارہ کس عیسائی و مسلمان و ہندو یعنے چار عیسائی

اور چار مسلمان اور چار ہندو سوگند بہ قسم کرکے بطور اشتہار کے چھپوا دین اور ایک اشتہار مجھ کو بھی بھیجدین اور اگر خدا تعالیٰ کوئی امر خارق عادت قدرت ظاہر کرے جو انسانی طاقتوں سے بالاتر ہو تو بلا توقف اسلام کو قبول لیوین اور اگر قبول نہ کرین تو پھر دوسرا نشان یہ ہے کہ مین اپنے خدا تعالیٰ سے چاہونگا کہ ایک سال تک ایسے شخص پر کوئی سخت وبال نازل کرے جیسے جذام یا نابینائی یا موت اور اگر یہ دعا منظور نہ ہو تو پھر بھی مین ہر یک تاوان کا جو تجویز کیجائے سزاوار ہونگا یہی شرط حضرات آریہ صاحبون کی خدمت مین بھی ہے اگر وہ اپنے وید کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھتے ہین اور ہماری پاک کتاب کلام اللہ کو انسان کا افترا خیال کرتے ہین تو وہ مقابل پر آوین اور یاد رکھین کہ وہ مقابلہ کے وقت نہایت رسوا ہونگے اُن مین دہریت اور بے قیدی کی چالاکی سب سے زیادہ ہے مگر خدا تعالیٰ اُن پر ثابت کر دیگا کہ مین ہون اور اگر مقابلہ نہ کرین تو یکطرفہ نشان بغیر کسی بیہودہ شرط کے مجھ سے دیکھین اور میرے نشان کے منجانب اللہ ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ اگر ایسا آریہ جسنے کوئی نشان دیکھا ہو بلا توقف مسلمان نہ ہوجاے تو مین اُسپر بددعا کرونگا پس اگر وہ ایک سال تک جذام یا نابینائی یا موت کی بلا مین مُبتلا نہ ہو تو ہر یک سزا اُٹھانے کے لئے مین طیار ہون اور باقی صاحبون کے لئے بھی یہی شرائط ہین اور اگر اب بھی میری طرف مونہہ نہ کرین تو اُن پر خدا تعالیٰ کی حجّت پوری ہوچکی۔

المشتہر

خاکسار غلام احمد قادیان ضلع گورداسپور

مبارک وہ لوگ جو صادق ہین
کیونکہ انجام کار فتح اُنھین کی ہے

پرچہ نور افشان دہم مئی ۱۸۸۸ء کے دیکھنے والون کو معلوم ہوگا کہ اِس پرچہ کے اڈیٹر نے اِس عاجز کا ایک خط جو ایک پیشگوئی پر مشتمل ہے اپنے اُس پرچہ مین درج کرکے کس قدر بد زبانی کے ساتھہ زبان کھولی تھی اور کیا کیا بیجا اور خلاف تہذیب اور گندے لفظ اِس عاجز کے حق مین بولے تھے یون تو اِن پادری صاحبون پر کچھہ بھی افسوس نہین کرنا چاہئے کیونکہ صداقت سے دشمنی کرنا اور انکار اور توہین سے پیش آنا اِنکا قدیمی شیوہ ہے لیکن اِسوقت ہمین یہ دکھلانا منظور ہے کہ جس الہامی پیشگوئی کو اُنھون نے نفسانی منصوبہ اور انسانی افترا قرار دیکر اپنی عادت کے موافق زبان درازی کی تھی اِسکا انجام کیا نکلا کیا انجام کار وہ انسانی افترا ہی ثابت ہوا یا خدا تعالیٰ نے جو سچ کا حامی ہے اُسکی صداقت کھولدی۔

سو واضح ہو کہ اِس عاجز کا وہ خط جو دہم مئی ۱۸۸۸ء کو پرچہ نور افشان مین چھپا ہے اُسکی عبارت جو پیش گوئی کے متعلق ہے اخبار مذکور کے صفحہ ۳ و ۴ مین مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کی نسبت یہ ہے۔ خدا تعالیٰ نے اپنے الہام پاک سے میری پر ظاہر کیا ہے کہ اگر آپ اپنی دختر کلان کا رشتہ میرے ساتھہ منظور کرین تو وہ تمام سختیان آپکی اِس رشتہ سے دور کردیگا اور آپکو آفات سے محفوظ رکھہ کر برکت پر برکت دیگا

اور اگر یہ رشتہ وقوع مین نہ آیا تو آپکے لئے دوسری جگہ رشتہ کرنا ہرگز مبارک نہوگا اور اُسکا انجام درد اور تکلیف اور موت ہوگی۔ یہ دونون طرف برکت اور موت کی ایسی ہین جنکو آزمانے کے بعد میرا صدق اور کذب معلوم ہوسکتا ہے (اب جس طرح چاہو آزمالو) میری برادری کے لوگ مجھ سے ناواقف ہین اور خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ میرے کامون کو اُن پر بھی ظاہر کرے۔

یہ وہ خط ہے جو نور افشان ۱۰ مئی ۱۸۸۸ء مین شایع ہوچکا ہے جسکا ماحصل یہ ہے کہ اگر دوسری جگہ نکاح ہوا تو پھر اسکا نتیجہ تمہارے لئے موت ہوگا نہین تو بجائے موت کے برکت ہوگی۔ اب مین ظاہر کرتا ہون کہ ۷ اپریل ۱۸۹۳ء کو اُس لڑکی کا دوسری جگہ نکاح ہوگیا اور ۱۳ ستمبر ۱۸۹۳ء کو یہ پیشگوئی پوری ہوئی یعنے خدا تعالیٰ نے مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری کو اس جہان فانی سے اُٹھا لیا۔ اب اڈیٹر نور افشان کو ذرا صبر کرکے غور کرنی چاہیئے کہ پیش گوئی کا پورا ہوجانا بموجب ہدایت توریت[†] کے صادق کی نشانی ہے یا کاذب کی طالب حق کے لئے تو اسی قدر خدا تعالیٰ کا نشان کافی ہے مگر باطل پرست کو کوئی نشان فایدہ نہین دے سکتا جب تک وہ آخری نشان ظاہر نہ ہوجسکا نام جہنم ہے ہر یک طالب حق کو چاہیئے کہ دہم مئی ۱۸۸۸ء کے پرچہ نور افشان کو دیکھکر اس پیش گوئی کے ساتھ پادریون کو ملزم کرے ہم یہ مناسب سمجھکر اشتہار ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء اسکے ساتھ شامل کردیتے ہین اور امید رکھتے ہین کہ ہمارے مدظن بھائی ہی اس طرف توجہ کرین کہ یہ امور انسان کی طرف سے ہین یا رب آسمان کی طرف سے اس وقت ابھی موقع ہے کہ ضد سے

[†] استثنا ۱۸-۱۸-

باز آجائین جو شخص صادق سے لڑتا ہے وہ اُس سے نہین بلکہ خدا تعالیٰ سے لڑتا ہے والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی

یا معین برحمتک نستعین

ایک پیش گوئی پیش از وقوع کا اشتہار

پیش گوئی کا جب انجام ہویدا ہوگا — قدرتِ حق کا عجب ایک تماشا ہوگا

جھوٹ اور سچ مین جو ہے فرق وہ پیدا ہوگا — کوئی پا جائیگا عزت کوئی رسوا ہوگا

اخبار نور افشان ۱۰ مئی ۱۸۸۸ء مین جو اس راقم کا ایک خط متضمن درخواست نکاح چھاپا گیا ہے اس خط کو صاحب اخبار نے اپنے پرچہ مین درج کرکے عجیب طرح کی زباندرازی کی ہے اور ایک صفحہ اخبار کا سخت گوئی اور دشنام دہی مین ہی سیاہ کیا ہے۔ یہ کیسی بے انصافی ہے کہ جن لوگونکے مقدس اور پاک نبیون نے سیکڑون بیویان ایک ہی وقت مین رکھی ہین وہ دو یا تین بیویان کا جمع کرنا ایک کبیرہ گناہ سمجھتے ہین بلکہ اس فعل کو زنا اور حرامکاری خیال کرتے ہین کسی خاندان کا سلسلہ صرف ایک ایک بیوی سے ہمیشہ کے لئے جاری نہین رہ سکتا۔ بلکہ کسی نہ کسی فرد سلسلہ مین یہ دقت آپڑتی ہے کہ ایک جورو عقیمہ اور نازائیدہ اولاد نکلتی ہے اس تحقیق سے ظاہر ہے کہ دراصل بنی آدم کی نسل ازدواج مکرر سے ہی قایم رہ سکتی ہے اگر ایک سے زیادہ بیوی کرنا منع ہوتا تو اب تک نوع انسان قریب قریب خاتمہ کے پہنچ جاتی تحقیق سے ظاہر ہوگا کہ اس مبارک اور مفید طریق سے انسان کی کہانتک حفاظت کی ہے اور کیسے اسنے اُجڑے ہوئے گھرون کو بیک دفعہ آباد کر دیا ہے اور انسان کے تقویٰ کے لئے یہ فعل کیسا زبردست

ممد و معین ہے خاوندون کی حاجت براری کے بارے مین جو عورتون کی فطرت مین ایک نقصان پایا جاتا ہے جیسے ایام حمل اور حیض نفاس مین یہ طریق بابرکت اُس نقصان کا تدارک تمام کرتا ہے اور جس حق کا مطالبہ مرد اپنی فطرت کے رو سے کر سکتا ہے وہ اُسے بخشتا ہے ایسا ہی اور کئی وجوہات اور موجبات سے ایک سے زیادہ بیوی کرنیکے لئے مجبور ہوتا ہے مثلاً اگر مرد کی ایک بیوی تغیر عمر یا کسی بیماری کی وجہ سے بدشکل ہو جاتے تو مرد کی قوت فاعلی جبر سارا مدار عورت کی کارروائی کا ہے بیکار اور معطل ہو جاتی ہے لیکن اگر مرد بدشکل ہو تو عورت کا کچھ بھی حرج نہیں کیونکہ کارروائی کی کل مرد کو دی گئی ہے اور عورت کی تسکین کرنا مرد کے ہاتھ مین ہے ہان اگر مرد اپنی قوت مردی مین قصور یا عجز رکھتا ہے تو قرانی حکم کے رو سے عورت اُس سے طلاق لے سکتی ہے اور اگر پوری پوری تسلی کرنے پر قادر ہو تو عورت یہ عذر نہیں کر سکتی کہ دوسری بیوی کیون کی ہے کیونکہ مرد کی ہر روزہ حاجتون کی عورت ذمہ وار اور کار برار نہیں ہو سکتی اور اس سے مرد کا استحقاق دوسری بیوی کرنیکے لئے قایم رہتا ہے جو لوگ قوی الطاقت اور متقی اور پارسا طبع ہین اُنکے لئے یہ طریق نہ صرف جایز بلکہ واجب ہے۔ بعض اسلام کے مخالف نفس امارہ کی پیروی سے سب کچھ کرتے ہین مگر اس پاک طریق سے سخت نفرت رکھتے ہین کیونکہ بوجہ اندرونی پلیدی کے جو اُن مین پھیل رہی ہے اُنکو اس پاک طریق کی کچھ پروا اور حاجت نہیں اس مقام مین عیسایون پر سب سے بڑھ کر افسوس ہے کیونکہ وہ اپنے مسلم النبوت انبیا کے حالات سے آنکھ بند کر کے مسلمانون پر ناحق دانت پیسے جاتے ہین۔ شرم کی بات ہے کہ جن لوگونکا اقرار ہے کہ حضرت **مسیح** کے جسم اور وجود کا خمیر اور اصل جڑھ اپنی ماں کی جہت سے وہی کثرت ازدواج ہے جسکی حضرت **داؤد** (مسیح کے باپ) نے نہ دو نہ تین بلکہ سو بیوی تک نوبت پہنچائی تھی وہ بھی ایک سے زیادہ بیوی کرنا زنا کرنے کی مانند سمجھتے ہین اور اس پر خبث کلمہ کا نتیجہ جو حضرت **مریم**

صدیقہ کی طرف عاید ہوتا ہے اُس سے ذرا پرہیز نہیں کرتے اور باوجود اِس تمام بے ادبی کے دعوی محبت مسیح رکھتے ہیں۔ جاننا چاہیئے کہ **بائبل** کے رو سے تعدد نکاح نہ صرف قولاً ثابت ہے بلکہ بنی اسرائیل کے اکثر نبیوں نے جن میں حضرت مسیح کے دادا صاحب بھی شامل ہیں عملاً اِس فعل کے جواز بلکہ استحباب پر مُہر لگا دی ہے۔ اے خدا ترس عیسائیو! اگر مُلہم کے لئے ایک ہی جورو ہونا ضروری ہے تو پھر کیا تم داؤد جیسے راستباز نبی کو نبی اللہ نہیں مانو گے یا **سلیمان** جیسے مقبول الٰہی کو مُلہم ہونے سے خارج کر دو گے۔ کیا بقول تمہارے یہ دو ایسی فعل اُن انبیا کا جنکے دلوں پر گویا ہر دم الہام الٰہی کی تار لگی ہوئی تھی اور ہر آن خوشنودی یا ناخوشنودی کی تفصیل کے بارے میں احکام وارد ہوتے تھے ایک دائمی گناہ نہیں ہے جس سے وہ اخیر عمر تک باز نہ آئے اور خدا اور اُسکے حکموں کی کچھ پرواہ نہ کی۔ وہ غیور تمند اور نہایت درجہ کا غیور خدا جس نے نافرمانی کی وجہ سے ثمود اور عاد کو ہلاک کیا **لوط** کی قوم پر پتھر برسائے فرعون کو معہ تمام شہر بجماعت کے ہولناک طوفان میں غرق کر دیا کیا اُسکی شان اور غیرت کے لائق ہے کہ اُسنے **ابراہیم** اور **یعقوب** اور **موسیٰ** اور داؤد اور سلیمان اور دوسرے کئی انبیا کو بہت سی بیویوں کے کرنے کی وجہ سے تمام عمر نافرمان پاکر اور پکے سرکش دیکھ کر پھر اُن پر عذاب نازل نہ کیا بلکہ اُنھیں سے زیادہ تر دوستی اور محبت کی کیا آپکے خدا کو الہام اُتارنے کے لئے کوئی اور آدمی نہیں ملتا تھا یا بہت سی جورو ان کرنیوالے ہی اُسکو پسند آگئے[1]؟ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ نبیوں اور تمام برگزیدوں نے بہت سی جوروان کر کے اور پھر روحانی طاقتوں اور قبولیتوں میں سب سے سبقت لیجا کر تمام دُنیا پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ دوست الٰہی بننے کے لئے یہ راہ نہیں کہ

---

[1] انجیل کے بعض اشارات سے پایا جاتا ہے کہ حضرت مسیح بھی جورو کرنیکے لئے فکر میں تھے مگر تھوڑی سی عمر میں اُٹھائے گئے ورنہ یقین تھا کہ اپنے باپ داؤد کے نقش قدم پر چلتے۔ منہ

انسان دنیا مین مخنثون اور نامردون کی طرح رہے بلکہ ایمان مین قوی الطاقت وہ ہے جو بیویون اور بچون کا سب سے بڑھکر بوجھ اُٹھاکر پھر باوجود ان سب تعلقات کے بے تعلق ہو۔ خدا تعالیٰ کا بندہ سے محب اور محبوب ہونیکا جوڑ ہونا ایک تیسری چیز کے وجود کو چاہتا ہے وہ کیا ہے؟ ایمانی روح جو مومن مین پیدا ہوکر نئے حواس اُسکو بخشتی ہے اُسی روح کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کا کلام مومن سُنتا ہے اور اُسی کے ذریعہ سے سچی اور دائمی پاکیزگی حاصل کرتا ہے اور اُسی کے ذریعہ سے نئی زندگی کی خارق عادت طاقتین اُسمین پیدا ہوتی ہین۔ اب ہم پوچھتے ہین کہ جوگی اور راہب اور سنیاسی کہلاتے ہین یہ پاک روح اُن مین سے کسکو دی گئی ہے کیا کسی پادری مین یہ پاک روح یا یون کہو کہ روح القدس پائی جاتی ہے ہم تمام دنیا کے پادریون کو بُلاتے بُلاتے تھک ہی گئے کسی نے آواز تک نہ دی نورافشان مین بعض پادریون نے چھپوایا تھا کہ ہم ایک جلسہ مین ایک لفافہ بند پیش کرینگے اُسکا مضمون الہام کے ذریعہ سے ہمین بتلایا جاے لیکن جب ہماری طرف سے مسلمان ہونے کی شرط سے یہ درخواست منظور ہوئی تو پھر پادریون نے اِس طرف رُخ بھی نہ کیا پادری لوگ مدّت سے الہام پر مُہر لگا بیٹھے تھے اب جب مُہر ٹوٹی اور فیض روح القدس مسلمانون پر ثابت ہوا تو پادریون کے اعتقاد کی قلعی کھل گئی لہذا ضرور تھا کہ پادریون کو ہمارے الہام سے دوہرا رنج ہوتا ایک مُہر ٹوٹنے کا دوسرے الہام کی نقل بنانے کا سو نورافشان کی سخت زبانی کا اصل موجب وہی رنج ہے جو ذبولے دق کی طرح لاعلاج ہے۔

اب یہ جاننا چاہئے کہ جس خط کو ۱۰ مئی ۱۸۸۸ء کے نورافشان مین فریق مخالف نے چھپوایا ہے وہ خط محض بنانی اشارہ سے لکھا گیا تھا ایک مدّت دراز سے بعض سرگروہ اور قریبی رشتہ دار مکتوب الیہ کے جن کے حقیقی ہمشیرہ زادہ کی نسبت درخواست کی گئی تھی نشان

آسمانی کے طالب تھے اور طریقہ اسلام سے انحراف اور مناد رکھتے تھے اور اب بھی رکھتے ہین چنانچہ
اگست ۱۸۸۵ء مین جو چشمہ نور امرتسر مین اُنکی طرف سے اشتہار چھپا تھا یہ درخواست اُنکی اس
اشتہار مین بھی مندرج ہے اُنکو نہ محض مجھہ سے بلکہ خدا اور رسول سے بھی دشمنی ہے اور والد
اُس دختر کا باعث شدت تعلق قرابت ان لوگونکی رضا جوئی مین محو اور انکے نقش قدم پر
دل وجان سے فدا اور اپنے اختیارات سے قاصر و عاجز بلکہ اُنھین کا فرمان بردار ہو رہا ہی اور اپنی
لڑکیان اُنھین کی لڑکیان خیال کرتا ہے اور وہ بھی ایسا ہی سمجھتے ہین اور ہر باب مین اُسکے
مدار المہام اور بطور نفس ناطقہ کے اُسکے بنے ہو رہے ہین تبھی تو نقارہ بجا کر اُسکی لڑکی کے بارہ
مین آپ ہی شہرت دیدی یہانتک کہ عیسائیون کے اخبارون کو اس قصہ سے بھر دیا۔
آفرین برین عقل و دانش۔ ماموں ہونیکا خوب ہی حق ادا کیا ماموں ہون تو ایسے ہی
ہون۔ غرض یہ لوگ جو مجھہ کو میرے دعوی الہام مین مکار اور دروغگو خیال کرتے تھے اور
اور اسلام اور قرآن شریف پر طرح طرح کے اعتراض کرتے تھے اور مجھہ سے کوئی نشان آسمانی
مانگتے تھے تو اس وجہ سے کئی دفعہ اُنکے لئے دعا بھی کی گئی تھی سو وہ دعا قبول ہو کر خدا تعالے
نے یہ تقریب قایم کی کہ والد اس دختر کا ایک اپنے ضروری کام کے لئے ہماری طرف ملتجی ہوا
تفصیل اسکی یہ ہے کہ نامبردہ کی ایک ہمشیرہ ہمارے ایک چچازاد بھائی غلام حسین نام کو
بیاہی گئی تھی غلام حسین عرصہ پچیس سال سے کہین چلا گیا ہے اور مفقود الخبر ہے اُسکی زمین ملکیت
جسکا ہمین حق پہنچتا ہے نامبردہ کی ہمشیرہ کے نام کاغذات سرکاری مین درج کرا دی گئی تھی
اب حال کے بندوبست مین جو ضلع گورداسپورہ مین جاری ہے نامبردہ یعنے ہمارے خط
کے مکتوب الیہ نے اپنی ہمشیرہ کی اجازت سے یہ چاہا کہ وہ زمین جو چار ہزار یا پانچہزار روپیہ
کی قیمت کی ہے اپنے بیٹے محمد بیگ کے نام بطور ہبہ منتقل کرا دین چنانچہ اُنکی ہمشیرہ کی طرف

سے یہ بہ نامہ لکھا گیا چونکہ وہ بہ نامہ سجز ہماری رضامندی کے بیکار تھا اسلئے مکتوب الیہ نے تمامتر عجز و انکسار ہماری طرف رجوع کیا تاہم اس بہ پر راضی ہوکر اس بہ نامہ پر دستخط کردین اور قریب تھا کہ دستخط کردیتے لیکن یہ خیال آیا کہ جیسا کہ ایک مدت سے بڑے بڑے کاموں مین ہماری عادت ہے جناب الٰہی مین استخارہ کرلینا چاہئے سو یہی جواب مکتوب الیہ کو دیا گیا پھر مکتوب الیہ کے تواتر اصرار سے استخارہ کیا گیا وہ استخارہ کیا تھا گویا آسمانی نشان کی درخواست کا وقت آپہنچا تھا جسکو خدا تعالیٰ نے اس پیرایہ مین ظاہر کردیا۔

اس خدائے قادر حکیم مطلق نے مجھے فرمایا کہ اس شخص کی دختر کلان کے نکاح کے لئے سلسلہ جنبانی کر اور اُنکو کہہ دے کہ تمام سلوک اور مروت تمسے اسی شرط سے کیا جائیگا اور یہ نکاح تمہارے لئے موجب برکت اور ایک رحمت کا نشان ہوگا اور اُن تمام برکتون اور رحمتون سے پاؤگے جو اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۸ء مین درج ہین لیکن اگر نکاح سے انحراف کیا تو اس لڑکی کا انجام نہایت ہی بُرا ہوگا اور جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائیگی وہ روز نکاح سے اڑھائی سال تک اور ایسا ہی والد اس دختر کا تین سال تک فوت ہوجائیگا[۲] اور اُنکے گھر پر تفرقہ اور تنگی اور مصیبت پڑیگی۔ اور درمیانی زمانہ مین بھی اس دختر کے لئے کئی کراہت و غم کے امر پیش آئین گے۔

پھر ان دنون مین جو زیادہ تصریح اور تفصیل کے لئے بار بار توجہ کی گئی تو معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ نے یہ مقرر رکھا ہے کہ وہ مکتوب الیہ کی دختر کلان کو جسکی نسبت درخواست کی گئی تھی ہر ایک روک دور کرنیکے بعد انجام کار اسی عاجز کے نکاح مین لاویگا اور بیدینون کو مسلمان بناویگا اور گمراہون مین ہدایت پھیلاویگا چنانچہ عربی الہام اس بارے مین یہ ہے۔ کَذّبوا بآیاتنا وکانوا بھا یستھزؤن ط فسیکفیکھم اللہ ویردھا الیک لا تبدیل لکلمات اللہ ط

[۲] تین سال تک فوت ہونا روز نکاح کے حساب سے ہے مگر یہ ضروری نہین کہ کوئی واقعہ اور حادثہ اس سے پہلے یا پیچھے نہ ہو بلکہ بعض دفعہ کاشفات کے رو سے مکتوب الیہ کا زمانہ حوادث جنکا انجام معلوم نہین نزدیک پایا جاتا ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

ان ربك فعال لما یرید۔ انت معی وانا معک عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا یعنے
اُنہوں نے ہمارے نشانوں کو جھٹلایا اور وہ پہلے سے ہنسی کر رہے تھے سو خدا تعالیٰ اُن سب کے
تدارک کے لئے جو اِس کام کو روک رہے ہیں تمہارا مددگار ہوگا اور انجام کار اسکی اِس لڑکی کو تمہاری
طرف واپس لائیگا کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے تیرا رب وہ قادر ہے کہ جو کچھ چاہتا ہے وہی
ہو جاتا ہے تو میرے ساتھ اور میں تیرے ساتھ ہوں اور عنقریب وہ مقام تجھے ملیگا جس میں
تیری تعریف کیجائیگی یعنے گو اوّل میں احمق اور نادان لوگ بد باطنی اور بدظنی کی راہ سے بدگوئی کرتے
ہیں اور نالایق باتیں مونہہ پر لاتے ہیں لیکن آخر خدا تعالیٰ کی مدد کو دیکھ کر شرمندہ ہونگے اور سچائی
کے کھلنے سے چاروں طرف سے تعریف ہوگی۔

اِس جگہ ایک اور اعتراض نور افشاں کا رفع دفع کرنیکے لائق ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر یہ الہام
خدا تعالیٰ کی طرف سے تھا اور اُسپر اعتماد کلّی تھا تو پھر پوشیدہ کیوں رکھا اور کیوں اپنے خط میں
پوشیدہ رکھنے کے لئے تاکید کی + اِسکا جواب یہ ہے کہ یہ ایک خانگی معاملہ تھا اور جسکے لئے یہ
نشان تھا اُسکو تو پہنچا دیا گیا تھا اور یقین تھا کہ والد اُس دختر کا ایسی اشاعت سے رنجیدہ
ہوگا۔ اِس لئے ہم نے دل شکنی اور رنج دہی سے گریز کی بلکہ یہ بھی نہ چاہا کہ درحالت
رد و انکار وہ بھی اِس امر کو شایع کریں اور گو ہم شایع کرنیکے لئے مامور تھے مگر ہم نے
مصلحتاً دوسرے وقت کی انتظار کی یہانتک کہ اِس لڑکی کے مامون مرزا نظام الدین
نے جو مرزا امام الدین کا حقیقی بھائی ہے شدت غیظ و غضب میں آکر اِس مضمون کو آپ ہی

+ یہ الہام جو نشر طبی طور پر مکتوب الیہ کی موت فوت پر دلالت کرتا تھا مجھ کو بالطبع اِسکی اشاعت سے کراہت تھی کیونکہ
ہمارا دل یہ بھی نہیں چاہتا کہ اِس سے مکتوب الیہ کو مطلع کریں مگر اُسکے کمال اصرار سے جو اُسنے زبانی اور
کئی اخباری خطوں کے بھیجنے سے ظاہر کیا ہمنے صراحتہً سچی خیر خواہی اور نیک نیتی سے اُسپر یہ امر بسرّیہ
ظاہر کر دیا پھر اُسنے اور اُسکے عزیز مرزا نظام الدین نے اِس الہام کے مضمون کی آپ شہرت دی۔ منہ

شایع کر دیا اور شایع بھی ایسا کیا کہ شاید ایک یا دو ہفتہ تک دس ہزار مرد و عورت تک ہماری درخواست نکاح اور ہمارے مضمون الہام سے بخوبی اطلاع یاب ہوگئے ہونگے اور پھر زبانی اشاعت پر اکتفا نہ کرکے اخبارون مین ہمارا خط چھپوایا اور بازارون مین انکے دکھلانے سے وہ خط جا بجا پڑھا گیا اور عورتون اور بچون تک اس خط کے مضمون کی منادی کی گئی اب جب مرزا نظام الدین کی کوشش سے وہ خط ہمارا نورافشان مین بھی چھپ گیا اور عیسائیون نے اپنے مادہ کے موافق بیجا افترا کرنا شروع کیا تو ہم پر فرض ہوگیا کہ اپنے قلم سے اصلیت کو ظاہر کرین - بدخیال لوگون کو واضح ہو کہ ہمارا صدق یا کذب جانچنے کے لئے ہماری پیش گوئی سے بڑھ کر اور کوئی محک امتحان نہین ہوسکتا اور نیز یہ پیش گوئی ایسی بھی نہین کہ جو پہلے پھل اسی وقت مین ہم نے ظاہر کی ہے بلکہ مرزا امام الدین و نظام الدین اور اس جگہ کے تمام آریہ اور نیز لیکھرام پشاوری اور صدہا دوسرے لوگ خوب جانتے ہین کہ کئی سال ہوے کہ ہمنے اسی کے متعلق مجملًا ایک پیش گوئی کی تھی یعنے یہ کہ ہماری برادری مین سے ایک شخص احمد بیگ نام فوت ہونیوالا ہے - اب منصف آدمی سمجھ سکتا ہے کہ اس پیش گوئی کا ایک شعبہ تھی یا یون کہو کہ یہ تفصیل اور وہ اجمال تھی - اور اس مین تاریخ اور مدت ظاہر کی گئی اور اسمین تاریخ اور مدت کا کچھ ذکر نہ تھا اور اس مین شرائط کی تصریح کی گئی اور وہ ابھی اجمالی حالت مین تھی سمجھدار آدمی کے لئے یہ کافی ہے کہ پہلی پیشگوئی اس زمانہ کی ہے کہ جبکہ ہنوز وہ لڑکی نابالغ تھی اور جب کہ یہ پیشگوئی بھی اسی شخص کی نسبت ہے جسکی نسبت اب سے پانچ برس پہلے کی گئی تھی یعنے اس زمانہ مین جبکہ اسکی یہ لڑکی آٹھ یا دو برس کی تھی تو اسپر نفسانی افترا کا گمان کرنا اگر حماقت نہین تو اور کیا ہے ؟ - والسلام علی من اتبع الہدیٰ - (خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپورہ پنجاب) ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء

خط بخدمت شیخ محمد حسین صاحب بٹالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی

بخدمت شیخ محمد حسین صاحب ابوسعید بٹالوی

الحمد للہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی۔ اما بعد مین افسوس سے لکھتا ہون کہ مین آپ کے فتوئ تکفیر کی وجہ سے جسکا یقینی نتیجہ احد الفریقین کا کافر ہونا ہے اِس خط مین سلام مسنون یعنے السلام علیکم سے ابتدا نہین کرسکا لیکن چونکہ آپکی نسبت ایک منذر الہام مجھہ کو ہوا اور چند مسلمان بھائیون نے بھی مجھہ کو آپکی نسبت ایسی خوابین سُنائین جنکی وجہ سے مین آپکے خطرناک انجام سے بہت ڈر گیا تب بوجہ آپکے اُن حقوق کے جو بنی نوع کو اپنے نوع انسان سے ہوتے ہین اور نیز بوجہ آپکی ہم وطنی اور قُرب وجوار کے میرا رحم آپکی اِس حالت پر بہت جنبش مین آیا اور مین اللہ جل شانہ کی قسم کہا کر کہتا ہون کہ مجھے آپکی حالت پر نہایت رحم ہے اور ڈرتا ہون کہ آپکو وہ امور پیش نہ آجائین جو ہمیشہ صادقون کے مُکذبون کو پیش آتے رہے ہین اسی وجہ سے مین آج رات کو سوچتا سوچتا ایک گرداب تفکر مین پڑ گیا کہ آپکی ہمدردی کے لئے کیا کرون آخر مجھے دل کے فتوے نے یہی صلاح دی کہ پھر دعوت الی الحق کے لئے ایک خط آپکی خدمت مین لکھون کیا تعجب کہ اسی تقریب سے خدا تعالی آپ پر فضل کردیوے اور اِس خطرناک حالت سے نجات بخشے سو عزیز من آپ خدا تعالی کی رحمت سے نومید نہ ہون وہ بڑا قادر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے اگر آپ طالب حق بنکر میری سوانح زندگی پر نظر ڈالین تو آپ پر

قطعی ثبوتون سے یہ بات کھل سکتی ہے کہ خدا تعالیٰ ہمیشہ کذب کی ناپاکی سے مجھ کو محفوظ رکھتا رہا ہے یہان تک کہ بعض وقت انگریزی عدالتون مین میری جان اور عزت ایسے خطرہ مین پڑگئی کہ بجز استعمال کذب اور کوئی صلاح کسی وکیل نے مجھ کو نہ دی لیکن اللہ جل شانہ کی توفیق سے مین سچ کے لئے اپنی جان اور عزت سے دست بردار ہوگیا اور بسا اوقات مالی مقدمات مین محض سچ کے لئے مین نے بڑے بڑے نقصان اٹھائے اور بسا اوقات محض خدا تعالیٰ کے خوف سے اپنے والد اور اپنے بھائی کے برخلاف گواہی دی اور سچ کو ہاتھ سے نہ چھوڑا اس گانون مین اور نیز بٹالہ مین بھی میری ایک عمر گذر گئی ہے مگر کون ثابت کرسکتا ہے کہ کبھی میرے مونہہ سے جھوٹ نکلا ہے پھر جب مین نے محض للہ انسانون پر جھوٹ بولنا ابتدا سے متروک رکھا اور بارہا اپنی جان اور مال کو صدق پر قربان کیا تو پھر مین خدا تعالیٰ پر کیون جھوٹ بولتا۔

اور اگر آپکو یہ خیال گذرے کہ یہ دعویٰ کتاب اللہ اور سنت کے برخلاف ہے تو اسکے جواب مین باادب عرض کرتا ہون کہ یہ خیال محض کم فہمی کی وجہ سے آپکے دل مین ہے اگر آپ مولویانہ جنگ وجدال کو ترک کرکے چند روز طالب حق بنکر میرے پاس رہین تو مین امید رکھتا ہون کہ خدا تعالیٰ آپکی تمام غلطیان نکالدیگا اور مطمئن کردیگا اور اگر آپکو اس بات کی بھی برداشت نہین تو آپ جانتے ہین کہ پھر آخری علاج فیصلہ آسمانی ہے مجھے اجمالی طور پر آپکی نسبت کچھ معلوم ہوا ہے اگر آپ چاہین تو مین چند روز توجہ کرکے اور تفصیل پر بفضلہ تعالیٰ اطلاع پاکر چند اخبارون مین شایع کردون۔

اس شایع کرنیکے لئے آپکی خاص تحریر سے مجھ کو اجازت ہونی چاہئے مین اس خط کو محض آپ پر رحم کرکے لکھتا ہون اور بہ ثبت شہادت چند کس آپکی خدمت مین روانہ

کرتا ہون اور آخر دعا پر ختم کرتا ہون ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین آمین۔

الراقم خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپورہ ۱۳ دسمبر ۱۸۹۲ء

گواہان حاشیہ

(۱) خدا بخش آمالیق نواب صاحب (۲) عبد الکریم سیالکوٹی (۳) قاضی ضیاء الدین ساکن کوٹ قاضی ضلع گوجرانوالہ (۴) مولوی نور الدین (۵) محمد حسن امروہی (۶) شاد یخان ملازم سردار راجہ امر سنگھ صاحب بہادر (۷) ظفر احمد کپورتھلی (۸) عبد اللہ سنوری (۹) عبد العزیز دہلوی (۱۰) علی گوہر خان جالندہری (۱۱) فضل الدین حکیم بھیروی (۱۲) حافظ محمد صاحب پشاوری (۱۳) حکیم محمد اشرف علی ہاشمی خطیب بٹالہ (۱۴) عبد الرحمن برادر زادہ مولوی نور الدین صاحب (۱۵) محمد اکبر ساکن بٹالہ (۱۶) قطب الدین ساکن بدوملی۔

اس عاجز کے خط مندرجہ بالا کے جواب میں جو شیخ بٹالوی صاحب کا خط آیا وہ ذیل میں مع جواب الجواب درج کیا جاتا ہے لیکن چونکہ وہ جواب الجواب جو اس طرف سے بٹالوی صاحب کی خدمت میں روانہ کیا گیا ہے اسمیں اُن کی اُن تمام ہذیانات وبہتانات کا جواب نہیں ہے جو اُنکے خط میں درج ہیں اور ممکن ہے کہ اُنکا خط پڑھنے والے اِن افتراؤں سے بے خبر ہوں جو اس خط میں دھوکہ دینے کی غرض سے درج ہیں اسلئے ہمنے مناسب سمجھا کہ اُس خط کی تحریر سے پہلے شیخ صاحب کے بعض افتراؤں اور لافوں اور بہتانوں کا جواب دین سو بطور قولہٗ واقول ذیل میں جواب درج کیا جاتا ہے ✻

قولہٗ میں قرآن اور پہلی کتابوں کو اور دین اسلام اور پہلے دینوں کو اور نبی آخر الزمان اور پہلے نبیوں کو سچا جانتا اور مانتا ہوں اور اُسکا لازمہ اور شرط ہے

✻ جو خط بٹالوی صاحب کی خدمت میں روانہ کیا گیا تھا اُسمیں بخوف طول کلام انکی بیہودہ باتوں سے اعراض کیا گیا تھا اب جو وہ خود اُس خط کو شایع کرنیکے لئے مستعد ہوگئے تو جواب بھی شایع کرنا پڑا۔ منہ

کر آپکو جھوٹا جانون۔

اقول شیخ صاحب اگر آپ قرآن کو سچا جانتے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی صادق مانتے تو مجھہ کو کافر نہ ٹھہراتے کیا قرآن کریم اور حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سچا ماننے کے یہی معنے ہین کہ جو شخص اللہ اور رسول پر ایمان لاتا ہے اور قبلہ کی طرف نماز پڑہتا ہے اور کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا قائل ہے اور اسلام مین نجات محذور سمجھتا اور بدل وجان اللہ اور اُسکے رسول کی راہ مین فدا ہے اُسکو آپ کافر بلکہ اکفر ٹھہراتے ہین اور دائمی جہنم اُسکے لئے تجویز کرتے ہین اُس پر لعنت بھیجتے ہین اُسکو دجال کہتے ہین اور اُسکو قتل کرنا اور اُسکے مال کو بطور سرقہ لینا سب جائز قرار دیتے ہین رہے وہ کلمات اِس عاجز کے جنکو آپ کلمات کفر ٹھہراتے ہین اُنکا جواب اِس رسالہ مین موجود ہے ہر یک منصف خود پڑہ لیگا۔ اور آپکی علمیت اور آپکی دیانت اور آپکا فہم قرآن اور فہم حدیث اُس سے بخوبی ظاہر ہوگیا ہے علیحدہ لکھنے کی حاجت نہین۔

قولہ عقائد باطلہ مخالفہ دین اسلام وادیان سابقہ کے علاوہ جھوٹ بولنا اور دہوکا دینا آپکا ایسا وصف لازم بن گیا ہے کہ گویا وہ آپکی سرشت کا ایک جزو ہے۔

اقول شیخ صاحب جو شخص متقی اور حلال زادہ ہو اول تو وہ جرأت کرکے اپنے بھائی پر بے تحقیق کامل کسی فسق اور کفر کا الزام نہین لگاتا اور اگر لگاوے تو پھر ایسا کامل ثبوت پیش کرتا ہے کہ گویا دیکھنے والون کے لئے دن چڑہا دیتا ہے پس اگر آپ اِن دونون صفتون مذکورہ بالا سے متصف ہین تو آپکو اُس خداوند قادر ذوالجلال کی قسم ہے جسکی قسم دینے پر حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی توجہ کے ساتھہ جواب دیتے تھے کہ آپ حسب خیال اپنے یہ دونون قسم کا خبث اِس عاجز مین ثابت کرکے دکھلاوین یعنے اول یہ کہ مین مخالف دین اسلام اور

کافر ہون اور دوسرے یہ کہ میرا شیوہ جھوٹ بولنا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین
کہ اپنی رویا مین صادق تر وہی ہوتا ہے جو اپنی باتون مین صادق تر ہوتا ہے اِس حدیث مین
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صادق کی یہ نشانی ٹھہرائی ہے کہ اُسکی خوابون پر سچ کا غلبہ ہوتا
ہے اور ابھی آپ دعویٰ کر چکے ہین کہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتا ہون پس اگر آپ
نے یہ بات نفاق سے نہین کہی اور آپ درحقیقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے
ہین اور جانتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قول مین سچے ہین تو آؤ ہم اور تم اِس
طریق سے ایک دوسرے کو آزمالین کہ بموجب اِس محک کے کون صادق ثابت ہوتا ہے اور
کس کی سرشت مین جھوٹ ہے اور ایسا ہی اللہ جل شانہٗ قرآن کریم مین فرماتا ہے لھم البشریٰ
فی الحیوٰۃ الدنیا یعنے یہ مومنون کا ایک خاصہ ہے کہ بہ نسبت دوسرون کے اُن کی
خوابین سچی نکلتی ہین۔ اور آپ ابھی دعویٰ کر چکے ہین کہ مین قرآن پر بھی ایمان لاتا ہون
بہت خوب آؤ قرآن کریم کے رو سے بھی آزمالین کہ مومن ہونے کی نشانی کس مین ہے۔
یہ دونون آزمایشین یون ہوسکتی ہین کہ بٹالہ یا لاہور یا امرتسر مین ایک مجلس مقرر
کرکے فریقین کے شواہد رویا اُن مین حاضر ہوجائین اور پھر جو شخص ہم دونون مین سے
یقینی اور قطعی ثبوتون کے ذریعہ سے اپنی خوابون مین اصدق ثابت ہو اُسکے مخالف کا
نام کذّاب اور دجّال اور کافر اور اکفر اور ملعون یا جو نام تجویز ہون اُسی وقت اُسکو یہ
تمغہ پہنایا جائے اور اگر آپ گذشتہ کے ثبوت سے عاجز ہون تو مین قبول کرتا ہون بلکہ
چھ ماہ تک آپ کو مہلت دیتا ہون کہ آپ چند اخبارون مین اپنی ایسی خوابین درج
کراوین جو امور غیبیہ پر مشتمل ہون اور مین نہ صرف اسی پر کفایت کرونگا کہ گذشتہ کا
آپکو ثبوت دون بلکہ آپکے مقابل پر بھی انشاء اللہ القدیر اپنی خوابین درج کراؤنگا اور

جیسا کہ آپکا دعویٰ ہے کہ مین قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتا ہون یہی میرا
دعویٰ ہے کہ مین بدل وجان اُس پیاری نبی پر صلی اللہ علیہ وسلم اور اُس پیاری کتاب
قرآن کریم پر ایمان رکھتا ہون اب اِس نشانی سے آزمایا جائیگا کہ اپنے دعویٰ مین سچّا
کون ہے اور جھوٹا کون ہے اگر مین اُس علامت کے رو سے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلّم
اور قرآن کریم نے قرار دی ہے مغلوب رہا تو پھر آپ سچے رہین گے اور مین بقول آپکے
کافر دجّال بے ایمان شیطان اور کذّاب اور مفتری ٹھہرونگا اور اِس صورت مین آپکے
وہ تمام ظنون فاسدہ درست اور برحق ہونگے کہ گویا مینے براہین احمدیہ مین فریب کیا
اور لوگون کا روپیہ کھایا اور دُعا کی قبولیت کے وعدہ پر لوگون کا مال خورد وبُرد کیا
اور حرام خوری مین زندگی بسر کی لیکن اگر خدا تعالیٰ کی اُس عنایت نے جو مومنون
اور صادقون اور راستبازون کے شامل حال ہوتی ہے مجھ کو سچا کر دیا تو پھر آپ
فرماوین کہ یہ سب نام اُسوقت آپکی مولویانہ شان کے سزاوار ٹھہرینگے یا اُسوقت
بھی کوئی کنارہ کشی کا راہ آپکے لئے باقی رہیگا آپ نے مجھ کو بہت دُکھ دیا اور ستایا
مین صبر کرتا گیا مگر آپ نے ذرہ اُس ذات قدیر کا خوف نہ کیا جو آپکی تہ سے واقف ہے
اُسنے مجھے بطور پیشگوئی آپکے حق مین اور پھر آپکے ہم خیال لوگون کے حق مین خبر دی کہ
اِنّی مھین من اراد اھانتک یعنے مین اُسکو خوار کرونگا جو تیرے خوار کرنے کی فکر مین ہے
سو یقیناً سمجھو کہ اب وہ وقت نزدیک ہے جو خدا تعالیٰ ان تمام بہتانات مین
آپکا دروغگو ہونا ثابت کر دیگا اور جو بھتان تراش اور مفتری لوگون کو ذلّتین اور ندامتین پیش
آتی ہین اُن تمام ذلّتون کی مار آپ پر پڑ ائیگا آپکا دعویٰ ہے کہ مین قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ
وسلّم پر ایمان لاتا ہون پس اگر آپ اِس قول مین سچے ہین تو آزمایش کے لئے **میدان**

مین آوین تا خدا تعالیٰ ہمارا اور تمہارا خود فیصلہ کرے اور جو کاذب اور دجّال ہے رو سیاہ ہو جائے اور میرے دل سے اِسوقت حق کی تائید کے لئے ایک بات نکلتی ہے اور مین اُسکو روک نہین سکتا کیونکہ وہ میرے نفس سے نہین بلکہ القاء ربّی ہے جو بڑے زور سے جوش مار رہا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب کہ آپ نے مجھے کافر ٹھہرایا اور جھوٹ بولنا میری شیوہ کا خاصہ قرار دیا تو اب آپکو اللہ جل شانہٗ کی قسم ہے کہ حسب طریق مذکورۂ بالا میرے مقابلہ پر فی الفور آجاؤ تا دیکھا جائے کہ قرآن کریم اور فرمودہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رو سے کون کاذب اور دجّال اور کافر ثابت ہوتا ہے اور اگر اس تبلیغ کے بعد ہم دونون مین سے کوئی شخص متخلّف رہا اور باوجود اشدّ غلوا و تکفیر اور تکذیب تفتیق کے میدان مین نہ آیا اور شغال کی طرح دُم دبا کر بھاگ گیا تو وہ مندرجہ ذیل انعام کا مستحق ہوگا

(۱) لعنت

(۲) لعنت

(۳) لعنت

(۴) لعنت

(۵) لعنت

(۶) لعنت

(۷) لعنت

(۸) لعنت

(۹) لعنت

(۱۰) لعنت

تلک عشرۃ کاملہ

یہ وہ فیصلہ ہے جو خدا تعالیٰ آپ کر دیگا۔ کیونکہ اُسکا وعدہ ہے کہ مومن ہر حال غالب رہیگا چنانچہ وہ خود فرماتا ہے لن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا یعنے ایسا ہرگز نہیں ہوگا کہ کافر مومن پر راہ پاوے اور نیز فرماتا ہے کہ یا ایھا الذین آمنوا ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانا ۔ یجعل لکم نورا تمشون بہ یعنے اے مومنو اگر تم متقی بن جاؤ تو تم میں اور تمہارے غیر میں خدا تعالیٰ ایک فرق رکھہ دیگا وہ فرق کیا ہے کہ تمہیں ایک نور عطا کیا جائیگا جو تمہارے غیر میں ہرگز نہیں پایا جائیگا یعنے نور الہام اور نور اجابت دعا اور نور کرامات اصطفا اب ظاہر ہے کہ جس نے جھوٹ کو بھی ترک نہیں کیا وہ کیونکر خدا تعالیٰ کے آگے متقی ٹہر سکتا ہے اور کیونکر اُس سے کرامات صادر ہو سکتی ہیں غرض اِس طریق سے ہم دونوں کی حقیقت مخفی کہل جائیگی اور لوگ دیکھہ لینگے کہ کون میدان میں آتا ہے اور کون بموجب آیت کریمہ لھم البشریٰ ۔ اور حدیث نبوی اصدقکم حدیثا کے صادق ثابت ہوتا ہے معہذا ایک اور بات بھی ذریعہ آزمائش صادقین ہو جاتی ہے جسکو خدا تعالیٰ آپ ہی پیدا کرتا ہے اور وہ یہ ہے کہ کبھی انسان کسی ایسی بلا میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ اُسوقت بجز کذب کے اور کوئی حیلہ رہائی اور کامیابی کا اُسکو نظر نہیں آتا تب اُسوقت وہ آزمایا جاتا ہے کہ آیا اُسکی سرشت میں صدق ہے یا کذب اور آیا اُس نازک وقت میں اُسکی زبان پر صدق جاری ہوتا ہے یا اپنی جان اور آبرو اور مال کا اندیشہ کرکے جھوٹ بولنے لگتا ہے اِس قسم کے نمونے اِس عاجز کو کئی دفعہ پیش آئے ہیں جنکا مفصل بیان کرنا موجب تطویل ہے تاہم میں نمونے اِس غرض سے پیش کرتا ہوں کہ اگر انکے برابر بھی آپکو کبھی آزمائش صدق کے موقع پیش آئے ہیں تو آپکو اللہ جل شانہٗ کی قسم ہے کہ آپ اُنکو معہ ثبوت اُنکے ضرور شایع کریں تا معلوم ہو کہ آپکا صرف دعویٰ نہیں بلکہ امتحان اور بلا کے شکنجہ میں بھی آکر آپ نے صدق نہیں توڑا۔

از انجملہ ایک یہ واقعہ ہے کہ میرے والد صاحب کے انتقال کے بعد مرزا اعظم بیگ صاحب لاہوری نے شرکا، ملکیت قادیان سے مجھ پر اور میرے بھائی مرحوم مرزا غلام قادر پر مقدمہ دخل ملکیت کا عدالت ضلع مین دایر کرا دیا اور مین بظاہر جانتا تھا کہ اُن شرکا کو ملکیت سے کچھہ غرض نہین کیونکہ وہ ایک گم گشتہ چیز تھی جو سکھون کے وقت مین نابود ہو چکی تھی اور میرے والد صاحب نے تن تنہا مقدمات کرکے اُس ملکیت اور دوسرے دیہات کے بازیافت کے لئے آٹھہ ہزار کے قریب خرچ وخسارہ اُٹھایا تھا جس مین وہ شرکا، ایک پیسہ کے بھی شریک نہین تھے سو اُن مقدمات کے اثنا مین جب مین نے فتح کے لئے دعا کی تو یہ الہام ہوا کہ اجیب کل دعائک الا فی شرکائک یعنے مین تیری ہر یک دعا قبول کرونگا مگر شرکا، کے بارے مین نہین سو مین نے اِس الہام کو پاکر اپنے بھائی اور تمام زن ومرد عزیزون کو جمع کیا جو اُن مین سے بعض ابتک زندہ ہین اور کہولکر کہہ دیا کہ شرکا، کے ساتھہ مقدمہ مت کرو یہ خلاف مرضی حق ہے مگر اُنہون نے قبول نہ کیا اور آخر ناکام ہوئے لیکن میری طرف سے ہزارہا روپیہ کا نقصان اُٹھانیکے لئے استقامت ظاہر ہوئی اِسکے وہ سب جواب دشمن ہین گواہ ہین چونکہ تمام کاروبار زمینداری میرے بھائی کے ہاتھہ مین تھا اسلئے مین نے بار بار اُنکو سمجھایا مگر اُنہون نے نہ مانا اور آخر نقصان اُٹھایا۔

از انجملہ ایک یہ واقعہ ہے کہ تخمیناً پندرہ یا سولہ سال کا عرصہ گذرا ہوگا یا شاید اِس سے کچھہ زیادہ ہو کہ اِس عاجز نے اِسلام کی تائید مین آریون کے مقابل پر ایک عیسائی کے مطبع مین جسکا نام رلیا رام تھا اور وہ وکیل بھی تھا اور امرتسر مین رہتا تھا اور اُس کا ایک اخبار بھی نکلتا تھا ایک مضمون بغرض طبع ہونے کے ایک پیکٹ کی صورت مین جسکی دونون طرفین کھلی تھین بھیجا اور اُس پیکٹ مین ایک خط بھی رکھہ دیا چونکہ خط مین ایسے

الفاظ تھے جن مین اسلام کی تائید اور دوسرے مذاہب کے بطلان کی طرف اشارہ تہا
اور مضمون کے چھاپ دینے کے لئے تاکید بھی تہی اسلئے وہ عیسائی مخالفت مذہب کی
وجہ سے افروختہ ہوا اور اتفاقاً اُسکو دشمنانہ حملہ کے لئے یہ موقع ملا کہ کسی علیحدہ خط کا
پیکیٹ مین رکھنا قانوناً ایک جُرم تہا جسکی اِس عاجز کو کچھہ بھی اطلاع نہ تہی اور ایسے جُرم
کی سزا مین قوانین ڈاک کے روسے پانسو روپیہ جرمانہ یا چھہ ماہ تک قید ہے سو اُس نے
مخبر بنکر افسران ڈاک سے اِس عاجز پر مقدمہ دائر کرا دیا اور قبل اِسکے جو مجھے اِس مقدمہ کی
کچھہ اطلاع ہو رویا مین اللہ تعالیٰ نے میرے پر ظاہر کیا کہ رلیا رام وکیل نے ایک سانپ میرے
کاٹنے کے لئے مجھہ کو بھیجا ہے اور مین نے اُسے مچھلی کی طرح تل کر واپس بھیجدیا ہے مین
جانتا ہون کہ یہ اِس بات کی طرف اشارہ تہا کہ آخر وہ مقدمہ جس طرز سے عدالت مین فیصلہ پایا
وہ ایک ایسی نظیر ہے جو وکیلون کے کام مین آسکتی ہے غرض مین اِس جُرم مین صدر
ضلع گورداسپورہ مین طلب کیا گیا اور جن جن وکلاء سے مقدمہ کے لئے مشورہ لیا گیا
اُنہون نے یہی مشورہ دیا کہ بجز دروغگوئی کے اور کوئی راہ نہین اور یہ صلاح دی کہ اِس
طرح اظہار دیدو کہ ہمنے پیکیٹ مین خط نہین ڈالا رلیا رام نے خود ڈالدیا ہوگا اور نیز بطور
تسلّی دہی کے کہا کہ ایسا بیان کرنے سے شہادت پر فیصلہ ہو جائیگا اور دو چار جھوٹے گواہ
دیکر بریت ہو جائیگی ورنہ صورت مقدمہ سخت مُشکل ہے اور کوئی طریق رہائی نہین مگر مینے
اُن سب کو جواب دیا کہ مین کسی حالت مین راستی کو چھوڑنا نہین چاہتا جو ہوگا سو ہوگا تب
اُسی دن یا دوسرے دن مجھے ایک انگریز کی عدالت مین پیش کیا گیا اور میرے مقابل
پر ڈاکخانجات کا افسر بحیثیت سرکاری مدعی ہونے کے حاضر ہوا اُسوقت حاکم عدالت نے
اپنے ہاتھہ سے میرا اظہار لکھا اور سب سے پہلے مجھہ سے یہی سوال کیا کہ کیا یہ خط تمنے اپنے

پیکیٹ مین رکھہ دیا تہا اور یہ خط اور یہ پیکیٹ تمہارا ہے تب مین نے بلا توقف جواب دیا کہ یہ میرا ہی خط اور میرا ہی پیکیٹ ہے اور مین نے اِس خط کو پیکیٹ کے اندر رکھہ کر روانہ کیا تہا مگر مین نے گورنمنٹ کی نقصان رسانی محصول کے لئے بدنیتی سے یہ کام نہین کیا بلکہ مین نے اِس خط کو اِس مضمون سے کچھہ علیحدہ نہین سمجھا اور نہ اِسمین کوئی نیچ کی بات تھی - اِس بات کو سُنتے ہی خدا تعالیٰ نے اِس انگریز کے دل کو میری طرف پھیر دیا اور میرے مقابل پر افسر ڈاکخانجات نے بہت شور مچایا اور لمبی لمبی تقریرین انگریزی مین کین جنکو مین نہین سمجھتا تہا مگر اِسقدر مین سمجھتا تہا کہ ہر ایک تقریر کے بعد زبان انگریزی مین وہ حاکم نو نو کرکے اُسکی سب باتون کو رد کر دیتا تہا انجام کار جب وہ افسر مدعی اپنے تمام وجوہ پیش کر چکا اور اپنے تمام بخارات نکال چکا تو حاکم نے فیصلہ لکھنے کی طرف توجہ کی اور شاید سطر یا دو سطر لکھہ کر مجھہ کو کہا کہ اچھا آپکے لئے رخصت یہ سُنکر مین عدالت کے کمرہ سے باہر ہوا اور اپنے محسن حقیقی کا شکر بجا لایا جسنے ایک افسر انگریز کے مقابل پر مجھہ کو ہی فتح بخشی اور مین خوب جانتا ہون کہ اسوقت صدق کی برکت سے خدا تعالیٰ نے اُس بلا سے مجھہ کو نجات دی - مین نے اُس سے پہلے یہ خواب بھی دیکھی تہی کہ ایک شخص نے میری ٹوپی اوتارنے کے لئے ہاتھہ مارا مین نے کہا کیا کرنے لگا ہی تب اُسنے ٹوپی کو میرے سر پر ہی رہنے دیا اور کہا کہ خیر ہے خیر ہے -

از انجملہ ایک نمونہ یہ ہے کہ میرے بیٹے سلطان احمد نے ایک ہندو پر بدین بنیاد نالش کی کہ اُسنے ہماری زمین پر مکان بنا لیا ہے اور ہماری مکان کا دعوی تہا اور ترتیب مقدمہ مین ایک امر خلاف واقعہ تہا جسکے ثبوت سے وہ مقدمہ ڈسمس ہونے کے لایق ٹہرتا تہا اور مقدمہ کے ڈسمس ہونے کی حالت مین نہ صرف سلطان احمد کو بلکہ مجھہ کو بھی نقصان

تلف ملکیت اُٹھانا پڑتا تھا تب فریق مخالف نے موقعہ پاکر میری گواہی لکھادی اور مین
بٹالہ مین گیا اور بابو فتح الدین سب پوسٹ ماسٹر کے مکان پر جو تحصیل بٹالہ کے پاس ہے جاٹھہرا
اور مقدمہ ایک ہندو منصف کے پاس تھا جسکا اب نام یاد نہین ہے مگر ایک پانون سے وہ لنگڑا
ہی تھا اُسوقت سلطان احمد کا وکیل میرے پاس آیا کہ اب وقت پیشی مقدمہ ہے آپ کیا
اظہار دینگے مین نے کہا کہ وہ اظہار دونگا جو واقعی امر اور سچ ہے تب اُسنے کہا کہ پہر آپکے
کچہری جانے کی کیا ضرورت ہے مین جاتا ہون تا مقدمہ سے دست بردار ہو جاؤن - سو وہ
مقدمہ مین نے اپنے ہاتھون سے محض رعایت صدق کی وجہ سے آپ خراب کیا اور راستگوئی کو
ابتغاءً لمرضات اللہ مقدم رکہہ کر مالی نقصان کو ہیچ سمجہا - یہ آخری دونونے ہی بے ثبوت
نہین - پہلے واقعہ کا گواہ شیخ علی احمد وکیل گورداسپور اور سردار محمد حیات خان صاحب سی
ایس آئی ہین اور نیز شکل مقدمہ دفتر گورداسپورہ مین موجود ہوگی اور دوسرے واقعہ کا گواہ
بابو فتح الدین اور خود وکیل جسکا اسوقت مجہہ کو نام یاد نہین اور نیز وہ منصف جسکا ذکر کر چکا
ہون جو اب شاید لدہیانہ مین بدل گیا ہے غالبًا اس مقدمہ کو سات برس کے قریب گذرا
ہوگا ہان یاد آیا اس مقدمہ کا ایک گواہ بنی بخش پٹواری بٹالہ بہی ہے -

اب اے حضرت شیخ صاحب اگر آپکے پاس بھی اس درجہ ابتلا کی کوئی نظیر ہو جسمین
آپکی جان اور آبرو اور مال راست گوئی کی حالت مین برباد ہوتا آپکو دکہائی دیا ہو اور اپنے
سچ کو نہ چہوڑا ہو اور مال اور جان کی کچہہ پرواہ نہ کی ہو تو للہ وہ واقعہ اپنا سہو اُس کے
کامل ثبوت کے پیش کیجئے ورنہ میرا تو یہ اعتقاد ہے کہ اس زمانہ کے اکثر مُلّا اور مولویون
کی باتین ہی باتین ہین ورنہ ایک پیسہ پر ایمان بیچنے کو طیار ہین کیون کہ ہمارے
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری زمانہ کے مولویون کو بدترین خلایق بیان فرمایا ہے اور

آپکے مجدد صاحب نواب **صدیق حسن خان** مرحوم جج الکرامہ مین تسلیم کرچکے ہین
کہ وہ آخری زمانہ ہی زمانہ ہے سو ایسے مولویون کا زہد و تقوی بغیر ثبوت قبول کرنے سے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ کی تکذیب لازم آتی ہے سو آپ نظیر پیش کرین اور
اگر پیش نہ کرسکین تو ثابت ہوگا کہ آپ کے پاس صرف راست گوئی کا دعوی ہے مگر کوئی
دعوی بے امتحان قبول کے لایق نہین اندرونی حال آپکا خدا تعالی کو معلوم ہوگا کہ آپ کبھی
کذب اور افترا کی نجاست سے ملوث ہوئے یا نہین یا اُنکو معلوم ہوگا جو آپکے حالات سے واقف
ہونگے - جو شخص ابتلا کے وقت صادق نکلتا ہے اور سچ کو نہین چھوڑتا اُسکے صدق پر
مُہر لگ جاتی ہے اگر یہ مُہر آپکے پاس ہے تو پیش کرین ورنہ خدا تعالی سے ڈرین ایسا نہ ہو
کہ وہ آپکی پردہ دری کرے -

آپکی ان بیہودہ اور حاسدانہ باتون سے مجھہ کو کیا نقصان پہنچ سکتا ہے کہ آپ لکھتے
ہین کہ تم مختاری اور مقدمہ بازی کا کام کرتے رہے ہو آپ ان افتراؤن سے باز آجائین آپ
خوب جانتے ہین کہ یہ عاجز ان پیشون مین کبھی نہین پڑا کہ دوسرون کے مقدمات عدالتون
مین کرتا پھرے ہان والد صاحب کے زمانہ مین اکثر وکلا کی معرفت اپنی زمینداری کے مقدمات
ہوتے تھے اور کبھی ضرورتاً مجھے آپ بھی جانا پڑتا تھا مگر آپکا یہ خیال کہ وہ جھوٹے مقدمات ہونگے
ایک شیطنت کی بدبو سے بھرا ہوا ہے کیا ہر یک نالش کرنیوالا ضرور جھوٹا مقدمہ کرتا ہے یا
ضرور جھوٹ ہی کہتا ہے -

اے کج طبع شیخ خدا جانے تیری کس حالت مین موت ہوگی کیا جو شخص اپنے حقوق
کی حفاظت کے لئے یا اپنے حقوق کے طلب کے لئے عدالت مین مقدمہ کرتا ہے اُسکو
ضرور جھوٹ بولنا پڑتا ہے ہرگز نہین بلکہ جسکو خدا تعالی نے قوت صدق عطا کی ہو اور سچ

سے محبت رکھتا ہو وہ بالطبع دروغ سے نفرت رکھتا ہے اور جب کوئی دنیوی فایدہ جھوٹ
بولنے پر ہی موقوف ہو تو اُس فایدہ کو جھوڑ دیتا ہے مگر افسوس کہ نجاست خوار انسان ہر یک
انسان کو نجاست خوار ہی سمجھتا ہے جھوٹ بولنے والے ہمیشہ کہا کرتے ہین کہ بغیر جھوٹ
بولنے کے عدالتون مین مقدمہ نہین کر سکتے سو یہ قول اُنکا اُس حالت مین سچا ہے کہ جب
ایک مقدمہ باز کسی حالت مین اپنے نقصان کا روادار نہ ہو اور خواہ مخواہ ہر یک مقدمہ
مین کامیاب ہونا چاہئے مگر جو شخص صدق کو بہرحال مقدم رکھے وہ کیون ایسا کریگا جب
کسی نے اپنا نقصان گوارا کر لیا تو پھر وہ کیون کذب کا محتاج ہوگا۔

اب یہ بھی واضح رہے کہ یہ سچ ہے کہ والد مرحوم کے وقت مین مجھے بعض اپنے زمینداری
معاملات کے حق رسی کے لئے عدالتون مین جانا پڑتا تھا مگر والد صاحب کے مقدمات
صرف اِس قسم کے تھے کہ بعض اسامیان جو اپنے ذمہ کچھ باقی رکھ لیتی تھین یا کبھی بلا
اجازت کوئی درخت کاٹ لیتی تھین یا جب بعض دیہات کے نمبردار وں سے تعلقداری کے
حقوق بذریعہ عدالت وصول کرنے پڑتے تھے اور وہ سب مقدمات بوجہ اِس احسن انتظام کے کہ
محاسب دیہات یعنے پٹواری کی شہادت اکثر اُن مین کافی ہوتی تھی پیچیدہ نہین ہوتی
تھی اور دروغگوئی کو اُن سے کچھ تعلق نہین تھا کیونکہ تحریرات سرکاری پر فیصلہ ہوتا
تھا اور چونکہ اُس زمانہ مین زمین کی بیقدری تھی اسلئے ہمیشہ زمینداری مین خسارہ
اُٹھانا پڑتا اور بسا اوقات کہ مقدمات کاشتکارونکے مقابل پر خود نقصان اُٹھا کر رعایت
کرنی پڑتی تھی اور عقلمند لوگ جانتے ہین کہ ایک دیانتدار زمیندار اپنے کاشتکارون سے ایسا
برتاؤ رکھ سکتا ہے جو بحیثیت پورے متقی اور کامل پرہیزگار کے ہو اور زمینداری اور
نکوکاری مین کوئی حقیقی مخالفت اور ضد نہین با این ہمہ کوئی ثابت نہین کر سکتا کہ والد

صاحب کے انتقال کے بعد کبھی مین نے بجز اُس خط کے مقدمہ کے جسکا ذکر کر چکا ہون کوئی مقدمہ کیا ہو اگر مین مقدمہ کرنے سے بالطبع متنفر نہ ہوتا مین والد صاحب کے انتقال کے بعد جو پندرہ سال کا عرصہ گذر گیا آزادی سے مقدمات کیا کرتا اور پھر یہ بھی یاد رہے کہ اِن مقدمات کا مہاجنون کے مقدمات پر قیاس کرنا کور باطن آدمیون کا کام ہے۔ مین اِس بات کو چھپا نہین سکتا کہ کئی پشت سے میرے خاندان مین زمینداری چلی آتی ہے اور اب بھی ہے اور زمیندار کو ضرورتاً کبھی مقدمہ کی حاجت پڑ جاتی ہے مگر یہ امر ایک منصف مزاج کی نظر مین جرح کا محل نہین ٹھہر سکتا حدیثون کو پڑھ ہو کہ وہ آخری زمانہ مین آنے والا اور اُس زمانہ مین آنیوالا کہ جب قریش سے بادشاہی جاتی رہیگی اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک تفرقہ اور پریشانی مین پڑی ہوئی ہوگی زمیندار ہی ہوگا اور مجھ کو خدا تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ وہ **مین ہون** احادیث نبویہ مین صاف لکھا ہے کہ آخری زمانہ مین ایک موید دین و ملت پیدا ہوگا اور اُسکی یہ علامت ہوگی کہ وہ حارث ہوگا یعنے زمیندار ہوگا اِس جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ ہر ایک مسلمان کو چاہئے کہ اُسکو قبول کرے اور اُسکی مدد کرے اب سوچو کہ زمیندار ہونا تو میرے صدق کی ایک علامت ہے نہ جائے جرح۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے قبول کرنیکے لئے حکم ہے نہ ردّ کے لئے۔ چشم بد اندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر۔

ہان مقدمہ بازی آپکے والد صاحب کی جائے جرح ہو تو کچھ تعجب نہین کیونکہ آپ جانتے ہین کہ انگریزی عملداری مین اکثر سوداگر و نکی مختار کاری مین اِنکی عمر بسر ہوئی اور جس طرح بن پڑا اُنہون نے بعض لوگون کے مقدمے محنتانہ پر لئے گو وہ قانونی طور پر نہ مختار

نہ وکیل بلکہ نیل شدہ نہین تہے مگر پیٹ بہرنے کے لئے سب کچہہ کیا لیکن یہ عاجز تو بجز
اپنی زمینداری کے مقدمات کے جن مین اکثر آپکے والد صاحب جیسے بلکہ عزّت اور لیاقت
مین انسے بڑہ کر مختار بہی کئے ہوئے تہے دوسرون کے مقدمات سے کبہی کچہہ غرض نہین رکہتا
تہا اور مجہہ کو یاد ہے بلکہ آپکو بہی یاد ہوگا کہ ایک دفعہ آپکے والد صاحب نے بہی مقام بٹالہ مین حضرت
مرزا صاحب مرحوم کی خدمت مین اپنی تمنا ظاہر کی تہی کہ مجہہ کو بعض مقدمات کے لئے نوکر رکہا جاوے تا
بطور مختار عدالتون مین جاؤن مگر چونکہ زمینداری مقدمات کی پیروی کی اُن مین لیاقت
نہین تہی اسلئے عُذر کر دیا گیا تہا۔

قولہٗ آپ نے الہامی بیٹیا تولد ہونے کی پیشگوئی کی یعنے جہوٹ بولا۔

اقول آپ اپنے سفلہ پنے سے باز نہین آتے خدا جانے آپ کس خمیر کے ہین
اُس پیشگوئی مین کونسی مدعا کی بات نکلی اگر آپکا یہ مطلب ہے کہ پیشگوئی کے بعد ایک
لڑکا پیدا ہوا اور مر گیا تو کیا آپ یہ ثبوت دے سکتے ہین کہ کسی الہام مین یہ مضمون
درج تہا کہ وہ موعود لڑکا وہی ہے اگر دے سکتے ہین تو وہ الہام پیش کرین یاد رہے کہ ایسا
کوئی الہام نہین ہان اگر مین نے اجتہادی طور پر کہا ہو کہ شاید یہ لڑکا وہی موعود لڑکا ہے
تو کیا اِس سے یہ ثابت ہو جائیگا کہ الہام غلط نکلا آپکو معلوم نہین مگر کبہی الہام اپنے الہام
مین اجتہاد بہی کرتا ہے اور کبہی وہ اجتہاد خطا بہی جاتا ہے مگر اِس سے الہام کی وقعت اور
عظمت مین کچہہ فرق نہین آتا صدہا مرتبہ ہر یک کو اتفاق پیش آتا ہے کہ ایک خواب تو سچی ہوتی ہے مگر
تعبیر مین غلطی ہو جاتی ہے یہ ہدایت اور یہ معرفت کا دقیقہ تو خاص قرآن کریم مین بیان کیا گیا ہے لیکن آپکے
لئے جو آنکھین رکہتے ہین۔ مین ڈرتا ہون کہ آج تو آپ نے مجہہ پر اعتراض کیا کبہی ایسا نہ ہو کہ کل رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم پر بہی اعتراض کر دین اور کہین کہ آن جناب نے جو بعض وحی کی تصدیق کے لئے یعنے طواف کی فرض سے دو کوس کا سفر

اختیار کیا تھا وہ طواف اُس سال نہ ہو سکا اور اجتہادی غلطی ثابت ہوئی افسوس کہ فرط تعصب سے مذہب دہلی کی حدیث بھی آپکو بھول گئی مجھے تو آپکے انجام کا فکر لگا ہوا ہے دیکھین کہ کہان تک نوبت پہنچتی ہے۔

اور لڑکے کی پیشگوئی تو حق ہے ضرور پوری ہوگی اور آپ جیسے منکرون کو خدا تعالیٰ رسوا کریگا۔ اسے دشمنِ حق جبکہ تمام پیشگویون کے مجموعی الفاظ یہ ہین کہ بعض لڑکے فوت بھی ہونگے اور ایک لڑکا خدا تعالیٰ سے ہدایت مین کمال پائیگا تو پھر آپکا اعتراض اِس بات پر کُھلی کُھلی دلیل ہے کہ اب آپکا باطن مسخ شدہ ہے یہ تو یہودیون کے علماء کا آپ نے نقشہ اوتار دیا اب آگے دیکھین کیا ہوتا ہے۔

قولہٗ اِس سے ہر یک شخص سمجھ سکتا ہے کہ جو شخص بندون پر جھوٹ بولنے مین دلیر ہو وہ خدا پر جھوٹ بولنے سے کیونکر رُک سکتا ہے۔

اقول ان باتون سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کی فطرت اُن الزامات سے خالی نہین جن کو آپکے والد صاحب جن کے بعض خطوط آپکی فطرت اور آپکے اوصاف حمیدہ کے متعلق میرے پاس بھی غالباً کسی بستہ مین پڑے ہوئے ہونگے بزبان خود مشتہر کر گئے ہین اے نیک بخت اوّل ثابت تو کیا ہوتا کہ فُلان فُلان شخص کے روبرو اِس عاجز نے کبھی جھوٹ بولا تھا۔ اپنے التزام صدق کے جو مین نے نظیرین پیش کی ہین اُنکے مقابل پر بھلا کوئی نظیر تو پیش کرو تا آپکا مونہہ اِس لائق ٹھہرے کہ آپ اِس شخص کی نکتہ چینی کر سکو جو سخت امتحان کے وقت صادق نکلا اور صدق کو ہاتھہ سے نہ چھوڑا مین حیران ہون کہ کونسا جن آپکے سر پر سوار ہے جو آپکی پردہ دری کرا رہا ہے۔

آخر مین یہ بھی آپکو یاد رہے کہ یہ آپکا کراصر افترا ہے کہ الہام کلب یموت علی کلب کو

نوٹ آپکو اِس عاجز کے وہ احسانات بھول گئے جبکہ مین آپ کے والد صاحب کو آپکی پردہ دری سے روکتا رہا آپ خوب جانتے ہین کہ مین نے اُس سچے الزام کو کبھی پسند نہین کیا جو آپکے والد صاحب آپکی نسبت اخبارون مین

اپنے اوپر وارد کر رہے ہین مینے ہرگز کسی کے پاس یہ نہین کہا کہ اسکا مصداق آپ ہین اور جو بعض درشت کلمات کی آپ شکایت کرتے ہین یہ بھی بیجا ہے آپکی سخت بدزبانیون کے جواب مین آپکے کافر ٹہرانے کے بعد آپکے دجّال اور شیطان اور کذاب کہنے کے بعد اگر ہمنے آپکی موجودہ حالت کے مناسب آپکو کچھ حق حق کہدیا تو کیا بُرا کیا آخر واغلظ علیہم کا بھی تو ایک وقت ہے۔

آپکا یہ خیال کہ گویا یہ عاجز براہین احمدیہ کے فروخت ہین دس ہزار روپیہ لوگون سے لیکر خورد وبُرد کر گیا ہے یہ اُس شیطان نے آپکو سبق دیا ہے جو ہر وقت آپکے ساتھہ رہتا ہے آپکو کیونکر معلوم ہوگیا کہ میری نیت مین براہین کا طبع کرنا نہین اگر براہین طبع ہو کر شایع ہوگئی تو کیا اُس دن شرم کا تقاضا نہین ہوگا کہ آپ غرق ہوجائین ہر یک پر بدظنی پر مبنی نہین ہوسکتی اور مین نے تو اشتہار بھی دیدیا تہا کہ ہر یک مستعجل اپنا روپیہ واپس لے سکتا ہے اور بہت سا روپیہ واپس بھی کردیا۔ قرآن کریم جسکی خلق اللہ کو بہت ضرورت تہی اور جو لوح محفوظ مین قدیم سے جمع تہا تیئیس ۲۳ سال مین نازل ہوا اور آپ جیسے بدظنیون کے مارے ہوئے اعتراض کرتے رہے کہ لولا انزل علیہ القرآن جملۃ واحدۃ۔

قولہٗ جب سے آپنے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ مشتہر کیا ہے اُس دن سے آپکی کوئی تحریر کوئی تقریر کوئی خط کوئی تصنیف جہوٹ سے خالی نہین۔

اقول اے شیخ نامہ سیاہ اس دروغ بے فروغ کے جواب مین کیا کہون اور کیا لکہون خدا تعالیٰ تجھہ کو آپ ہی جواب دیوے کہ اَب تو حد سے بڑہ گیا اے **بدقسمت انسان** تو ان ہتیاؤن کے ساتھہ کب تک جیگا۔ کب تک تو اُس لڑائی مین جو خدا تعالیٰ سے لڑ رہا ہے موت سے بچا رہیگا اگر مجھہ کو تو نے یا کسی نے اپنی نابینائی سے دروغگو سمجھا تو

یہ کچھ نئی بات نہیں آپکے ہم خصلت ابوجہل اور ابولہب بھی خدا تعالیٰ کے نبی صادق کو کذاب جانتے تھے انسان جب فرط تعصب سے اندھا ہو جاتا ہے تو صادق کی ہر ایک بات اُسکو کذب ہی معلوم ہوتی ہے لیکن خدا تعالیٰ صادق کا انجام بخیر کرتا ہے اور کاذب کے نقش ہستی کو مٹا دیتا ہے اِنّ اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون

قولہٗ (آپ نے) بحث سے گریز کرکے انواع اتہام اور اکاذیب کا شروع کیا۔

اقول یہ سب آپکے دروغ بے فروغ ہیں جو بباعث تقاضا فطرت بے خبیا آپکے مونہہ سے نکل رہے ہیں ورنہ جو لوگ میری اور آپکی تحریروں کو غور سے دیکھتے ہیں وہ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا اتہام اور کذب اور گریز اس عاجز کا خاصہ ہے یا خود آپ ہی کا۔ چالاکی کی باتیں اگر آپ نہ کریں تو اور کون کرے ایک تو قانون گو شیخ ہوئے دوسرے چار حرف پڑھنے کا دماغ میں کیڑا۔ مگر خوب یاد رکھو وہ دن آتا ہے کہ خود خداوند تعالیٰ ظاہر کر دیگا کہ ہم دونوں میں سے کون کاذب اور مفتری اور خدا تعالیٰ کی نظر میں ذلیل اور رسوا ہے اور کس کی خداوند کریم آسمانی تائیدات سے عزت ظاہر کرتا ہے ذرہ صبر کرو اور انجام کو دیکھو۔

قولہٗ ۔ آپ میں رحمت اور ہمدردی کا شمہ اثر بھی ہوتا تو جس وقت میں نے آپکے دعوی مسیحائی سے اپنا خلاف ظاہر کیا تھا آپ فوراً مجھے اپنی جگہ بلاتے۔ یا غریب خانہ پر قدم رنجہ فرماتے۔

اقول اے حضرت آپکو آنے سے کس نے منع کیا تھا یا میری ڈیوڑھی پر دربان تھے جنہوں نے اندر آنے سے روک دیا کیا پہلے اس سے آپ پوچھ پوچھ کر آیا کرتے

تھے آپکے تو والد صاحب بھی بیماری اور تپ کی حالت مین بھی بٹالہ سے افتان خیزان میرے پاس آجاتے تھے پھر آپکو نئی روک کونسی پیش آگئی تھی اور جبکہ آپ اپنے ذاتی بخل اور ذاتی حسد اور شیخ سنجدی کے خصایل اور کبر اور نخوت کو کسی حالت مین چھوڑنے والے نہین تھے تو مین آپکو اپنے مکان پر بُلا کر کیا ہمدردی اور رحمت کرتا ہان مین نے آپکے مکان پر بھی جانا خلاف مصلحت سمجھا کیونکہ مینے آپکی مزاج مین کبر اور نخوت کا مادہ معلوم کر لیا تہا اور میرے نزدیک یہ قرین مصلحت تہا کہ آپکو ایک مسہل دیا جاے اور جہان تک ہو سکے وہ مادہ آپکے اندر سے باستیفا نکالدیا جائے سو اب تک تو کچھ تخفیف معلوم نہین ہوتی خدا جانے کس غضب کا مادہ آپکے پیٹ مین بھرا ہوا ہے اور اللہ جل شانہٗ جانتا ہے کہ مین نے آپکی بدزبانی پر بہت صبر کیا بہت ستایا گیا اور آپکو روکے گیا اور اب بھی آپکی بدگوئی اور تکفیر تفسیق پر بہر حال صبر کر سکتا ہون لیکن بعض اوقات محض اِس نیت سے پیرایہ درشتی آپکی بدگوئی کے مقابلہ مین اختیار کرتا ہون کہ شاید وہ مادہ خبیث کہ جو مولویت کے باطل تصوّر سے آپکے دل مین جما ہوا ہے اور جن کی طرح آپکو چمٹا ہوا ہے وہ بکلی نکل جاے مین سچ سچ کہتا ہون اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ مین علیٰ وجہ البصیرت یقین رکھتا ہون کہ آپ صرف استخوان فروش ہین اور علم اور درائت اور تفقّہ سے سخت بے بہرہ اور ایک غبی اور بلید آدمی ہین جن کو حقایق اور معارف کے کوچہ کی طرف ذرہ بھی گذر نہین اور ساتھ اِسکے یہ بلا لگی ہوئی ہے کہ ناحق کے تکبّر اور نخوت نے آپکو ہلاک ہی کر دیا ہے جب تک آپکو اپنی اِس جہالت پر اطلاع نہ ہو اور دماغ سے غرور کا کیڑا نہ نکلے تب تک آپ نہ کوئی دُنیا کی سعادت حاصل کر سکتے ہین

نہ دین کی آپکا بڑا دوست وہ ہوگا جو اِس کوشش مین لگا رہے جو آپکی جہالتین
اور نخوتین آپ پر ثابت کرے مین نہین جانتا کہ آپکو کس بات پر ناز ہے۔
سطحی مذاق فطرت کے ساتھہ اور اِس سوئی سمجھہ اور سطحی خیال پر یہ تکبر اور یہ ناز لغو ذ
باللہ من ھذہ الجھالۃ والحمق وترک الحیاء والسخافۃ والضلالۃ۔

اور آپکا یہ خیال کہ مینے اب فساد کے لئے خط بھیجا ہے تا بٹالہ کے مسلمانون مین
پھوٹ پڑے عزیزمن یہ آپکے فطرتی توہمات ہین مینے پھوٹ کے لئے نہین بلکہ آپ کی
حالت زار پر رحم کرکے خط بھیجا تھا تا آپ تحت الثریٰ مین نہ گر جائین اور قبل از موت
حق کو سمجھہ لین مسلمانون مین تفرقہ اور فتنہ ڈالنا تو آپ ہی کا شیوہ ہے یہی تو آپکا
مذہب اور طریق ہے جس کی وجہ سے آپ نے ایک مسلمان کو کافر اور بے ایمان اور دجّال
قرار دیا اور علماء کو دھوکے دیکر تکفیر کے فتوے لکھوائے اور اپنے اُستاد نذیر حسین پر
موت کے دنون کے قریب یہ احسان کیا کہ اُسکے مونہہ سے کلمہ تکفیر کہلوایا اور اُسکی
پیرانہ سالی کے تقویٰ پر خاک ڈالی۔ آفرین باد بریں ہمت مردانہ تو۔ نذیر حسین تو ازل
عمر مین مُبتلا اور بچون کی طرح ہوش و حواس سے فارغ تھا یہ آپ ہی نے شاگردی
کا حق ادا کیا کہ اُسکے اخیر وقت اور لب بام ہونے کی حالت مین ایسی مکروہ سیاہی
اُسکی مونہہ پر مل دی کہ اب غالباً وہ گور مین ہی اُس سیاہی کو لیجائیگا خدا تعالیٰ
کی درگاہ خالہ جی کا گھر نہین ہے جو شخص مسلمان کو کافر کہتا ہے اُسکو وہی نتائج بھگتنے
پڑینگے جبکا ناحق کے تکفیرین کے لئے اُس رسول کریم نے وعدہ دے رکھا ہے جو ایسا
عدل دوست تھا جسنے ایک چور کی سفارش کے وقت سخت ناراض ہوکر فرمایا تھا کہ
مجھے قسم ہے اُس ذات کی جسکے ہاتھہ مین میری جان ہے کہ اگر فاطمہ بنت محمدؐ چوری

کرے تو اُسکا بھی ہاتھہ کاٹا جاے گا۔

قولہٗ (اِس صورت مین قادیان پُہنچ سکتا ہون) کہ مسلمانون پر آپ کا جھوٹ اور فریب کھولون لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ آپ میری جان کو نقصان پُہنچانے کی کوشش کرینگے۔

اقول اب آپ کسی حیلہ و بہانہ سے گریز نہین کرسکتے اب تو دس لعنتین آپکی خدمت مین نذر کردی ہین اور اللہ جل شانہ کی قسم ہی دی ہے۔ آپ آسمانی طریق سے میرے ساتھہ صدق اور کذب کا فیصلہ کرلین اگر آپ مجھہ کو جھوٹا سمجھنے مین سچے ہین تو میری اِس بات کو سُنتے ہی مقابلہ کے لئے کھڑے ہو جائین گے ورنہ اُن تمام لعنتون کو ہضم کر جائین گے اور کچے اور بیہودہ عذرات سے ٹالدینگے اور مین آپکو ہلاک کرنا نہین چاہتا ایک ہی ہے جو آپکو درحالت نہ بازآنے کے ہلاک کریگا اور اپنے دین کو آپکے اِس فتنہ سے نجات دیگا۔ اور آپکے قادیان آنے کی کچھہ ضرورت نہین اگر آپ اللہ اور رسولؐ کے نشان کے موافق آزمائش کے لئے مستعد ہون تو مین خود بٹالہ اور امرتسر اور لاہور مین آسکتا ہون تا سیہ روے شود ہر کہ دروغش باشد۔

اب ہم ذیل مین شیخ بٹالوی صاحب کا جواب درج کرتے ہین۔

اعتراض ۱۰

بٹالہ ضلع گورداسپورہ (یکم جنوری ۱۸۹۳ء) نمبر اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرزا غلام احمد صاحب کادیانی خدا آپکو ہدایت کرے اور راہ راست پر لاوے

سلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔ آپکا خط ۳۱ دسمبر ۱۸۹۲ء مینے تعجب سے پڑھا۔ مین آپکی ان

گیدڑ بھبکیوں سے نہیں ڈرتا۔ بلکہ اِس ڈرنے کو شرک سمجھتا ہوں۔ اور اُنکے مقابلہ
میں یہ آیت قرآن پیش کرتا ہوں۔ اتحاجونی فی اللہ وقد ہدان ط ولا اخاف ما تشرکون
بہ الا ان یشاء ربی شیئاط وسع ربی کل شیئی علماط افلا تتذکرون ٥ وکیف اخاف
ما اشرکتم ولا تخافون انکم اشرکتم باللہ مالم ینزل بہ علیکم سلطانا ط فای الفریقین احق بالامن
ان کنتم تعلمون ٥ الذین آمنوا ولم یلبسوا ایمانہم بظلم اولئک لہم الامن وہم مہتدون۔
کادیانی صاحب! میں قرآن اور پہلی کتابوں کو اور دین اسلام اور پہلے دینوں کو
اور نبی آخرالزمان اور پہلے نبیوں کو سچا جانتا اور مانتا ہوں۔ اور اُسکا یہ لازمہ اور شرط
ہے کہ آپکو جھوٹا جانوں اور آپکا منکر ہوں۔ کیونکہ آپکے عقاید آپکی تعلیمات آپکے اخلاق
وعادات پہلی کتابوں اور پہلے دینوں اور پہلے نبیوں کے مخالف اور متناقض ہیں۔
لہذا اُن کتابوں دینوں اور نبیوں کو ماننا تب ہی صحیح اور سچا ہو سکتا ہے جبکہ آپکے عقاید اور
تعلیمات کو جھوٹا اور آپکو گمراہ سمجھوں۔ جسپر آیات ذیل دلایل ہیں۔ ومن یکفر بالطاغوت
ویومن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی۔ وقد امروا ان یکفروا بہ۔ قد
کانت لکم اسوۃ حسنۃ فی ابراھیم والذین معہ اذ قالوا لقومہم انا برآؤ
منکم ومما تعبدون من دون اللہ کفرنا بکم وبدا بیننا وبینکم العداوۃ والبغضاء
ابدا حتی تومنوا باللہ وحدہ۔ عقاید باطلہ مخالفہ دین اسلام وادیان سابقہ کے
علاوہ جھوٹ بولنا اور دھوکا دینا آپکا ایسا وصف لازم بن گیا کہ گویا وہ آپکی سرشت
کا ایک جزو ہے۔ زمانہ تالیف براہین احمدیہ کے پہلے آپکی سوانح عمری کا میں تفصیلی
علم نہیں رکھتا۔ مگر زمانہ تالیف براہین احمدیہ سے جو جھوٹ بولنا دھوکا دینا آپنے اختیار
کیا ہے۔ خصوصاً ۱۸۸۶ء سے جب سے آپ نے الہامی بیٹا تولد ہونے کی پیشگوئی کی اور

اِس قسم کی اور پیشینگو یان مشتہر کی ہین علی الخصوص ۹۰ سے جب سے آپنے مسیح موعود ہونے کا دعوی مشتہر کیا ہے اُس سے آپکی کوئی تحریر کوئی تقریر کوئی خط کوئی تصنیف خالی نہین ہے۔ اِس قیاس سے ہوسکتا ہے کہ پہلے زمانہ مین خصوصًا امتحان مختار کاری مین فیل ہونے اور پھر عدالت مین سالہاسال اپنے مقدمات کرنے کے وقت آپکا یہی حال رہا ہوگا۔

اِس سے ہر یک سمجھ سکتا ہے کہ جو شخص بندون پر جھوٹ بولنے اور اُنکو دھوکا دینے مین ایسا دلیر ہو وہ خدا پر افترا کرنے سے کہ مین ملہم ہون اور مجھے الہام ہوا ہے کہ فلان شخص مجھے بیٹی نہ دیگا تو ہلاک ہوجاویگا† اور فلان شخص مجھے مسیح نہ مانیگا تو وہ عذاب مین مبتلا ہوگا۔ کس طرح رُک سکتا ہے اور اِس دعوی الہام مین کیونکر سچا سمجھا جاسکتا ہے۔

آپ اِس قسم کے تین ہزار الہامات کے صادق ہونے کے مدعی ہین۔ مین اِن تین ہزار مین سے صرف تین الہامون کے صادق ٹھہرنے پر آپکے ملہم مان لونگا اور یہ سمجھونگا کہ مینے آپکے عقاید و تعلیمات کو مخالف حق اور آپکو بداخلاق اور گمراہ سمجھنے مین غلطی کی۔ اُن تین ہزار مین سے جن تین الہامون کو آپ بیّن الصدق سمجھتے ہین مثلًا دیانند سرستی کی موت کے متعلق الہام یا شیخ مہر علی کی رہائی کی نسبت الہام یا دلیپ سنگھ کی ناکامی سے واپس ہونے کی نسبت الہام یا آپکے آئندہ اور فرضی خُسر کے فوت ہوجانے کی نسبت الہام و امثال ذلک انکو آپ کسی ایسی مجلس مین جس مین جانبین کے اشخاص مساوی ہون اور تین منصف مختلف مذاہب کے یا آزاد مشرب ہون ثابت کردین اور آسانی سے کامیاب ہونگے تین نہ سہی چلو ایک ہی اپنے خیالی الہام اخیر کا جسکو آپنے اپنے جلسہ سیلہ سالانہ مین اپنے معتقدون اور دام افتادگان مین جو اکثر عوام بے علم ہے اور بعض خود غرض بیخبری

نوٹ یہ پیشگوئی سچی تھی کہ اپنی میعاد کے اندر پوری ہوگئی کیونکہ مضمون پیشگوئی یہ تھا کہ اگر مرزا احمد بیگ ... کی طرف پھرے۔ منہ

† ہوشیار پور کی اپنی مطبوعہ پیشگوئی مین مرزا احمد بیگ سے اِس الہام کے کہنے کے بعد بیچ برس تک اپنی لڑکی کا کسی جگہ نکاح نہ کرنے کے عہد مین برس کے عرصہ تک فوت ہوجانیکا چیلنج دیا تھا۔ منہ

اور بعض تماشائی جنکو تحقیق اصل حال سے کوئی غرض نہ تھی بڑی شد و مد سے بیان کیا تھا واقعی الہام ہونا ثابت کر دین۔

اب مرد میدان ہین تو میدان مین نکلین ورنہ ان لن ترانیون سے شرم کرین۔ آپنے دریاے رحمت کے جوش و جنبش مین آنے کا جو آپنے ذکر کیا ہے۔ اس مین بھی آپنے اپنی سنت قدیم کذب و دہوکا دہی سے کام لیا ہے آپکو رحمت سے کیا نسبت۔ رحمت اور ہمدردی کا تو آپ مین مادہ ہی نہین۔ آپکے افعال و حرکات و کلمات صاف شہادت دے رہے ہین کہ آپ پرلے سرے کے بے رحم اور خود غرض جانی اور نفسانی آدمی ہین۔ آپکی زبان اور حجاج بن یوسف کی تلوار دونو توام ہین۔ آپنے اپنے مخالفین اور معترضین کو اس حالت اور اسوقت مین جبکہ آپ انکو مخدومی اخوی کے خطاب سے یاد کرتے اور انکی نیک نیتی کے معترف تھے۔ بیحیا بے ایمان۔ درندہ منہ سے جھاگ نکالنے والا کتا۔ کلب یموت علی کلب۔ سفلہ کمینہ وحشی وغیرہ وغیرہ الفاظ سے یاد کیا ہے کیا رحمت اور انسانی نوع کی ہمدردی یہی معنے رکھتی ہے ؟

آپ مسلمانون کا دس ہزار سے زیادہ روپیہ کتاب براہین احمدیہ کی قیمت اور قبولیت دعاؤن کے طمع دیکر خورد برد کر چکے ہین۔ اور کتاب براہین ہنوز در بطن شاعر کا مصداق ہے۔ اور قبولیت دعاؤن کے امیدوار آپکے مونہہ دیکھہ رہے ہین کیا ہمدردی و رحم اسی کا نام ہے ؟

جب مجھے آپ سے آپکے امکانی ولی ہونے کی نظر سے حسن ظن ہوا تو مینے آپ سے بارہا التجا کی کہ مجھے آپ اپنے پاس ٹھہرا کر رحمت و برکت کے آثار دکھا مین آپنے کبھی ہان نہ کی۔ ایک دفعہ مین نے آپکو یہ بھی کہا تھا کہ آپکے مخالف و منکر اچھے رہے کہ آپ ان کو

نشان آسمانی دیکھانے کے لئے انعام کے وعدہ پر بلاتے ہین - ہم موافقین کو بلا وعدہ انعام بھی نہین بُلاتے تو آپ ہنس کر چُپ ہوگئے پھر جب آپ نے مسیح موعود ہونے کا دعوی کیا تو مین نے اپنا خلاف ظاہر کرکے آپکے پاس آنا اور دوستانہ پرائیویٹ گفتگو کرنا چاہا تو آپ بُلانے کا وعدہ دیتے دیتے لودیانہ مین جا براجے اور وہان جاکر مخاصمانہ بحث کا اکھاڑہ جماکرنا جائز اور بحث کو ٹلانے کے شروط سے پناہ گزین ہوئے - پھر جب بمقام لودیانہ آپکے گھر پر پہنچکر آپکو گفتگو پر مجبور کیا - تو آپ نے اِس باامن گفتگو کو ناتمام چھوڑکر پھر مخاصمانہ اکھاڑہ جمانے کا اہتمام کیا - اور دہلی پٹیالہ لاہور سیالکوٹ وغیرہ مین مخاصمانہ بحث کا علم بلند کیا - اور پھر بحث سے گریز کرکے انواع اتہام و اکاذیب کا اشتہار کیا اور اسی اثنا مین فیصلہ آسمانی لکھہ مارا جس مین کوئی دقیقہ بیرحمی و بدگوئی کا فروگذاشت نہ کیا - اِس بیرحمی ونفسانی کارروائیون کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانون کی جماعت مین تفرقہ پڑگیا - بھائی بھائی سے اور دوست دوست سے الگ ہوگیا - کیا رحمت و ہمدردی کا یہی اثر ہے -

آپ مین رحمت اور ہمدردی کا شمہ اثر بھی ہوتا تو جس وقت مین نے اپنا خلاف آپکے دعوی مسیحائی سے ظاہر کیا تہا آپ فوراً مجھے اپنی جگہہ بُلاتے یا غریب خانہ پر قدم رنجہ فرماتے (جیساکہ پہلے بھی آپسے وقوع مین آتا رہا - اور کم سے کم تین دفعہ آپنے غریب خانہ مین قدم رنجہ فرماکر رابطہ اتحاد ظاہر کیا تہا) اور اِس صورت سے آپ اپنے دعوی جدیدہ کو ثابت کر دکھاتے اب جو آپ نے یہ خط ارسال فرمایا ہے - یہ بھی آپکی خودغرضی اور نیت فساد سے خالی نہین - اِس مین خودغرضی یہ ہے کہ آپکے مرید آپکو نیک نیت اور اپنے دعوی مین ثابت قدم اور مقابلہ مخالفین کے لئے مستعد سمجھین نیت فساد کی یہ ہے

کہ جانب ثانی سے جواب ترکی بہ ترکی ملے تو اِس سے بٹالہ کے مسلمانون مین پھوٹ پڑے - یہ آپکے دعوئ الہام و استہزا اور خیر خواہی و رحمت کا جواب ہے -

اب مین آپکی اِس درخواست کا کہ خاکسار آپکے اور آپکے تابعین کے الہامات و مناامات سے ڈر کر آپکے پاس پہنچے اور آپکا مطیع ہوجائے یا آپکو اُن ڈرانے والے الہامات و مناامات کی اشاعت کی اجازت دے،، جواب دیتا ہون -

آپکا خاکسار کو اپنے پاس بُلانا - اگر اِس غرض سے ہے کہ مین آپکے عقائد باطلہ کی نسبت آپ سے کچھہ دریافت کرون تو اِس نظر سے آنا فضول ہے - ہم مسلمانون کو آپکے عقائد باطلہ کے بطلان مین اب کوئ شک نہین ہے لھذا اِسمین کچھہ دریافت کرنے کی کوئ ضرورت و حاجت باقی نہین -

ہان آپکو کچھہ شک و اشتباہ ہو تو آپ جس وقت چاہین حسب عادت قدیم غریب خانہ پر تشریف لاوین -

دستور قدیم کے موافق آپکی مدارات ہوگی اور آپکی تسلی کیجاویگی انشاءاللہ تعالی -

اور اگر خاکسار کو اپنے پاس بُلانا اِس غرض سے ہے کہ آپ مجھے کوئ نشان آسمانی دکھائینگے تو اِس نظر سے آنا نہ صرف بیفایدہ ہے بلکہ گناہ اور موجب نقصان ہے - جس شخص کے عقاید اسلام اور سابق ادیان کے مخالف ہون اس سے نشان آسمانی کا متوقع ہونا مومن کا کام نہین - اور اگر وہ کچھہ جالاکی اور شعبدہ بازی سے بذریعہ مسمیریزم وغیرہ دکھا ہی دے تو اِسپر اعتماد کرنا مخالف اسلام ہے - اِس بات کو آپ بھی اپنے اشتہارمین تسلیم کرچکے ہین -

ہان اِس غرض سے میرا وہان پہنچنا جایز بلکہ موجب ثواب ہے کہ مین وہان پہنچکر

آپکا عجز اظہار نشان آسمانی سے لوگون پر ظاہر کرون اور مسلمانون پر آپکا جھوٹ اور فریب کھولون کیونکہ میرے خیال مین آپکو مسمریزم وغیرہ مین دخل نہین - اور آپکے پاس جو ہتھیار دوام تزویر ہے وہ صرف زبان کی چالاکی اور فقرہ بندی ہے - لیکن مجھے اِس صورت مین قادیان پہنچنے مین یہ اندیشہ ہے کہ آپ میری جان کو نقصان پہنچانے مین کوشش کرینگے اور اِس سے اپنے الہام کو کہ یہ شخص باون ۵۲ برس کا ہوکر فوت ہوجاویگا جسکو آپکے حواری اور دوست میان چٹو ریشم فروش اور میان رجب الدین شالی کوٹ لاہور وغیرہ آپس مین پھیلا رہے ہین سچا کر دکھائین گے اگرچہ واقع مین کبھی سچّا نہین ہوسکتا کیونکہ مین باون برس کی عمر پوری کرچکا ہون ۷ محرم ۱۳۵۶ھ میری پیدائش ہے اور اب ۱۳۱۱ھ گذر رہا ہے) اور کم سے کم یہ کہ میری آبروریزی کی تدبیر کرینگے - پس اگر آپ میری اِس غرض کو پیش نظر رکھکر مجھے اپنے پاس بُلانا چاہتے ہین تو میرے اِس اندیشہ کو ایک باضابطہ تحریر سے جو عدالت مین رجسٹرڈ ہوا ٹھادین آپ نے اِس تحریر ذمہ داری کو منظور کیا تو اِسکا مسودہ آپکے پاس بھیجا جاویگا - اِس صورت مین یہ خاکسار قادیان مین حاضر ہوگا اور جو کام آپکی خدمت گذاری کا یہان کرتا ہے وہان بیٹھکر کریگا - درصورت عدم منظوری شرط مذکور مین قادیان مین نہین آسکتا - اِس صورت مین جو آپنے اپنے اور اپنے تابعین کے الہامات وسنامات کے جو میری نسبت ہوئے ہین اجازت چاہی ہے اِس سے مجھے تعجب آیا اور یقین ہوا کہ آپ دعوی الہام مین کذاب ہین خدا کے الہام کی اشاعت وتبلیغ کے لئے اور ون کی اجازت کے کیا معنے ہین اوّل تو جو الہام کسی نبی یا ولی کو کسی شخص کے ڈرانے کے لئے ہوتا ہے اسکی اشاعت وتبلیغ اِس الہام کا عین مدعا ہوتا ہے اور اگر آپکا مُلہم آپکو ایسے الہام کرتا ہے جسکی

† نوٹ - مُبالوی صاحب کے اِس بیان سے اُنکی قرآن دانی اور حدیث خوانی خوب ظاہر ہورہی ہے اُنکو معلوم رہے کہ ہر یک ملہم من اللہ کو تین قسم کے الہام ہوتے ہین ایک واجب التبلیغ دوسرے وہ الہام جنکے اظہار

* یہی نقشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مین موجود ہے سو یہ الہام درسیانی قسم کا الہام تھا جسکا اظہار وعدم اظہار اِس عاجز کے اختیار مین دیا گیا تھا اور انبیا ہی سے ایک بات خدا تعالیٰ اپنے حل نہین کرنے چاہتا اس عالم اسباب مین اپنے اجتہاد سے بھی کام لیتے ہین فتدبر

اشاعت تا نظر ثانی وحکم ثانی جایز نہین ہوتی تو آپ اپنے ملہم ہی سے کیون نہین پوچھہ لیتے کہ مین اِس الہام کو شایع کرون یا نہ کرون اور اگر کرونگا تو کسی قانون کے شکنجہ مین تو نہ پھنسا یا جاؤنگا - آپکی اِس اجازت چاہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ الہام کی آڑ مین مجھے گالیان دینا چاہتے ہین اور ایسے الفاظ لکھنے اور مشتہر کرنے کا ارادہ رکھتے ہین جس سے میری حیثیت عرفی کا ازالہ ہو اور میرے اور میرے عزیزون اور اقارب کی دلشکنی ہو اور انکو رنج پہنچے - چنانچہ پہلے بھی آپ نے اِس قسم کے الہام میری نسبت شایع کئے ہین و معہذا آپ قانونی گرفت کا بھی اندیشہ رکھتے ہین اور حکام وقت کو اپنے ملہم کی نسبت زبردست سمجھتے ہین - لہذا مین ایسے الہام کی اشاعت کی اجازت عام نہین دے سکتا - ہان اِس قسم کی اجازت سے مین رُک بھی نہین سکتا کہ آپ اپنے اور تابعین کے الہامات کو جہانتک کہ قانون انکی اشاعت کی اجازت دیتا ہے شایع کرین - اور اپنے ملہم کمزور و ڈرپوک کو (جو یقیناً خدا تعالیٰ نہین بلکہ معلم الملکوت ہے) حکام وقت سے مغلوب سمجھہ کر اسکے حکم کی تعمیل کو حکام وقت کے قانون کے تابع رکھین - اِسکا آپ نے خلاف کیا تو آپکو کورٹ مین پھر کسی اور آرامگاہ مین آنا پڑیگا - آپکے پچھلے الہامات بھی میری نگاہ مین ہین اور انکی نسبت تدارک کا ارادہ بھی ہنوز ملتوی نہین ہوا -

مین یہ کہنا بھی نامناسب نہین سمجھتا ہون کہ اگر آپ خدا سے ہمکلام ہونے کا شرف رکھتے ہین اور خدا تعالیٰ سے مجملات کی تفصیل پوچھہ سکتے ہین اور معہذا بنی نوع سے ہمدردی رکھتے ہین (جیسا کہ آپنے اپنے خط مین دعویٰ کیا ہے) تو بجاے مجھے دھمکانے اور ڈرانے کے آپ میری نسبت خدا تعالیٰ سے پہلے یہ دریافت کرین کہ جو مُنذر الہام آپکو اِس

شخص کی نسبت ہوا ہے وہ مبرم اور قطعی الوقوع ہے یا اسکا وقوع معلّق ہے اور جو ڈر یا عذاب اسمین بیان کیا گیا ہے وہ درصورت اسکے تابع ہو جانے کے اس شخص سے اُٹھ سکتا ہے۔

پس اگر خدا تعالیٰ آپکو یہ بتا دے کہ وہ میرے نصین معلّق ہے تو آپ خدا کی جناب مین دُعا کرین کہ وہ مجھے آپکی شناخت کی توفیق دے اور آپکے تابع کر دے* - اور مجھ سے وہ عذاب اُٹھا لے اور اِس امر مین اپنے دریاے رحمت کو جوش مین لاوین اور اُس نبی رحیم کی سنت پر عمل کرین جسکو اُسکی قوم نے مار کر خون آلودہ کر دیا تہا۔ اور وہ اپنے چہرہ سے خون پونچہتا اور یہ کہتا تہا۔ اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون اور نیز آنحضرت کی اِس سنت پر عمل کرین کہ جب آپکے پاس ملک الجبال نے حاضر ہو کر کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے اِس لئے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ اگر آپ چاہین تو مین آپکے منکرون اور مخالفون کو پہاڑ کے نیچے کچل دون تو آپ نے فرمایا مین یہ نہین چاہتا۔ اور مین اُمید کرتا ہون کہ اُنکی پُشتون سے ایسے لوگ پیدا ہونگے جو خدا کی توحید پکاریںگے۔ اور اگر خدا تعالیٰ آپ کو یہ خبر دے کہ یہ الہام مبرم و قطعی الوقوع ہے تو پھر آپ میری دعوت سے دست بردار ہون۔ اور اپنے تابعین کو وہ الہام سُنا کر ان پر اپنی نبوّت و ولائیت ثابت کرین۔ اِس صورت مین مجھے دعوت کرنا فضول ہے کیونکہ قطعی وعدہ عذاب کے بعد کسی نبی نے دعوت نہین کی۔

اور اگر آپ اپنی اِس دھمکی پر مصر رہین گے تو طالب حق اور منصف جان لین گے کہ آپ اِس دعوت و انذار مین فریب کرتے ہین اور جھوٹے ہین۔

مین اخیر مین یہ بھی آپ کو اطلاع دیتا ہون کہ اگر مین آپکی مخالفت مین نیک نیت اور حق پر ہون اور دین اسلام کی حمایت کر رہا ہون اور نفسانیت کو اُس

* نوٹ۔ خدا تعالیٰ کسی ملہم کی دعا سے اُسکو ہدایت کرتا ہے جسکے دل پر زیغ اور کجی کا غلبہ نہین ہوتا ورنہ بموجب فلما زاغوا ازاغ اللہ قلوبھم ہدایت پانے سے محروم رہتا ہے۔ منہ

مین دخل نہین دیتا تو خدا تعالیٰ میری مدد کریگا اور آپکو ہدایت کرکے تابع حق اور دین اسلام کریگا ورنہ سخت عذاب مین مبتلا کرکے ہلاک کریگا اور اگر میری نیت مین فساد ہے تو خدا مجھسے اسکا بدلہ خود دیگا آپکا ڈرانا اور دھمکانا عبث و فضول ہے خصوصًا ایسی حالت مین کہ مین آپکو کذاب جانتا ہون اور اس اعتقاد کو دین اسلام کا جزو سمجھتا ہون لہذا بہتر ہے کہ آپ ان گیدڑ بھبکیون سے باز آئین اور حق کے تابع ہوجائین آیندہ اختیار ہے و ما علینا الا البلاغ المبین۔

راقم ابوسعید محمد حسین عفی اللہ عنہ

یہ خط ایک جلسہ عام اہل اسلام مین پڑھا گیا اور عمایدجلسہ نے اسکے مضمون کو پسند کیا اور اسکے مسودہ پر دستخط کیا از انجملہ مختصر کے نام نامی یہ ہین۔

(۱) محمد فیض محی الدین قادری عفی عنہ (۲) احمد علی عفی عنہ (۳) محمد اعظم عفی عنہ (۴) شیخ امیربخش (۵) حافظ غلام قادر (۶) نور محمد (۷) شیخ امیربخش (۸) نبی بخش ذیلدار بٹالہ (۹) برکت علی (۱۰) محمد اسحاق ولد قاضی نور احمد (۱۱) فقیر شیخ محمد واعظ اسلام نقشبندی مخدومی حسنی (۱۲) محمد ابراہیم امام مسجد جامع (۱۳) حکیم عطا محمد (۱۴) علی محمد (۱۵) مسکین محمد احمد اللہ (۱۶) فقیر شمس الدین۔ (۱۷) محمد علی تہانہ دار غیشنر (۱۸) حسین بخش اپیل نویس۔ اور بہت سے آدمی ہین جنکی تعداد ایک سو سے زیادہ ہے۔

جواب الجواب شیخ بٹالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی

الحمد للہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی۔ اما بعد آپکا رجسٹری شدہ خط مورخہ

۴ جنوری ۱۸۹۳ء کو مجھ کو ملا اگرچہ آپکا یہ خط جو کذب اور تہمت اور بیجا افتراؤن کا ایک مجموعہ ہے اِس لائق نہین تھا کہ مین اُسکا کچھ جواب آپکو لکھتا فقط اعراض کافی تھا لیکن چونکہ آپ نے اپنے خط کے صفحہ دو اور تین مین اِس عاجز کی تین پیشگوئیون کا ذکر کرکے بالآخر اُس تیسری پیشگوئی پر حصر کر دیا ہے جو نورافشان دہم مئی ۱۸۸۸ء اور نیز میرے اشتہار مشتہرہ ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء مین درج ہے اور آپ نے اقرار کیا ہے کہ اگر اس الہام کا سچا ہونا ثابت ہو جائے تو مین آپکو ملہم مان لونگا اور یہ سمجھونگا کہ مین نے آپکے عقاید و تعلیمات کو مخالف حق اور آپکو بد اخلاق اور گمراہ سمجھنے مین غلطی کی۔ اسلئے اِس عاجز نے پھر آپکی حالت پر رحم کرکے آپکو اُس الہامی پیش گوئی کے ثبوت کی طرف توجہ دلانا مناسب سمجھا۔ وہ پیشگوئی جیسا کہ آپ خود اپنے خط مین بیان کر چکے ہین یہی تھی کہ اگر مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری اپنی بیٹی اِس عاجز کو نہ دیوے اور کسی سے نکاح کر دیوے تو روز نکاح سے تین برس کے اندر فوت ہو جائیگا۔ اِس پیشگوئی کی یہ بنیاد نہین تھی کہ خواہ نخواہ مرزا احمد بیگ کی بیٹی کی درخواست کی گئی تھی بلکہ یہ بُنیاد تھی کہ یہ فریق مخالف جن مین سے مرزا احمد بیگ بھی ایک تھا اِس عاجز کے قریبی رشتہ دار مگر دین کے سخت مخالف تھے اور ایک اِن مین سے عداوت مین اِس قدر بڑھا ہوا تھا کہ اللہ جل شانہٗ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کو علانیہ گالیان دیتا تھا اور اپنا مذہب دہریہ رکھتا تھا اور نشان کے طلب کے لئے ایک اشتہار بھی جاری کر چکا تھا اور یہ سب مجھ کو مکّار خیال کرتے تھے اور نشان مانگتے تھے اور صوم اور صلوٰۃ اور عقائد اسلام پر ٹھٹھا کیا کرتے تھے سو خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اِن پر اپنی حجت پوری کرے سو اُسنے نشان دکھلانے مین وہ پہلو اختیار کیا جسکا ان تمام

بیدین قرابتیون پر اثر پڑتا تھا خدا ترس آدمی سمجھ سکتا ہے کہ موت اور حیات انسان کے
اختیار مین نھین اور ایسی پیشگوئی جس مین ایک شخص کی موت کو اُسکی بیٹی کے نکاح کے
ساتھہ جو غیر سے ہو وابستہ کر دیا گیا اور موت کی حد مقرر کر دی گئی انسان کا کام نھین ہے۔
چونکہ یہ الہامی پیش گوئی صاف بیان کر رہی تھی کہ مرزا احمد بیگ کی موت اور حیات اُسکی
لڑکی کے نکاح سے وابستہ ہے اسلئے پانچ برس تک یعنے جب تک اُس لڑکی کا کسی
دوسری جگہ نکاح نہ کیا گیا مرزا احمد بیگ زندہ رہا اور پھر ۷- اپریل ۱۸۹۲ء مین احمد بیگ
نے اُس لڑکی کا ایک جگہ نکاح کر دیا اور بموجب پیشگوئی کے تین برس کے اندر یعنے نکاح
سے چوتھے مہینہ مین جو ۳۱ ستمبر ۱۸۹۲ء تھی فوت ہو گیا اور اُسی اشتہار مین یہ بھی لکھا تھا
کہ اگرچہ روز نکاح سے موت کی تاریخ تین برس تک بتلائی گئی ہے مگر دوسرے کشف سے
معلوم ہوا کہ کچھہ بہت عرصہ نھین گذریگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ نکاح اور موت مین صرف
چار مہینہ بلکہ اِس سے بھی کم فاصلہ رہا یعنے جیسا کہ مین لکھہ چکا ہون کہ ۷- اپریل ۱۸۹۲ء
مین نکاح ہوا اور ۳۱ ستمبر ۱۸۹۲ء کو مرزا احمد بیگ اِس جہان فانی سے رخصت ہو گیا اب
ذرا خدا تعالیٰ سے ڈر کر کہین کہ یہ پیشگوئی پوری ہو گئی یا نہین- اور اگر آپکے دل کو یہ دھکا
ہو کہ کیونکر یقین ہو کہ یہ الہامی پیشگوئی ہے کیون جایز نھین کہ دوسرے وسایل نجوم و
رمل وجفر وغیرہ سے ہو تو اِسکا یہ جواب ہے کہ منجمون کی اِس طور کی پیشگوئی نھین ہوا
کرتی جس مین اپنی ذاتی فایدہ کے لحاظ سے اِس طور کی شرطین ہون کہ اگر فلان شخص
ہمین بیٹی دے تو زندہ رہیگا ورنہ نکاح کے بعد تین برس تک بلکہ بہت جلد مر جائیگا اگر
دُنیا مین کسی منجم یا رمّال کی اِس قسم کی پیشگوئی ظہور مین آئی ہے تو وہ اُسکے ثبوت کے
ساتھہ پیش کرین علاوہ اِسکے اِس پیشگوئی کے ساتھہ اشتہار مین ایک دعوی پیش

کیا گیا ہے یعنے یہ کہ مین خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا ہون اور مکالمہ الہیہ سے مشرف ہون
اور مامور من اللہ ہون اور میری صداقت کا نشان یہ پیش گوئی ہے - اب آپ اگر کچھہ
بھی اللہ جل شانہ کا خوف رکھتے ہین تو سمجھہ سکتے ہین کہ ایسی پیش گوئی جو منجانب اللہ
ہونیکے لئے بطور ثبوت کے پیش کی گئی ہے اسی حالت مین سچی ہو سکتی ہے کہ جب درحقیقت
یہ عاجز منجانب اللہ ہو کیونکہ خدا تعالیٰ ایک مفتری کی پیشگوئی کو جو ایک جھوٹے دعوی
کے لئے بطور شاہد صدق بیان کی گئی ہرگز سچی نہین کر سکتا وجہ یہ کہ اس مین خلق اللہ کو
دہوکا لگتا ہے جیسا کہ اللہ جل شانہ خود مدعی صادق کے لئے یہ علامت قرار دیکر فرماتا ہے
وان یک صادقا یصبکم بعض الذی یعدکم - اور فرماتا ہے ولا یظہر علی
غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول - رسول کا لفظ عام ہے جس مین رسول اور
نبی اور محدث داخل ہین - پس اس پیشگوئی کے الہامی ہونے کے لئے ایک مسلمان
کے لئے یہ دلیل کافی ہے جو منجانب اللہ ہونے کے دعوی کے ساتھہ یہ پیش گوئی بیان
کی گئی اور خدا تعالیٰ نے اسکو سچی کرکے دکھلا دیا اور اگر آپکے نزدیک یہ ممکن ہے کہ ایک
شخص در اصل مفتری ہو اور سراسر دروغ گوئی سے کہے کہ مین خلیفۃ اللہ اور مامور
من اللہ اور مجدد وقت اور مسیح موعود ہون اور میرے صدق کا نشان یہ ہے کہ اگر
فلان شخص مجھے اپنی بیٹی نہین دیگا اور کسی دوسرے سے نکاح کر دیگا تو نکاح کے بعد
تین برس تک بلکہ اس سے بہت قریب فوت ہو جائیگا اور پھر ایسا ہی واقعہ ہو جاے
تو برائے خدا اسکی نظیر پیش کرو ورنہ یاد رکھو کہ مرنے کے بعد اس انکار اور تکذیب اور
تکفیر سے پوچھے جاؤگے خدا تعالیٰ صاف فرماتا ہے کہ ان اللہ لا یھدی من ھو
مسرف کذاب سوچکر دیکھو کہ اسکے یہی معنی ہین جو شخص اپنے دعوی مین کاذب ہو اسکی

پیشگوئی ہرگز پوری نہین ہوتی شیخ صاحب اب وقت ہے سمجھہ جاؤ اور اُس دن سے
ڈرو جس دن کوئی شیخی پیش نہین جائیگی اور اگر کوئی نجومی یا رمّال یا جفری اِس عاجز کی
طرح دعویٰ کرکے کوئی پیشگوئی دکھلا سکتا ہے تو اِسکی نظیر پیش کرو اور چند اخبارون مین درج
کرادو اور یاد رکھو کہ ہرگز پیش نہین کرسکوگے اور ایسا نجومی ہلاک ہوگا خدا تعالیٰ تو اپنے
نبی کو فرماتا ہے کہ اگر وہ ایک قول بھی اپنی طرف سے بناتا تو اُسکی رگ
جان قطع کی جاتی پھر یہ کیونکر ہو کہ بجاے رگ جان قطع کی جانے کے
اللہ جل شانہ اِس عاجز کو جو آپکی نظر مین کافر مفتری دجّال کذّاب ہے دشمنون کے
مقابل پر یہ عزّت دی کہ تائید دعویٰ مین پیش گوئی پوری کرے کبھی دُنیا مین یہ ہوا ہے
کہ کاذب کی خدا تعالیٰ نے ایسی مدد کی ہو کہ وہ گیارہ برس سے خدا تعالیٰ پر یہ افترا کر رہا
ہو کہ اُسکی وحی ولایت اور وحی محدثیّت میرے پر نازل ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ اُسکی
رگ جان نہ کاٹے بلکہ اسکی پیشگوئیون کو پورا کرکے آپ جیسے دشمنون کو منفعل اور
نادم اور لاجواب کرے اور آپکی کوشش کا نتیجہ یہ ہو کہ آپ کے تکفیر سے پہلے تو کُل ۷۵
آدمی سالانہ جلسہ مین شریک ہون اور بعد آپکی تکفیر اور جانکاہی اور لوگون کے روکنے
کے تین سو ستائیس ۳۲۷ احباب اور مخلص جلسہ اشاعت حق پر دوڑے آوین اب اِس سے
زیادہ کیا لکھون مین اِس خط کو انشاء اللہ چھاپ کر شایع کرونگا اور مجھے اِس بات
کی ضرورت نہین کہ اِس الہامی پیشگوئی کی آزمایش کے لئے بٹالہ مین کوئی مجلس مقرر
کرون مناسب ہے کہ آپ بھی اپنے اشاعت السنہ مین میرے اِس خط کو شایع کردین اور
یہ بات بھی ساتھہ لکھہ دین کہ اب آپکو قبول کرنے مین کیا عذر ہے خود منصف لوگ
دیکھہ لین گے کہ وہ عذر صحیح یا غلط ہے۔

مکرّر یہ کہ اللہ جل شانہ خوب جانتا ہے کہ مین اپنے دعوی مین صادق ہون نہ مفتری ہون نہ دجّال نہ کذّاب اِس زمانہ مین کذّاب اور دجّال اور مفتری پچھلے اِس سے کچھ تھوڑے نہین تھے تا خدا تعالیٰ صدی کے سر پر بھی بجاے ایک مجدد کے جو اُسکی طرف سے مبعوث ہو ایک دجّال کو قایم کرکے اور بھی فتنہ اور فساد ڈالدیتا مگر جو لوگ سچائی کو نہ سمجھین اور حقیقت کو دریافت نہ کرین اور تکفیر کی طرف دوڑین مین اُنکا کیا علاج کرون مین اُس بیمار دار کی طرح جو اپنے عزیز بیمار کے غم مین مبتلا ہوتا ہے اِن ناشناس قوم کے لئے سخت اندوہگین ہون اور دُعا کرتا ہون کہ اے قادر ذوالجلال خدا اے ہادی و رہنما اِن لوگون کی آنکھین کھول اور آپ اُنکو بصیرت بخش اور آپ اِن کے دلون کو سچائی اور راستی کا الہام بخش اور یقین رکھتا ہون کہ میری دُعائین خطا نہین جائینگی کیونکہ مین اُسکی طرف سے ہون اور اُسکی طرف بُلاتا ہون یہ سچ ہے اگر مین اُسکی طرف سے نہین ہون اور ایک مفتری ہون تو وہ بڑے عذاب سے مجھ کو ہلاک کریگا کیونکہ وہ مفتری کو کبھی عزّت نہین دیتا کہ جو صادق کو دیجاتی ہے مینے جو ایک پیشگوئی جسپر آپ نے میرے صادق اور کاذب ہونے کا حصر کردیا آپکی خدمت مین پیش کی ہے یہی میرے صدق اور کذب کی شناخت کے لئے ایک کافی شہادت ہے کیونکہ ممکن نہین کہ خدا تعالیٰ کذّاب اور مفتری کی مدد کرے لیکن ساتھہ اِسکے مین یہ بھی کہتا ہون کہ اِس پیشگوئی کے متعلّق دو پیشگوئی اور ہین جنکو مین اشتہار ۲۰ جولائی ۱۸۸۸ء مین شایع کرچکا ہون جنکا مضمون یہی ہے کہ خدا تعالیٰ اُس عورت کو بیوہ کرکے میری طرف رجوع کریگا اب انصاف سے دیکھین کہ نہ کوئی انسان اپنی حیات پر اعتماد کرسکتا ہے اور نہ کسی دوسرے کی نسبت دعوی کرسکتا ہے کہ وہ فُلان وقت تک زندہ رہیگا یا فُلان

وقت تک مرجائیگا مگر میری اس پیشگوئی مین نہ ایک بلکہ چھہ دعوی ہین اوّل نکاح کے وقت تک میرا زندہ رہنا دوم نکاح کے وقت تک اُس لڑکی کے باپ کا یقینًا زندہ رہنا سوم پھر نکاح کے بعد اُس لڑکی کے باپ کا جلدی سے مرنا جو تین برس تک نہین پہنچیگا چہارم اُسکے خاوند کا اڑھائی برس کے عرصہ تک مرجانا پنجم اُسوقت تک کہ مین اُس سے نکاح کرون اُس لڑکی کا زندہ رہنا ششم پھر آخر یہ کہ بیوہ ہونے کی تمام رسمون کو توڑ کر باوجود سخت مخالفت اُسکے اقارب کے میرے نکاح مین آجانا۔ اب آپ ایمانًا کہین کہ کیا یہ باتین انسان کے اختیار مین ہین اور ذرہ اپنے دل کو تہام کر سوچ لین کہ کیا ایسی پیشگوئی سچے ہوجانے کی حالت مین انسان کا فعل ہوسکتی ہے پھر اگر اس پیشگوئی پر جو لڑکی کے باپ کے متعلق ہے جو ۱۳ ستمبر ۱۸۹۸ء کو پوری ہوگئی آپکا دل نہین بھرتا تو آپ اشاعۃ السنہ مین ایک اشتہار جسپر اپنے اقرار کے دستخط ہون یہ شائع کرین کہ اگر یہ دوسری پیشگوئیان بھی پوری ہوگئین تو اپنے ظنون باطلہ سے توبہ کرونگا اور دعوے مین سچا سمجھہ لونگا اور ساتھہ اسکے خدا تعالی سے ڈر کر یہ بھی اقرار کردین کہ ایک تو اُن مین سے پوری ہوگئی اور اگر اس پیشگوئی کے پورا ہوجانے کا آپکے دل مین زیادہ اثر نہ ہو تو اس قدر تو ضرور چاہئے کہ جب تک اخیر ظاہر نہ ہو کف لسان اختیار کرین جب ایک پیش گوئی پوری ہوگئی تو اُسکی کچھہ تو ہیبت آپکے دل پر چاہئے۔ آپ تو میری ہلاکت کے منتظر اور میری رسوائی کے دنون کے انتظار مین ہین اور خدا تعالی میرے دعوی کی سچائی پر نشان ظاہر کرتا ہے اگر آپ اب بھی نہ مانین تو میرا آپ پر زور ہی کیا ہے لیکن یاد رکھین کہ انسان اپنے اوایل ایام انکار مین بباعث کسی اشتباہ کے معذور ٹھہر سکتا ہے لیکن نشان دیکھنے پر ہرگز معذور نہین

ٹھہر سکتا کیا یہ پیشگوئی جو پوری ہوگئی کوئی ایسا اتفاقی امر ہے جسکی خدا تعالیٰ کو کچھ بھی خبر نہین کیا بغیر اُسکے علم اور ارادہ کے ایک دجّال کی تائید مین خود بخود یہ پیشگوئی وقوع مین آگئی کیا یہ سچ نہین کہ مدعی کاذب کی پیشگوئی ہرگز پوری نہین ہوتی یہی قرآن کی تعلیم ہے اور یہی توریت کی اگر آپ مین انصاف کا کچھ حصّہ ہے اور تقویٰ کا کچھ ذرہ ہے تو اب زبان کو بند کرلین خدا تعالیٰ کا غضب آپکے غضب سے بہت بڑا ہے۔ ما یفعل اللہ بعذابکم ان شکرتم و آمنتم۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ وما استکبر وما ابی۔

عاجز **غلام احمد** عفی اللہ عنہ

ذیل مین ھم خط محبّی نوّاب سردار **محمّد علیخان** صاحب کا لکھتے ہین یہ خط نوّاب صاحب موصوف نے کسی اور طالب حق کی تحریک سے لکھا ہے ورنہ خود نواب صاحب اس عاجز سے ایک خاص تعلّق اخلاص و محبّت رکھتے ہین اور اس سلسلہ کے حامی بدل و جان ہین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طبیب روحانی مکرّم معظّم سلمہ اللہ تعالیٰ۔

السلام علیکم۔ بندہ بہ سبب علالت طبع کے جواب سے قاصر رہا۔ الحمد للہ کہ اب خیریت سے ہون اُمید ہے کہ جناب بھی خیریت سے ہونگے۔ روپیہ بہ دست مرزا خدا بخش صاحب ارسال کیا گیا ہے اُمید کہ مرزا صاحب نے آپ سے کُل حال بیان کر دیا ہوگا۔

جب سے کہ دعویٰ **مثیل المسیح** کی اشاعت ہوئی ہے ہر ایک آدمی ایک عجیب خلجان مین ہو رہا ہے گو بعض خواص کی یہ حالت ہو کہ اُنکو کوئی شک پیدا نہ ہوا ہو بندہ

جبھی سے شش و پنج مین ھے کبھی آپکا دعوی ٹھیک معلوم ہوتا ھے اور کبھی تذبذب کی حالت ہوجاتی ہے گویا قبض اور بسط کی سی کیفیت ہے اب قال قیل بہت ہوچکی اپنی تو اس سے اطمینان نھین ہوتی کیونکہ مخالف اور موافق باتون نے دل کی عجب کیفیت کردی ہے بلکہ بعض اوقات **اسلام** کے سچے ہونے مین شبہ ہوجاتا ھے وجہ اسکی یہ ہے کہ ایک طرف خدا تعالیٰ قرآن شریف مین فرماتا ہے کہ جسنے ہماری راہ مین کوشش کی ہم اُس کو اپنا راستہ دکھاتے ہین۔ اور دوسری طرف یہ حیرانی ہے کہ وہ وعدہ پورا نھین ہوتا گو کسی نے استخارہ نہ کیا ہو لیکن ہینکڑو آدمی دل و جان سے کوشان ہین کہ ہمکو سیدہا راستہ معلوم ہوجاوے اور سچائی ظاہر ہو۔

اب مندرجہ ذیل امورات ایسے معلوم ہوتے ہین کہ جس سے اب صداقت ظاہر ہو۔

اوّل اب کوئی عُذر اس قسم کا نھین رہا کہ اب مباہلہ کے لئے مخالفون کو نہ بُلایا جاوے۔ کیونکہ جیسا کہ آپ نے مولوی عبدالحق کے جواب مین تحریر فرمایا تھا کہ جب تک مباحثہ ہوکر طلب مباہلہ نہ ہو مباہلہ نھین ہوسکتا۔ کیونکہ یہ اختلاف اجتہادی ھے۔ لیکن اب یہ بات نھین رہی بلکہ مخالفت بہت ہوگئی ہے۔ اور حجت قایم ہوچکی اب آپکو مخالفون سے مباہلہ کرنا چاہیئے اور توجہ کرکے خداوند تعالیٰ سے اس بات کی اجازت چاہنی چاہیئے کہ مباہلہ کیا جاوے اور اُس مباہلہ کا اثر قریب زمانہ مین ہو جو ماہ دو ماہ سے زاید نہ ہو کہ لوگ سیدھا دل بعید سے گہرا جاتے ہین۔ اور اگر یہ کہا جاوے کہ مباہلہ سے جو لوگ نہ ماننے والے ہین نھین

مانین گے - اِس مین یہ عرض ہے کہ جو نہ ماننے والے ہین وہ نہ مانین لیکن وہ لوگ جو مذبذب ہین وہ ضرور مان جاوین گے اور ایک یہ بڑا بھاری فایدہ ہے کہ مبالعین کا ایمان قوی ہوجاویگا - بہرحال اب مباہلہ لازمی ہے -

دوم نشان آسمانی مین جو جناب نے استخارہ کی بابت تحریر فرمایا ہے کہ بغض اور محبّت سے پاک ہو کیونکہ اِس صورت مین شیطان دخل دیتا ہے اور پھر خیال کے بموجب القا ہوتا ہے پس اِن دونون باتون سے بری ہوکر عمل کرنا چاہیئے - اب اس امر مین بڑی مُشکل پیش آگئی - اوّل یا تو آدمی مخالف ہوگا یا موافق پس بموجب اِس تحریر کے موافقون کو موافق اور مخالفون کو مخالف القا ہوگا پس قُوّت متخیلہ پر سارا مدار رہا دوم انسان کا خاصہ ہے کہ جس بات سے روکا جاوے اُسکی طرف جبلّی طور سے مایل ہوگا پس اگر آپ یہ بات ظاہر نہ کرتے تو شاید ایسا خیال ہی نہ ہوتا لیکن جب ظاہر کیا گیا تو ضرور کچھ نہ کچھ خیال پیدا ہوگا اور قُوّت متخیلہ رنگ دکھاویگی سوم جب کہ یہ استخارہ اصل مین مخالفون کے لئے ہے اور مخالفون کو اپنی مخالفت کے سبب سے مخالف القا ہوا تو پھر حجت کس طرح قایم ہوئی - لہذا ہر طرح القاء شیطان کی گنجایش ہے - اب اِن تینون صورتون کے سبب سے بڑی مُشکل پیش آئی استخارہ کس طرح کیا جاوے جب کہ ہر صورت مین القاے شیطانی کا ہونا ممکن ہے - اور بغض و محبّت سے پاک ہونا مُشکل تو کام کس طرح چلے پس اِسکے لئے بھی براے خدا توجہ فرما کر دُعا فرمائین کہ استخارہ القاے شیطانی سے پاک ہو جو کوئی استخارہ کرے خواہ موافق ہو یا مخالف سب پر یکسان طور سے اصلی حقیقت کھل جائے اور اِس مین شیطان کا دخل جاتا رہے - چونکہ یہ اہم امر ہے اسلئے شیطان سے

بچنے کے لئے خدا سے مدد مانگنی لازمی ہے اور تعجب ہے کہ کار رحمانی پر شیطان غالب ہو اگر خداوند تعالیٰ ہماری مدد نہ کریگا اور ہمکو القاے شیطانی سے نہ بچائے گا تو ہم ہدایت کس طرح پر پائین گے پس بلا امداد رحمانی کوئی امر نحسین ہو سکتا اس لئے التجا ہے کہ آپ دعا فرمائین کہ اس استخارہ مین شیطان کا دخل نہ رہے اور اسکا اشتہار دیا جاوے اور براہ مہربانی دس پندرہ روز مین توجہ فرما کر اجازت طلب فرمائین۔ بندہ بھی استخارہ کے لئے تیار ہے جس وقت جناب کو ان تینون امور کی بابت القا ہو جاوے گا کہ یہ استخارہ القاے شیطانی سے مبرّا ہے اور اسکا اثر مخالف اور موافق پر یکسان ہوگا اُسوقت بندہ استخارہ کریگا اور زیادہ سے زیادہ ایک ماہ تک انتظار جواب باصواب رہیگا جواب سے مراد جواب نیاز نامہ ہذا نہین بلکہ جو امر استخارہ کی بابت آپکو بعد توجہ و دعا معلوم ہو۔

سوم کوئی امر خارق عادت ہونا چاہیئے تاکہ لوگون پر حجت قایم ہو۔ ان تینون امور کی بابت مین نہایت ادب سے ملتجی ہون کہ اسکی بابت برائے خدا توجہ فرماوین کیونکہ قال و قیل بہت ہو چکی اور اس سے شبہات دن بدن بڑھتے جاتے ہین۔ اب استدلال ہو چکا۔ اب دوسری طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔

پاے استدلالیان چوبین بود پاے چوبین سخت بے تمکین بود

گر باستدلال کار دین بدے فخر رازی رازدار دین بدے

اور مین نہایت عجز سے جناب کو اس ذات واحد کی قسم دیکر کہتا ہون جس نے کہ آپکو اور مجھ کو پیدا کیا اور کل عالم کو پیدا کیا کہ ان تینون امور متذکرہ بالا کے لئے دعا فرمائین۔ اور دعا مین یہ بھی درخواست ہو کہ میعاد زمانہ قریب ہو نہ بعید

چونکہ طرفین مین رشتہ نازک ہے اور دینی کام ہے اِس لئے اِس تحریر کو گستاخانہ تصور نہ فرمائین بلکہ مستفیدانہ - چونکہ مین آپکی بیعت مین ہون اِس لئے اطمینان قلب کے لئے تکلیف دی گئی -

ایک اور بات یاد آئی کہ اب تحریر کا اعتبار ساقط ہوگیا - کیونکہ جو جناب کے متعقد ہین وہ آپکی تحریر کا اعتبار کرین گے اور جو مخالف ہین وہ مخالفون کا اعتبار کرینگے بیچ مین پس گئے وہ لوگ جو دونون تحریرون کو منصفانہ طور پر دیکھکر فیصلہ کرنا چاہتے ہین اس لئے انکو کسی کا بھی اعتبار نہ رہا - کیونکہ انکو نہ کوئی خاص تعلق و صحبت آپسے اور نہ مخالفون سے اِنکو تو ہر وقت اجتناب ہیگا -

اِس خط کو کم سے کم تین مرتبہ غور سے پڑھیں یہ خط اگرچہ بظاہر آپکے
نام ہے لیکن اسکی بہت سی عبارتیں دوسروں کے اوہام
دور کرنے کے لئے ہیں گو بظاہر آپ ہی
مخاطب ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی

محبی و عزیزی اخویم نواب محمد علیخان صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ ایک ہفتہ سے بلکہ عشرہ سے زیادہ گذر گیا کہ آن محب کا محبت نامہ پہنچا تھا چونکہ اسمیں امور مستفسرہ بہت تھے اور مجھے بباعث تالیف کتاب آئینہ کمالات اسلام بغایت درجہ کمی فرصت تھی کیونکہ ہر روز مضمون طیار کرکے دیا جاتا ہے اِس لئے میں جواب لکھنے سے معذور رہا اور آپکی طرف سے تقاضا بھی نہیں تھا آج مجھے خیال آیا کہ چونکہ آپ ایک خالص محب ہیں اور آپکا استفسار سراسر نیک ارادہ اور نیک نیت پر مبنی ہے اِس لئے بعض امور سے آپکو آگاہ کرنا اور آپکے لئے جو بہتر ہے اُس سے اطلاع دینا ایک امر ضروری ہے لہذا چند سطور آپکی آگاہی کے لئے ذیل میں لکھتا ہوں۔

یہ سچ ہے کہ جب سے اِس عاجز نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ بامر اللہ تعالیٰ کیا ہے تب سے وہ لوگ جو اپنے اندر نور فیصلہ نہیں رکھتے عجب تذبذب اور کشمکش میں پڑ گئے ہیں اور آپ فرماتے ہیں کہ قیل وقال سے فیصلہ نہیں ہوسکتا مباہلہ کے لئے اب طیار ہونا چاہئے اور آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ کوئی نشان بھی دکھلانا چاہئے۔

(۱) مباہلہ کی نسبت آپکے خط سے چند روز پہلے مجھے خود بخود اللہ جل شانہٗ نے اجازت دیدی ہے اور یہ خدا تعالیٰ کے ارادہ سے آپکے ارادہ کا تواردہے کہ آپکی طبیعت میں یہ جنبش پیدا ہوئی مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اب اجازت دینے میں حکمت یہ ہے کہ اوّل حال میں صرف اِس لئے مباہلہ ناجائز تھا کہ ابھی مخالفین کو بخوبی سمجھایا نہیں گیا تھا اور وہ اصل حقیقت سے سراسر ناواقف تھے اور تکفیر پر

بھی اُنکا وہ جوش نہ تھا جو بعد اِسکے ہوا لیکن اب تالیف آئینہ کمالات اسلام کے بعد تفہیم اپنے کمال کو پہنچ گئی اور اب اِس کتاب کے دیکھنے سے ایک ادنیٰ استعداد کا انسان بھی سمجھ سکتا ہے کہ مخالف لوگ اپنی راے میں سراسر خطا پر ہیں اسلئے مجھے حکم ہوا ہے کہ میں مباہلہ کی درخواست کو کتاب آئینہ کمالات اسلام کے ساتھ شایع کروں۔ سو وہ درخواست انشاءاللہ القدیر پہلے حصّہ کے ساتھ ہی شایع ہوگی۔ اول دنوں میں میرا یہ بھی خیال تھا کہ مسلمانوں سے کیونکر مباہلہ کیا جاے کیونکہ مباہلہ کہتے ہیں ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا اور مسلمان پر لعنت بھیجنا جایز نہیں مگر اب چونکہ وہ لوگ بڑے اصرار سے مجھ کو کافر ٹھہراتے ہیں اور حکم شرع یہ ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو کافر ٹھہراوے اگر وہ شخص درحقیقت کافر نہ ہو تو وہ کُفر اُلٹ کر اُسی پر پڑتا ہے جو کافر ٹھہراتا ہے اسی بنا پر مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ جو لوگ مجھ کو کافر ٹھہراتے ہیں اور ابناء اور نساء رکھتے ہیں اور فتویٰ کُفر کے پیشوا ہیں اُن سے مباہلہ کی درخواست کر۔

(۴) نشان کے بارے میں جو آپ نے لکھا ہے یہ بھی درست ہے درحقیقت انسان دو قسم کے ہوتے ہیں اوّل وہ جو زیرک اور ذکی ہیں اور اپنے اندر قوّت فیصلہ رکھتے ہیں اور متخاصمین کی قیل و قال میں سے جو تقریر حق کی عظمت اور برکت اور روشنی اپنے اندر رکھتی ہے اُس تقریر کو پہچان لیتی ہیں اور باطل جو تکلف اور بناوٹ کی بدبو رکھتا ہے وہ بھی اُنکی نظر سے پوشیدہ نہیں رہتا ایسے لوگ مثلاً حضرت **موسیٰ** علیہ السلام کی شناخت کے لئے اِس بات کے محتاج نہیں ہو سکتے کہ انکے سامنے سونٹی کا سانپ بنایا جاوے اور نہ حضرت **عیسیٰ** علیہ السلام کی شناخت کے لئے حاجتمند ہو سکتے ہیں کہ اُنکے ہاتھ سے مفلوجوں اور مجذوموں کو اچھے ہوتے دیکھ لیں اور نہ ہمارے سیّد و مولیٰ حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں ایسے اعلیٰ درجہ کے لوگوں نے کبھی معجزہ طلب کیا کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ صحابہ کبار رضی اللہ عنہم کوئی معجزہ دیکھ کر ایمان لائے تھے بلکہ وہ زکی تھے اور نور قلب رکھتے تھے اُنھوں نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مونہہ دیکھ کر ہی پہچان لیا تھا کہ یہ جھوٹوں کا مونہہ نہیں ہے اسلئے خدا تعالیٰ کے نزدیک صدیق اور راستباز ٹھہرے اُنہوں نے حق کو دیکھا اور اُنکے دل بول اُٹھے کہ یہ منجانب اللہ ہے۔

دوسرے قسم کے وہ انسان ہیں جو معجزہ اور کرامت طلب کرتے ہیں اُنکے حالات خدا تعالیٰ نے

قرآن کریم میں تعریف کے ساتھ بیان نہیں کئے اور اپنا غضب ظاہر کیا ہے جیسا کہ ایک جگہ
فرماتا ہے واقسموا باللہ جھد ایمانھم لئن جاءتھم اٰیۃ لیؤمنن بھا قل انما الاٰیات
عند اللہ وما یشعرکم انھا اذا جاءت لا یؤمنون۔ یعنے یہ لوگ سخت قسمیں کھاتے ہیں
کہ اگر کوئی نشان دیکھیں تو ضرور ایمان لے آئیں گے انکو کہہ دے کہ نشان تو خدا تعالیٰ کے پاس ہیں
اور تمہیں خبر نہیں کہ جب نشان بھی دیکھیں گے تو کبھی ایمان نہیں لائیں گے۔ پھر فرماتا ہے یوم یاتی
بعض اٰیات ربک لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن اٰمنت من قبل یعنی جب بعض نشان ظاہر
ہونگے تو اس دن ایمان لانا بے سود ہوگا اور جو شخص صرف نشان کے دیکھنے کے بعد ایمان لایا ہو
اُسکو وہ ایمان نفع نہیں دیگا۔ پھر فرماتا ہے ویقولون متی ھذا الوعد ان کنتم صادقین
قل لا املک لنفسی ضرا ولا نفعا الا ما شاء اللہ لکل امۃ اجل الخ یعنے کافر
کہتے ہیں کہ وہ نشان کب ظاہر ہونگے اور یہ وعدہ کب پورا ہوگا سو انکو کہہ دے کہ مجھے ان باتوں
میں دخل نہیں نہ میں اپنے نفس کے لئے ضرر کا مالک ہوں نہ نفع کا مگر جو خدا چاہے ہر یک گروہ کے
لئے ایک وقت مقرر ہے جو ٹل نہیں سکتا اور پھر اپنے رسول کو فرماتا ہے وان کان کبر علیک
اعراضھم فان استطعت ان تبتغی نفقا فی الارض او سلما فی السماء فتاتیھم
بایۃ ولو شاء اللہ لجمعھم علی الھدی فلا تکونن من الجاھلین یعنے اگر تیرے پر
اے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان کافروں کا اعراض بہت بھاری ہے سو اگر تجھے طاقت ہے
تو زمین میں سرنگ کھود کر یا آسمان پر زینہ لگا کر چلا جا اور انکے لئے کوئی نشان لے آ اور اگر خدا چاہتا
تو ان سب کو جو نشان مانگتے ہیں ہدایت دے دیتا پس تو جاہلوں میں سے مت ہو۔ اب ان تمام
آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کافر نشان مانگا کرتے
تھے بلکہ قسمیں بھی کھاتے تھے کہ ہم ایمان لائیں گے مگر اللہ جل شانہٗ کی نظر میں وہ مورد غضب تھے اور
انکے سوال اور جہد تھے بلکہ اللہ جل شانہٗ صاف صاف فرماتا ہے کہ جو شخص نشان دیکھنے کے بعد
ایمان لاوے اُسکا ایمان مقبول نہیں جب کہ ابھی آیت لا ینفع نفسا ایمانھا تحریر ہو چکی ہے۔ اسی
کے قریب قریب ایک دوسری آیت ہے اور وہ یہ ہے ولقد جاءتھم رسلھم بالبینات
فما کانوا لیؤمنوا بما کذبوا من قبل کذلک یطبع اللہ علی قلوب الکافرین یعنے

پہلی امتوں میں جب اُنکے نبیوں نے نشان دکھلائے تو اُن نشانوں کو دیکھکر بھی لوگ ایمان نہ لائے کیونکہ وہ نشان دیکھنے سے پہلے تکذیب کر چکے تھے اسی طرح خدا اُن لوگوں کے دلوں پر مُہریں لگا دیتا ہے جو اس قسم کے کافر ہیں جو نشان سے پہلے ایمان نہیں لاتے۔

یہ تمام آیتیں اور ایسا ہی اور بہت سی آیتیں قرآن کریم کی جنکا اس وقت لکھنا موجب طوالت ہے بالاتفاق بیان فرما رہی ہیں کہ نشان کو طلب کرنیوالے مورد غضب الٰہی ہوتے ہیں اور جو شخص نشان دیکھنے سے ایمان لاوے اُسکا ایمان منظور نہیں اس پر دو اعتراض وارد ہوتے ہیں اوّل یہ کہ نشان طلب کرنیوالے کیوں مورد غضب الٰہی ہیں جو شخص اپنے اطمینان کے لئے یہ آزمایش کرنا چاہتا ہے کہ یہ شخص منجانب اللہ ہے یا نہیں بظاہر وہ نشان طلب کرنیکا حق رکھتا ہے نادہندہ کہا وے اور ردود الٰہی کو مقبول الٰہی خیال نہ کر لیوے۔

اس وہم کا جواب یہ ہے کہ تمام ثواب ایمان پر مترتب ہوتا ہے اور ایمان اسی بات کا نام ہے کہ جو بات پردہ غیب میں ہو اُسکو قرائن مرجحہ کے لحاظ سے قبول کیا جائے یعنے اس قدر دیکھ لیا جائے کہ مثلاً صدق کے وجوہ کذب کے وجوہ پر غالب ہیں اور قرائن موجودہ ایک شخص کے صادق ہونے پر بہ نسبت اُسکے کاذب ہونیکے بکثرت پائے جاتے ہیں۔

تو ایمان کی حد ہے لیکن اگر اس حد سے بڑھ کر کوئی شخص نشان طلب کرتا ہے تو وہ عند اللہ فاسق ہے اور اُسی کے بارے میں اللہ جل شانہٗ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ نشان دیکھنے کے بعد اُسکو ایمان نفع نہیں دیگا۔ یہ بات سوچنے سے جلد سمجھ میں آسکتی ہے کہ انسان ایمان لانے سے کیوں خدا تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرتا ہے اسکی وجہ یہی ہے کہ جن چیزوں کو ہم ایمانی طور پر قبول کر لیتے ہیں وہ بکل الوجوہ ہم پر مکشوف نہیں ہوتیں مثلاً انسان خدا تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے مگر اُسکو دیکھا نہیں۔ فرشتوں پر بھی ایمان لاتا ہے لیکن وہ بھی نہیں دیکھے بہشت اور دوزخ پر ایمان لاتا ہے اور وہ بھی نظر سے غائب ہیں محض حُسن ظن سے مان لیتا ہے اسلئے خدا تعالیٰ کے نزدیک صادق ٹھہر جاتا ہے اور یہ صدق اُسکے لئے موجب نجات ہو جاتا ہے ورنہ ظاہر ہے کہ بہشت اور دوزخ اور ملایک ایک مخلوق خدا تعالیٰ کی ہے اُن پر ایمان لانا نجات سے کیا تعلق رکھتا ہے جو چیز واقعی طور پر موجود ہے اور یہی طور پر اُسکا موجود ہونا ظاہر ہے اگر ہم اُس کو موجود مان لیں تو کس وجہ سے ہم مستحق ٹھہر سکتے ہیں مثلاً اگر

ہم یہ کہین کہ ہم آفتاب کے وجود پر ایمان لاے اور زمین پر ایمان لاے کہ موجود ہے اور چاند کے موجود ہونے پر بھی ایمان لاے اور اس بات پر ایمان لاے کہ دُنیا مین گدہے بھی ہین اور گھوڑے بھی اور خچر بھی اور بیل بھی اور طرح طرح کے پرند بھی تو کیا اِس ایمان سے کسی ثواب کی توقع ہوسکتی ہے پھر کیا وجہ ہے کہ جب ہم مثلاً ملایک کے وجود پر ایمان لاتے ہین تو خدا تعالیٰ کے نزدیک مومن ٹہرتے ہین اور مستحق ثواب بنتے ہین اور جب ہم اُن تمام حیوانات پر ایمان لاتے ہین جو زمین پر ہماری نظر کے سامنے موجود ہین تو ایک ذرہ بھی ثواب نہین ملتا حالانکہ ملایک اور دوسری سب چیزین برابر خدا تعالیٰ کی مخلوق ہین۔

پس اِسکی یہی وجہ ہے کہ ملایک پردہ غیب مین ہین اور دوسری چیزین یقینی طور پر ہمین معلوم ہین اور یہی وجہ ہے کہ قیامت کے دن ایمان لانا منظور نہین ہوگا یعنے اگر اُسوقت کوئی شخص خدا تعالیٰ کی تجلیات دیکہہ کر اور اُسکے ملایک اور بہشت اور دوزخ کا مشاہدہ کرکے یہ کہے کہ اب مین ایمان لایا تو منظور نہ ہوگا کیون منظور نہ ہوگا جو اسی وجہ سے کہ اُسوقت کوئی پردہ غیب درمیان نہ ہوگا تا اُس سے ماننے والے کا صدق ثابت ہو۔

اب پھر ذرا غور کرکے اِس بات کو سمجھ لینا چاہئے کہ ایمان کس بات کو کہتے ہین اور ایمان لانے پر کیون ثواب ملتا ہے اُمید ہے کہ آپ بفضلہ تعالیٰ تہوڑا سا فکر کرکے اِس بات کو جلد سمجھ جائینگے کہ ایمان لانا اُس طرز قبول سے مراد ہے کہ جب بعض گوشے یعنے بعض پہلو کسی حقیقت کے جس پر ایمان لایا جاتا ہے مخفی ہون اور نظر دقیق سے سوچکر اور قرائن مرجحہ کو دیکہہ کر اُس حقیقت کو قبل اِس کے کہ وہ بکلی کُھل جاے قبول کر لیا جاے یہ ایمان ہے جسپر ثواب مترتب ہوتا ہے اور اگرچہ رسولون اور نبیون اور اولیاء کرام علیہم السلام سے بلاشبہ نشان ظاہر ہوتے ہین مگر سعید آدمی جو خدا تعالیٰ کے پیارے ہین اُن نشانون سے پہلے اپنی فراست صحیحہ کے ساتہہ قبول کر لیتے ہین اور جو لوگ نشانون کے بعد قبول کرتے ہین وہ لوگ خدا تعالیٰ کی نظر مین ذلیل اور بےقدر ہین بلکہ قرآن کریم بآواز بلند بیان فرماتا ہے کہ جو لوگ نشان دیکہنے کے بغیر حق کو قبول نہین کر سکتے وہ نشان کے بعد بھی قبول نہین کرتے کیونکہ نشان کے ظاہر ہونے سے پہلے وہ بالجہر منکر ہوتے ہین اور علانیہ کہتے پھرتے ہین کہ یہ شخص کذاب اور دجّال ہے کیونکہ اُسنے کوئی نشان نہین دکہلایا اور اِنکی ضلالت کا زیادہ یہ موجب ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ بھی بباعث آزمایش اپنے بندون کے نشان دکہلانے مین عمداً

تاخیر اور توقف ڈالتا ہے اور وہ لوگ تکذیب اور انکار مین بڑہتے جاتے ہین یہان تک کہ انکار مین ترقی کرتے کرتے اپنی راؤن کو پختہ کر لیتے ہین اور دعوی سے کہنے لگتے ہین کہ درحقیقت یہ شخص کذاب ہے مفتری ہے مکار ہے دروغگو ہے جہوٹا ہے اور منجانب اللہ نہین ہے پس جب وہ شدت سے اپنی راے کو قایم کر چکتے ہین اور تقریرون کے ذریعہ سے اور تحریرون کے ذریعہ سے اور مجلسون مین بیٹہ کر اور منبرون پر چڑہ کر اپنی مستقل راے دنیا مین پہیلا دیتے ہین کہ درحقیقت یہ شخص کذاب ہے تب اسوقت عنایت الہی توجہ فرماتی ہے کہ اپنے عاجز بندے کی عزت اور صداقت ظاہر کرنیکے لئے کوئی اپنا نشان ظاہر کرے سو اسوقت کوئی نیہی نشان ظاہر ہوتا ہے جس سے صرف وہ لوگ فایدہ اٹہاتے ہین جو پہلے مان چکے تہے اور انصار حق مین داخل ہو گئے تہے یا وہ جنہون نے اپنی زبانون اور اپنی قلمون اور اپنے خیالات کو مخالفانہ اظہار سے بچا لیا تہا لیکن وہ بدنصیب گروہ جو مخالفانہ راؤن کو ظاہر کر چکے تہے وہ نشان دیکہنے کے بعد بہی اسکو قبول نہین کر سکتے کیونکہ وہ تو اپنی رائین علی رؤس الاشہاد شایع کر چکے۔ اشتہار دیکہ چکے مہرین لگا چکے کہ یہ شخص درحقیقت کذاب ہے اس لئے اب اپنی مشہور کردہ راے سے مخالف اقرار کرنا انکے لئے مرنے سے بہی زیادہ سخت ہو جاتا ہے کیونکہ اس سے انکی ناک کٹتی ہے اور ہزارون لوگون پر انکی حماقت ثابت ہوتی ہے کہ پہلے تو بڑے زور شور سے دعوی کرتے تہے کہ یہ شخص ضرور کاذب ہے ضرور کاذب ہے۔ اور قسمین کہاتے اور اپنی عقل اور علمیت جتلاتے تہے اور اب اسی کی تائید کرتے ہین۔

اور مین پہلے اس سے بیان کر چکا ہون کہ ایمان لانے پر ثواب اسی وجہ سے ملتا ہے کہ ایمان لانیوالا چند قراین صدق کے لحاظ سے ایسی باتون کو قبول کر لیتا ہے کہ وہ ہنوز مخفی ہین جیسا کہ اللہ جل شانہ نے موحنون کی تعریف قرآن کریم مین فرمائی ہے کہ یؤمنون بالغیب یعنے ایسی بات کو مان لیتے ہین کہ وہ ہنوز در پردہ غیب ہے جیسا کہ صحابہ کرام نے ہمارے سید و مولی صلی اللہ علیہ وسلم کو مان لیا اور کسی نے نشان نہ مانگا اور کوئی ثبوت طلب نہ کیا اور گو بعد اسکے اپنے وقت پر بارش کی طرح نشان برسے اور معجزات ظاہر ہوے لیکن صحابہ کرام ایمان لانے مین معجزات کے محتاج نہین ہوئے اور اگر وہ معجزات کے دیکہنے پر ایمان موقوف رکہتے تو ایک

ذرہ بزرگی اُنکی ثابت نہ ہوتی اور عوام مین سے شمار کئے جاتے اور خدا تعالیٰ کے مقبول اور پیارے بندون مین داخل نہ ہوسکتے کیونکہ جن جن لوگون نے نشان مانگا خدا تعالیٰ نے اُن پر عتاب ظاہر کیا اور درحقیقت اُنکا انجام اچھا نہ ہوا اور اکثر وہ بے ایمانی کی حالت مین ہی مرے - غرض خدا تعالیٰ کی تمام کتابون سے ثابت ہوتا ہے کہ نشان مانگنا کسی قوم کے لئے مبارک نہین ہوا اور جس نے نشان مانگا وہی تباہ ہوا انجیل مین بھی حضرت مسیح فرماتے ہین کہ اِسوقت کے حرامکار مجھ سے نشان مانگتے ہین اُنکو کوئی نشان دیا نہین جائیگا-

مین پہلے بھی لکھ چکا ہون کہ بالطبع ہر ایک شخص کے دل مین اِس جگہ یہ سوال پیدا ہوگا کہ بغیر کسی نشان کے حق اور باطل مین انسان کیونکر فرق کرسکتا ہے اور اگر بغیر نشان دیکھنے کے کسی کو منجانب اللہ قبول کیا جاے تو ممکن ہے کہ اس قبول کرنے مین دھوکا ہو-

اسکا جواب وہی ہے جو مین لکھ چکا ہون کہ خدا تعالیٰ نے ایمان کا ثواب اکبر اسی امر سے مشروط کر رکھا ہے کہ نشان دیکھنے سے پہلے ایمان ہو اور حق اور باطل مین فرق کرنیکے لئے یہ کافی ہے کہ چند قراین جو وجہ تصدیق ہوسکین اپنے ہاتھ مین ہون اور تصدیق کا پلّہ تکذیب کے پلّہ سے بھاری ہو- مثلاً حضرت صدیق اکبر ابوبکر رضی اللہ عنہ جو آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے تو اُنہون نے کوئی معجزہ طلب نہین کیا اور جب پوچھا گیا کہ کیون ایمان لاے تو بیان کیا کہ میرے پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا امین ہونا ثابت ہے اور مین یقین رکھتا ہون کہ اُنہون نے کبھی کسی انسان کی نسبت بھی جھوٹ کو استعمال نہین کیا چہ جائیکہ خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھین - ایسا ہی اپنے اپنے مذاق پر ہر ایک صحابی ایک ایک اخلاقی یا تعلیمی فضیلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھکر اور اپنی نظر دقیق سے اُسکو وجہ صداقت ٹھہراکر ایمان لاے تھے اور اُن مین سے کسی نے بھی نشان نہین مانگا تھا اور کاذب اور صادق مین فرق کرنے کے لئے اُنکی نگاہون مین یہ کافی تھا کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تقوی کے اعلیٰ مراتب پر ہین اپنے منصب کے اظہار مین بڑی شجاعت اور استقامت رکھتے ہین اور جس تعلیم کو لائے ہین وہ دوسری سب تعلیمون سے صاف تر اور پاک تر اور سراسر نور ہے اور تمام اخلاق حمیدہ مین بے نظیر ہین اور للّہی جوش اُن مین اعلیٰ درجہ کے پائے جاتے ہین اور صداقت اُنکے چہرہ پر برس رہی ہے پس انھین باتون کو دیکھکر

اُنہون نے قبول کر لیا کہ وہ درحقیقت خدا تعالیٰ کی طرف سے ہین - اِس جگہ یہ نہ سمجھا جائے کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزات ظاہر نہین ہوئے بلکہ تمام انبیا سے زیادہ ظاہر ہوئے لیکن عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ اوائل مین کھلے کھلے معجزات اور نشان مخفی رہتے ہین تا صادقون کا صدق اور کاذبون کا کذب پرکھا جاوے یہ زمانہ ابتلا کا ہوتا ہے اور اِسمین کوئی کھلا کھلا نشان ظاہر نہین ہوتا پھر جب ایک گروہ صافی دلون کا اپنی نظر دقیق سے ایمان لے آتا ہے اور عوام کالانعام باقی رہ جاتے ہین تو اُن پر حجت پوری کرنیکے لئے یا اُن پر عذاب نازل کرنے کے لئے نشان ظاہر ہوتے ہین مگر اُن نشانون سے وہی لوگ فایدہ اُٹھاتے ہین جو پہلے ایمان لا چکے تھے اور بعد مین ایمان لانے والے بہت کم ہوتے ہین کیونکہ ہر روز تکذیب سے اُنکے دل سخت ہو جاتے ہین اور اپنی مشہور کردہ راہون کو وہ بدل نہین سکتے آخر اسی کفر اور انکار مین واصل جہنم ہوتے ہین -

مجھے دلی خواہش ہے اور مین دعا کرتا ہون کہ آپکو یہ بات سمجھ آجاوے کہ درحقیقت ایمان کے مفہوم کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ پوشیدہ چیزون کو مان لیا جاوے اور جب ایک چیز کی حقیقت ہر طرح سے کھل جاوے یا ایک وافر حصہ اُسکا کھل جاوے تو پھر اُسکا مان لینا ایمان مین داخل نہین شمار اب جو دن کا وقت ہے اگر مین یہ کہون کہ مین اِس بات پر ایمان لاتا ہون کہ اب دن ہے رات نہین ہے تو میرے اِس ماننے مین کیا خوبی ہوگی اور اِس ماننے مین مجھے دوسرون پر کیا زیادت ہے - سعید آدمی کی پہلی نشانی یہی ہے کہ اِس بابرکت بات کو سمجھے کہ ایمان کس چیز کو کہا جاتا ہے کیونکہ جس قدر ابتدائے دنیا سے لوگ انبیا کی مخالفت کرتے آئے ہین اُنکی عقلون پر یہی پردہ پڑا ہوا تھا کہ وہ ایمان کی حقیقت کو نہین سمجھتے تھے اور چاہتے تھے کہ جب تک دوسرے امور مشہودہ محسوسہ کی طرح انبیا کی نبوت اور اُنکی تعلیم کھل نہ جاوے تب تک قبول کرنا مناسب نہین اور وہ بیوقوف یہ خیال نہین کرتے تھے کہ کھلی ہوئی چیز کو ماننا ایمان مین کیون کر داخل ہوگا وہ تو ہندسہ اور حساب کی طرح ایک علم ہوا نہ کہ ایمان پس یہی حجاب تھا کہ جسکی وجہ سے ابوجہل اور ابولہب وغیرہ اوایل مین ایمان لانے سے محروم رہے اور پھر جب اپنی تکذیب مین پختہ ہوگئے اور مخالفانہ راہون پر اصرار کر چکے اُسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے کھلے کھلے

نشان ظاہر ہوے تب اُنہون نے کہا کہ اب قبول کرنے سے مرنا بہتر ہے غرض نظر دقیق سے صادق کے صدق کو شناخت کرنا سعیدون کا کام ہے اور نشان طلب کرنا نہایت منحوس طریق اور اشقیا کا شیوہ ہے جسکی وجہ سے کروڑہا لشکر ہزیم جہنم ہو چکے ہین خدا تعالیٰ اپنی سنت کو نہین بدلتا وہ جیسا کہ اُسنے فرما دیا ہے اُن ہی کے ایمان کو ایمان سمجھتا ہے جو زیادہ ضد نہین کرتے اور قراین مرجحہ کو دیکھکر اور علامات صدق پاکر صادق کو قبول کر لیتے ہین اور صادق کا کلام صادق کی راستبازی صادق کی استقامت اور خود صادق کا مونہہ انکے نزدیک اسکے صدق پر گواہ ہوتا ہے مبارک وہ جن کو مردم شناسی کی عقل دیجاتی ہے۔

ماسوا اسکے جو شخص ایک نبی متبوع علیہ السلام کا متبع ہے اور اُسکے فرمودہ پر اور کتاب اللہ پر ایمان لاتا ہے اُسکی آزمایش انبیا کی آزمایش کی طرح کرنا ایک قسم کی ناسمجھی ہے کیونکہ انبیا اسلئے آتے ہین کہ تا ایک دین سے دوسرے دین مین داخل کرین اور ایک قبلہ سے دوسرا قبلہ مقرر کرادین اور بعض احکام کو منسوخ کرین اور بعض نئے احکام لادین لیکن اس جگہ تو ایسے انقلاب کا دعویٰ نہین ہے وہی اسلام ہے جو پہلے تھا وہی نمازین ہین جو پہلے تھین وہی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو پہلے تھا اور وہی کتاب کریم ہے جو پہلے تھی اصل دین مین سے کوئی ایسی بات چھوڑنے نہین پڑی جس سے اس قدر حیرانی ہو **مسیح موعود** کا دعویٰ اُس حالت مین گران اور قابل احتیاط ہوتا کہ جبکہ اُس دعویٰ کے ساتھہ نعوذ باللہ کچھہ دین کے احکام کی کمی بیشی ہوتی اور ہماری عملی حالت دوسرے مسلمانون سے کچھہ فرق رکھتی اب جبکہ ان باتون مین سے کوئی بھی نہین صرف مابہ النزاع حیات مسیح اور وفات مسیح ہے اور مسیح موعود کا دعویٰ اس مسئلہ کی درحقیقت ایک فرع ہے اور اس دعویٰ سے مراد کوئی عملی انقلاب نہین اور نہ اسلامی اعتقادات پر اُسکا کچھہ مخالفانہ اثر ہے تو کیا اس دعویٰ کے تسلیم کرنے کے لئے کسی بڑے معجزہ یا کرامت کی حاجت ہے جسکا مانگنا رسالت کے دعویٰ مین عوام کا قدیم شیوہ ہے ایک مسلمان جسے تائید اسلام کے لئے خدا تعالیٰ نے بھیجا جسکے مقاصد یہ ہین کہ تا دین اسلام کی خوبیان لوگون پر ظاہر کرے اور آجکل کے فلسفی وغیرہ الزامون سے اسلام کا پاک ہونا ثابت کر دیوے اور مسلمانون کو اللہ اور رسول کی محبت کی طرف رجوع دلاوے کیا اُسکا قبول کرنا ایک منصف مزاج اور خداترس آدمی پر کوئی مشکل امر ہے؟۔

مسیح موعود کا دعویٰ اگر اپنے ساتھ ایسے لوازم رکھتا جن سے شریعت کے احکام اور عقاید پر کچھ مخالفانہ اثر پہنچتا تو بے شک ایک ہولناک بات تھی لیکن دیکھنا چاہئے کہ میں نے اس دعویٰ کے ساتھ کس اسلامی حقیقت کو منقلب کر دیا ہے کونسے احکام اسلام میں سے ایک ذرہ بھی کم یا زیادہ کر دیا ہے ہاں ایک پیشگوئی کے وہ معنے کئے گئے ہیں جو خدا تعالیٰ نے اپنے وقت پر نبیہ پر کھولے ہیں اور قرآن کریم ان معنوں کے صحت کے لئے گواہ ہے اور احادیث صحیحہ بھی انکی شہادت دیتے ہیں پھر نہ معلوم کہ اس قدر کیوں شور و غوغا ہے!-

ہاں طالب حق ایک سوال بھی اس جگہ کر سکتا ہے اور وہ یہ کہ مسیح موعود کا دعویٰ تسلیم کرنیکے لئے کونسے قراین موجود ہیں کیونکہ کسی مدعی کی صداقت ماننے کے لئے قراین تو چاہئے خصوصاً آج کل کے زمانہ میں جو مکر اور فریب اور بد دیانتی سے بھرا ہوا ہے اور دعاوی باطلہ کا بازار گرم ہے-

اس سوال کے جواب میں مجھے یہ کہنا کافی ہے کہ مندرجہ ذیل امور طالب حق کے لئے بطور علامات اور قراین کے ہیں-

(۱) اول وہ پیشگوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو تواتر معنوی تک پہنچ گئی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ ہر یک صدی کے سر پر وہ ایسے شخص کو مبعوث کریگا جو دین کو پھر تازہ کر دیگا اور اسکی کمزوریوں کو دور کرکے پھر اپنی اصلی طاقت اور قوت پر اسکو لے آویگا اس پیشگوئی کے رو سے ضرور تھا کہ کوئی شخص اس چودھویں صدی پر بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوتا اور موجودہ خرابیوں کی اصلاح کے لئے پیش قدمی دکھلاتا سو یہ عاجز معین وقت پر مامور ہوا اس سے پہلے صدہا اولیا نے اپنے الہام سے گواہی دی تھی کہ چودھویں صدی کا مجدد مسیح موعود ہوگا اور احادیث صحیحہ نبویہ پکار پکار کہتی ہیں کہ تیرھویں صدی کے بعد ظہور مسیح ہے پس کیا اس عاجز کا یہ دعویٰ اسوقت معین اپنے محل اور اپنے وقت پر نہیں ہے کیا یہ ممکن ہے کہ فرمودہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم خطا جاوے میں نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ اگر فرض کیا جاوے کہ چودھویں صدی کے سر پر مسیح موعود پیدا نہیں ہوا تو آن حضرت صلی اللہ وسلم کی کئی پیشگوئیاں خطا جاتی ہیں اور صدہا بزرگوار صاحب الہام جھوٹے ٹھہرتے ہیں

(۲) اس بات کو بھی سوچنا چاہئے کہ جب علماء سے یہ سوال کیا جاوے کہ چودھویں صدی کا مجدد ہونے کے لئے بجز اس احقر کے اور کس نے دعویٰ کیا ہے اور کس نے منجانب اللہ آنے کی خبر دی ہے اور ملہم ہونے اور مامور ہونے کا دعویٰ کیا ہے تو اسکے جواب میں وہ بالکل خاموش ہیں اور

کسی شخص کو پیش نہین کر سکتے جسنے ایسا دعوی کیا ہو اور یہ یاد رکھنا چاہئے کہ مسیح موعود ہونیکا دعوی
مُلہم من اللہ اور مجدد من اللہ کے دعوی سے کچھ بڑا نہین ہے صاف ظاہر ہے کہ جسکو یہ رتبہ حاصل ہو کہ
وہ خدا تعالیٰ کا ہم کلام ہو اُسکا نام بجانب اللہ خواہ مثیل مسیح اور خواہ مثیل موسیٰ ہو یہ تمام نام اُسکے
حق مین جائز ہین مثیل ہونے مین کوئی اصلی فضیلت نہین اصلی اور حقیقی فضیلت ملہم من اللہ اور کلیم اللہ
ہونے مین ہے پھر جس شخص کو مکالمہ الہیہ کی فضیلت حاصل ہوگئی اور کسی خدمت دین کے لئے مامور من اللہ
ہوگیا تو اللہ جل شانہٗ وقت کے مناسب حال اُسکا کوئی نام رکھہ سکتا ہے یہ نام رکھنا تو کوئی بڑی بات
نہین اسلام مین موسیٰ - عیسیٰ - داود - سلیمان - یعقوب - وغیرہ بہت سے نام نبیون کے
نام پر لوگ رکھہ لیتے ہین اس تفاول کی نیت سے کہ اُنکے اخلاق انہین حاصل ہوجائین پھر اگر
خدا تعالیٰ کسی کو اپنے مکالمہ کا شرف دیکر کسی موجودہ مصلحت کے موافق اُسکا کوئی نام بھی رکھہ دے تو
اس مین کیا استبعاد ہے ؟

اور اس زمانہ کے مجدد کا نام مسیح موعود رکھنا اس مصلحت پر مبنی معلوم ہوتا ہے کہ اس مجدد کا کام اعظم الشان
کام عیسائیت کا غلبہ توڑنا اور اُنکے حملون کو دفعہ کرنا اور اُنکے فلسفہ کو جو مخالف قرآن ہے دلایل قویہ کے
ساتھہ توڑنا اور اُن پر اسلام کی حجت پوری کرنا ہے کیونکہ سب سے بڑی آفت اس زمانہ مین اسلام کے
لئے جو بغیر تائید الہی دور نہین ہوسکتی عیسائیون کے فلسفیانہ حملے اور مذہبی نکتہ چینیان ہین جن کے
دور کرنیکے لئے ضرور تھا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی آوے اور جیسا کہ میرے پر کشفاً کھولا گیا ہے
حضرت مسیح کی روح ان افتراؤن کی وجہ سے جو اُن پر اس زمانہ مین کئے گئے اپنے مثالی نزول کے
لئے شدت جوش مین تھی اور خدا تعالیٰ سے درخواست کرتے تھے کہ اس وقت مثالی طور پر اُسکا نزول
ہو سو خدا تعالیٰ نے اُسکے جوش کے موافق اُسکی مثال کو دنیا مین بھیجا تا وہ وعدہ پورا ہو جو پہلے سے کیا گیا تھا

یہ ایک سرّ اسرار الہیہ مین سے ہے کہ جب کسی رسول یا نبی کی شریعت اُسکے فوت ہونے کے بعد
بگڑ جاتی ہے اور اُسکی اصل تعلیمون اور ہدایتون کو بدلا کر بیہودہ اور بیجا باتین اُسکی طرف منسوب کی
جاتی ہین اور ناحق کا جھوٹ افترا کرکے یہ دعوی کیا جاتا ہے کہ وہ تمام کفر اور بدکاری کی باتین
اس نبی نے ہی سکھلائی تھین تو اُس نبی کے دل مین اُن فسادون اور تہمتون کے دور کرنے کے
لئے ایک اشد توجہ اور اعلیٰ درجہ کا جوش پیدا ہوجاتا ہے تب اُس نبی کی روحانیت تقاضا کرتی ہے کہ
کوئی قائم مقام اُسکا زمین پر پیدا ہو۔

اب غور سے اِس معرفت کے دقیقہ کو سنو کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو دو مرتبہ یہ موقع پیش آیا کہ اُنکی روحانیت نے قایم مقام طلب کیا اول جب کہ اُنکے فوت ہونے پر جبکہ سو برس گذر گیا اور یہودیون نے اِس بات پر حد سے زیادہ اصرار کیا کہ وہ نعوذ باللہ مکار اور کاذب تھا اور اُسکا ناجایز طور پر تولد تھا اور اسی لئے وہ مصلوب ہوا اور عیسائیون نے اِس بات پر غلو کیا کہ وہ خدا تھا اور خدا کا بیٹا تھا اور دُنیا کو نجات دینے کے لئے اُسنے صلیب پر جان دی پس جب کہ مسیح علیہ السلام کی بابرکت شان عین ناہنجار یہودیون نے نہایت خلاف تہذیب جمع کی اور بموجب توریت کے اُس آیت کے جو کتاب استثنا مین ہے کہ جو شخص صلیب پر کھینچا جاے وہ لعنتی ہوتا ہے نعوذ باللہ حضرت مسیح علیہ السلام کو لعنتی قرار دیا اور مفتری اور کاذب اور ناپاک پیدایش والا ٹھہرایا اور عیسائیون نے اُنکی مدح مین اطراء کرکے اُنکو خدا ہی بنا دیا اور اُن پر یہ تہمت لگائی کہ یہ تعلیم اُنھین کی ہے تب یہ اعلام الہی مسیح کی روحانیت جوش مین آئی اور اُسنے اِن تمام الزامون سے اپنی بریت چاہی اور خدا تعالی سے اپنا قایم مقام چاہا تب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے جن کی بعثت کی اغراض کثیرہ مین سے ایک یہ بھی غرض تھی کہ اُن تمام بیجا الزامون سے مسیح کا دامن پاک ثابت کرین اور اُسکے حق مین صداقت کی گواہی دین یہی وجہ ہے کہ خود مسیح نے یوحنا کی انجیل کے ۱۶ باب مین کہا ہے کہ مین تمہین سچ کہتا ہون کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی فایدہ مند ہے کیونکہ اگر مین نہ جاؤن تو تسلی دینے والا (یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تم پاس نہ آیگا پر اگر مین جاؤن تو اُسے تم پاس بھیجدونگا اور وہ آکر دُنیا کو گناہ سے اور راستی سے اور عدالت سے تقصیروار ٹھہرایگا گناہ سے اسلئے کہ وہ مجھ پر ایمان نہین لاے راستی سے اسلئے کہ مین اپنے باپ پاس جاتا ہون اور تم مجھے پھر نہ دیکھوگے - عدالت سے اِسلئے کہ اِس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے - جب وہ روح حق آئیگی تو تمہین ساری سچائی کی راہ بتا دیگی وہ روح حق میری بزرگی کریگی اِس لئے کہ وہ میری چیزون سے پائیگی - ۱۴ - وہ تسلی دینے والا جسے باپ میرے نام سے بھیجیگا وہی تمہین سب چیزین سکھائیگا - لوکا ۱۴ - مین تمہین سچ کہتا ہون کہ مجھے کو نہ دیکھوگے اُسوقت تک کہ تم کہوگے مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام پر (یعنے مسیح علیہ السلام کے نام پر) آتا ہے اِن آیات مین مسیح کا یہ فقرہ کہ مین اُسے تم پاس بھیجدونگا اِس بات پر صاف دلالت کرتا ہے کہ مسیح کی روحانیت اُسکے آنے کے لئے تقاضا کریگی اور یہ فقرہ کہ باپ اُسکو میرے نام سے بھیجیگا اِس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ آنیوالا مسیح کی تمام روحانیت پائیگا اور اپنے کمالات کی ایک شاخ کے رو سے وہ

مسیح ہوگا جیسا کہ ایک شاخ کی رو سے وہ موسیٰ ہے۔ بات یہ ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیا کے نام اپنے اندر جمع رکھتے ہیں کیونکہ وہ وجود پاک جامع کمالات متفرقہ ہے پس وہ موسیٰ بھی ہے اور عیسیٰ بھی اور آدم بھی اور ابراہیم بھی اور یوسف بھی اور یعقوب بھی۔ اسی کی طرف اللہ جل شانہٗ اشارہ فرماتا ہے فبھدیھم اقتدہ یعنے اے رسول اللہ تو اُن تمام ہدایات متفرقہ کو اپنے وجود میں جمع کرلے جو ہر یک نبی خاص طور پر اپنے ساتھ رکھتا تھا پس اس سے ثابت ہے کہ تمام انبیا کی شانیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں شامل تھیں اور درحقیقت محمدؐ کا نام صلی اللہ علیہ وسلم اسی کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ محمدؐ کے یہ معنے ہیں کہ نہایت تعریف کیا گیا اور غایت درجہ کی تعریف تبھی متصور ہوسکتی ہے کہ جب انبیا کے تمام کمالات متفرقہ اور صفات خاصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں جمع ہوں چنانچہ قرآن کریم کی بہت سی آیتیں بلکہ اس وقت لکھنا موجب طوالت ہے اسی پر دلالت کرتی بلکہ بصراحت تبلاتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک باعتبار اپنی صفات اور کمالات کے مجموعہ انبیا تھی اور ہر یک نبی نے اپنے وجود کے ساتھ مناسبت پاکر یہی خیال کیا کہ میرے نام پر وہ آنے والا ہے۔ اور قرآن کریم ایک جگہ فرماتا ہے کہ سب سے زیادہ ابراہیم سے مناسبت رکھنے والا یہ نبی ہے اور بخاری میں ایک حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری مسیح سے بہ شدت مناسبت ہے اور اُسکے وجود سے میرا وجود ملا ہوا ہے پس اس حدیث میں حضرت مسیح کے اُس فقرہ کی تصدیق ہے کہ وہ نبی میرے نام پر آئیگا سو ایسا ہی ہوا کہ ہمارا مسیح صلی اللہ علیہ وسلم جب آیا تو اُس نے مسیح ناصری کے ناتمام کاموں کو پورا کیا اور اُسکی صداقت کے لئے گواہی دی اور اُن تہمتوں سے اُسکو بری قرار دیا جو یہود اور نصاریٰ نے اُس پر لگائی تھیں اور مسیح کی روح کو خوشی پہنچائی یہ مسیح ناصری کی روحانیت کا پہلا جوش تھا جو ہمارے سید ہمارے مسیح خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور سے اپنی مراد کو پہنچا فالحمد للہ۔

پھر دوسری مرتبہ مسیح کی روحانیت اُسوقت جوش میں آئی کہ جب نصاریٰ میں دجّالیت کی صفت اتم اور اکمل طور پر آگئی اور جیسا کہ لکھا ہے کہ دجّال نبوت کا دعویٰ بھی کریگا اور خدائی کا بھی ایسا ہی اُنہوں نے کیا۔ نبوت کا دعویٰ اس طرح پر کیا کہ کلام الٰہی میں اپنی طرف سے وہ دخل دئے وہ اوامر ہے مرتب کئے اور وہ تنسیخ ترمیم کی جو ایک نبی کا کام تھا جس حکم کو چاہا قایم کردیا اور اپنی طرف سے عقائد

اور عبادت کے طریقے گڑھ لئے اور ایسی آزادی سے مداخلت بیجا کی کہ گویا اُن باتون کے لئے وحی الہی اُن پر نازل ہوگئی سو الہی کتابون مین اِس قدر بیجا دخل دوسرے رنگ مین نبوت کا دعوی ہے۔ اور خدائی کا دعوی اِس طرح پر کہ اُنکے فلسفہ دانون نے یہ ارادہ کیا کہ کسی طرح تمام کام خدائی کے ہمارے قبضہ مین آجائین جیسا کہ اُنکے خیالات اِس ارادہ پر شاہد ہین کہ وہ دن رات ان فکرون مین پڑے ہوئے ہین کہ کسی طرح ہم ہی مینہہ برسائین اور نطفہ کو کسی آلہ مین ڈالکر اور رحم عورت مین پہنچا کر بچے ہی پیدا کرلین اور اُنکا عقیدہ ہو کہ خدا کی تقدیر کچھ چیز نہین بلکہ ناکامی ہماری بوجہ غلطی تدبیر تقدیر ہوجاتی ہے اور جو کچھ دُنیا مین خدا تعالی کی طرف منسوب کیا جاتا ہے وہ صرف اِس وجہ سے ہو کہ پہلے زمانہ کے لوگون کو ہر ایک چیز کے طبعی اسباب معلوم نہین تھے اور اپنے تہک جانے کی حد انتہا کا نام خدا اور خدا کی تقدیر رکھا تھا اب سلسلہ طبعیہ کا سلسلہ جب بکلی لوگون کو معلوم ہوجائیگا تو یہ خام خیالات خود بخود دور ہوجائین گے پس دیکھنا چاہئے کہ یورپ اور امریکہ کے فلاسفرون کے یہ اقوال خدائی کا دعوی ہے یا کچھ اور ہے اسی وجہ سے ان فکرون مین پڑے ہوئے ہین کہ کسی طرح مُردے بھی زندہ ہوجائین اور امریکہ مین ایک گروہ عیسائی فلاسفرون کا انھین باتون کا تجربہ کر رہا ہے اور مینہہ برسانے کا کارخانہ تو شروع ہوگیا اور اُنکا منشا ہے کہ بجاے اِسکے کہ لوگ مینہہ کے لئے خدا تعالی سے دُعا کرین یا استسقا کی نماز پڑہین گورنمنٹ مین ایک عرضی دیدین کہ فلان کھیت مین مینہہ برسایا جاے اور یورپ مین یہ کوشش ہورہی ہے کہ نطفہ رحم مین ٹہرانے کے لئے کوئی کل پیدا ہو اور نیز یہ بھی کہ جب چاہین لڑکا پیدا کرلین اور جب چاہین لڑکی اور ایک مرد کا نطفہ لیکر اور کسی پچکاری مین رکھکر کسی عورت کے رحم مین چڑہا دین اور اِس تدبیر سے اُسکو حمل کردین اب دیکھنا چاہئے کہ یہ خدائی پر قبضہ کرنے کی فکر ہے یا کچھ اور ہے اور یہ جو حدیثون مین آیا ہے کہ دجال اول نبوت کا دعوی کریگا پھر خدائی کا اگر اِسکے یہ معنے لئے جائین کہ چند روز نبوت کا دعوی کرکے پھر خدا بننے کا دعوی کریگا تو یہ معنے صریح باطل ہین کیونکہ جو شخص نبوت کا دعوی کریگا اُس دعوی مین ضرور ہے کہ وہ خدا تعالی کی ہستی کا اقرار کرے اور نیز یہ بھی کہے کہ خدا تعالی کی طرف سے میرے پر وحی نازل ہوتی ہے اور نیز خلق اللہ کو وہ کلام سُناوے جو اُسپر خدا تعالی کی طرف سے نازل ہوا ہے اور ایک اُمت بناوے جو اُسکو نبی سمجھے اور اُسکی کتاب کو کتاب اللہ جانتی ہے۔ اب سمجھنا چاہئے کہ ایسا دعوی کرنیوالا اُسی اُمت کے روبرو خدائی کا دعوی کیونکر کرسکتا ہے کیونکہ وہ لوگ کہہ سکتے ہین کہ

تو بڑا مفتری ہے پہلے تو خدا تعالیٰ کا اقرار کرتا تھا اور خدا تعالیٰ کا کلام ہمکو سناتا تھا اور اب اس سے انکار ہے اور اب آپ خدا بنتا ہے پھر جب اول دفعہ تیرے ہی اقرار سے تیرا جھوٹ ثابت ہوگیا تو دوسرا دعویٰ کیونکر سچا سمجھا جائے جسنے پہلے خدا تعالیٰ کی ہستی کا اقرار کر لیا اور اپنے تئیں بندہ قرار دے دیا اور بہت سا الہام اپنا لوگون مین شایع کر دیا کہ یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے وہ کیونکر اُن تمام اقرارات سے انحراف کرکے خدا ٹھہر سکتا ہے اور ایسے کذّاب کو کون قبول کر سکتا ہے سو یہ معنے جو ہمارے علماء لیتے ہین بالکل فاسد ہین صحیح معنے یہی ہین کہ نبوّت کے دعویٰ سے مراد دخل در امور نبوت اور خدائی کے دعویٰ سے مراد دخل در امور خدائی ہے جیسا کہ آجکل عیسائیون سے یہ حرکات ظہور مین آرہی ہین ایک فرقہ اُن مین سے انجیل کو ایسا توڑ مروڑ رہا ہے کہ گویا وہ نبی ہے اور اُسپر آیتین نازل ہو رہی ہین اور ایک فرقہ خدائی کے کامون مین اِس قدر دخل دے رہا ہے کہ گویا وہ خدائی کو اپنے قبضہ مین کرنا چاہتا ہے۔

غرض یہ دجّالیت عیسائیون کی اِس زمانہ مین کمال درجہ تک پہنچ گئی ہے اور اسکے قایم کرنیکے لئے پانی کی طرح اُنہون نے اپنے مالون کو بہا دیا ہے اور کروڑہا مخلوقات پر بداثر ڈالا ہے تقریر سے تحریر سے مال سے عورتون سے گانے سے بجانے سے تماشے دکھلانے سے ڈاکٹر کہلانے سے غرض ہر یک پہلو سے ہر یک طریق سے ہر یک پیرایہ سے ہر یک مُلک پر اُنہون نے اثر ڈالا ہے چنانچہ چھ کروڑ تک ایسی کتاب تالیف ہوچکی ہے جس مین یہ غرض ہے کہ دُنیا مین ناپاک طریق عیسیٰ پرستی کا پھیل جاے پس اِس زمانہ مین دوسری مرتبہ حضرت مسیح کی روحانیت کو جوش آیا اور اُنہون نے دوبارہ مثالی طور پر دُنیا مین اپنا نزول چاہا اور جب اُن مین مثالی نزول کے لئے اشدّ درجہ کی توجہ اور خواہش پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے اُس خواہش کے موافق دجّال موجودہ کے نابود کرنے کے لئے ایسا شخص بھیجدیا جو اُنکی روحانیت کا نمونہ تھا وہ نمونہ مسیح علیہ السلام کا رنگ لیکر مسیح موعود کہلایا کیونکہ حقیقت عیسویہ کا اُس مین حلول تھا یعنے حقیقت عیسویہ اُس سے متحد ہوگئے تھے اور مسیح کی روحانیت کے تقاضا سے وہ پیدا ہوا تھا پس حقیقت عیسویہ اُسمین ایسی منعکس ہوگئی جیسا کہ آئینہ مین اشکال اور چونکہ وہ نمونہ حضرت مسیح کی روحانیت کے تقاضا سے ظہور پذیر ہوا تھا اسلئے وہ عیسیٰ کے نام سے موسوم کیا گیا کیونکہ حضرت عیسیٰ کی روحانیت نے قادر مطلق عزاسمہٗ سے بوجہ اپنے جوش کے اپنی ایک شبیہ چاہی اور چاہا کہ حقیقت عیسویہ اُس شبیہ مین رکھی جاے تا اُس شبیہ کا نزول

ہو۔ پس ایسا ہی ہوگیا اِس تقریر مین اِس وہم کا ہی جواب ہے کہ نزول کے لئے مسیح کو کیون مخصوص کیا گیا یہ کیون نہ کہا گیا کہ موسیٰ نازل ہوگا یا ابراہیم نازل ہوگا یا داؤد نازل ہوگا کیونکہ اِس جگہ صاف طور پر کھُل گیا کہ موجودہ فتنون کے لحاظ سے مسیح کا نازل ہونا ہی ضروری تہا کیونکہ مسیح کی ہی قوم بگڑی تہی اور مسیح کی قوم مین ہی دجّالیت پھیلی تہی اسلئے مسیح کی روحانیت کو ہی جوش آنا لایق تہا یہ وہ دقیق معرفت ہے کہ جو کشف کے ذریعہ سے اِس عاجز پر کھُلی ہے۔ اور یہ بھی کھُلا کہ یون مقدر ہے کہ ایک زمانہ کے گذرنے کے بعد کہ خیر اور صلاح اور غلبۂ توحید کا زمانہ ہوگا پھر دُنیا مین فساد اور شرک اور ظلم عود کریگا اور بعض بعض کو کیڑون کی طرح کہا جائینگے اور جاہلیت غلبہ کریگی اور دوبارہ مسیح کی پرستش شروع ہوجائیگی اور مخلوق کو خدا بنانے کی جہالت بڑی زور سے پھیلے گی اور یہ سب فساد عیسائی مذہب سے اِس آخری زمانہ کے آخری حصہ مین دُنیا مین پھیلین گے تب پھر مسیح کی روحانیت سخت جوش مین آکر جلالی طور پر اپنا نزول چاہیگی تب ایک قہری شعبہ مین اُسکا نزول ہوکر اُس زمانہ کا خاتمہ ہوجائیگا تب آخر ہوگا اور دُنیا کی صف لپیٹ دی جائیگی اِس سے معلوم ہوا کہ مسیح کی اُمت کی نالایق کرتوتون کی وجہ سے مسیح کی روحانیت کے لئے یہی مقدر تہا کہ تین مرتبہ دنیا مین نازل ہو۔

اِس جگہ یہ نکتہ بہی یاد رکھنے کے لایق ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی روحانیت ہی اسلام کے اندرونی مفاسد کے غلبہ کے وقت ہمیشہ ظہور فرماتی رہتی ہے اور حقیقت محمدیہ کا حلول ہمیشہ کسی کامل متبع مین ہوکر جلوہ گر ہوتا ہے اور جو احادیث مین آیا ہے کہ **مہدی** پیدا ہوگا اور اُسکا نام میرا نام ہوگا اور اُسکا خلق میرا خلق ہوگا اگر یہ حدیثین صحیح ہین تو یہ اسی نزول روحانیت کی طرف اشارہ ہے لیکن وہ نزول کسی خاص فرد مین محدود نہین صدہا ایسے لوگ گذرے ہین کہ جن مین حقیقت محمدیہ متحقق تہی اور عند اللہ ظلی طور پر اُنکا نام **محمدؐ** یا **احمد** تہا لیکن چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی اُمت مرحومہ ان فسادون سے بفضلہٖ تعالیٰ محفوظ رہی ہے جو حضرت عیسیٰ کی اُمت کو پیش آئی اور آجتک ہزارہا صُلحا اور اتقیا اِس اُمت مین موجود ہین کہ جو قبلہ دُنیا کی طرف پشت دیکر بیٹھے ہوئے ہین پنج وقتہ توحید کی اذان کی مساجد مین ایسی گونج پڑتی ہے کہ آسمان تک محمدی توحید کی شعاعین پہنچتی ہین پھر کون موقع تہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی روحانیت کو ایسا جوش آتا جیسا کہ حضرت مسیح کی روح مین عیسائیون کے دجّالی فسادون اور نفرتی کاموں اور مشرکانہ تعلیمون اور نبوّت مین بیجا دخلون اور خدا تعالیٰ کی ہمسری کرنے نے پیدا کردیا اِس زمانہ مین یہ جوش حضرت موسیٰ کی روح کو بھی اپنی اُمت کے لئے نہین آسکتا تہا کیونکہ وہ تو نابود ہوگئی

اور اب صفحۂ دُنیا مین ذریّت اُنکی بجز چند لاکھ کے باقی نہین اور وہ بھی ضُربت علیھم الذلۃ والمسکنۃ کے مصداق اور اپنی دُنیا داری کے خیالات مین غرق اور نظرون سے گرے ہوئے ہین لیکن عیسائی قوم اس زمانہ مین جالیس کروڑ سے کچھ زیادہ ہے اور بڑے زور سے اپنے دجّالی خیالات کو پھیلا رہی ہے اور صدہا پیرایون مین اپنے شیطانی منصوبون کو دلون مین جاگزین کر رہی ہے بعض واعظون کے رنگ مین پھرتے ہین بعض گویے بنکر گیت گاتے ہین بعض شاعر بنکر تثلیث کے متعلق غزلین سُناتے ہین بعض جوگی بنکر اپنے خیالات کو شایع کرتے پھرتے ہین۔ بعض نے یہی خدمت لی ہے کہ دُنیا کی تمام زبانون مین اپنی محرّف انجیل کا ترجمہ کرکے اور ایسا ہی دوسری کتابین اسلام کے مقابل پر پھر ایک زبان مین لکھکر تقسیم کرتے پھرتے ہین بعض تھیٹر کے پیرایہ مین اسلام کی بُری تصویر لوگون کے دلون مین جماتے ہین اور ان کامون مین کروڑہا روپیہ اِنکا خرچ ہوتا ہے اور بعض ایک فوج بناکر اور نکلی فوج اسکا نام رکھکر مُلک بہ مُلک پھرتے ہین اور ایسا ہی اور اور کارروائیون نے بھی جو اُنکے مردبھی کرتے ہین اور ان کی عورتین بھی کروڑہا بندگان خدا کو نقصان پہنچایا ہے اور بات انتہا تک پہنچ گئی ہے اسلئے ضرور تھا کہ اِس زمانہ مین حضرت مسیح کی روحانیت جوش مین آتی اور اپنی شبیہ کے نزول کے لئے جو اُسکی حقیقت سے متحد ہو تقاضا کرتی سو اِس عاجز کے صدق کی شناخت کے لئے یہ ایک بڑی علامت ہے مگر اُن کے لئے جو سمجھتے ہین اسلام کے صوفی جو قبرون سے فیض طلب کرنے کے عادی ہین اور اِس بات کے بھی قایل ہین کہ ایک فوت شدہ نبی یا ولی کی روحانیت کبھی ایک زندہ مرد خدا سے متحد ہو جاتی ہے جسکو کہتے ہین فُلان ولی موسیٰ کے قدم پر ہے اور فلان ابراہیم کے قدم پر یا محمدی المشرب اور ابراہیمی المشرب نام رکھتے ہین وہ ضرور اِس دقیقہ معرفت کی طرف توجہ کرین۔

(۳) تیسری علامت اِس عاجز کے صدق کی یہ ہے کہ بعض اہل اللہ نے اِس عاجز سے بہت سے سال پہلے اِس عاجز کے آنے کی خبر دی ہے یہان تک کہ نام اور سکونت اور عمر کا حال بتصریح بتلایا ہے جیسا کہ نشان آسمانی مین لکھ چکا ہون۔

(۴) چوتھی علامت اِس عاجز کے صدق کی یہ ہے کہ اِس عاجز نے بارہ ہزار کے قریب خط اور اشتہار اِس دعوی برکات کے مقابلہ کے لئے مذاہب غیر کی طرف روانہ کئے بالخصوص پادریون مین سے شاید ایک بھی نامی پادری یورپ اور امریکہ اور ہندوستان مین باقی نہین رہا ہوگا جسکی طرف خط رجسٹری کرکے نہ بھیجا ہو مگر سب پر حق کا رعب چھا گیا اب جو ہماری قوم کے ملّا مولوی لوگ

اس دعوت میں نکتہ چینی کرتے ہیں درحقیقت یہ اُنکی دروغگوئی اور سخاست خواری ہے مجھے یہ قطعی طور پر بشارت دی گئی ہے کہ اگر کوئی مخالف دین میرے سامنے مقابلہ کے لئے آئیگا تو میں اُسپر غالب ہونگا اور وہ ذلیل ہوگا پھر یہ لوگ جو مسلمان کہلاتے ہیں اور میری نسبت شک رکھتے ہیں کیوں اِس زمانہ کے کسی پادری سے میرا مقابلہ نہیں کراتے۔ کسی پادری یا پنڈت کو کہہ دیں کہ یہ شخص درحقیقت مفتری ہے اِسکے ساتھ مقابلہ کرنے میں کچھ نقصان نہیں ہم ذمہ وار ہیں پھر خدا تعالیٰ خود فیصلہ کر دیگا میں اِس بات پر راضی ہوں کہ جس قدر دُنیا کی جایداد یعنے اراضی وغیرہ بطور وراثت میرے قبضہ میں آئی ہے بحالت دروغگو نکلنے کے وہ سب اُس پادری یا پنڈت کو دیدونگا اگر وہ دروغگو نکلا تو بجز اُسکے اسلام لانے کے میں اُس سے کچھ نہیں مانگتا یہ بات میں نے اپنے جی میں خود ٹھہرائی ہے اور تہ دل سے یہ بیان کی ہے اور اللہ جل شانہٗ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں اِس مقابلہ کے لئے طیار ہوں اور اشتہار دینے کے لئے مستعد بلکہ میں نے تو بارہ ہزار اشتہار شایع کر دیا ہے بلکہ میں بُلاتا بلاتا تھک گیا کوئی پنڈت یا پادری نیک نیتی سے سامنے نہیں آیا میری سچائی کے لئے اِس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ میں اِس مقابلہ کے لئے ہر وقت حاضر ہوں اور اگر کوئی مقابلہ پر کچھ نشان دکھلانیکا دعویٰ نہ کرے تو ایسا پنڈت یا پادری صرف اخبار کے ذریعہ سے یہ شایع کر دے کہ میں صرف یکطرفہ کوئی امر خارق عادت دیکھنے کو طیار ہوں اور اگر امر خارق عادت ظاہر ہو جائے اور میں اُسکا مقابلہ نہ کر سکوں تو فی الفور اسلام قبول کرونگا تو یہ تجویز بھی مجھے منظور ہے کوئی مسلمانوں میں سے ہمت کرے اور جس شخص کو کافر بیدین کہتے ہیں اور دجّال نام رکھتے ہیں بمقابل کسی پادری کے اُسکا امتحان کر لیں اور آپ صرف تماشا دیکھیں۔

(۵) پانچویں علامت اِس عاجز کے صدق کی یہ ہے کہ مجھے اطلاع دی گئی ہے کہ میں اِن مسلمانوں پر بھی اپنے کشفی اور الہامی علوم میں غالب ہوں اُنکے علماء کو چاہئے کہ میرے مقابل پر آویں پھر اگر تائید الٰہی میں اور فیض سماوی میں اور آسمانی نشانوں میں مجھ پر غالب ہو جائیں تو جس کافر دے چاہیں مجھ کو دیدیں مجھے منظور ہے اور اگر مقابلہ کی طاقت نہ ہو تو کُفر کے فتوے دینے والے جو الہاماً میرے مخاطب ہیں یعنے جن کو مخاطب ہونیکے لئے الہام الٰہی مجھ کو ہو گیا ہے پہلے لکھ دیں اور شایع کرا دیں کہ اگر کوئی خارق عادت امر دیکھیں تو بلا چون وچرا دعوی کو منظور کر لیں میں اِس کام کے لئے بھی حاضر ہوں اور میرا خداوند کریم میرے ساتھ ہے لیکن مجھے یہ حکم ہے کہ میں ایسا مقابلہ صرف اتمّتہ الکفر سے کروں اُنہیں سے مباہلہ کروں اور اُنہیں سے اگر وہ چاہیں یہ مقابلہ کروں مگر یاد رکھنا چاہئے کہ وہ ہرگز مقابلہ نہیں کرینگے کیونکہ حقانیت

کے اُنکے دلون پر رعب ہین اور وہ اپنے ظلم اور زیادتی کو خوب جانتے ہین وہ ہرگز مباہلہ بھی نہین کرینگے مگر میری طرف سے عنقریب کتاب دافع الوساوس مین اُنکے نام اشتہار جاری ہوجائینگے۔

رہے عام لوگ کہ جو امام اور فضلا علم کے نہین ہین اور نہ اُنکا فتوی ہے اُنکے لئے مجھے یہ حکم ہے کہ اگر وہ خوارق دیکھنا چاہتے ہین تو صحبت مین رہین خدا تعالی غنی بے نیاز ہے جب تک کسی مین تذلل اور انکسار نہین دیکھتا اُسکی طرف توجہ نہین فرماتا۔ لیکن وہ اِس عاجز کو ضایع نہین کریگا اپنی حجت دُنیا پر پوری کردیگا اور کچھ زیادہ دیر نہین ہوگی کہ وہ اپنے نشان دکھاویگا لیکن مبارک وہ جو نشانون سے پہلے قبول کرگئے وہ خدا تعالی کے پیارے بندے ہین اور وہ صادق ہین جن مین دغا نہین نشانون کے مانگنے والے حسرت سے اپنے ہاتھون کو کاٹینگے کہ ہکو رضاے الہی اور اُسکی خوشنودی حاصل نہ ہوئی جو اُن بزرگ لوگون کو ہوئی جنہون نے قراین سے قبول کیا اور کوئی نشان نہین مانگا۔

مسلمانون کو مختلف اغراض کے لئے سفر کرنے پڑتے ہین کبھی سفر طلب علم ہی کے لئے ہوتا ہے اور کبھی سفر ایک شفیق والدہ یا بہائی یا بہن یا بیوی کی ملاقات کے لئے یا کسی عورت کو اپنے والدین کے ملنے کے لئے یا والدین کا اپنی لڑکیون کی ملاقات کے لئے اور کبھی مرد اپنی شادی کے لئے اور کبھی تلاش معاش کے لئے اور کبھی پیغام رسانی کے طور پر اور کبھی زیارت صالحین کے لئے سفر کرتے ہین جیسا کہ حضرت **عمر** رضی اللہ عنہ نے حضرت **اویس** قرنی کے ملنے کے لئے سفر کیا تھا اور کبھی سفر جہاد کے لئے بھی ہوتا ہے خواہ وہ جہاد تلوار سے ہو اور خواہ بطور مباحثہ کے اور کبھی سفر بہ نیت مباہلہ ہوتا ہے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور کبھی سفر اپنے مرشد کے ملنے کے لئے جیسا کہ ہمیشہ اولیاء کبار جیسے حضرت شیخ **عبد القادر** رضی اللہ عنہ اور حضرت **بایزید بسطامی** اور حضرت **معین الدین** چشتی اور حضرت **مجدد الف ثانی** بھی ہین اکثر اس غرض سے بھی سفر کرتے رہے جنکے سفر نامے اکثر اُنکے ہاتھ کے لکھے ہوئے اب تک پائے جاتے ہین اور کبھی سفر فتوی پوچھنے کے لئے بھی ہوتا ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ سے اسکا جواز بلکہ بعض صورتون مین وجوب ثابت ہوتا ہے اور امام بخاری کے سفر طلب علم حدیث کے لئے مشہور ہین شاید میان رحیم بخش کو خبر نہین ہوگی اور کبھی سفر عجائبات دُنیا کے دیکھنے کے لئے بھی ہوتا ہے جسکی طرف آیت کریمہ قل سیروا فی الارض اشارت فرما رہی ہے اور کبھی سفر صادقین کی صحبت مین رہنے کی غرض سے جسکی طرف آیت کریمہ یا ایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین ہدایت فرماتی ہے اور کبھی سفر عیادت کے لئے بلکہ اتباع جنازہ کے لئے بھی ہوتا ہے اور کبھی بیمار یا بیمار دار علاج کرانے کی غرض سے سفر کرتا ہے اور کبھی کسی مقدس رسالت یا تجارت وغیرہ کے لئے بھی سفر کیا جاتا ہے اور یہ تمام قسم سفر کی قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے رو سے جایز ہین بلکہ زیارت صالحین اور ملاقات اخوان اور طلب علم کے سفر کی نسبت احادیث صحیحہ مین بہت کچھ حث و ترغیب پائی جاتی ہے اگر اس وقت وہ تمام حدیثین لکھی جائین تو ایک کتاب بنتی ہے ایسے فتوی لکھا نیوالے اور لکھنے والے یہ خیال نہین کرتے کہ انکو بھی تو اکثر اس قسم کے سفر پیش آجاتے ہین پھر اگر بجز تین مسجدون کے اور تمام سفر کرنے حرام ہین تو چاہئے کہ یہ لوگ اپنے تمام رشتے ناطے اور عزیز اقارب چھوڑ کر بیٹھ جائین اور کبھی اُنکی ملاقات یا اُنکی غم خواری یا اُنکی بیمار پرسی کے لئے بھی سفر نہ کرین - مین خیال نہین کرتا کہ بجز ایسے آدمی کے جسکو تعصب اور جہالت نے اندھا کر دیا ہو وہ ان تمام سفرون کے جواز مین متامل ہو سکے صحیح بخاری کا صفحہ ۶ اکھولکر دیکھو کہ سفر طلب علم کے لئے کس قدر بشارت دی گئی ہے اور وہ یہ ہے کہ **مَنْ سلک طریقًا یطلب بہ علمًا سَھّل اللہ لہ طریقا الجنۃ** یعنے جو شخص طلب علم کے لئے سفر کرے اور کسی راہ پر چلے تو خدا تعالی بہشت کی راہ اُسپر آسان کر دیتا ہے - اب اے ظالم مولوی ذرا انصاف کر کہ تونے اپنے بہائی کا نام جو تیری طرح کلمہ گو اہل قبلہ اور اللہ رسول پر ایمان لاتا ہے مردود کہا اور خدا تعالی کی رحمت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے بھی محروم قرار دیا اور اُس صحیح حدیث بخاری کی بھی کچھ پرواہ نہ کی کہ **اسعد الناس بشفاعتی یوم القیامۃ**

من قال لا الہ الا اللہ خالصًا من قلبہ او لفسہ اور مردود ٹہرانے کی اپنے فتوی مین وجہ یہ ٹہرائی
کہ ایسا اشتہار کیون شایع کیا اور لوگون کو جلسہ پر بلانے کے لئے کیون دعوت کی - اے نا خدا ترس ذرہ آنکہہ کہول
اور پڑہ کہ اُس اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۳ء کا کیا مضمون ہے کیا اپنی جماعت کو طلب علم اور حل مشکلات دین او
ہمدردی اسلام اور برادرانہ ملاقات کے لئے بلایا ہے یا اُسمین کسی اور سیلہ تماشا اور راگ اور سرود کا ذکر ہے - اے
اِس زمانہ کے تنگ اسلام مولویو تم اللہ جل شانہ سے کیون نہین ڈرتے کیا ایک دن مرنا نہین یا ہر یک مواخذہ
تمکو صاف ہے حق بات کو سُنکر اور اللہ اور رسول کے فرمودہ کو دیکہہ کر تمہین خیال تو نہین آتا کہ اب اپنی ضد سے باز
آجائین بلکہ مقدمہ باز لوگون کی طرح یہ خیال آتا ہے کہ آؤ کسی طرح باتون کو بنا کر اِسکا رد چہپا بین تا لوگ نہ کہین کہ ہمارے
مولوی صاحب کو کچہہ جواب نہ آیا - اِسقدر دیدہ دلیری اور بد دیانتی اور یہ بخل اور بغض کس غرض کے لئے - آپکو فتوی لکہنے
کے وقت وہ حدیثین یاد نہ رہین جن مین علم دین کے لئے اور اپنے شبہات دور کرنے کے لئے اور اپنے دینی
بہائیون اور عزیزون کو ملنے کے لئے سفر کرنیکو موجب ثواب کثیر و اجر عظیم قرار دیا ہے بلکہ زیارت صالحین کے لئے
سفر کرنا قدیم سے سنت سلف صالح چلی آئی ہے اور ایک حدیث مین ہے کہ جب قیامت کے دن ایک شخص اپنی
بد اعمالی کی وجہ سے سخت مواخذہ مین ہوگا تو اللہ جل شانہ اُس سے پوچہیگا کہ فلان صالح آدمی کی ملاقات کے لئے
کبہی تو گیا تہا تو وہ کہیگا بالارادہ تو کبہی نہین گیا مگر ایک دفعہ ایک راہ مین اُسکی ملاقات ہوگئی تہی تب خدا تعالی
کہیگا کہ جا بہشت مین داخل ہو میںنے اُسی ملاقات کی وجہ سے تجہے بخش دیا - اب اے کوتہ نظر مولوی ذرہ نظر کر کہ یہ
حدیث کس بات کی ترغیب دیتی ہے - اور اگر کسی کے دل مین یہ وہم ہو کہ ہو کہ اِس دینی جلسہ کے لئے ایک خاص تاریخ کیون
مقرر کی ایسا فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ عنہم سے کب ثابت ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ بخاری اور
مسلم کو دیکہو کہ اہل بادیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین مسایل کے دریافت کرنیکے لئے اپنی فرصت کے وقتون
مین آیا کرتے تہے اور بعض خاص خاص مہینون مین انکی گروہ فرصت پاکر حاضر خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوا
کرتے تہے اور صحیح بخاری مین ابی جمرہ سے روایت ہے قال ان وفد عبد القیس اتوا النبی صلی اللہ علیہ
وسلم قالوا انا ناتیک من شقۃ بعیدۃ ولا نستطیع ان ناتیک الا فی شہر حرام - یعنے
ایک گروہ قبیلہ عبد القیس کے پیغام لانیوالون کا جو اپنی قوم کی طرف سے آئے تہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
مین حاضر ہوا اور کہا کہ ہم لوگ دور سے سفر کر کے آتے ہین اور بجز حرام مہینون کے ہم حاضر خدمت ہو نہین سکتے تو
انکے قول کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رد نہین کیا اور قبول کیا - اب اِس حدیث سے یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے کہ جو
لوگ طلب علم یا دینی ملاقات کے لئے کسی اپنے مقتدا کی خدمت مین حاضر ہونا چاہین وہ اپنی گنجایش فرصت کے لحاظ
سے ایک تاریخ مقرر کر سکتے ہین جس تاریخ مین وہ بآسانی اور بلا حرج حاضر ہو سکین اور یہی صورت ۲۷ دسمبر کی
تاریخ مین ملحوظ ہے کیونکہ وہ دن تعطیل کے ہوتے ہین اور ملازمت پیشہ لوگ بہ سہولت اُن دنون مین آسکتے ہین

اور خدا تعالیٰ قرآن شریف مین فرماتا ہے کہ اس دین مین کوئی حرج کی بات نہین رکھی گئی یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اگر شلاً کسی تدبیر یا انتظام سے ایک کام جو در اصل جایز اور روا ہے سہل اور آسان ہو سکتا ہو تو وہی تدبیر اختیار کرو کچھ مضایقہ نہین ان باتونکا نام بدعت رکھنا ان اندھونکا کام ہے جنکو نہ دین کی عقل دی گئی اور نہ دنیا کی امام بخاری نے اپنی صحیح مین کسی دینی تعلیم کی مجلس پر تاریخ مقرر کرنیکے لئے ایک خاص باب منعقد کیا ہے جسکا یہ عنوان ہے من جعل لاھل العلم ایاما معلومۃ یعنے علم کے طالبون کی افادہ کے لئے خاص دنون کو مقرر کرنا بعض صحابہ کی سنت ہے۔ اس ثبوت کے لئے امام موصوف اپنی صحیح مین ابی وایل سے یہ روایت کرتے ہین کان عبد اللہ یذکر الناس فی کل خمیس۔ یعنے عبد اللہ نے اپنے وعظ کے لئے جمعرات کا دن مقرر کر رکھا تھا۔ اور جمعرات مین ہی اُسکے وعظ پر لوگ حاضر ہوتے تھے۔ یہ بھی یاد رہے کہ اللہ جل شانہٗ نے قرآن کریم مین تدبیر اور انتظام کے لئے ہمین حکم فرمایا ہے اور ہمین مامور کیا ہے کہ جو احسن تدبیر اور انتظام خدمت اسلام کے لئے ہم قرین مصلحت سمجھین اور دشمن پر غالب ہونیکے لئے مفید خیال کرین وہی بجا لاوین جیساکہ وہ عزاسمہٗ فرماتا ہے **واعدوا لھم ما استطعتم من قوۃ** یعنے دینی دشمنون کے لئے ہر یک قسم کی تیاری جو کر سکتے ہو کرو اور اعلاء کلمہ اسلام کے لئے جو قوت لگا سکتے ہو لگاؤ۔ اب دیکھو کہ یہ آیت کریمہ کس قدر بلند آواز سے ہدایت فرما رہی ہے کہ جو تدبیر بھی خدمت اسلام کے لئے کارگر ہون سب بجا لاؤ اور تمام قوت اپنے فکر کی اپنے بازو کی اپنی مالی طاقت کی اپنے حسن انتظام کی اپنی تدبیر شایستہ کی اس راہ مین خرچ کرو تا تم فتح پاؤ۔ اب ناواقف ہے جو دشمن دین مولوی اس حرف قوت اور حکمت عملی کا نام بدعت رکھتے ہین اس زعم کے یہ لوگ عالم کہلاتے ہین جنکو قرآن کریم کی بھی خبر نہین انا للہ و انا الیہ راجعون۔

اس آیت موصوفہ بالا پر غور کرنیوالے سمجھ سکتے ہین کہ بر طبق حدیث نبوی کہ انما الاعمال بالنیات کوئی حسن انتظام اسلام کی خدمت کے لئے سوچنا بدعت اور ضلالت مین داخل نہین ہے جیسے جیسے بوجہ تبدل زمانہ کے اسلام کو نئی نئی صورتین مشکلات کی پیش آتی ہین یا نئے نئے طور پر ہم لوگون پر مخالفون کے حملے ہوتے ہین ویسی ہی ہمین نئی تدبیرین کرنی پڑتی ہین پس اگر حالت موجودہ کے موافق اُن حملون کے روکنے کی کوئی تدبیر اور تدارک سوچین تو وہ ایک تدبیر ہے بدعت سے اُسکو کچھ تعلق نہین اور ممکن ہے کہ بباعث انقلاب زمانہ کے ہمین بعض ایسی نئی مشکلات پیش آجائین جو ہمارے سید و مولیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس رنگ اور طرز کی مشکلات پیش نہ آئی ہون مثلاً ہم اسوقت کی لڑائیون مین پہلی طرز کو جو مسنون ہے اختیار نہین کر سکتے کیونکہ اس زمانہ مین طریق جنگ و جدل بالکل بدل گیا ہے اور پہلی ہتیار بیکار ہو گئی اور نئے نئے ہتیار لڑائیونکے پیدا ہوئے اب اگر ان ہتیارون کو پکڑنا اور اُٹھانا اور ان سے کام لینا لوگ اسلام بدعت سمجھین اور ریاض رحیم بخش جیسے مولوی کی بات پر کان دھرکے ان اسلحہ جدیدہ کا استعمال کرنا ضلالت اور معصیت خیال کرین اور یہ کہین کہ یہ وہ طریق جنگ ہے کہ نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار کیا اور نہ صحابہ اور تابعین نے تو فرمایئے کہ بجز اسکے کہ ایک ذلت کے ساتھ اپنی ٹوٹی پھوٹی ساعتون سے الگ کئے جائین اور دشمن فتحیاب ہو جاوے کوئی اور بھی اسکا نتیجہ ہوگا پس ایسے مقامات تدبیر اور انتظام مین خواہ وہ جنگ و جدل ظاہری ہو یا باطنی اور خواہ تلوار کی لڑائی ہو یا قلم کی ہماری ہدایت پانے کے لئے یہ آیت کریمہ موصوفہ بالا

کافی ہے یعنے یہ کہ اعدوا لھم ما استطعتم من قوۃ اللہ جل شانہٗ اس آیت مین
ہمین عام اختیار دیتا ہے کہ دشمن کے مقابل پر جو احسن تدبیر ہمین معلوم ہو اور جو طرز ہمین سوثر اور بہتر دکھائی دے
وہی طریق اختیار کرو پس اب ظاہر ہے کہ اس احسن انتظام کا نام بدعت اور معصیت رکھنا اور انصار دین کو جو دن رات
اعلاء کلمہ اسلام کے فکر مین ہین جن کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ حب الانصار من الایمان
اُنکو مردود ٹہرانا نیک طینت انسانون کا کام نہین ہے بلکہ درحقیقت یہ اُن لوگونکا کام ہے جنکی روحانی صورتین مسخ شدہ ہین
اور اگر یہ کہو کہ یہ حدیث کہ حب الانصار من الایمان وبغض الانصار من النفاق یعنے انصار کی محبت ایمان کی نشانی
اور انصار سے بغض رکھنا نفاق کی نشانی ہے یہ اُن انصار کے حق مین ہے جو مدینہ کے رہنے والے تھے نہ عام اور تمام
انصار تو اس سے یہ لازم آئیگا کہ جو اُس زمانہ کے بعد انصار رسول اللہ ہون اُن سے بغض رکھنا جایز ہے نہین نہین
بلکہ یہ حدیث تو ایک خاص گروہ کے لئے فرمائی گئی مگر اپنے اندر عموم کا فایدہ رکھتی ہے جیسا کہ قرآن کریم مین اکثر آیتین خاص
گروہ کے لئے نازل ہوئین مگر اُنکا مصداق عام قرار دیا گیا ہے غرض ایسے لوگ جو مولوی کہلاتے ہین انصار دین کے
دشمن اور یہودیون کے قدمون پر چل رہے ہین مگر ہمارا یہ قول کلی نہین ہے راستباز علماء اس سے باہر ہین صرف خاین مولویون
کی نسبت یہ لکھا گیا ہے ہر یک مسلمان کو دعا کرنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ جلد اسلام کو ان خاین مولویون کے وجود سے رہائی بخشے
کیونکہ اسلام پر ایک نازک وقت ہے اور یہ نادان دوست اسلام پر چھپا اوہنی کرنا چاہتے ہین اور ایسی باتین کرتے ہین
جو صریح ہر یک شخص کے نزدیک خلاف صداقت نظر آتے ہین۔ امام بخاری پر اللہ تعالیٰ رحمت کرے اُنہون نے اس بارے
مین بھی اپنی کتاب مین ایک باب باندھا ہے چنانچہ وہ اُس باب مین لکھتے ہین قال علی رضی اللہ عنہ حدثوا الناس
بما یعرفون اتحبون ان یکذب اللہ ورسولہ۔ اور بخاری کے حاشیہ مین اسکی شرح مین لکھتا ہے ای کلموا الناس
علی قدر عقولھم یعنے لوگون سے اللہ رسول کے فرمودہ کی وہ باتین کرو جو اُنکو سمجھ جائین اور اُنکو معقول دکھائی
دین خواہ نخواہ اللہ رسول کی تکذیب مت کراؤ۔ اب ظاہر ہے کہ جو مخالف اس بات کو سنیگا کہ مولوی صاحبون نے یہ
فتویٰ دیا ہے کہ بجز تین مسجدون کے ایک دو اور محل کے اور کسی طرف سفر جایز نہین ایسا مخالف اسلام پر ہنسیگا اور شارع علیہ السلام کی
تعلیم مین نقص نکالنے کے لئے اُسکو موقع ملیگا اُسکو یہ تو ظہر نہین ہوگی کہ کسی محل کی بنا پر یہ صرف مولوی کی شرارت ہے یا
اُسکی بیوقوفی ہے وہ تو سیدنا ہمارے سید و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ آور ہوگا جیسا کہ انہین مولویون کی ایسی ہی کئی مفسدانہ
باتون سے عیسائیون کو بہت دل پہنچ گئی شکار جب مولویون نے اپنے مونہہ سے اقرار کیا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تو
نعوذ باللہ مُردہ ہین مگر حضرت عیسیٰ قیامت تک زندہ ہین تو وہ لوگ اہل اسلام پر سوار ہوگئے اور ہزارون سادہ لوحونکو اُنہون
نے انہین باتونسے گمراہ کیا اور ان بے تمیزون نے یہ نہین سمجھا کہ انبیاء سب زندہ ہین مُردہ تو ان مین سے کوئی بھی نہین
معراج کی رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی کی لاش نظر نہ آئی سب زندہ تھے دیکھئے اللہ جل شانہٗ اپنے نبی کریم کو
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کی قرآن کریم مین خبر دیتا ہے اور فرماتا ہے فلا تکن فی مریۃ من لقائہ اور خود

ز

آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فوت کے بعد اپنا زندہ ہوجانا اور آسمان پر اٹھائے جانا اور رفیق اعلیٰ کو جاملنا بیان
فرماتے ہین پھر حضرت مسیح کی زندگی مین کونسی انوکھی بات ہے جو دوسرون مین نہین معراج کی رات مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے تمام نبیون کو برابر زندہ پایا اور حضرت عیسیٰ کو حضرت یحییٰ کے ساتھ بیٹھا ہوا دیکھا - خدا تعالیٰ مولوی
عبدالحق محدث دہلوی پر رحمت کرے وہ ایک محدث وقت کا قول لکھتے ہین کہ مسلکا یہی مذہب ہے کہ اگر کوئی
مسلمان ہوکر کسی دوسرے نبی کی حیات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات سے قوی تر سمجھے تو وہ دایرہ اسلام سے
خارج ہے یا شاید یہ لکھا ہے کہ قریب ہے کہ وہ کافر ہوجائے لیکن یہ مولوی ایسے فتنون سے باز نہین آتے اور محض اس
عاجز سے مخالفت ظاہر کرنیکے لئے دین سے نکلتے جاتے ہین خدا تعالیٰ ان سبکو صفحہ زمین سے اٹھاوے تو بہتر ہے تا دین اسلام ان
کی تحریفون سے بچ جاوے ذرا انصاف کرنیکا محل ہے کہ صدہا لوگ طلب علم یا ملاقات کے لئے نذیر حسین خشک معلم
کے پاس دہلی مین جائین اور وہ سفر جائز ہو اور پیر خود نذیر حسین صاحب ٹبالوی صاحب کا دیکھنے کے لئے بدین
عمر و پیرانہ سالی دو سو کوس کا سفر اختیار کرکے ٹبالہ مین پہنچین اور وہ سفر بالکل روا ہو اور پیر شیخ ٹبالوی صاحب بال
بسال انگریزون کے ملنے کے لئے ضلعہ کی طرف دوڑتے جائین تا دنیوی عزت حاصل کرین اور وہ سفر ممنوع اور حرام
شمار کیا جاوے اور ایسا ہی بعض مولوی عطا کا نام لیکر ہیٹ پہرنے کے لئے مشرق اور مغرب کی طرف گھومتے پھرین اور وہ
سفر جائز ہے اعتراض نہ ہو اور کوئی ان لوگون پر بدعتی اور بداعمال اور مردود ہونے کے فتوے نہ دیوے جبکہ یہ عاجز باذن
واما بنعمۃ ربک فحدث کے حکم کے موافق دعوت حق کے لئے مامور ہوکر طلب علم کے لئے اپنی جماعت کے لوگون کو بلاوے تو وہ سفر حرام ہوجاوے اور یہ
عاجز اس فعل کی وجہ سے مردود کہلاوے کیا یہ تقویٰ اور خدا ترسی کا طریق ہے - افسوس کہ یہ نادان یہ بھی نہین جانتے
کہ تدبیر اور انتظام کو بدعات کی تعریف مین داخل نہین کرسکتے ہر یک وقت اور زمانہ انتظامات جدیدہ کو چاہتا ہے اگر مسئلہ
کی جدید صورتین پیش آوین تو بجز جدید طور کی تدبیرون کے اور ہم کیا کرسکتے ہین پس کیا یہ تدبیرین بدعات مین داخل
ہوجائینگی جب اصل سنت محفوظ ہو اور اسی کی حفاظت کے لئے بعض تدابیر کی ہمین حاجت پڑے تو کیا وہ تدابیر بدعت
کہلائینگی معاذ اللہ ہرگز نہین بدعت وہ ہے جو اپنی حقیقت مین سنت نبویہ کے معارض اور نقیض واقع ہو اور آثار
نبویہ مین اس کام کے کرنیکے بارے مین نہی ہو اور تہدید پائی جاوے اور اگر صرف جدت انتظام اور نئی تدبیر پر بدعت کا نام رکھا
ہے تو پھر اسلام مین بدعتون کو گنتے جاؤ کچھ شمار بھی ہے - علم صرف بھی بدعت ہوگا اور علم نحو بھی اور علم کلام بھی اور
حدیث کا لکھنا اور اسکا مبوب اور مراتب کرنا سب بدعات ہونگے ایسا ہی ریل کی سواری مین چڑھنا کلون کا کپڑا پہننا
ڈاک مین خط وغیرہ بھیجنا کے ذریعہ سے کوئی خبر منگوانا اور بندوق اور توپون سے لڑائی کرنا تمام یہ کام بدعات مین داخل
ہونگے بلکہ بندوق اور توپون سے لڑائی کرنا نہ صرف بدعت بلکہ ایک گناہ عظیم ٹھہریگا کیونکہ ایک حدیث صحیح مین ہے کہ آگ
کے عذاب سے کسی کو ہلاک کرنا سخت ممنوع ہے صحابہ سے زیادہ سنت کا متبع کون ہوسکتا ہے مگر انہون نے ہی سنت
کے وہ معنے نہ سمجھے جو میان رحیم بخش نے سمجھے - انہون نے تدبیر اور انتظام کو طور پر جدید ایسے جدید کام کئے

کر جو نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائے اور نہ قرآن کریم میں وارد ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی محدثات ہے دیکھو کیا ایک رسالہ بنتا ہے اسلام کے لئے ہجری تاریخ انہوں نے مقرر کی اور شہروں کی حفاظت کے لئے کوتوال مقرر کئے اور بیت المال کے لئے ایک باضابطہ دفتر تجویز کیا جنگی فوج کے لئے قواعد رخصت اور حاضری ٹہرائی اور انکے لڑنے کے دستور مقرر کئے اور مقدمات مالی وغیرہ کے رجوع کے لئے خاص خاص ہدایتیں مرتب کیں اور حفاظت رعایا کے لئے بہت سے قواعد اپنی طرف سے تجویز کر کے شایع کئے اور خود کبھی کبھی اپنے عہد خلافت میں پوشیدہ طور پر رات کو پھرنا اور رعایا کا حال اس طرح سے معلوم کرنا اپنا خاص کام ٹہرایا لیکن کوئی ایسا نیا کام اس عاجز نے توہین کیا صرف طلب علم اور مشورہ اعداد اسلام اور ملاقات اخوان کے لئے یہ جلسہ تجویز کیا۔ رہا مکان کا بنانا تو اگر کوئی مکان بہ نیت مہمانداری اور بہ نیت آرام ہر یک صاحب دوار و بنانا حرام ہے تو اسپر کوئی حدیث یا آیت پیش کرنی چاہئے اور اخویم حکیم نور الدین صاحب نے کیا گناہ کیا کہ محض للہ اس سلسلہ کی جماعت کے لئے ایک مکان بنوا دیا جو شخص اپنی تمام طاقت اور اپنے مال عزیز سے دین کی خدمت کر رہا ہے اسکو جائے اعتراض ٹہرانا کس قسم کی ایمانداری ہے اے حضرات مرنے کے بعد معلوم ہوگا ذرا صبر کرو وہ وقت آتا ہے کہ ان سب مونہ زوریوں سے سوال کئے جاؤ گے۔ آپ لوگ ہمیشہ یہ حدیث پڑھتے ہیں کہ جس نے اپنے وقت کے امام کو شناخت نہ کیا اور مر گیا وہ جاہلیت کی موت پر مرا لیکن اسکی آپکو کچھ بھی پروا نہیں کہ ایک شخص ہمیں وقت پر یعنی چودھویں صدی کے سر پر آیا اور نہ صرف چودھویں صدی بلکہ ہمیں ضلالت کے وقت اور عیسائیت اور فلسفہ کے غلبہ میں اسنے ظہور کیا اور بتلایا کہ میں امام وقت ہوں اور آپ لوگ اس سے منکر ہو گئے اور اسکا نام کافر اور دجال رکھا اور اپنے بدخاتمہ سے ذرا خوف نہ کیا اور جاہلیت پر مرنا پسند کیا اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی تھی کہ تم پنج وقت نمازوں میں یہ دعا پڑھا کرو کہ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم یعنے اے ہمارے خدا اپنے منعم علیہم بندوں کی ہمیں راہ بتا وہ کون ہیں نبی اور صدیق اور شہید اور صلحا اس دعا کا خلاصہ مطلب یہی تھا کہ ان چاروں گروہوں میں سے جسکا زمانہ تم پاؤ اسکے سایہ صحبت میں آجاؤ اور اس سے فیض حاصل کرو لیکن اس زمانہ کے مولویوں نے اس آیت پر خوب عمل کیا آفرین آفرین میں انکو کس سے تشبیہ دوں وہ اس اندھے سے مشابہ ہیں جو دوسروں کی آنکھوں کا علاج کرنے کے لئے بہت زور کے ساتھ لاف وگذاف مارتا ہے اور اپنی نابینائی سے غافل ہے۔

بالآخر میں یہ بھی ظاہر کرتا ہوں کہ اگر مولوی رحیم بخش صاحب اب بھی اس فتوی سے رجوع نہ کریں تو میں انکو باللہ جل شانہ کی قسم دیتا ہوں کہ اگر وہ طالب حق ہیں تو اس بات کے تصفیہ کے لئے میرے پاس قادیان میں آجائیں میں انکی آمد و رفت کا خرچ دیدونگا اور ان پر تمام حجت کرونگا اور قرآن اور حدیث دکھلا کر ثابت کر دونگا کہ یہ فتوی انکا سراسر باطل اور شیطانی اغوا سے ہے۔ والسلام علی من اتبع الہدی۔

(۱۷ دسمبر ۱۸۹۱ء) خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی

کیفیت جلسہ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۲ء مقام قادیان ضلع گورداسپورہ

اس جلسہ کے موقع پر اگرچہ پانسو ۵۰۰ کے قریب لوگ جمع ہوگئے تھے لیکن وہ احباب اور مخلص جو محض للہ شریک جلسہ ہونیکے لئے دور دور سے تشریف لائے اُنکی تعداد قریب تین سو پچیس ۳۲۵ کے پہنچ گئی تھی۔

اب جلسہ کے ایام مین جو کارروائیان ہوئین اُنکا ہم ذکر کرتے ہین پہلے حضرت حکیم **مولوی نورالدین** صاحب نے قرآن شریف کی اُن آیات کریم کی تفسیر بیان کی جس مین یہ ذکر ہے کہ **مریم** صدیقہ کیسی صالحہ اور عفیفہ تھین اور اُن کے برگزیدہ فرزند حضرت **عیسیٰ** علیہ السلام پر کیا کیا خدا تعالیٰ نے احسان کیا اور کیونکر وہ اِس فانی دُنیا سے انتقال کرکے اور سنت اللہ کے موافق موت کا پیالہ پیکر خدا تعالیٰ کے اُس دار النعیم مین پہنچ گئے جس مین اُنسے پہلے حضرت یحییٰ حصور

اور دوسرے مقدّس نبی پہنچ چکے تھے اِس تقریر کے ضمن مین مولوی صاحب موصوف نے بہُت سے حقائق معارف قُرآن کریم بیان فرمائے جنسے حاضرین پر بڑا اثر پڑا اور مولوی صاحب نے بڑی صفائی سے اِس بات کا ثبوت دے دیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام درحقیقت اِس عالم سے رحلت فرما ہوگئے ہین اور اُنکے زندہ ہونیکا خیال عبث اور باطل اور سراسر مخالف نصوص بیّنہ قُرآن کریم و احادیث صحیحہ ہے اور اُنکے نزول کی اُمید رکھنا طمع خام ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اگرچہ بہُت سی حدیثون مین نزول کی خبر دی گئی ہے مگر وہ نزول اَور رنگ مین ہے یعنے تجوّز اور استعارہ کے طور پر نزول ہے نہ حقیقی نزول کیونکہ حقیقی نزول تو نصوص صریحہ بیّنہ قُرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے مخالف پڑا ہوا ہے جسکی طرف قدم اُٹھانا گویا خدا تعالیٰ کی خبر مین شک کرنا ہے مولوی صاحب کے وعظ کے بعد سیّد حامد شاہ صاحب سیالکوٹی نے ایک قصیدہ مدحیہ سُنایا۔

اِس تقریر کے بعد حضرت اقدس **مرزا صاحب** کی مختصر تقریر تھی جس مین علماء حال کی چند اُن باتون کا جواب دیا گیا جو اُنکے نزدیک بنیاد تکفیر ہین اور اسی کے ساتھہ اپنے مسیح موعود ہونے کا آسمانی نشانون کے ذریعہ سے ثبوت دیا گیا اور حاضرین کو اُس پیشگوئی کے پورا ہوجانے سے اطلاع دی گئی جو پرچہ نور افشان دہم مئی ۱۸۸۸ء مین شایع ہوئی تھی اور مختلف وقتون مین حجت پوری کرنیکے لئے سمجھا دیا گیا کہ اِس پیشگوئی کا پورا ہونا درحقیقت صداقت دعویٰ پر ایک نشان ہے کیونکہ یہ پیشگوئی محض اس لئے ظاہر کی گئی ہے کہ جن صاحبون کو شک ہے کہ حضرت مرزا صاحب سنجانب اللہ ہین اِن کے لئے اِس دعویٰ پر یہ ایک دلیل ہو جو

خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن پر قایم ہوا اور یہ دلیل قطعی ہے کیونکہ جو شخص اپنے دعویٰ منجانب اللہ ہونے مین کاذب ہو اُسکی پیشگوئی بموجب تعلیم قرآن کریم اور توریت کے سچی نہین ٹہر سکتی وجہ یہ کہ اگر خدا تعالیٰ کاذب کے دعویٰ دروغ پر کوئی پیشگوئی اسکی سچی کر دیوے تو پھر دعویٰ کا سچا ہونا لازم آتا ہے اور اس سے خلق اللہ دھوکہ مین پڑتی ہے - پھر اسکے بعد حضرت اقدس مرزا صاحب نے اپنی جماعت احباب کی باہمی محبت اور تقویٰ اور طہارت کے بارے مین مناسب وقت چند نصیحتین کین -

پھر اسکے بعد ۲۸ دسمبر ۱۸۹۷ء کو یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے معزز حاضرین نے اپنی اپنی راے پیش کی - اور یہ قرار پایا کہ ایک رسالہ جو اہم ضروریات اسلام کا جامع اور عقائد اسلام کا خوبصورت چہرہ معقولی طور پر دکہاتا ہو تالیف ہو کر اور پھر چھاپ کر یورپ اور امریکہ مین بہت سی کاپیان اسکی بھیجدی جائین - بعد اسکے قادیان مین اپنا مطبع قایم کرنے کے لئے تجاویز پیش ہوئین اور ایک فہرست اُن صاحبون کے چندہ کی مرتب کی گئی جو اعانت مطبع کے لئے بھیجتے رہینگے یہ بھی قرار پایا کہ ایک اخبار اشاعت اور ہمدردی اسلام کے لئے جاری کیا جائے اور یہ بھی تجویز ہوا کہ حضرت مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی اس سلسلہ کے واعظ مقرر ہون اور وہ پنجاب اور ہندوستان مین دورہ کرین بعد اسکے دُعاے خیر کی گئی - آیندہ بھی ہمیشہ اِس سالانہ جلسے کے یہی مقاصد رہین گے کہ اشاعت اسلام اور ہمدردی نومسلمین امریکہ اور یورپ کے لئے احسن تجاویز سوچی جائین اور دُنیا مین نیک چلنی اور نیک نیتی اور تقویٰ طہارت اور اخلاقی حالات کے ترقی دینے اور اخلاق اور عادات دنیہ اور رسوم قبیحہ کو

قوم مین سے دور کرنے اور اِس **گورنمنٹ برطانیہ** کا سچّا شکر گذار اور قدردان بننے کی کوششین اور تدبیرین کیجائین - اِن اغراض کے پورا کرنے اور دیگر انتظامات کی غرض سے ایک کمیٹی بھی تجویز کی گئی جسکے صدر پریزیڈنٹ حضرت مولوی نورالدین صاحب بھیروی اور سکرٹری مرزا خدا بخش صاحب اتالیق جناب خان صاحب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ اور شیخ رحمت اللہ صاحب میونیسپل کمشنر گجرات مُنشی غلام قادر صاحب فصیح والیس پریزیڈنٹ و میونیسپل کمشنر سیالکوٹ اور مولوی عبد الکریم صاحب سیالکوٹی قرار دیئے گئے -

ذیل مین اُن احباب کے نام لکھے جاتے ہین جو اِس جلسہ مین شریک ہوئے -

(۱) مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیرہ ضلع شاہ پور -
(۲) حکیم فضل الدین صاحب
(۳) میان حافظ محمد صاحب
(۴) میان عبد الرحمن صاحب
(۵) میان نجم الدین صاحب -
(۶) سیّد قاضی امیر حسن صاحب پروفیسر عربی مدرسہ امرتسر -
(۷) میان حسن محمد صاحب زمیندار -
(۸) مولوی عبد الکریم صاحب سیالکوٹ -
(۹) میان مولا بخش صاحب بوٹ فروش "
(۱۰) میان فضل کریم صاحب سیالکوٹ
(۱۱) ماسٹر اللہ دتا صاحب ٹیچر - "
(۱۲) میان شادی خان صاحب ملازم راجہ امر سنگھ صاحب بہادر - سیالکوٹ -
(۱۳) سیّد نواب شاہ صاحب مدرس امریکن مشن سکول - سیالکوٹ
(۱۴) سیّد امیر علی شاہ صاحب مدرس " ساکن سیدان والی ضلع سیالکوٹ
(۱۵) منشی اللہ دین صاحب - "
(۱۶) چوہدری محمد سلطان صاحب میونیسپل کمشنر سیالکوٹ -

برادران مولوی نورالدین صاحب

(۱۷) مولوی ابو یوسف محمد مبارک علی صاحب
سیالکوٹ۔
(۱۸) میر حامد شاہ صاحب المدمعافیات
سیالکوٹ۔
(۱۹) منشی غلام قادر صاحب فصیح وائس
پریزیڈنٹ میونسپل کمیٹی سیالکوٹ
(۲۰) میان فضل الدین صاحب زرگر "
(۲۱) سید خصلت علیشاہ صاحب ڈپٹی
انسپکٹر پولیس کڑیانوالہ ضلع گجرات
(۲۲) میان فتح الدین صاحب۔ "
(۲۳) منشی غلام محمد صاحب طالب العلم
ٹریننگ کالج لاہور (سیالکوٹ)
(۲۴) منشی گلاب خان صاحب نقشہ نویس "
(۲۵) میان نوردین صاحب طالبعلم۔ "
(۲۶) مولوی قطب الدین صاحب دہلی "
(۲۷) چوہدری سرفراز خانصاحب نمبردار
بدوملی ضلع سیالکوٹ۔
(۲۸) میان محمد دین صاحب ملازم پولس
سیالکوٹ۔

(۲۹) سید محمود شاہ صاحب۔ سیالکوٹ
(۳۰) میان امام الدین صاحب نوشہرہ۔
(۳۱) میان اللہ بخش صاحب قصاب چہاوانی
سیالکوٹ۔
(۳۲) سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ
پولیس سیالکوٹ۔
(۳۳) حکیم شیخ قادر بخش صاحب احمد آباد
ضلع جہلم۔
(۳۴) حافظ سراج الدین صاحب سیدوال
ضلع جہلم۔
(۳۵) میان شرف الدین صاحب زمیندار
کوٹلہ فقیر ضلع جہلم۔
(۳۶) میان عیدا صاحب زمیندار کوٹلہ فقیر
ضلع جہلم۔
(۳۷) میان قطب الدین صاحب " "
(۳۸) میان علی محمد صاحب امام مسجد " "
(۳۹) مولوی برہان الدین صاحب محلہ نور "
(۴۰) میان نظام الدین صاحب مخدومیان "
(۴۱) میان محمد امین صاحب بزازچکوال راولپنڈی

(۴۳) منشی گلاب دین صاحب رہتاس ضلع جہلم۔

(۴۳) میاں اللہ دتا صاحب 〃 〃

(۴۴) منشی غلام حسین صاحب 〃 〃

(۴۵) منشی محمد حسین صاحب ملازم ریاست پٹیالہ - مراد آباد۔

(۴۶) مولوی محمد احسن صاحب امروہا ضلع مراد آباد۔

(۴۷) میاں رشید احمد صاحب میڈیکل سٹوڈنٹ امروہا ضلع مراد آباد۔

(۴۸) میر رشید حسین صاحب 〃 〃 〃

(۴۹) شیخ زین الدین محمد ابراہیم صاحب جج پیگلی کالی جو کے بمبئی انجینر کلاتہ مینو فکٹری۔

(۵۰) میاں عبد الغفور ولد شمس الدین صاحب - 〃 〃

(۵۱) میر منظور محمد صاحب لودہیانہ ڈپٹی انسپکٹر دفتر کونسل جموں و کشمیر۔

(۵۲) میر افتخار احمد صاحب لدہیانہ محلہ نو

(۵۳) میر عنایت علی صاحب لودہیانہ محلہ نو

(۵۴) بابو محمد بخش صاحب ملازم دفتر سفر انبالہ۔ لودہیانہ محلہ نو۔

(۵۵) میاں مولا بخش صاحب کلرک اکزمینر آفس لاہور۔ لدہیانہ محلہ نو۔

(۵۶) میاں کرم الہی صاحب کنسٹیبل ملازم پولس لودیانہ۔

(۵۷) قاضی خواجہ علی صاحب۔ 〃 〃

(۵۸) منشی عبد الحق صاحب خلیفہ عبد السمیع صاحب۔ 〃 〃

(۵۹) حافظ نور احمد صاحب اینڈ کو لنگی سرچنٹ لودیانہ

(۶۰) میاں نظام الدین صاحب صحاف

(۶۱) مولوی عبد القادر صاحب جمال پور ضلع لدہیانہ (مدرس)

(۶۲) شاہزادہ عبد المجید صاحب لودہیانہ

(۶۳) میاں کریم بخش صاحب جمالپور 〃

(۶۴) حاجی عبد الرحمن صاحب - 〃

(۶۵) میاں عبد القادر صاحب جگین ضلع لدہیانہ مدرس

مدرسہ جمالپور۔

(۶۶) میاں شہاب الدین صاحب ۔ لودہیانہ

(۶۷) سید عبدالہادی صاحب ماچی پورہ ضلع لودہیانہ۔

(۶۸) میاں عبدالرحیم صاحب لودہیانہ محلہ موچ پورہ۔

(۶۹) میاں اللہ بخش صاحب ״ ״

(۷۰) میاں عصمت اللہ صاحب مستری لودہیانہ بازار خرادیان۔

(۷۱) میاں رحمت اللہ صاحب ״ ״

(۷۲) میاں شہاب الدین صاحب ״ ״

(۷۳) میاں نظام الدین صاحب ״ ״

(۷۴) حکیم مولوی نظام الدین صاحب رنگ پور ضلع مظفرگڈھ حال وارد بہیرہ

(۷۵) میاں عبدالحکیم خان صاحب سامانہ ریاست پٹیالہ (سٹیکل سٹوڈنٹ لاہور)

(۷۶) منشی غلام قادر صاحب سنور ریاست پٹیالہ پٹواری سرہند تحصیل

(۷۷) منشی محمد ابراہیم صاحب ״ ״

(۷۸) قاضی زین العابدین صاحب خانپور ریاست پٹیالہ۔

(۷۹) منشی عبداللہ صاحب پٹواری غوث گڈھ ریاست پٹیالہ تحصیل سرہند۔

(۸۰) منشی ہاشم علی صاحب سنور ریاست پٹیالہ (پٹواری تحصیل برنالہ)۔

(۸۱) مولوی عبدالصمد صاحب عرف شیخ علی محمد سنور۔ ریاست پٹیالہ

(۸۲) میاں عبدالرحمن صاحب سنور ریاست پٹیالہ پٹواری تحصیل سنام

(۸۳) منشی محمد ابراہیم صاحب مدرس سنور ریاست پٹیالہ۔

(۸۴) مولوی محمد یوسف صاحب سنور ریاست پٹیالہ (مدرس)

(۸۵) میاں پیر بخش صاحب کہیرو ریاست پٹیالہ (زمیندار)

(۸۶) میاں امیر بخش صاحب کہیرو ״

(۸۷) میاں اللہ بخش صاحب حجام ״ ״

(۸۸) شیخ جلال الدین صاحب ریاست پٹیالہ

(۸۹) میان علی نواز صاحب موضع چارو ریاست پٹیالہ۔

(۹۰) میان عبدالکریم صاحب نمبردار ،،

(۹۱) میان محمد اسمعیل صاحب ،، ،،

(۹۲) محمد اکبر خان صاحب سنور ،،

(۹۳) میان نور محمد صاحب زمیندار غوث گڈھ ریاست پٹیالہ۔

(۹۴) میان ماہیا صاحب زمیندار ،، ریاست پٹیالہ۔

(۹۵) میان بیگا صاحب کھرس پورہ ضلع انبالہ۔

(۹۶) میان عطاالہی صاحب غوث گڈھ ریاست پٹیالہ۔

(۹۷) میان ہمیرا صاحب جسووال ،،

(۹۸) منشی محمد سی صاحب غوث گڈھ ،،

(۹۹) میان غلام قادر صاحب پٹیالہ محلہ پوریان۔ (زمیندار)

(۱۰۰) میان عبدالمجید خانصاحب سانبھر ملک راجپوتانہ (طالب علم)

(۱۰۱) حاجی محمد بن احمد مکی (مکہ معظمہ)۔

(۱۰۲) مرزا خدا بخش صاحب جھنگ (تالیق نواب محمد علیخان صاحب بہادر مالیر کوٹلہ)

(۱۰۳) حافظ نجم الدین صاحب بھٹیان ضلع گوجرانوالہ۔

(۱۰۴) قاضی ضیاء الدین صاحب کوٹ قاضی (ضلع گوجرانوالہ) ڈاکخانہ بوتالہ

(۱۰۵) منشی محمد دین صاحب پٹواری ضلع گوجرانوالہ۔

(۱۰۶) منشی احمد دین صاحب گوجرانوالہ

(۱۰۷) سید غلام شاہ صاحب نورنگ ،،

(۱۰۸) میان کرم داد صاحب۔ تھنگ ضلع گجرات۔

(۱۰۹) مولوی جلال الدین صاحب سلانی ضلع گجرات۔

(۱۱۰) میان صاحبدین صاحب تھنیال ضلع گجرات۔

(۱۱۱) مولوی فضل الدین صاحب کھاریاں ضلع گجرات۔

(۱۱۳) میاں محمد علی صاحب جلال پور ضلع گجرات کلرک اکزیمنر آفس لاہور

(۱۱۳) مولوی سید جمال شاہ صاحب واعظ نندوروال ضلع گجرات۔

(۱۱۴) حافظ فضل احمد صاحب گجرات۔ کلرک دفتر اکزیمنر آفس لاہور

(۱۱۵) شیخ رحمت اللہ صاحب میونسپل کمشنر۔ گجرات۔

(۱۱۶) حافظ محمد صاحب پشاور۔ کوٹلہ فیل بانان۔

(۱۱۷) میاں عبداللہ صاحب ایضاً "

(۱۱۸) مولوی غلام حسن صاحب مدرس بورڈ سکول "

(۱۱۹) حافظ حامد علی صاحب قادیان ضلع گورداسپور۔

(۱۲۰) حافظ معین الدین صاحب "

(۱۲۱) مرزا اسمعیل بیگ صاحب "

(۱۲۲) میاں جان محمد صاحب امام مسجد "

(۱۲۳) شیخ نور احمد صاحب زمیندار کہارا ضلع گورداسپور۔

(۱۲۴) شیخ عبدالرحمن صاحب بٹر کلان ضلع گورداسپور (نومسلم)

(۱۲۵) حافظ امام الدین صاحب ننگل ضلع گورداسپور۔

(۱۲۶) میاں محمد بخش صاحب ککڑی بٹالہ ضلع گورداسپور۔

(۱۲۷) حاجی غلام محمد صاحب بٹالہ "

(۱۲۸) شیخ مراد علی صاحب کلانور ضلع گورداسپور۔

(۱۲۹) میاں ہاشم علی صاحب جنڈ ماجہ "

(۱۳۰) میاں نتھو صاحب زمیندار بازید چک "

(۱۳۱) میاں مہر دین زمیندار " "

(۱۳۲) مولوی الٰہی بخش صاحب اکونٹنٹ لیل "

(۱۳۳) میاں عبداللہ صاحب سوہلا "

(۱۳۴) میاں علی بخش صاحب ورنی "

(۱۳۵) منشی ہاشم علی صاحب۔ " "

(۱۳۶) فقیر مردان شاہ صاحب " "

(۱۳۷) میاں چراغ علی صاحب تہ غلام نبی ضلع گورداسپور (زمیندار)

(۱۳۸) میاں نظام الدین صاحب تہہ غلام نبی ضلع گورداسپورہ۔

(۱۳۹) میاں محمد بخش صاحب زمیندار تہہ غلام نبی ضلع گورداسپورہ۔

(۱۴۰) میاں شہاب الدین صاحب زمیندار تھہ غلام نبی ضلع گورداسپورہ

(۱۴۱) میاں سلطان بخش صاحب 〃 〃

(۱۴۲) میاں خدا بخش صاحب نومسلم 〃 〃

(۱۴۳) میاں مہر علی صاحب بیل چک 〃

(۱۴۴) حکیم محمد اشرف صاحب ٹبالہ 〃

(۱۴۵) میاں محمد اکبر صاحب ٹھیکہ دار لکڑی ٹبالہ ضلع گورداسپورہ

(۱۴۶) شیخ نور احمد صاحب میس 〃

(۱۴۷) میاں فضل حق صاحب 〃 〃

(۱۴۸) منشی دین محمد صاحب 〃 〃 محالدار ریاست جموں

(۱۴۹) میاں محمد ابراہیم صاحب 〃 〃 میڈیکل سٹوڈنٹ لاہور۔

(۱۵۰) میاں نور ماہی صاحب ٹبالہ 〃

(۱۵۱) حافظ عمر الدین صاحب تھہ غلام نبی ضلع گورداسپورہ۔

(۱۵۲) میاں نتھو صاحب 〃 〃

(۱۵۳) میاں رحمت علی صاحب 〃 〃

(۱۵۴) منشی غلام قادر صاحب 〃 〃

(۱۵۵) میاں عبداللہ صاحب 〃 〃

(۱۵۶) میاں فقیر علی صاحب 〃 〃

(۱۵۷) میاں شیر علی صاحب 〃 〃

(۱۵۸) چوہدری سلطان بخش صاحب زمیندار 〃 〃

(۱۵۹) چوہدری محمد صاحب گرایانوالہ ضلع گورداسپورہ

(۱۶۰) چوہدری سلطانا صاحب 〃 〃

(۱۶۱) مہر عبداللہ صاحب 〃 〃

(۱۶۲) میاں محکم دین صاحب دوکاندار سری گوبندپورہ

(۱۶۳) میاں شاہ محمد صاحب پٹولی ٹبالہ 〃

(۱۶۴) سید مہر شاہ صاحب 〃 〃

(۱۶۵) سید فقیر حسین صاحب 〃 〃

(۱۶۶) سید حسین شاہ صاحب کٹھالہ 〃

(۱۶۷) سید عمر شاہ صاحب نوان پنڈ 〃

(۱۶۸) مہر بخش صاحب نمبردار ممبر کمیٹی و آنریری مجسٹریٹ ٹبالہ ضلع گورداسپورہ

(۱۶۹) شیخ فتح محمد صاحب بٹالہ ضلع گورداسپور

(۱۷۰) منشی محکم الدین صاحب اسٹامپ فروش سری گوبند پورہ ضلع گورداسپور

(۱۷۱) منشی محمد علی صاحب پنشنر ضلعدار بٹالہ ضلع گورداسپور

(۱۷۲) حاجی غلام محمد صاحب ڈپٹی انسپکٹر 〃 〃

(۱۷۳) بابو علی محمد صاحب - 〃 〃

(۱۷۴) منشی محمد عمر صاحب - 〃 〃

(۱۷۵) شیخ جہان محمد صاحب 〃 〃

(۱۷۶) میاں نور محمد صاحب فیض اللہ چک 〃

(۱۷۷) میاں عمر شاہ صاحب 〃 〃

(۱۷۸) میاں اللہ بخش صاحب 〃 〃

(۱۷۹) میاں غلام علی صاحب 〃 〃

(۱۸۰) میاں کرم الٰہی صاحب 〃 〃

(۱۸۱) میاں علی بخش صاحب 〃 〃

(۱۸۲) میاں مولاداد صاحب تہہ غلام نبی 〃

(۱۸۳) چوہدری حامد علی صاحب نمبردار وزیر چک 〃

(۱۸۴) چوہدری گھسیٹا صاحب بیبل چک 〃

(۱۸۵) میاں اللہ دتا صاحب 〃 〃

(۱۸۶) میاں ولی محمد صاحب بیبل چک ضلع گورداسپور

(۱۸۷) میاں غلام فرید صاحب بیبل چک 〃

(۱۸۸) میاں عنایت اللہ صاحب بٹالہ 〃

(۱۸۹) مولوی قدرت اللہ صاحب 〃 〃

(۱۹۰) میاں مظفر اللہ صاحب 〃 〃

(۱۹۱) میاں قادر بخش صاحب 〃 〃

(۱۹۲) میاں محمد دین صاحب قادیان 〃

(۱۹۳) میاں حاکم علی صاحب تہہ غلام نبی 〃

(۱۹۴) منشی زین العابدین صاحب 〃 〃

(۱۹۵) منشی محمد جان صاحب پٹواری بہلی 〃

(۱۹۶) میاں جمال الدین صاحب پشمینہ باف - سیکھوں - 〃

(۱۹۷) میاں امام الدین 〃 〃

(۱۹۸) میاں خیر الدین صاحب 〃 〃

(۱۹۹) میاں محمد صدیق صاحب 〃 〃

(۲۰۰) میاں عبد اللہ صاحب ٹھہیان 〃

(۲۰۱) میاں قطب الدین صاحب فروالہ 〃

(۲۰۲) چوہدری دینا صاحب قادرآباد 〃

(۳۰۳) میاں شیر علی صاحب قادیان
ضلع گورداسپورہ

(۳۰۴) میاں الٰہیا چوکیدار سیکھون
ضلع گورداسپورہ

(۳۰۵) میاں گوہر شاہ صاحب بہوی
ضلع گورداسپورہ

(۳۰۶) چوہدری نواب صاحب زمیندار
ملوپور ضلع گورداسپورہ

(۳۰۷) میاں نورالدین صاحب اجوئی
ضلع گورداسپورہ

(۳۰۸) میاں کالو شاہ صاحب عالم پور
ضلع گورداسپورہ

(۳۰۹) میاں نور احمد صاحب زمیندار
کلوی ضلع گورداسپورہ

(۳۱۰) چوہدری امام الدین صاحب
کلوی ضلع گورداسپورہ

(۳۱۱) چوہدری نظام الدین صاحب
کلوئی ضلع گورداسپورہ

(۳۱۲) فقیر مہر شاہ صاحب کولیاں۔ "

(۳۱۳) مولوی حافظ عظیم بخش صاحب
بھوگہ ضلع گورداسپورہ حال پٹیالہ

(۳۱۴) مولوی غلام جیلانی صاحب نوہون
ضلع انبالہ مدرس مدرسہ گھر و نون

(۳۱۵) مولوی عبداللہ صاحب مدرس
ہندو محمڈن سکول۔ بٹالہ

(۳۱۶) بابو الہ بخش صاحب جہاوئی انبالہ
ریلوی ٹرین کلرک۔

(۳۱۷) منشی محمد مظاہر الحق خلف مولوی
محمد ظہور علی صاحب۔ آباوہ محلہ
قاضی ٹولہ۔

(۳۱۸) حکیم مولوی محمد اسحاق صاحب
گوملہ ضلع کرنال۔

(۳۱۹) میر محمد سعید صاحب دہلی کھڑکی
فراش خانہ۔ دہلی

(۳۲۰) منشی عبدالعزیز صاحب۔ دہلی
قاسم جان کی گلی ملازم دفتر
نہر انبالہ۔

(۳۲۱) میر محمد کبیر صاحب دہلی کھڑکی فراش خانہ

(۳۳۳) میر ناصر نواب صاحب - دھلی
کٹڑہ کی فراش خانہ - نقشہ نویس دفتر
شہر پٹیالہ -
(۳۳۴) مولوی محمد حسین صاحب زمیندار
بہاگورائین ریاست کپورتھلہ
ضلع جالندہر -
(۳۳۵) منشی روڑا صاحب کپورتھلہ - ״
(۳۳۶) منشی محمد جان صاحب ״ ״
(۳۳۷) منشی ظفر احمد صاحب ״ ״
(۳۳۸) منشی حبیب الرحمن صاحب ״ رئیس
حاجی پور ریاست کپورتھلہ
(۳۳۹) میان جی روشن دین صاحب
ریاست کپورتھلہ
(۳۴۰) حافظ محمد علی صاحب ایضاً
(۳۴۱) میان عبدالمجید خان صاحب ولد
محمد خان ریاست کپورتھلہ
(۳۴۲) حکیم فتح محمد صاحب ایضاً
(۳۴۳) حافظ تاہا صاحب نابینا - ״
(۳۴۴) منشی فیاض علی صاحب ״

(۳۴۴) منشی عبدالرحمن صاحب کپورتھلہ
(۳۴۵) میان نظام الدین صاحب ״
(۳۴۶) میان عبداللہ صاحب - ״
(۳۴۷) منشی حسن خان صاحب ملازم پونچھ ״
(۳۴۸) چودہری جھنڈو صاحب - ״
(۳۴۹) میان کریم بخش صاحب ملازم پٹیالہ ״
(۳۵۰) منشی امداد اللہ خان صاحب اہلمد
سررشتہ تعلیم - کپورتھلہ
(۳۵۱) متری جان محمد صاحب - ״
(۳۵۲) منشی محمد دین صاحب لاہور -
کلرک ڈسٹرکٹ ٹریفک
(۳۵۳) منشی محمد حسین صاحب لاہور کلرک
اکزمینر آفس لاہور
(۳۵۴) منشی مظفر الدین صاحب ״
(۳۵۵) میان عنایت اللہ صاحب طالبعلم
لاہور
(۳۵۶) منشی محمد بخش صاحب لاہور پوچی
دروازہ کلرک اکزمینر آفس لاہور
(۳۵۷) خلیفہ رشید الدین صاحب لاہور میڈیکل

سٹوڈنٹ ۔

(۴۴۸) میاں نور الدین صاحب لاہور

(۴۴۹) مولوی کرم الٰہی صاحب لاہور تکیہ ساوہوان

(۴۵۰) حکیم محمد حسین صاحب لاہور لنگے منڈی

(۴۵۱) میاں عبد العزیز صاحب لاہور لنگے منڈی

(۴۵۲) میاں رحیم اللہ صاحب لاہور لنگے منڈی

(۴۵۳) منشی عبد العزیز صاحب باغبانپورہ ضلع لاہور (سابق فارسٹر)

(۴۵۴) منشی امام الدین کاتب امرتسر کٹڑہ کرم سنگھ۔

(۴۵۵) منشی تاج الدین صاحب لاہور۔ اکونٹنٹ ریلوے آفس

(۴۵۶) ماسٹر احمد صاحب لاہور

(۴۵۷) حاجی شہاب الدین صاحب "

(۴۵۸) منشی عزیز الدین صاحب "

(۴۵۹) خلیفہ رجب الدین صاحب، لاہور

(۴۶۰) میاں عزیز الدین صاحب پٹی ضلع لاہور (مدرس بگھیانہ)

(۴۶۱) میاں عبد اللطیف صاحب باغبانپورہ ضلع لاہور۔

(۴۶۲) حاجی منشی شمس الدین صاحب لاہور کلرک اکزیمینر آفس لاہور۔

(۴۶۳) میاں نبی بخش صاحب راولپنڈی محلہ قطب الدین کلرک اکزیمینر آفس لاہور

(۴۶۴) میاں پیر بخش صاحب خوجہ کھٹہ ضلع راولپنڈی

(۴۶۵) چوہدری محمد سعید صاحب۔ کھٹہ ضلع راولپنڈی۔

(۴۶۶) منشی محمد مقبول صاحب میر منشی پلٹن نمبر ۴۳ راولپنڈی

(۴۶۷) صاحبزادہ سراج الحق جمالی نعمانی صاحب سرساوہ ضلع سہارنپور

(۴۶۸) حافظ غلام رسول صاحب سوداگر

وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ۔

(۲۶۹) میاں محمد جان صاحب ملازم راجہ امر سنگھ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

(۲۷۰) شیخ نبی بخش صاحب 〃 〃

(۲۷۱) خلیفہ نور الدین صاحب۔ جموں

(۲۷۲) میاں اللہ دتا صاحب۔ 〃

(۲۷۳) سید محمد شاہ صاحب۔ 〃

(۲۷۴) مولوی تاج محمد صاحب سیر بانڈی 〃

(۲۷۵) منشی عبد الرحیم صاحب سب اوورسیر سری نگر (جموں)

(۲۷۶) منشی عبد الرحیم صاحب اوورسیر کشمیر (جموں)

(۲۷۷) منشی عمر صاحب (جموں)

(۲۷۸) منشی نواب خان صاحب (جموں)

(۲۷۹) منشی محمد شریف صاحب نگیان (ریاست جموں)

(۲۸۰) مولوی انوار حسین خان صاحب شاہ آباد ضلع ہردوئی

(۲۸۱) شیخ نور احمد صاحب مہتمم ریاض ہند امرتسر۔

(۲۸۲) میاں ظہور احمد ولد میاں نور احمد امرتسر

(۲۸۳) شیخ عبد القیوم صاحب قانون گو امرتسر

(۲۸۴) مولوی کریم الدین صاحب نومسلم امرتسر (کٹڑہ آہلووالیہ)

(۲۸۵) مولوی عنایت اللہ صاحب حکیم امرتسر (کٹڑہ آہلووالیہ)

(۲۸۶) منشی عبد الرحمن صاحب امرتسر (کٹڑہ کرم سنگھ)

(۲۸۷) چوہدری محمدی صاحب۔ امرتسر (کٹڑہ آہلووالیہ)

(۲۸۸) میاں غلام قادر صاحب علاقہ بند امرت سر

(۲۸۹) میاں امام الدین صاحب 〃 گروبازار

(۲۹۰) بابو محکم الدین صاحب مختار عدالت (امرتسر)

(۲۹۱) منشی قطب الدین خانصاحب 〃

ڈیورہی کرمون۔

(۲۹۲) مولوی عبداللطیف صاحب مدرسہ محمدی (امرتسر) کٹرہ موتی رام

(۲۹۳) میاں محمد ابراہیم صاحب ״ ״

(۲۹۴) چوہدری شاہ محمد صاحب زمیندار رام دیوالی (ضلع امرتسر)

(۲۹۵) میاں دین محمد صاحب بھوی وال ضلع امرت سر

(۲۹۶) میاں فتح الدین صاحب رام دیوالی (ضلع امرتسر)

(۲۹۷) سید سکندر شاہ صاحب امام مسجد رام دیوالی۔ ضلع امرت سر

(۲۹۸) میاں بوٹا صاحب اولی والہ۔ ״

(۲۹۹) شیخ عبداللہ صاحب طالبعلم۔ علیگڈھ

(۳۰۰) شیخ حامد علی صاحب میکل سٹوڈنٹ علیگڈھ

(۳۰۱) جناب خانصاحب محمد علی صاحب رئیس مالیر کوٹلہ

(۳۰۲) شیخ ولی محمد صاحب شاہ آباد والے خانصاحب موصوف

(۳۰۳) شیخ فضل محمد صاحب ״ ملازم خانصاحب محمد ذوالفقار علی صاحب و محمد یوسف علی خانصاحب۔

(۳۰۴) سید شیر شاہ صاحب ملازم خان صاحب مالیر کوٹلہ

(۳۰۵) میاں صفدر علی صاحب ״ ״

(۳۰۶) میاں عبدالعزیز صاحب ״ ״

(۳۰۷) میاں جیوا صاحب ״ ״

(۳۰۸) میاں قادر بخش صاحب ״ ״

(۳۰۹) میاں برکت شاہ صاحب ״ ״

(۳۱۰) میاں کمے خان صاحب ״ ״

(۳۱۱) میاں فتح محمد صاحب ״ ״

(۳۱۲) میاں عبدالکریم صاحب حجام ״ ״

(۳۱۳) میاں عبدالجلیل خانصاحب شاہ جہانآباد ״

(۳۱۴) میاں حامد علی صاحب۔ بریلی۔

(۳۱۵) منشی علی گوہر خانصاحب۔ جالندہر

(۳۱۶) منشی رستم علی خانصاحب مداران ضلع جالندہر۔ ڈپٹی انسپکٹر پولیس ریلوے

(۳۱۷) مولوی احمد جان صاحب جالندہر شہر مدرس ضلع گوجرانوالہ۔

(۳۱۸) میاں وزیر صاحب ٹھیکہ دار کھیڑی ریاست نابہہ

(۳۱۹) مولوی شیخ احمد صاحب واعظ سرہند

ریاست پٹیالہ وارد انبالہ۔

(۳۴۰) میان محمد صاحب ولد عبد اللہ صاحب شیر پور ضلع فیروز پور حال وارد بہیرہ۔

(۳۴۱) سید معراج الدین صاحب پٹالہ۔

(۳۴۲) میان جان محمد صاحب طالبعلم پٹالہ

(۳۴۳) مولوی وزیر الدین صاحب کیریان ضلع ہوشیار پور۔

(۳۴۴) چوہدری کریم بخش صاحب کیریان ضلع ہوشیار پور۔

(۳۴۵) غلام حسین صاحب کیریان ضلع ہوشیار پور

(۳۴۶) میان میران بخش صاحب کیریان ضلع ہوشیار پور۔

(۳۴۷) میان غلام رسول صاحب " ضلع ہوشیار پور۔

ناظرین کی توجہ کے لائق

اس بات کے سمجھنے کے لئے کہ انسان اپنے منصوبون سے خدا تعالیٰ کے کامون کو روک نہین سکتا یہ نظیر نہایت تشفی بخش ہے کہ سال گذشتہ مین جب ابھی فتویٰ تکفیر میان بٹالوی صاحب کا طیار نہین ہوا تھا اور نہ انہون نے کچھ بڑے جد و جہد اور جان کنی کے ساتھ اس عاجز کے کافر ٹھہرانیکے لئے توجہ فرمائی تھی صرف ۷۵۔ احباب اور مخلصین تاریخ جلسہ پر قادیان مین تشریف لائے تھے مگر اب جبکہ فتویٰ ظاہر ہوگیا اور بٹالوی صاحب نے ناخون تک زور لگاکر اور آپ بصد مشقت ہر جگہ پہنچکر اور سفر کی ہر روزہ صعوبتون سے کوفتہ ہوکر اپنے ہم خیال علماء سے اس فتویٰ پر مہرین ثبت کرائین اور انکے ہم مشرب علماء بڑے ناز اور خوشی سے اس بات کے مدعی ہوئے کہ گویا اب انہون نے اس الٰہی سلسلہ کی ترقی مین بڑی بڑی روکین ڈالدی ہین تو اس سالانہ جلسہ

مین بجاے ۵۷ کے **تین سو ستائیس** احباب شامل جلسہ
ہوئے اور ایسے صاحب بھی تشریف لائے جنہون نے توبہ کرکے بیعت کی اب
سوچنا چاہیئے کہ کیا یہ خدا تعالیٰ کی عظیم الشان قدرتون کا ایک نشان نہین کہ بٹالوی
صاحب اور اُنکے ہم خیال علماء کی کوششون کا اُلٹا نتیجہ نکلا اور وہ سب کوششین
برباد گئین کیا یہ خدا تعالیٰ کا فعل نہین کہ میان بٹالوی کے پنجاب اور ہندوستان مین
پھرتے پھرتے پانون بھی گھس گئے لیکن انجام کار خدا تعالیٰ نے اُنکو دکھلا دیا کہ کیسے
اُسکے ارادے انسان کے ارادون پر غالب ہین واللہ غالب علی امرہ ولکن
اکثر الناس لا یعلمون اِس سال مین خدا تعالیٰ نے دو نشان ظاہر کئے ایک بٹالوی
کا اپنی کوششون مین نامراد رہنا دوسری اُس پیشگوئی کے پورے ہونے کا نشان
جو نور افشان ۱۰ مئی ۱۸۸۷ء مین چھپ کر شائع ہوئے تھے اب بھی بہتر ہے کہ بٹالوی
صاحب اور اُنکے ہم مشرب باز آجائین اور خدا تعالیٰ سے لڑائی نہ کرین۔
والسلام علی من اتبع الھدیٰ۔

مطبوعہ ریاض ہند پریس قادیان

اشتہار ضروری

بخدمت شریف تمام مخلصان و بہی خواہان اسلام بعد سلام مسنون واضح ہو کہ بموقع **جلسہ سالانہ** جو بمقام قادیان ۲۷ - ۲۸ - ۲۹ تاریخ ماہ دسمبر ۱۸۹۷ء منعقد ہوا اُسمیں چند معزز مخلصان کی تحریک پر یہ قرار پایا کہ چونکہ **مطبع** کی ہمیشہ شکایت رہتی ہے اسلئے ایک مستقل انتظام دربارہ مطبع کیا جانا ضروری ہے جس مین علاوہ کُتب تائید اسلام مہینے مین دو دفعہ ایک پرچہ اخبار بھی شایع ہوا کریگا جس مین تفسیر بعض بعض آیات قرآن شریف و جواب مخالفین اسلام وغیرہ درج ہوا کرینگے۔ چنانچہ اصحاب حاضرین نے نہایت اخلاص و صدق سے اِس تجویز کو پسند کیا اور حسب مرضی کُل صاحبان تخمینہ لگایا گیا رقم تخمینہ تقریباً ۱۸۰ ماہوار قرار پائی۔ اِس پر ہر ایک مخلص نے اپنے مقدور کے موافق بطیب خاطر چندہ لکھوایا جسکی فہرست ذیل مین درج ہے اِس تجویز سے پہلے بہت سے معزز اصحاب واپس تشریف لیجا چکے تھے وہ اِس کار خیر مین شامل نہین ہو سکے اُمید کہ صادقان باوفا و مخلصان بے ریا ضرور اِس نیک کام مین شمولیت فرما کر سعادت دارین کے مستحق ہونگے۔ اور بہت جلد اپنے رقم چندہ سے اطلاع بخشینگے۔ لیکن حضرت اقدس فرماتے ہین کہ کوئی صاحب مجبوراً چندہ نہ لکھوائین بلکہ اپنی خوشی سے حسب استطاعت لکھوائین۔

المشتہر مرزا **خدا بخش** تالیق نواب محمد علیخان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ ضلع لودہیانا سکرٹری۔

+ نوٹ سب صاحبان کو واضح رہے کہ اِس بارہ مین تمام خط و کتابت بنام احقر ہونی چاہئے

فہرست چندہ دہندگان ورقوم چندہ جو بموقع جلسہ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۲ء بمقام قادیان لکھا گیا

نمبر شمار	نام	ماہوار	سالانہ وصول
(۱)	جناب حکیم محمد احسن صاحب	عہ	عہ
(۲)	جناب خلیفہ نورالدین صاحب	للہ ۲ر ۸ر	ص
(۳)	جناب پیر سراج الحق صاحب	عہ	عہ
(۴)	منشی ہاشم علی صاحب پٹواری سنور	۴ر	۴۸
(۵)	جناب میر ناصر نواب صاحب	عا	للہ عا
(۶)	جناب شیخ رحمت اللہ صاحب گجراتی	عہ	۱۲ عہ
(۷)	میاں عبدالرحمن صاحب سنوری	۱ر ۴ر	عہ عہ
(۸)	منشی ابراہیم صاحب سنوری مدرس	۱ر ۴ر	عہ عہ
(۹)	سید محمد شاہ صاحب ٹھیکہ دار جون	عا	للہ عہ
(۱۰)	سید حامد شاہ صاحب سیالکوٹی	عہ	عہ
(۱۱)	حافظ محمد صاحب پشاوری	عا	للہ عہ عا
(۱۲)	سید عبدالہادی صاحب اور سید ماجی واڑہ	عا	للہ عہ
(۱۳)	ڈاکٹر عبدالحکیم خانصاحب میڈیکل کالج لاہور	عا	للہ عہ
(۱۴)	مولوی نظام الدین صاحب رنگپوری	عہ	عہ
(۱۵)	میاں شادے خان صاحب ملازم جناب راجہ امر سنگھ صاحب بہادر	۸ر	۹۶
(۱۶)	مرزا خدا بخش صاحب پلیر کوٹلہ	۴۸	۹۶
(۱۷)	مولوی غلام حسن صاحب پشاوری	عہ	عہ
(۱۸)	سید خصیلت علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولیس	۴۸	۹۶
(۱۹)	قاضی ضیاء الدین صاحب قاضی کوٹ	۱ر ۴ر	عہ
(۲۰)	مولوی قطب الدین صاحب بدوملہوی	۲ر ۸ر	عا
(۲۱)	سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ پولیس	عہ ۵ر ۴ر	عہ

(۴۲) مولوی محمد یوسف صاحب سنوری ۔ ۔ ۔

(۴۵) میاں فیروز نمبردار جمالپور ضلع لودہیانہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱/۴ مد عم عم

(۴۶) مولوی مبارک علی صاحب سیالکوٹی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے ۔

(۴۷) منشی فیاض علی صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے ۔

(۴۸) منشی حبیب الرحمن صاحب 〃 ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸/۱ عک ۔

(۴۹) منشی محمد روڑا صاحب 〃 ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے مے

(۵۰) منشی علی گوہر صاحب جالندہری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم ۸/۱ عم

(۵۱) منشی عبدالرحمن صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے مے

(۵۲) مولوی محمد حسین صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸/۲ مد عک عم

(۵۳) حکیم فتح محمد صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم ۸/۱

(۵۴) میاں روشن دین صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم عم

(۵۵) منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے ۔

(۵۶) منشی محمد خان صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے ۔

(۵۷) مرزا صفدر علی خدمتگار نواب محمد علی نصاحب رئیس کوٹلہ ۔ ۸/۲ مد عک عک

(۵۸) مرزا اسمٰعیل بیگ صاحب قادیان ضلع گورداسپورہ ۔ ۱/۴ مد عم ۔

(۵۹) حافظ محمد علی صاحب کپورتھلوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم عم

(۶۰) منشی اللہ بخش صاحب سیالکوٹی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/۱ مے مے

(۶۱) منشی عبدالعزیز صاحب ملازم دفتر نہر انبالہ ساکن دہلی قاسم جان کی گلی عم عک عم

(۶۲) منشی ابراہیم صاحب پٹواری سنور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸/۲ مد عک عم

(۶۳) منشی غلام قادر صاحب پٹواری گمنوان تحصیل سرہند ۔ ۱/۴ مد عم عم

(۶۴) میاں جمال دین صاحب ساکن سیکھوان ۔ ۔ ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم ۴/۱

(۶۵) مستری عمر بخش صاحب ساکن جلالپور جٹاں وارد جموں ۔ ۱۳/۴ مد عک ۔

(۶۶) منشی گلاب دین صاحب مدرس مدرسہ زنانہ رہتاس ضلع جہلم ۔ ۲/۱ ۸/۱ عم ۔

(۶۷) میاں فضل کریم صاحب عطار ساکن سیالکوٹ ۔ ۔ ۱/۴ مد عم ۔

(۶۸) شیخ امام الدین صاحب ساکن نوشہرہ ضلع سیالکوٹ عم عک ۔

(۶۹) مُنشی غلام قادر صاحب فصیح سیالکوٹی ۔ ۔ ۔

قابل توجہ احباب

اگرچہ مکرر یاد دہانی کی کچھ ضرورت نہین تہی لیکن چونکہ دل مین انجام خدمت دینی کے لئے سخت اضطراب ہے اِس وجہ سے پھر یہ چند سطرین بطور تاکید لکھتا ہون۔

اے جماعت مخلصین خدا تعالیٰ آپکے ساتھ ہو اسوقت ہمین تمام قومون کے ساتھ مقابلہ درپیش ہے اور ہم خدا تعالیٰ سے امید رکھتے ہین کہ اگر ہم ہمت نہ ہارین اور اپنے سارے دل اور سارے زور اور ساری توجہ سے خدمت اسلام مین مشغول ہون تو فتح ہماری ہوگی۔ سو جہان تک ممکن ہو اِس کام کے لئے کوشش کرو ہمین اِس وقت تین قسم کی جمعیت کی سخت ضرورت ہے جسپر ہمارے کام اشاعت حقایق و معارف دین کا سارا مدار ہے اوّل یہ کہ ہمارے ہاتھ مین کم سے کم دو پریس ہون دوم ایک خوشخط کاپی نویس سویم کاغذ۔ ان تینون مصارف کے لئے اڑھائی سو روپیہ ماہواری کا تخمینہ لگایا گیا ہے اب چاہئے کہ ہریک دوست اپنی اپنی ہمت اور مقدرت کے موافق بہت جلد بلا توقف اِس چندہ مین شریک ہو۔ اور یہ چندہ ہمیشہ ماہواری طور سے ایک تاریخ مقررہ پر پہنچ جانا چاہئے بالفعل یہ تجویز ہوئی کہ بقیہ **براہین** اور ایک **اخبار** جاری ہو اور آیندہ جو جو ضرورتین پیش آئینگی اُنکے موافق وقتاً فوقتاً رسائل نکلتے رہینگے۔ اور چونکہ یہ تمام کاروبار چندہ پر موقوف ہے اِسلئے اِس بات کو پہلے سوچ لینا چاہئے کہ اُس قدر اپنی طرف سے چندہ مقرر کرین جو بسہولت ماہ بماہ پہنچ سکے۔ اے مردانِ دین کوشش کرو کہ یہ کوشش کا وقت ہے اپنے دلون کو دین کی ہمدردی کے لئے جوش مین لاؤ کہ یہی جوش دکھانے کے دن ہین اب تم خدا تعالیٰ کو کسی اور عمل سے راضی نہین کر سکتے جیسا کہ دین کی ہمدردی سے سو جاگو اور اُٹھو اور ہوشیار ہو جاؤ اور دین کی ہمدردی کے لئے وہ قدم اُٹھاؤ کہ فرشتے بھی آسمان پر جزاکم اللہ کہین اِس سے مت غمگین ہو کہ لوگ تمہین کافر کہتے ہین تم اپنا اسلام خدا تعالیٰ کو دکھلاؤ اور اتنے جبکو کہ بس فدا ہی ہو جاؤ۔

دوستان خود را نثار حضرتِ جانان کنید — در رہِ آن یار جانی جان و دل قربان کنید
آن دلِ خوش باش را کاندر لقا جوید خوشی — از پئے دینِ محمد کلبۂ احزان کنید
از تعیش ہا برون آئید اے مردان حق — خویشتن را از پئے اسلام سرگردان کنید

فمن تاب من بعد ظلمہ واصلح فان اللہ یتوب علیہ ان اللہ غفور رحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیفیت جلسہ سالانہ قادیاں ضلع گورداسپورہ تاریخ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۲ء بر مکان جناب مجدد وقت مسیح الزمان مرزا غلام احمد صاحب سلمہ الرحمٰن اور اُسپر بندہ کی رائے جو ملاقات مرزا صاحب موصوف اور معاینہ جلسہ اور اہل جلسہ کے بعد قایم ہوئی

مرزا صاحب نے مجھے بھی باوجودیکہ اُن کو اچھی طرح معلوم تھا کہ مَیں اُن کا مخالف ہوں نہ صرف مخالف بلکہ بدگو بھی اور یہ مکرر سہ کرر مجھ سے وقوع میں آچکا ہے جلسہ پر بُلایا اور چند خطوط جنمیں ایک رجسٹری بھی تھا بھیجے۔ اگرچہ پیشتر بسبب جہالت اور مخالفت کے میرا ارادہ جانے کا نہ تھا۔ لیکن مرزا صاحب کے بار بار لکھنے سے میرے دل میں ایک تحریک پیدا ہوئی۔ اگر مرزا صاحب اسقدر شفقت سے نہ لکھتے تو مَیں ہرگز نہ جاتا اور محروم رہتا۔ مگر یہ اُنھیں کا حوصلہ تھا۔ آجکل کے مولوی تو اپنے سگے باپ سے بھی اس شفقت اور عزت سے پیش نہیں آتے۔ مَیں ۲۷ تاریخکو دوپہر سے پہلے قادیاں میں پہنچا۔ اُسوقت مولوی حکیم نورالدین صاحب مرزا صاحب کی تائید میں بیان کر رہے تھے اور قریب ختم کے تھا۔ افسوس کہ مَیں نے پُورا نہ سُنا۔ لوگوں سے سُنا کہ بہت عُمدہ بیان تھا۔ پھر حامد شاہ صاحب نے اپنے اشعار مرزا صاحب کی صداقت اور تعریف میں پڑھے۔ لیکن چونکہ مجھے ہنوز رغبت نہیں تھی اور میرا دل غبار آلودہ تھا کچھ شوق اور محبت سے نہیں سُنا۔ لیکن اشعار عُمدہ تھے۔ اللہ تعالیٰ مصنّف کو جزائے خیر عنایت فرماوے۔

جب مَیں مرزا صاحب سے ملا اور وہ اخلاق سے پیش آئے تو میرا دل نرم ہوا گویا مرزا صاحب کی نظر سرمہ کی سلائی تھی جس سے غبار کدورت میرے دل کی آنکھوں سے دور ہوگیا اور غیظ و غضب کے نزلہ کا

پانی خشک ہونے لگا اور کچھ کچھ دُھندلا سا مجھے حق نظر آنا شروع ہوا اور رفتہ رفتہ باطنی بینائی درست ہوئی۔ مرزا صاحب کے سوا اَور کئی بھائی اِس جلسہ میں ایسے تھے کہ جنکو مَیں حقارت اور عداوت سے دیکھتا تھا اَب اِن کو محبت اور اُلفت سے دیکھنے لگا اور یہ حال ہوا کہ کُل اہلِ جلسہ میں جو مرزا صاحب کے زیادہ محب تھے وہ مجھے بھی زیادہ عزیز معلوم ہونیلگے۔ بعدِ عصر مرزا صاحب نے کچھ بیان فرمایا جسکے سُننے سے میرے تمام شبہات رفع ہوگئے اور آنکھیں کھل گئیں۔ دوسری روز صُبح کے وقت ایک امرتسری وکیل صاحب نے اپنا عجیب قصہ سُنایا جس سے مرزا صاحب کی اعلیٰ درجہ کی کرامت ثابت ہوئی۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وکیل صاحب پہلے سُنّت جماعت مُسلمان تھے۔ جب جوان ہوئے رسمی علم پڑھا تو دل میں بسبب مذہبی علم سے ناواقفیت اور عُلمائے وقت و پیرانِ زمانہ کے باعمل نہ ہونے کے شُبہات پیدا ہوئے اور تسلی بخش جواب کہیں سے نہ ملنے کے باعث سے چند بار مذہب تبدیل کیا۔ سُنّی سے شیعہ بنے۔ وہاں بجز تبرّا بازی اور تعزیہ سازی کچھ نظر نہ آیا۔ آریہ ہوئے چند روز وہاں کا بھی مزا چکھا۔ مگر لطف نہ آیا۔ برہمو میں شامل ہوئے۔ اُن کا طریق اختیار کیا۔ لیکن وہاں بھی مزا نہ پایا۔ نیچری بنے۔ لیکن اندرونی صفائی یا خدا کی محبت۔ کچھ نورانیت کہیں بھی نظر نہ آئی۔ آخر مرزا صاحب سے ملے اور بہت بیباکانہ پیش آئے۔ مگر مرزا صاحب نے لُطف سے۔ مہربانی سے کلام کیا۔ اور ایسا اچھا نمونہ دکھایا کہ آخر کار اسلام پر پورے پورے جم گئے اور نمازی بھی ہوگئے۔ اللہ و رسُول کے تابعدار بن گئے اَب مرزا صاحب کے بڑے معتقد ہیں۔

رات کو مرزا صاحب نے نواب صاحب[۱] کے مقام پر بہت عُمدہ تقریر کی اور چند اپنے خواب اور الہام بیان فرمائے چند لوگوں نے صداقتِ الہام کی گواہیاں دیں جن کے روبرو وہ الہام پوری ہوئے۔ ایک صاحب نے صُبح کو بعد نماز صبح عبداللہ صاحب غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خواب سُنایا۔ جبکہ عبداللہ صاحب خیر دی گانو میں تشریف

[۱] نواب صاحب مالیر کوٹلہ جو اُسوقت مع چند اپنے ہمراہیان کے شریکِ جلسہ تھے۔ ۱۲

رکھتے تھے۔ عبداللہ صاحب نے فرمایا۔ ہمنے محمد حسین بٹالوی کو ایک لمبا کُرتہ پہنے دیکھا اور وہ کُرتہ پارہ پارہ ہوگیا۔ یہ بھی عبداللہ صاحب نے فرمایا تھا کہ کُرتے سے مراد علم ہے آگے پارہ پارہ ہونیسے عقلمند خود سمجھ سکتا ہے کہ گویا علم کی پردہ دری مُراد ہے جو آجکل ہو رہی ہے اور معلوم نہیں کہ کہانتک ہوگی جو اللہ تعالیٰ کے ولی کو ستاتا ہے گویا اللہ تعالیٰ سے لڑتا ہے۔ آخر پچھڑے گا۔ اب مجھے بخوبی ثابت ہوا کہ وہ لوگ بڑے بے انصاف ہیں جو بغیر ملاقات اور گفتگو کے مرزا صاحب کو دُور سے بیٹھے دجال کذاب بنا رہے ہیں اور اُنکے کلام کے غلط معنی گھڑ رہے ہیں یا کسی دوسرے کی تعلیم کو بغیر تفتیش مان لیتے ہیں اور مرزا صاحب سے اسکی بابت تحقیق نہیں کرتے۔ مرزا صاحب جو آسمانی شہد اُگل رہے ہیں اُسکو وہ شیطانی زہر بتاتے ہیں اور بسبب سخت قلبی اور حجاب عداوت کے دُور ہی سے گلاب کو پیشاب کہتے ہیں اور عوام اپنے خواص کے تابع ہوکر اسکے کھانے پینے سے باز رہتے ہیں اور اپنا سراسر نقصان کرتے ہیں۔ سب سے بڑھکر اس عاجز کے قدیمی دوست یا پرانے مقتدا مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی لوگوں کو مرزا صاحب سے ہٹانے اور نفرت دلانے میں مصروف ہیں جنکو پہلے پہل مرزا صاحب سے بندہ نے بدظن کیا تھا جسکے عوض میں اس دفعہ اُنھوں نے مجھے بہکایا اور صراط مستقیم سے جُدا کر دیا۔ چلو برابر ہوگئے۔ مگر مولوی صاحب ہنوز در پئے ہیں۔ اب جو جلسہ پر مرزا صاحب نے مجھے طلب کیا تو مولوی صاحب کو بھی ایک مخبر نے خبر کر دی۔ اُنہوں نے اپنے وکیل کی معرفت مجھے ایک خط لکھا جسمیں ناصح مشفق نے مرزا صاحب کو اِسقدر بُرا بھلا لکھا اور ایسے ناشائستہ الفاظ قلم سے نکالے کہ جن کا اعادہ کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ مولویصاحب نے یہ بھی لحاظ نہ کیا کہ علاوہ بزرگ ہونیکے مرزا صاحب میرے کس قدر قریبی رشتہ دار ہیں پھر دعویٰ محبت ہے۔ افسوس

اس جلسہ پر تین سَو سے زیادہ شریف اور نیک لوگ جمع تھے جنکے چہروں سے مُسلمانی نور ٹپک رہا تھا۔ امیر غریب۔ نواب۔ انجنیئر۔ تھانہ دار۔ تحصیلدار۔ زمیندار۔ سوداگر۔ حکیم۔ غرض ہر قسم کے لوگ تھے۔ ہاں چند مولوی بھی تھے مگر مسکین مولوی۔ مولوی کے ساتھ مسکین اور منکسر کا لفظ یہ مرزا صاحب کی کرامت ہے کہ مرزا صاحب سے ملکر مولوی بھی مسکین بنجاتے ہیں ورنہ آجکل مسکین مولوی اور بدعا سے

بچنے والا صوفی کبریت احمر اور کیمیائے سعادت کا حکم رکھتا ہے۔ مولوی محمد حسین صاحب اپنے دل میں غور فرما کر دیکھیں کہ وہ کہاں تک مسکینی سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ ان میں اگر مسکینی ہوتی تو اس قدر فساد ہی کیوں ہوتا۔ یہ نوبت بھی کیوں گذرتی اسقدر انکے متبعین کو اُن سے عداوت اور نفرت کیوں ہوتی اہل حدیث کہلانے سے بیزار کیوں ہوجاتے۔ اگر مولوی صاحب اس میری بیان کو غلط خیال فرماویں تو میں انھیں پر حوالہ کرتا ہوں۔ انصافاً و ایماناً اپنے احباب کی ایک فہرست تو لکھکر چھپوا دیں کہ جو اُن سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسا کہ مرزا صاحب کے مرید مرزا صاحب سے محبت رکھتے ہیں۔ مجھے قیافہ سے معلوم ہوتا ہے وہ وقت عنقریب ہے کہ جناب مرزا صاحب کی خاک پا کو اہل بصیرت آنکھوں میں جگہ دیں اور اکسیر سے بہتر سمجھیں۔ اور تبرک خیال کریں۔ مرزا صاحب کے سینکڑوں ایسے صادق دوست ہیں جو مرزا صاحب پر دل و جان سے قربان ہیں اختلاف کا تو کیا ذکر ہے۔ روبرو اُف تک نہیں کرتے ؎ سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔ مولوی محمد حسین صاحب زیادہ نہیں چار پانچ آدمی تو ایسے اپنے شاگرد یا دوست بتاویں جو پوری پوری (خدا کیواسطے) مولوی صاحب سے محبت رکھتے ہوں اور دل و جان سے فدا ہوں۔ اور اپنے مال کو مولوی صاحب پر قربان کردیں اور اپنی عزت کو مولوی صاحب کی عزت پر نثار کرنے کے لیئے مستعد ہوں۔ اگر مولوی صاحب فرماویں کہ سچوں اور نیکوں سے لوگوں کو محبت نہیں ہوتی بلکہ جھوٹے اور مکاروں سے لوگوں کو اُلفت ہوتی ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ اصحاب و اہل بیت کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت تھی یا نہیں۔ وہ حضرت کے پورے پورے تابع تھے یا اُن کو اختلاف تھا۔ بہت نزدیک کی ایک بات یاد دلاتا ہوں کہ مولوی عبداللہ صاحب غزنوی جو میرے اور نیز محمد حسین صاحب کے پیر و مرشد تھے اُن کے مرید اُن سے کس قدر محبت رکھتے تھے اور کسقدر اُن کے تابع فرمان تھے۔ سُنا ہے کہ ایک دفعہ انھوں نے اپنے ایک خاص مرید کو کہا کہ تم نجد و اقوا ملک عرب میں جاکر رسائل توحید مصنفہ محمد بن عبدالوہاب نقل کرلاؤ۔ وہ مرید فوراً رخصت ہوا۔ ایک دم کا بھی توقف نہ کیا حالانکہ خرچ راہ و سواری بھی اُسکے پاس نہ تھا۔ مولوی محمد حسین صاحب اگر اپنے کسی دوست کو بازار سے پیسہ دیکر دہی لانیکو فرماویں تو شاید

منظور نکرے اور اگر منظور کرے تو ناراض ہو کر۔ اور شاید غیبت میں لوگوں سے گلہ بھی کرے ۔ع
ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا۔ یہ نمونہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ہر صدی میں ہزاروں اولیا
(جن پر اُن کے زمانہ میں کفر کے فتوے بھی ہوتے رہے ہیں) گذرے ہیں۔ اور کم و بیش اُنکے مرید اُنکے
فرمانبردار اور جان نثار رہے ہیں۔ یہ نتیجہ ہے نیکوں کی خدا کے ساتھ دلی محبت کا۔ مرزا صاحب کو
چونکہ سچی محبت اپنے مولا سے ہے اِس لیئے آسمان سے قبولیت اُتری ہے اور رفتہ رفتہ
باوجود مولویوں کی سخت مخالفت کے سعید لوگوں کے دلوں میں مرزا صاحب کی الفت ترقی کرتی
جارہی ہے (اگرچہ ابوسعید صاحب خفا ہی کیوں نہ ہوں) اَب اسکے مقابل میں مولوی صاحب جو آج
ماشاءاللہ آفتاب پنجاب بنے ہوئے ہیں اپنے حال میں غور فرماویں کہ کسقدر سچی محبت اُن کے ہیں اور
اُنکے سچے دوستوں کا اندرونی کیا حال ہے۔ شروع شروع میں کہتے ہیں مولوی صاحب کبھی اچھے شخص تھے
مگر اَب تو اُنھیں حُبِّ جاہ اور علم و فضل کے فخر نے عرشِ عزت سے خاکِ ذلت پر گرادیا۔ انا للہ و
انا الیہ راجعون۔ اَب مولوی صاحب غور فرماویں کہ یہ کیا پتھر پڑ گئے کہ مولوی اور خصوصاً مولوی
محمد حسین صاحب سرآمد علمائے پنجاب (بزعم خود) سے لوگوں کو اِسقدر نفرت کہ جسکے باعث مولوی صاحب کو
لاہور چھوڑنا پڑا۔ موحدین کی جامع مسجد میں اگر اتفاقاً لاہور میں تشریف لیجاویں تو ماری ضد اور شرم
کے داخل نہیں ہو سکتے۔ اور مرزا صاحب کے پاس (جو بزعم مولویصاحب کافر بلکہ اکفر اور دجال ہیں) گھر
بیٹھے لاہور۔ امرتسر۔ پشاور۔ کشمیر۔ جموں۔ سیالکوٹ۔ کپورتھلہ۔ لدھیانہ۔ بمبئی۔ ممالک شمال و مغرب
اودھ۔ مکہ معظمہ وغیرہ بلاد سے لوگ گھر سے بوریا بدھنا باندھے چلے آتے ہیں۔ پھر آنیوالے بدعتی
نہیں۔ مشرک نہیں۔ جاہل نہیں۔ کنگال نہیں بلکہ موحد۔ اہلحدیث۔ مولوی۔ مفتی۔ پیرزادے۔ شریف
امیر۔ نواب۔ وکیل۔ اَب ذرا سوچنے کا مقام ہے کہ باوجود مولوی محمد حسین صاحب کے گرانے کے اور اکثر
مولویوں سے کفر کے فتوے پر مُہریں لگوانے کے اللہ جلشانہ نے مرزا صاحب کو کسقدر چڑھایا اور کس قدر

خلقِ خدا کے دلوں کو متوجہ کر دیا کہ اپنا آرام چھوڑ کر۔ وطن سے جُدا ہو کر۔ روپیہ خرچ کر کے قادیان میں آکر زمین پر سوتے بلکہ ریل میں ایک دو رات جاگے بھی ضرور ہونگے اور کئی پیادہ چلکر بھی حاضر ہوئے میں نے ایک شخص کے بھی مونہہ سے کسی قسم کی شکایت نہیں سُنی۔ مرزا صاحب کے گرد ایسے جمع ہوتے تھے جیسے شمع کے گرد پروانے۔ جب مرزا صاحب کچھ فرماتے تھے تو ہمہ تن گوش ہو جاتے تھے۔ قریباً چالیس پچاس شخص اس جلسہ پر مرید ہوئے۔ مرزا احمد بیگ کے انتقال کی پیشین گوئی کے پوری ہونیکا ذکر بھی مرزا صاحب نے ساری خلقت کے روبرو سُنایا جسکے بارے میں نورافشاں نے مرزا صاحب کو بہت کچھ بُرا بھلا کہا تھا اب نورافشاں خیال کرے کہ پیشین گوئیاں اس طرح پوری ہوتی ہیں۔ یہ بات بجز اہل اسلام کے کسی دین والے کو آجکل حاصل نہیں اور مسلمان خصوصاً مخالفین سوچیں کہ یہ خوب بات ہے کہ کافر اکفر دجال۔ مکار کی پیشین گوئیاں باوجودیکہ اللہ تعالیٰ پر افتراؤں کی طومار باندھ رہا ہے اللہ تعالیٰ پوری کر دے اور رسول اللہ صلعم کے (بزعمِ خود) نائبین کی باتوں میں خاک بھی اثر نہ دے اور اُنکو ایسا ذلیل کرے کہ لاہور چھوڑ کر بٹالہ میں آنا پڑے۔ افسوس صد افسوس آجکل کے اُن مولویوں کی نابینائی پر جو العلم حجاب الاکبر کے نیچے دبے پڑے ہیں اور باینوجہ ایک ایسے برگزیدہ بندہ کا نام دجال و کافر رکھتے ہیں جس کی اللہ تعالیٰ کو ایسی محبت ہے کہ دین کی خدمت پر مقرر کر رکھا ہے اور وہ بندۂ خدا آریہ۔ برہمو عیسائیوں نیچریوں سے لڑ رہا ہے۔ کوئی کافر تاب مقابلہ نہیں لا سکتا۔ نہ کوئی مولوی باوجود کافر ملعون۔ دجال بنانے کے خلقت کے دلوں کو اُن کیطرف سے ہٹا سکتا ہے۔ معاذ اللہ۔ عصاء موسیٰ و ید بیضا کو بزعم مولویان پس پا اور رسوا کر رہا ہے۔ نائبین رسول مقبول میں کوئی برکت کچھ نورانیت نہیں رہی۔ اتنا بھی سلیقہ نہیں کہ اپنے چند شاگردوں کو بھی قابو میں رکھ سکیں اور خُلقِ محمدی کا نمونہ دکھا کر اپنا شیفتہ بنا لیں کسی ملک میں ہدایت پھیلانا اور مخالفینِ اسلام کو زیر کرنا تو درکنار ایک شہر بلکہ ایک محلہ کو بھی درست نہیں کر سکتے۔ برخلاف اسکے مرزا صاحب نے شرقاً غرباً مخالفینِ اسلام کو دعوت اسلام کی اور ایسا نیچا

کر دکھایا کہ کوئی مقابل آنے جوگا نہیں رہا۔ اکثر نیچریوں کو جو مولوی صاحبان سے ہرگز اصلاح پر نہیں آسکے توبہ کرائی اور پنجاب سے نیچریت کا اثر بہت کم کر دیا۔ اب وہی نیچری ہیں جو مسلمان صورت بھی نہیں تھے مرزا صاحب کے ملنے سے مومن سیرت ہو گئے۔ اہلکاروں۔ تھانہ داروں نے رشوتیں لینی چھوڑ دیں۔ نشہ بازوں نے نشے ترک کر دیئے۔ کئی لوگوں نے حقہ تک ترک کر دیا۔ مرزا صاحب کے شیعہ[1] مریدوں نے تبرا ترک کر دیا صحابہ سے محبت کرنے لگے۔ تعزیہ داری۔ مرثیہ خوانی موقوف کر دی بعض سیرزادے جو مولوی محمد حسین بٹالوی بلکہ محمد اسمٰعیل شہید کو بھی کافر سمجھتے تھے مرزا صاحب کے معتقد ہونیکے بعد مولانا اسمٰعیل شہید کو اپنا پیشوا اور بزرگ سمجھنے لگے۔ اگر یہ تاثیریں دجالیں۔ کذابین میں ہوتی ہیں اور نائبین رسول مقبول نیک تاثیر والے محروم ہیں تو بصد خوشی ہمیں دجالی ہونا منظور ہے۔ پھلوں ہی سے تو درخت پہچانا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو بھی لوگوں نے صفات سے پہچانا۔ ورنہ اسکی ذات کسی کو نظر نہیں آتی۔ کسی تندرست ہٹے کٹے کا نام اگر بیمار رکھدیں تو واقعی وہ بیمار نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن پاکباز ہے اور جسکے دل میں اللہ اور رسول کی محبت ہے اسکو کوئی منافق۔ کافر۔ دجال وغیرہ لقب دے تو کیا حرج ہے۔ سفید کسی کے کالا کہنے سے کالا نہیں ہو سکتا۔ اور چمگادڑ کی دشمنی سے آفتاب لائق مذمت نہیں۔ یزیدی عملداری سے حسینی گروہ اگرچہ تکالیف تو پا سکتا ہے مگر نابود نہیں ہو سکتا۔ رفتہ رفتہ تکالیف برداشت کر کے ترقی کریگا اور کرتا جاتا ہے۔ یعنی مولویوں کے سدراہ ہونے سے مرزا صاحب کا گروہ مٹ نہیں سکتا بلکہ ایسا حال ہے جیسا دریا میں بندھ باندھنے سے دریا رک نہیں سکتا لیکن چند روز رکا معلوم ہوتا ہے آخر بند ٹوٹیگا اور نہایت زور سے دریا بہ نکلیگا۔ اور آس پاس کے مخالفین کی بستیوں کو بھی بہا لیجاویگا۔ آندھی اور ابر سورج کو چھپا نہیں سکتی۔ خود ہی چند روز میں گم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح چند روز میں یہ غل غپاڑہ فرو ہو جائیگا اور مرزا صاحب کی صداقت کا سورج چمکتا ہوا نکل آویگا۔ پھر نکبخت تو افسوس کر کے مرزا صاحب سے

[1] یعنی چند مرید مرزا صاحب کے ایسے بھی ہیں جو پہلے شیعہ مذہب رکھتے تھے۔

موافق ہوجاوینگے اور پچھلی غلطی پر پچھتاوینگے اور مرزا صاحب کی کشتی میں جو مثل سفینہ نوح علیہ السلام کے ہے سوار ہوجائیں گے۔ لیکن بدنصیب اپنے مولویوں کے مکر اور غلط بیانی کے پہاڑوں پر چڑھکر جان بچانا چاہیں گے۔ مگر ایک ہی موج میں غرق بحر ضلالت ہوکر فنا ہوجاویں گے۔ یا الٰہی ہمیں اپنی پناہ میں رکھ اور فہم کامل عنایت فرما۔ اُمتِ محمدیؐ کا تو ہی نگہبان ہے۔ حجابوں کو اُٹھا دے۔ صداقت کو ظاہر فرما دے۔ مُسلمانوں کو اختلاف سے راہ راست پر لگا دے۔ آمین۔ یارب العالمین۔

العلم حجاب الاکبر جو مشہور قول ہے اُسکی صداقت آجکل بخوبی ظاہر ہورہی ہے پہلے اس قول سے مجھے اتفاق نتھا۔ لیکن اَب اسپر پورا یقین ہوگیا۔ جسقدر مرزا صاحب کے مخالف مولوی ہیں اسقدر اَور کوئی نہیں۔ بلکہ اَوروں کو عالموں ہی نے بہکایا ہے ورنہ آجتک ہزاروں بیعت کرلیتے۔ اور ایک جم غفیر مرزا صاحب کے ساتھ ہوجاتا۔ لیکن مخالفت کا ہونا کچھ تعجب نہیں کیونکہ اگر ایسا زمانہ جسمیں اس قسم کے فساد ہیں جسکی نظیر پچھلی صدیوں میں نا معلوم ہے نہ آتا تو ایسا مصلح بھی کیوں پیدا ہوتا۔ دجّال ہی کے قتل کو عیسیٰ تشریف لائے ہیں۔ اگر دجّال نہوتا تو عیسیٰ کا آنا محال تھا اور دنیا گمراہ نہوجاتی تو مہدیؑ کی کیا ضرورت تھی۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کام کو اُسکے وقت پر کرتا ہے۔ یا اللہ تو ہمیں اپنے رسُول کی اپنے اولیا کی محبت عنایت کر اور بے یقینی اور تردّدات سے امان بخش صادقین کے ساتھ ہمیں اُلفت دے کاذبوں سے پناہ میں رکھ۔ ہماری نا نیت دور کردے اور حرص و ہوا سے نجات بخش۔ آمین یارب العالمین +

راقم ناصر نواب۔ تاریخ ۲۔ جنوری ۱۸۹۳ء

اشعار مصنفہ مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب دوم مدرس عربی مہندر کالج پٹیالہ

دل میں جس شخص کے کُچھ نورِ صفا ہوتا ہے — حق کی وہ بات پہ سَو جاں سے فدا ہوتا ہے

حق کی جانب جو وہ ہر وقت جُھکا ہوتا ہے — لوم لائم سے نہ خوف اُس کو ذرا ہوتا ہے

دیکھنے والے یہ کہتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے — اُن کو کہدو کہ یونہی فضلِ خُدا ہوتا ہے

ضمیمہ اخبار ریاض ہند امرتسر مطبوعہ یکم مارچ ۱۸۸۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جان و دلم فدای جمال محمدیست ۔۔۔ خاکم نثار کوچۂ آل محمدیست

دیدم بعین قلب شنیدم بگوش ہوش ۔۔۔ در ہر مکان ندائی جلال محمدیست

ایں چشمۂ رواں کہ بخلق خدا دہم ۔۔۔ یک قطرۂ ز بحر کمال محمدیست

ایں آتشم ز آتش مہر محمدیست ۔۔۔ وایں آب من ز آب زلال محمدیست

رسالہ سراج منیر مشتمل بر نشانہای رب قدیر

یہ رسالہ اس احقر مولف براہین احمدیہ نے اس غرض سے تالیف کرنا چاہا ہے کہ تا منکرین حقیت اسلام و مکذبین رسالت حضرت خیر الانام علیہ و آلہ الف الف سلام کی آنکھوں کے آگے ایک ایسا چمکتا ہوا چراغ رکھا جائے جسکی ہر ایک سمت سے گرد ہر ابھار کی طرح روشنی نکل رہی ہو اور بڑی بڑی پیشگوئیوں پر جو ہنوز وقوع مین نہین آئین مشتمل ہے چنانچہ خود خداوند کریم جل شانہٗ و عز اسمہٗ نے جسکو پوشیدہ بھیدون کی خبر ہے اس ناکارہ کو بعض اسرار مخفیہ و اخبار غیبیہ پر مطلع کرکے باعظیم سرکشادش فرمایا حقیقت مین اسی کا فضل ہے اور اسیکا کام جسنے چار طرفہ کشاکش مخالفون و موافقون سے اس ناچیز کو مخلصی بخشی ع قصہ کوتہ کرد ورنہ در دسر بسیار بود۔ اب یہ رسالہ قریب الاختتام ہے اور انشاء اللہ القدیر صرف چند ہفتونکا کام ہے + اور اس رسالہ مین تین قسم کی پیشگوئیان ہین **اوّل** وہ پیشگوئیان کہ جو خود اس احقر کی ذات سے تعلق رکھتی ہین یعنے جو کچھ راحت یا رنج یا حیات یا وفات اس ناچیز سے متعلق ہے یا جو کچھ تفضلات و انعامات الہیہ کا وعدہ اس ناچیز کو دیا گیا ہے وہ ان پیشگوئیون مین مندرج ہے

دوسری وہ پیشگوئیان جو بعض احباب یا عام طور پر کسی ایک شخص یا بنی نوع سے متعلق ہین اور انمین سے ابھی کچھ کا ظہور باقی ہے اور اگر خدا تعالیٰ نے چاہا تو وہ بقیہ بھی طے ہو جاویگا **تیسری** وہ پیشگوئیان جو مذہب کے غیر پیشواؤن یا واعظون یا ممبرون سے تعلق رکھتی ہین اور اس قسم مین ہمنے صرف بطور نمونہ چند آدمی آریہ صاحبون اور چند قادیان کے ہندؤن کو لیا ہے جن کی نسبت مختلف قسم کی پیشگوئیان ہین کیونکہ انھین مین آجکل نئی نئی تیزی اور انکا ماشہ پایا جاتا ہے اور ہمین اس تقریب پر یہ بھی خیال ہے کہ خداوند کریم ہماری محسن گورنمنٹ انگلشیہ کو جسکے احسانات سے ہمکو تمتع فراغت و آزادی گوشہ خلوت میسر و کنج امن و آسائش حاصل ہے ظالمون کے ہاتھ سے اپنی حفظ و حمایت مین رکھے اور روس منحوس کو اپنی سرگردانیون مین محبوس و معکوس و مبتلا کرکے ہماری گورنمنٹ کو فتح و نصرت نصیب کرے تاہم وہ بشارتین بھی (اگر ملجائین) اس عمدہ موقع پر درج رسالہ کرین انشاء اللہ تعالیٰ اور چونکہ پیشگوئیان کوئی اختیاری بات نہین ہے تا ہمیشہ اور ہر حال مین خوشخبری پر دلالت کرین اسلئے ہم بالکستاخام اپنے موافقین و مخالفین کی خدمت مین عرض کرتے ہین کہ اگر وہ کسی پیشگوئی کو اپنی نسبت ناگوار طبع رصیر خبر موت فوت یا کسی اور مصیبت کی نسبت پاوین تو اس بندہ ناچیز کو معذور تصور فرماوین بالخصوص وہ صاحب جو بباعث مخالفت و مغایرت مذہب اور بوجہ نامرادی ہونیکے حسن ظن کی طرف بمشکل رجوع کر سکتے ہین جیسے پنڈت اندرمن صاحب

+ یہ رسالہ بعض مصالح کی وجہ سے ابتک ۵ فروری ۱۸۹۳ء ہے جسمیں نہین سکا مگر متفرق طور پر اسکی بعض پیشگوئیان شایع ہوتی رہی ہین۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ آیندہ بھی شایع ہوتی رہینگی۔ منہ

مرادآبادی و پنڈت لیکھرام صاحب پشاوری وغیرہ جن کی
قضاوقدر کے متعلق نمائبا اس رسالہ مین بتقید وقت و تاریخ
کچھ تحریر ہوگا ان صاحبون کی خدمت مین دلی صدق سے ہم
گذارش کرتے ہین کہ ہمین فی الحقیقت کسی کی بدخواہی
دل مین نہین بلکہ ہمارا خداوند کریم خوب جانتا ہی کہ ہم سب کی
بھلائی چاہتے ہین اور بدی کی جگہ نیکی کرنے کو مستعد ہین اور
بنی نوع کی ہمدردی سے ہمارا سینہ منور و معمور ہے اور سب کے
لئے ہم راحت و عافیت کے خواستگار ہین لیکن جو بات کسی
موافق یا مخالف کی نسبت یا خود ہماری نسبت کچھ رنج دہ ہو تو
ہم اسمین بکلی مجبور و معذور ہین۔ ہان ایسی بات کے دروغ
نکلنے کے بعد جو کسی دل کے دکھنے کا موجب ٹھہرے ہم سخت
لعن وطعن کے لایق بلکہ سزا کے مستوجب ٹھہرینگے۔ ہم سیدھا بیان
کرتے ہین اور عالم الغیب کو گواہ رکھکر کہتے ہین کہ ہمارا سینہ
سراسر نیک نیتی سے بھرا ہوا ہے اور ہمین کسی فرد بشر سے عداوت
نہین اور گو کوئی بدظنی کی راہ سے کیسی ہی بدگوئی و بدزبانی
کی مشق کر رہا ہے اور نا خدا ترسی سے ہمین آزار دے رہا ہے ہم
پھر بھی اُسکے حق مین دعا ہی کرتے ہین کہ اے خدائے قادر توانا
اسکو سمجھ بخش اور ہم اسکو اسکے ناپاک خیال اور ناگفتنی باتون
مین معذور سمجھتے ہین کیونکہ ہم جانتے ہین کہ ابھی اسکا مادہ ہی
ایسا ہے اور ہنوز اُسکی سمجھ اور نظر اسیقدر ہی کہ جو حقایق تک
نہین پہنچ سکتی۔

زاہد ظاہر پرست از حال ما آگاہ نیست
در حق ما ہر چہ گوید جاے ہیچ اکراہ نیست

اور باوجود اس رحمت عام کے کہ جو فطرتی طور پر خدا سے بزرگ
و برتر نے ہمارے وجود مین رکھی ہے اگر کسی کی نسبت کوئی بات
ناملایم یا کوئی پیشگوئی وحشت ناک بذریعہ الہام ہم پر ظاہر
ہو تو وہ عالم مجبوری ہے جسکو ہم غم سے بھری ہوئی طبیعت کے
ساتھ اپنے رسالہ مین تحریر کرینگے۔ چنانچہ ہمیشہ خود اپنی نسبت اپنے
بعض جدی اقارب کی نسبت اپنے بعض دوستون کی نسبت
اور بعض اپنے فلاسفر قومی بھائیون کی نسبت کہ گویا نجم الہند
ہین اور ایک دیسی امور نووارد پنجابی الاصل کی نسبت
بعض متوحش خبرین جو کسی کے ابتلا اور کسی کی موت فوت
اعزہ اور کسی کی خود اپنی موت پر دلالت کرتی ہین جو انشاء
اللہ القدیر بعد تصفیہ لکھی جائینگی بجانب اللہ منکشف ہوئی
ہین اور ہر ایک کے لئے ہم دعا کرتے ہین کیونکہ ہم جانتے
ہین کہ اگر تقدیر متعلق ہو تو دعاؤن سے بفضلہ تعالیٰ ٹل سکتی
ہے اسی لئے رجوع کرنیوالی مصیبتون کے وقت مقبولون کی
طرف رجوع کرتے ہین اور شوخیون اور ہیرا پھیرون سے باز آجاتے
ہین۔ بالجملہ اگر کسی صاحب پر کوئی ایسی پیش گوئی شاق
گذرے تو وہ مجاز ہین کہ یکم مارچ ۱۸۸۶ء سے یا اس تاریخ
سے جو کسی اخبار مین پہلی دفعہ یہ مضمون شایع ہو ٹھیک
ٹھیک دو ہفتہ کے اندر اپنے دستخطی تحریر سے مجھ کو اطلاع
دین تا وہ پیشگوئی جسکے ظہور سے وہ ڈرتے ہین اندراج رسالہ
سے علیحدہ رکھی جاوے اور موجب دلازاری سمجھکر کسی
کو اسپر مطلع نہ کیا جاے اور کسی کو اسکے وقت ظہور سے خبر
نہ دیجاے۔

اُن ہر سہ قسم کی پیشگوئیوں میں سے جو انشاء اللہ رسالہ ہذا میں
بہ بسط تمام درج ہونگی پہلی پیشگوئی جو خود اِس احقر سے متعلق
ہے آج ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں جو مطابق پندرہ جمادی الاول
ہے بر غایت ایجاز و اختصار کلمات الہامیہ نمونہ کے طور پر
لکھی جاتی ہے اور مفصل رسالہ میں مندرج ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ

پہلی پیشگوئی بالہام اللہ تعالیٰ و اعلامہ عزّ و جلّ خدائے
رحیم و کریم بزرگ و برتر نے جو ہر یک چیز پر قادر ہے (جل شانہٗ
و عزّ اسمہٗ) مجھ کو اپنے الہام سے مخاطب کر کے فرمایا کہ میں تجھے
ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اُسی کے موافق جو تو نے مجھ
سے مانگا سو میں نے تیری تضرعات کو سُنا اور تیری دعاؤں
کو اپنی رحمت سے بپایہ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو
ہوشیارپور اور لدھیانہ کا سفر ہے) تیرے لئے مبارک کر دیا
سو قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے فضل
اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح اور ظفر کی کلید
تجھے ملتی ہے۔ اے مظفر تجھ پر سلام خدا نے یہ کہا تا وہ جو
زندگی کے خواہاں ہیں موت کے پنجہ سے نجات پاویں اور
وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں اور تا دین اسلام
کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو اور تا حق اپنی
تمام برکتوں کے ساتھ آجاوے اور باطل اپنی تمام نحوستوں
کے ساتھ بھاگ جاوے اور تا لوگ سمجھیں کہ میں قادر ہوں
جو چاہتا ہوں کرتا ہوں اور تا وہ یقین لائیں کہ میں تیرا سچا
ہوں اور تا اُنہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے اور خدا
اور خدا کے دین اور اُسکی کتاب اور اُسکے پاک رسول محمد مصطفےٰ کو
انکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ایک کھلی نشانی ملے اور
مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے۔ سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہ اور
پاک لڑکا تجھے دیا جائیگا۔ ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملیگا وہ
لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذرّیت و نسل ہوگا۔ خوبصورت پاک
لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے اُسکا نام **عنموائیل** اور **بشیر** بھی ہے۔ اُسکو
مقدس روح دی گئی ہے اور وہ رجس سے پاک ہے۔ وہ نور اللہ ہے۔
مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے اُسکے ساتھ فضل ہے جو اُسکے آنے
کے ساتھ آئیگا وہ صاحب شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا
وہ دُنیا میں آئیگا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت
سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کریگا۔ وہ کلمۃ اللہ ہے
کیونکہ خدا کی رحمت و غیوری نے اُسے اپنے کلمہ تمجید سے بھیجا ہے
وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا اور دل کا حلیم اور علوم ظاہری و
باطنی سے پُر کیا جائیگا اور وہ تین کو چار کرنیوالا ہوگا (اسکے
معنے سمجھ میں نہیں آئے) دو شنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔ فرزند
دلبند گرامی ارجمند مظہر الاول و الآخر مظہر الحق و العلاء کان اللہ
نزل من السماء جسکا نزول بہت مبارک اور جلال الٰہی کے ظہور کا
موجب ہوگا۔ نور آتا ہے نور جسکو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر
سے ممسوح کیا ہم اسمیں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ
اُسکے سر پر ہوگا۔ وہ جلد جلد بڑھیگا اور اسیروں کی رستگاری
کا موجب ہوگا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائیگا اور قومیں
اُس سے برکت پائینگی تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اُٹھایا
جائیگا و کان امرًا مقضیًا۔

پھر خدائے کریم جلشانہٗ نے مجھے بشارت دیکر کہا کہ تیرا گھر برکت

سے بھریگا اور مین اپنی نعمتین تجھہ پر پوری کرونگا اور خواتین
سمار کہ سے جنمین سے تو بعض کو اسکے بعد پائیگا تیری نسل بہت
ہوگی اور مین تیری ذرّیت کو بہت بڑہاؤنگا اور برکت دونگا مگر
بعض اُنمین سے کم عمری مین فوت بھی ہونگے اور تیری نسل کثرت
سے مُلکون مین پہیل جائیگی اور ہر ایک شاخ تیرے جدّی بہائیون
کی کاٹی جائیگی اور وہ جلد لاولد رہ کر ختم ہو جائیگی - اگر وہ
توبہ نہ کرینگے تو خدا اُن پر بلا پر بلا نازل کریگا یہان تک کر
وہ نابود ہو جائینگے اُنکے گھر ہوا ؤن سے بھر جائینگے اور اُنکی
دیوارون پر غضب نازل ہوگا لیکن اگر وہ رجوع کرینگے تو خدا رحم
کے ساتھہ رجوع کریگا - خدا تیری برکتین اردگرد پھیلائیگا اور
ایک اُجڑا ہوا گھر مجھہ سے آباد کریگا - اور ایک ڈرانا گھر برکتون سے
بھر دیگا - تیری ذرّیت منقطع نہین ہوگی اور آخری دنون
تک سرسبز رہیگی - خدا تیرے نام کو اُس روز تک جو دُنیا منقطع
ہو جاے عزّت کے ساتھہ قایم رکھیگا اور تیری دعوت کو دُنیا
کے کناروں تک پہنچاویگا - مین تجھے اُٹھاؤنگا اور اپنی طرف
بلاؤنگا پر تیرا نام صفحۂ زمین سے کبھی نہین اُٹھیگا اور ایسا ہوگا کہ
سب وہ لوگ جو تیری ذلّت کی فکر مین لگے ہوئے ہین اور تیرے
ناکام رہنے کے درپے اور تیرے نابود کرنیکے خیال مین ہین
وہ خود ناکام رہین گے اور ناکامی اور نامردی مین مرینگے
لیکن خدا تجھے بکلّی کامیاب کریگا اور تیری ساری مرادین
تجھے دیگا - مین تیری خاص اور دلی محبونکا گروہ بہی بڑہاؤنگا
اور اُنکے نفوس و اموال مین برکت دونگا اور اُن مین کثرت
بخشونگا اور وہ مسلمانون کے اُس دوسرے گروہ پر تا بروز قیامت

غالب رہینگے جو حاسدون اور معاندون کا گروہ ہے خدا اُنمین
فیصلہ کریگا اور وہ علی حسب الاخلاص
اپنا اپنا اجر پائینگے - تو مجھے ایسا ہی جیسے انبیاء بنی اسرائیل
(یعنی ظلّی طور پر اُن سے مشابہت رکھتا ہے) تو مجھے ایسا ہے
جیسی میری توحید - تو مجھ سے اور مین تجھ سے ہون اور وہ وقت
آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ خدا بادشاہون اور امیرون کے دلونمین
تیری محبت ڈالیگا یہان تک کہ وہ تیرے کپڑون سے برکت
ڈہونڈینگے - اے منکرو اور حق کے مخالفو اگر تم میرے بندہ
کی نسبت شک مین ہو اگر تمہین اُس فضل و احسان سے کچھہ انکار
ہے جو مینے اپنے بندہ پر کیا تو اُس نشان رحمت کی مانند تم
بھی اپنی نسبت کوئی سچا نشان پیش کرو اگر تم سچے ہو اور اگر
تم پیش نہ کرسکو اور یاد رکھو کہ ہرگز پیش نہ کرسکوگے تو اُس آگ
سے ڈرو کہ جو مفتریون اور جھوٹون اور حد سے بڑہنے والون
کے لئے تیار ہے - فقط

راقم
خاکسار غلام احمد مولف (براہین احمدیہ)
ہوشیارپور طویلہ شیخ مہر علی صاحب رئیس
۲۰ فروری ۱۸۸۶ء

---

* احادیث اُمتی کالانبیاء بنی ہی کہ اپنے نبی متبوع سے بلکہ تمام انبیاء علیہم السلام سے مشابہت پیدا کرنے ہی کا نام اتباع کی حقیقت اور غایت غالبی ہی جسکے لئے سورہ فاتحہ مین دعا کرنیکے لئے ہم لوگ مامور ہین بلکہ یہی انسان کی فطرت مین تقاضا پایا جاتا ہی اور اسی وجہ سے مسلمانی لوگ اپنی اولاد کے نام بطور تفاؤل یسیٰ داؤد موسیٰ یعقوب محمد وغیرہ انبیاء علیہ السلام کے نام پر رکھتے ہین اور مطلب یہ ہوتا ہے کہ تا وہی اخلاق و برکات بطور ظلی انمین بھی پیدا ہو جائین فتدبر - منہ

* نوٹ یہ ایک پیشگوئی کی طرف اشارہ ہے جو ۲ جولائی ۱۸۸۸ء کے اشتہار مین شایع ہو چکی جسکا حاصل یہ ہے کہ خدا تعالی نے اس عاجز کے مخالف اور منکر شدہ وارون کے حق مین نشان کے طور پر یہ پیشگوئی ظاہر کی ہے کہ اُن مین سے جو ایک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(حاشیہ متعلقہ صفحہ ۴ - اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء مندرجہ آئینہ کمالات اسلام)

عجب نوری ست در جانِ محمد — عجب لعلی ست در کانِ محمد — ز ظلمت ہا دلی آنگہ شود صاف — کہ گردد از محبانِ محمد

عجب دارم دلِ آن ناکسان را — کہ رو تابند از خوانِ محمد — ندانم ہیچ نفسے در دو عالم — کہ دارد شوکت و شانِ محمد

خدا زان سینہ ہا بیزار است صد بار — کہ ہست از کینہ داران محمد — خدا خود سوز دآن کرم ذی را — کہ باشد از عدوانِ محمد

اگر خواہی نجات از مستی نفس — بیا ور ذیل مستانِ محمد — اگر خواہی کہ حق گوید ثنائت — بشو از دل ثنا خوانِ محمد

اگر خواہی دلیلی عاشقش باش — محمد ہست برہانِ محمد — سرے دارم فدائی خاک احمد — دلم ہر وقت قربانِ محمد

بگیسوئے رسول اللہ کہ ہستم — نثارِ روئے تابانِ محمد — درین رہ گر کشندم ور بسوزند — نتابم روز ایوانِ محمد

بکارِ دین نترسم از جہانی — کہ دارم رنگِ ایمانِ محمد — بسے سہل ست از دنیا بریدن — بیاد حسن و احسانِ محمد

فدا شد در رہش ہر ذرہ من — کہ دیدم حسن پنہانِ محمد — دگر مشتاد را نامی ندانم — کہ خواندم در دبستانِ محمد

بدیگر دلبرے کارے ندارم — کہ ہستم کشتۂ آنِ محمد — مرا آن گوشۂ چشمی بیاید — نخواہم جز گلستانِ محمد

دلِ زارم بہ پہلویم مجوئید — کہ بستیمش بدامانِ محمد — من آن خوش مرغ از مرغانِ قدسم — کہ دارد جا بہ بستانِ محمد

تو جانِ ما سنوری کردی از عشق — فدائت جانم اے جانِ محمد — نباشد نیز شایانِ محمد — ور یغما گروہم صد جہان دریں راہ

چہ ہیبت ہا بداد ند این جوان را — کہ ناید کس بمیدانِ محمد — الا اے دشمنِ نادان و بیراہ — بترس از تیغ بُرّانِ محمد

رہ مولی کہ گم کردند مردم — بجو در آل و اعوانِ محمد — الا اے منکر از شانِ محمد — ہم از نورِ نمایانِ محمد

کرامت گرچہ بی نام و نشان است — بیا جنگر ز غلمانِ محمد



لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک پیشگوئی

واضح ہو کہ اِس عاجز نے اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں جو اس کتاب

کے ساتھہ شامل کیا گیا تھا اندرمن مرادآبادی اور لیکھرام پشاوری کو اس
بات کی دعوت کی تھی کہ اگر وہ خواہشمند ہون تو اُنکی قضا و قدر کی نسبت
بعض پیشگویان شایع کیجائین سو اس اشتہار کے بعد اندرمن نے تو اعراض
کیا اور کچھہ عرصہ کے بعد فوت ہوگیا لیکن لیکھہ رام نے بڑی دلیری سے
ایک کارڈ اس عاجز کی طرف روانہ کیا کہ میری نسبت جو پیشگوئی چاہو شایع
کردو میری طرف سے اجازت ہے سو اسکی نسبت جب توجہ کی گئی تو اللہ جل شانہ
کی طرف سے یہ الہام ہوا۔

عجل جسد لہ خوار لہ نصب و عذاب

یعنے یہ صرف ایک بیجان گوسالہ ہے جسکے اندر سے ایک مکروہ آواز نکل
رہی ہے اور اُسکے لئے ان گستاخیون اور بدزبانیون کے عوض مین سزا
اور رنج اور عذاب مقدر ہے جو ضرور اُسکو مل رہیگا۔ اور اسکے بعد آج جو
۲۰ فروری ۱۸۹۳ء روز دوشنبہ ہے اس عذاب کا وقت معلوم کرنے کے
لئے توجہ کی گئی تو خداوند کریم نے مجھہ پر ظاہر کیا کہ آجکی تاریخ سے جو بیس فروری
سنہ ۱۸۹۳ء ہے چھہ برس کے عرصہ تک یہ شخص اپنی بدزبانیون کی سزا مین
یعنے ان بے ادبیون کی سزا مین جو اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے حق مین کی ہین عذاب شدید مین مبتلا ہوجائیگا سو اب مین اس
پیشگوئی کو شایع کرکے تمام مسلمانون اور آریون اور عیسائیون اور
دیگر فرقون پر ظاہر کرتا ہون کہ اگر اس شخص پر چھہ برس کے عرصہ

مین آجکی تاریخ سے کوئی ایسا عذاب نازل نہ ہوا جو معمولی تکلیفون سے نرالا اور
خارق عادت اور اپنے اندر الہی ہیبت رکھتا ہو تو سمجھو کہ مین خدا تعالی کی طرف سے
نہین اور نہ اسکی روح سے میرا یہ نطق ہے اور اگر مین اس پیشگوئی مین کاذب
نکلا تو ہر یک سزا کے بھگتنے کے لئے مین طیار ہون اور اس بات پر راضی
ہون کہ مجھے گلے مین رسہ ڈالکر کسی سولی پر کھینچا جائے اور باوجود میرے اس
اقرار کے یہ بات بھی ظاہر ہے کہ کسی انسان کا اپنی پیشگوئی مین جھوٹا نکلنا خود
تمام رسوائیون سے بڑھکر رسوائی ہے زیادہ اس سے کیا لکھون واضح رہے
کہ اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بے ادبیان کی
ہین جنکے تصور سے بھی بدن کانپتا ہے اسکی کتابین عجیب طور کی تحقیر اور
توہین اور دشنام دہی سے بھری ہوئی ہین کون مسلمان ہے جو ان کتابون کو سنے
اور اسکا دل اور جگر ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو با این ہمہ شوخی و خیرگی یہ شخص سخت جاہل
ہے عربی سے ذرہ مس نہین بلکہ دقیق اردو لکھنے کا بھی مادہ نہین اور یہہ
پیشگوئی اتفاقی نہین بلکہ اس عاجز نے خاص اسی مطلب کے لئے دعا کی جسکا
یہ جواب ملا اور یہ پیشگوئی مسلمانونکے لئے بھی نشان ہے کاش وہ حقیقت
کو سمجھتے اور انکے دل نرم ہوتے اب مین اسی خدا عزوجل کے نام پر ختم کرتا
ہون جسکے نام سے شروع کیا تھا۔ والحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ
محمد المصطفی افضل الرسل وخیر الوری سیدنا ومولانا وسید کل ما
فی الارض والسما۔

خاکسار مرزا غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور

(۲۰ فروری ۱۸۹۳ء)

نوٹ آریون کو چاہئے کہ مسلمانون کو دعا کرنے مین کہ یہ عذاب انکے اوپر سے ٹل جائے۔

اشتہار کتاب آئینہ کمالات اسلام

یا ایھا الذین آمنوا ان تنصروا اللہ ینصرکم

اے ایماندارو اگر تم اللہ تعالیٰ کی مدد کرو تو وہ تمہاری مدد کرے گا۔

اے عزیزان مدد دین متین آن کاسی ست کہ بصد زہد میسر نشود انسان را

واضح ہو کہ یہ کتاب جسکا نام نامی عنوان مین درج ہے ان دنون مین اس عاجز نے اس غرض سے لکھی ہے کہ دنیا کے لوگون کو قرآن کریم کے کمالات معلوم ہون اور اسلام کی اعلیٰ تعلیم سے انکو اطلاع ملے۔ اور مین اس بات سے شرمندہ ہون کہ مین نے یہ کہا کہ مینے اسکو لکھا ہے کیونکہ مین دیکھتا ہون کہ خدا تعالیٰ نے اوّل سے آخر تک اسکے لکھنے مین آپ مجھ کو عجیب در عجیب مدد دین متین اور وہ عجیب لطایف و نکات اسمین بھر دئے ہین کہ جو انسان کی معمولی طاقتون سے بہت بڑھ کر مین مین جانتا ہون کہ اُسنے یہ اپنا ایک نشان دکھلایا ہے تاکہ معلوم ہو کہ وہ کیون کر اسلام کی غربت کے زمانہ مین اپنی خاص تائیدون کے ساتھ اُسکی حمایت کرتا ہے اور کیونکر ایک عاجز انسان کے دل پر تجلی کرکے لاکھون آدمیون کے منصوبون کو خاک مین ملاتا اور اُنکے حملون کو پاش پاش کرکے دکھلا دیتا ہے۔ مجھے یہ بڑی خواہش ہے کہ مسلمانون کی اولاد اور اسلام کے شرفاء کی ذریت جنکے سامنے نئے علوم کی نغز شین دن بدن بڑھتی جاتی ہین اس کتاب کو دیکھین۔ اگر مجھے وسعت ہوتی تو مین تمام جلدون کو مفت للہ تقسیم کرتا۔ عزیزو یہ کتاب قدرت حق کا ایک نمونہ ہے اور انسان کی معمولی کوششین خود بخود اسقدر ذخیرہ معارف کا پیدا نہین کرسکتین۔ اسکی ضخامت چھ سو صفحہ کے قریب ہے اور کاغذ عمدہ اور کتابت نو شخط اور قیمت دور دپیہ اور محصول علاوہ ہے اور یہ صرف ایک حصہ ہے اور دوسرا حصہ الگ طبع ہوگا اور قیمت اُسکی الگ ہوگی۔ اور اس مین علاوہ حقایق و معارف قرآنی اور لطائف کتاب رب عزیز کے ایک وافر حصہ ان پیشگوئیون کا بھی موجود ہے جنکو اول **سراج منیر** مین شایع کرنے کا ارادہ تھا۔ اور مین اس بات پر راضی ہون کہ اگر خریداران کتاب میری اس تعریف کو خلاف واقعہ پاوین تو کتاب مجھے واپس کردین مین بلا توقف اُنکی قیمت واپس بھیجدونگا لیکن یہ شرط ضروری ہے کہ کتاب کو دو ہفتے کے اندر واپس کرین اور دست مالیدہ اور داغی نہ ہو۔

اخیر مین یہ بات بھی لکھنا چاہتا ہون کہ اس کتاب کی تحریر کے وقت دو دفعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مجھ کو ہوئی اور آپ نے اس کتاب کی تالیف پر بہت مسرت ظاہر کی اور ایک رات یہ بھی دیکھا کہ ایک فرشتہ بلند آواز سے لوگون کے دلون کو اس کتاب کی طرف بلاتا ہے اور کہتا ہے **ھذا کتاب مبارک فقوموا للا جلال والاکرام** یعنے یہ کتاب مبارک ہے اسکی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ اب گذارش دعا یہ ہے کہ جو صاحب اس کتاب کو خریدنا چاہین وہ بلا توقف مصمم ارادہ سے اطلاع بخشین تاکہ کتاب بذریعہ ویلیو پی ایبل اُنکی خدمت مین

(مطبوعہ ریاض ہند قادیان)

روانہ کیجائے والسلام علی من اتبع الھدیٰ۔ خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور پنجاب

شیخ مہر علی صاحب رئیس ہوشیار پور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی

تا دلِ مردِ خدا نا مد بدرد ۔ ہیچ قومی را خدا رسوا نکرد

(کلا ان الانسان لیطغی ان راہ استغنی)

انسان باوجود سخت ناچیز اور مُشت خاک ہونیکے پھر اپنی عاجزی کو کیسی جلد بھول جاتا ہے ایک ذرہ درد فرو ہونے اور آرام کی کروٹ بدلنے سے اپنی فروتنی کا لہجہ فی الفور بدل لیتا ہے پنجاب کے قریباً تمام آدمی شیخ مہر علی صاحب رئیس ہوشیار پور سے واقف ہونگے اور میرے خیال مین ہے کہ جس ایک بیجا الزام مین اپنے بعض پنہانی قصورون کی وجہ سے جنکو خدا تعالیٰ جانتا ہوگا وہ پھنس گئے تھے وہ قصہ ہمارے مُلک کے بچون اور عورتونکو بھی معلوم ہوگا۔ سو اِس وقت ہمین اُس منسوخ شدہ قصہ سے کچھ مطلب نہین صرف اِس بات کا ظاہر کرنا مطلوب ہے کہ اِس قصہ سے تخمیناً چھ ماہ پہلے اِس عاجز کو بذریعہ ایک خواب کے جتلایا گیا تھا کہ شیخ صاحب کے جائے نشست فرش کو آگ لگی ہوئی ہے اور اُس آگ کو اِس عاجز نے بار بار پانی ڈالکر بجھایا ہے سو اُسی وقت میرے دل مین خدا تعالیٰ کی طرف سے بہ یقین کامل یہ تعبیر ڈالی گئی کہ شیخ صاحب پر اور اُنکی عزّت پر سخت مصیبت آئیگی اور میرا پانی ڈالنا یہ ہوگا کہ آخر میری ہی دُعا سے نہ کسی اور وجہ سے وہ بلا دور کیجائیگی اور مین نے اِس خواب کے بعد شیخ صاحب کو بذریعہ ایک مفصّل خط کے اپنے خواب سے اطلاع دی اور توبہ اور استغفار کی طرف توجہ دلائی مگر اُس خط کا جواب اُنہون نے کچھ نہ لکھا آخر قریباً چھ ماہ گذرنے پر ایسا ہی ہوا اور مین انبالہ چھاؤنی مین تھا کہ ایک شخص محمد بخش نام شیخ صاحب کے فرزند جان محمد کی طرف سے میرے پاس پہنچا اور بیان کیا کہ فلان مقدمہ مین شیخ صاحب حوالات مین ہوگئے ہینے اُس شخص سے اپنے خط کا

حال دریافت کیا جس مین چھہ ماہ پہلے اِس بلا کی اطلاع دی گئی تہی تو اُسوقت محمد بخش نے اِس خط کے
پہنچنے سے لاعلمی ظاہر کی لیکن آخر خود شیخ صاحب نے رہائی کے بعد کئی دفعہ اقرار کیا کہ وہ خط ایک صندوق مین
سے مل گیا پہر شیخ صاحب تو حوالات مین ہو چکے تہے لیکن اُنکے بیٹے جان محمد کی طرف سے شاید محمد بخش کے دستخط
سے جو ایک شخص اُنکے تعلقداروں مین سے ہے کئی خط اِس عاجز کے نام دعا کے لئے آئے اور اللہ جل شانہٗ
جانتا ہے کہ کئی راتین نہایت مجاہدہ سے دعائین کی گئین اور اوائل مین صورت قضا و قدر کی نہایت پیچیدہ
اور مبرم معلوم ہوتی تہی لیکن آخر خدا تعالیٰ نے دعا قبول کی اور اُنکے بارے مین رہا ہونے کی بشارت دیدی
اور اُس بشارت سے اُنکے بیٹے کو مختصر لفظون مین اطلاع دی گئی -

یہ تو اصل حقیقت اور اصل واقعہ ہے لیکن پہر اسکے بعد سُنا گیا کہ شیخ صاحب اِس رہائی کے
خط سے انکار کرتے ہین جس سے لوگ یہ نتیجہ نکالتے ہین کہ گویا اس عاجز نے جہوٹ بولا سو اِس فتنہ کے دور
کرنے کی غرض سے اِس عاجز نے شیخ صاحب سے اپنا خط طلب کیا جس مین اُنکی بریت کی خبر دی گئی تہی مگر انہون
نے وہ خط نہ بہیجا بلکہ اپنے خط ۱۹ جون ۱۸۹۷ء مین میرے خط کا گم ہوجانا ظاہر کیا لیکن ساتہہ ہی اپنے بیٹے جان محمد
کی زبانی یہ لکہا کہ قطعیت بریت کا خبر دینا ہمین یاد نہین مگر غالباً خط کے یہ الفاظ یا اِسکے قریب قریب تہے کہ نفس
ہوجائیگا دعا کیجاتی ہے* یہ قصہ تو یہان تک رہا اور وہ خط شیخ صاحب کا میرے پاس موجود پڑا ہے لیکن اب بعض
دوستون کے خطوط اور بیانات سے معلوم ہوا کہ شیخ صاحب یہ مشہور کرتے پہرتے ہین کہ ہمین رہائی کی
کوئی بہی اطلاع نہین دی تہی - اور نہ صرف اسی قدر بلکہ اِس عاجز پر ایک اور طوفان باندہتے ہین اور
وہ یہ کہ گویا یہ عاجز یہ تو جانتا تہا کہ مین نے کوئی خط نہین لکہا مگر شیخ صاحب کو جہوٹ بولنے کے لئے تحریک دیکر
بطور بیان دروغ اُنسے یہ لکہوانا چاہا کہ اِس عاجز نے رہائی کی خبر دے دی تہی گویا اِس عاجز نے کسی خط
مین شیخ صاحب کی خدمت مین یہ لکہا ہے کہ اگرچہ یہ بات صحیح اور واقعی تو نہین کہ مین نے رہائی کی اطلاع
قبل از وقت بطور پیشگوئی دی ہو مگر میری خاطر اور میرے لحاظ سے تم ایسا ہی لکہدو تا میری کرامت ظاہر

* یہ اِس عاجز کا لفظ نہین ہے کہ دعا کیجاتی ہے - بلکہ یہ تہا کہ دعا ہوتی رہی اور آخر فقرہ مین بریت اور فضل الٰہی کی بشارت دی گئی تہی - وہ الفاظ
اگرچہ کم تہے مگر قابل دل تہی - خدا تعالیٰ کسی کا محتاج اور خوشامدگر لوگون کی طرح نہین اُسکی بشارتین اکثر اشارات ہی ہوتے ہین - اُسکا ان پر
نہین کہنا دوسرے لوگون کے ہزار دفتر سے زیادہ معتبر ہے - گرنادان اور متکبر دنیادار یہ چاہتے ہین کہ خدا تعالیٰ بہی فرمان برداروں کی طرح نبض

+ آپکے رشتہ دار شاید ہمشیرہ زادہ شیخ میراں بخش ساکن دسوہہ نے بمقام امرتسر اپنی دوکان پر دوبدو شیخ سندھی خان ساکن خانپور میر ملازم شیخ حامد علی سوداگر کی رہائی کی حالت میں نکالہ کی تھی کہ مرزا غلام احمد کہتے ہے کہ شیخصاحب بری ہو جائینگے اور اب وہ پھانسی لگینگے ہین حامد علی کا بیان ہے کہ میں نے کہا تھا کہ انجام دیکھنے کی بعد

ہو۔ شیخ صاحب کا یہ طریق عمل سُنکر سخت افسوس ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ شیخصاحب کے اول و آخر کے متعلق ضرور شیخصاحب کو اطلاع دی گئی تھی اور وہ دونوں پیشگویان صحیح ہین اور دونوں کی نسبت شیخ صاحب کی طرف خط بھیجا گیا اور وہی خط انگا کیا تھا یا اُسکا مضمون طلب کیا گیا تھا شیخ صاحب نے اگر درحقیقت ایسا ہی بیان کیا ہے تو اُنکے افترا کا جواب کیا دیا جاے ناظرین اِس بارے مین میرے خطوط اُنسے طلب کرین اور اُنکو باہم ملا کر غور سے پڑھین۔ اگر شیخ صاحب مین مادہ فہم کا ہوتا تو پہلی ہی پیشگوئی کے خط سے میرا مدعا کا خبر دینا سمجھ سکتے تھے کیونکہ اِسی سے ہی بخوبی سمجھا جا سکتا تھا کہ اِس عاجز کے ذریعہ سے ہی اُنکی بند خلاص ہوگی وجہ یہ کہ اُنکو اطلاع دی گئی تھی کہ مین نے ہی پانی ڈالکر آگ کو بجھایا کیا شیخ صاحب کو یاد نہین کہ بمقام لودہیانہ جب وہ میرے مکان پر دعوت کھانے آئے تھے تو اُنہون نے اُس خط کو یاد کر کے رونا شروع کر دیا تھا اور شاید روٹی پر بھی بعض قطرے آنسون کے پڑے ہون پھر وہ آگ پہ پانی ڈالنا کیون یاد نہ رہا اور اگر مین نے رہائی کی خبر شایع نہین کی تھی تو پھر وہ صدہا آدمیون مین قبل از رہائی مشتہر کیونکر ہو گئی تھی اور کیون آپکے بعض رشتہ دار جلدی + کر کے اُس خبر کے صدق پر اعتراض کرتے تھے جو ابتک زندہ موجود ہین اور پھر آپ نے کیون میرے خط کا خلاصہ مجھ کو تحریر کیا کہ گویا میرے خط مین صرف اتنا ہی لکھا تھا کہ فضل ہو جائیگا یہ کیسی ناخدا ترسی ہے کہ مجالس مین افترا کی تہمت لگا کر دل کو دکھایا جائے خیر اب ہم بطریق تنزل ایک آسان فیصلہ اپنے صدق اور کذب کے بارے مین ذیل مین لکھتے ہین اور وہ یہ ہے۔

فیصلہ

آج رات مین نے جو ۵ فروری ۱۸۹۳ء کی رات تھی شیخ صاحب کی اِن باتون سے سخت دردمند ہو کر آسمانی فیصلہ کے لئے دُعا کی۔ خواب مین مجھ کو دکھلایا گیا کہ ایک دوکاندار کی طرف میرے کسی قدر قیمت بھیجی تھی کہ وہ ایک عمدہ اور خوشبودار چیز بھیجدے اُسنے قیمت رکھہ کر ایک بدبودار چیز بھیجدی وہ چیز دیکھہ کر مجھے غصہ آیا اور مین نے کہا کہ جاؤ دوکاندار کو کہو کہ وہی چیز دے ورنہ مین اِس دغا کی اُسپر نالش کرونگا اور پھر عدالت سے کم سے کم چھہ ماہ کی اُسکو سزا ملیگی اور امید تو زیادہ کی ہے تب دوکاندار نے شاید یہ کہلا بھیجا کہ یہ

+ مناسب ہے کہ ناظرین ان قریب قریب تاریخون کے تمام میرے خطوط شیخ صاحب سے لیکر پڑھین۔ میرے کسی خط کا ہرگز یہ مطلب نہین کہ شیخ صاحب کوئی بات خلاف واقعہ لکھین۔ بلکہ انکو اپنے خط سابق کے مضمون سے اطلاع دی گئی تھی اور امید تھی کہ یاد دلانے سے وہ مضمون اُنہین یاد آجائیگا۔ اِس بنا پر اُنسے یہ دردخواست کی گئی تھی کہ ہمارے خط کا یہ خلاصہ ہے اور اسی کی ہم آپ سے تصدیق چاہتے ہین۔ مگر افسوس کہ

میرا کلام نہیں یا میرا اختیار نہیں اور ساتھ ہی یہ کہلا بھیجا کہ ایک سودائی پہرتا ہے اُسکا اثر میرے دل پر پڑ گیا اور میں بھول گیا اور اب وہی چیز دینے کو تیار ہوں اِسکی میں نے یہ تعبیر کی کہ شیخصاحب پر یہ نہ مصیبت آنے والی ہے اور انجام کار وہ نادم ہونگے اور ایسی کسی دوسرے آدمی کا اُنکے دل پر اثر ہے۔ پھر میں نے توجہ کی تو مجھے یہ الہام ہوا

انّا نریٰ تقلبک وجھک فی السماء۔ نقلّب فی السماء ما قلّبت فی الارض انا معک نرفعک درجات

یعنے ہم آسمان پر دیکھ رہے ہیں کہ تیرا دل مہر علی کی خیر اندیشی سے بد دعا کی طرف پھر گیا سو ہم بات کو اُسی طرح آسمان پر پھیر دینگے جس طرح تو زمین پر پھیریگا ہم تیرے ساتھ ہیں تیرے درجات بڑھائینگے۔ لہذا یہ اشتہار شیخصاحب کی خدمت میں رجسٹری کرا کر بھیجتا ہوں کہ اگر وہ ایک ہفتہ کے عرصہ میں اپنے خلاف واقعہ قطعہ اندازی سے معافی چاہنے کی غرض سے ایک خط بہت چھپوا نہ بھیجدیں تو پھر آسمان پر میرا اور اُنکا مقدمہ دائر ہوگا اور میں اپنی دعاؤں کو جو اُنکی عمر اور بحالی عزت اور آرام کے لیئے کرتا تھا واپس لے لونگا یہ مجھے اللہ جل شانہ کی طرف سے بتصریح بشارت مل گئی ہے پس اگر شیخصاحب نے اپنے افتراؤں کی نسبت میری معرفت معافی کا مضمون شایع نہ کرایا تو پھر میرے صدق اور راستی کی یہ نشانی ہے کہ میری بد دعا کا اثر اُن پر ظاہر ہو گا جیسا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ کو وعدہ دیا ہے ابھی میں اِسکی کوئی تاریخ بیان نہیں کر سکتا کیونکہ ابھی تک خدا تعالیٰ نے کوئی تاریخ میرے پر کھولی نہیں اور اگر میری بد دعا کا کچھ بھی اثر نہ ہوا تو بلاشبہ میں اسی طرح کاذب اور مفتری ہوں جو شیخصاحب نے مجھ کو سمجھ لیا میں اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے مصیبت سے پہلے بھی شیخصاحب کو خبر دی تھی اور مصیبت کے بعد بھی اور اگر میں جھوٹا ہوں تو شیخصاحب میری بد دعا سے صاف بچ جائینگے اور یہی میرے کاذب ہونیکی کافی نشانی ہوگی اگر یہ بات صرف میری ذات تک محدود ہوتی تو میں صبر کرتا لیکن اسکا دین پر اثر ہے اور عوام مخلوقات پہیلتی ہے اسلئے میں نے محض حمایت دین کی غرض سے دعا کی اور خدا تعالیٰ نے میری دعا منظور فرمائی۔ دنیا داروں کی نظر میں یہ ذلت ہے کہ ایک شخص کو مباہلہ کا خط بھیجا جائے اور پھر وہ اس کا جواب نہ دے مگر خدا تعالیٰ کی نظر میں یہ عزت ہے کہ اُسکے حکم سے یہ کام کیا جائے اور جو شخص اس کام کے لیئے بلایا جائے اور پھر وہ اس کام کو بجا لاوے وہ خدا تعالیٰ کی نظر میں عزت پاتا ہے اور جو شخص اس سے روگردان ہو وہ خدا تعالیٰ کی نظر میں ذلت پاتا ہے۔ اور اگر شیخصاحب نے اس عاجز کی دعا سے ڈر کر اپنے تئیں اس مباہلہ سے الگ کر لیا تو یہ بھی ایک نشانی ہوگی کہ وہ اپنے تئیں کاذب سمجھتے ہیں اور اگر وہ اس مباہلہ کے بعد اپنے تئیں صادق سمجھتے ہوں تو میری ذلت کا ہر ہو جاوے گی۔ والسلام

علی من اتبع الہدیٰ۔ راقم خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپورہ

(مطبوعہ ریاض ہند قادیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمد وآل محمد افضل الرسل وخاتم النبیین

اشتہار

کتاب ہذا احمد جسکو خدا تعالیٰ نے مؤلف فی مسلم موعود کی برہین اصلاح و تجدید دین بنایا کی ہی جسکے تائید میں ہزارہا روشن کا اشتہار ہی جسکا خلاصہ مطلب یہ ہی

دنیا میں اللہ جل شانہ اور مذاہب جسکے ذریعہ سے انسان خدا تعالیٰ کی ہر یک عیب اور نقص سے بری سمجھکر اوسکی تمام پاک اور کامل صفتوں پر دلی یقین سے ایمان

لاتا ہی فقط **اسلام** جسپر سچائی کی کرنیں برآفتاب کیطرح چمک رہی ہین اور قرب الٰہی اور قربت صمدانی روز بروز کیطرح ظاہر ہوتی ہی اور وسرے تمام مذاہب جسکے

ہین کہ نہ عقلی تحقیقات سے اونکے اصول صحیح ثابت ہوتے ہین اور نہ اوپر چلنے سے ایدی روحانی برکت و قبولیت الٰہی ملسکتی ہی بلکہ اونکی پابندی سے

انسان ہمیشہ جہنم کا کوئلہ بنا اور سیاہ دل ہوتا ہی جسکے ثبوت پر بھی اجمالی نشانیان پیدا ہوتی جاتی ہین

اس کتاب مین دین اسلام کی سچائی کو دو چیز ثابت کیگیا ہی۔ (۱) **اول** تین سو مضبوط اور قوی دلایل عقلیہ سے جنکی شان و شوکت و قدر و قوت اس سے ظاہر ہی کہ اگر کوئی مخالف اسلام

اُن دلایل کو توڑدے تو اسکو دس ہزار روپیہ دینے کا اشتہار دیا ہی اگر کوئی چاہے تو اپنی تسلی کی لیے عدالت مین جرٹری بھی کرالے (۲) **دوم** اُن آسمانی نشانون سے کہ جو سچے دین کی کامل سچائی

ثابت ہونیکے لیے ازبس ضروری ہین۔ اس امر دوم مین مؤلف نے اس غرض سے کہ سچائی دین اسلام کی آفتاب کیطرح روشن ہوجائے تین قسم کے نشان ثابت کرکے دکھائے ہین۔ اول وہ نشان

کہ جو **آنحضرت** صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین مخالفین نے خود حضرت ممدوح کے ہاتھ سے اور آنجناب کی دعا اور توجہ اور برکت سے ظاہر ہوتے دیکھے جسکو مؤلف نے بنا بر اس ظاہر ثبوت کے کہ ایک بڑی جماعت

دیکھکر ثبوت سے مخصوص و ممتاز کرکے درج کتاب کیا ہی۔ دوم وہ نشان کہ جو خود قرآن شریف کی آیات بابرکات دائمی اور ابدی اور ہمیشہ طور پر پائی جاتی ہین جنکو قسم قسم کی بیان شافی اور کافی سے

ہر یک عام و خاص پر کھولدیا ہے اور کسی عاقل کیلئے کوئی بات مخفی نہین رکھی۔ سوم وہ نشان کہ جو آنجناب کی پیشگوئی اور مناجات سے بوقت حق کسی شخص کی بطور خرق عادت ظاہر ہوتے ہین جنکی اثبات مین اس بندہ درگاہ نے بفضلہ تعالیٰ

حضرت قادر مطلق یہ بھی ثبوت دیکھلایا ہی کہ بہت سے پیشگوئی الہامات اور خوارق اور کرامات اور خانقاہ یہ اور سراپا ریدہ اور کشوف صادقہ اور دعا قبول شدہ جو خود اس خادم دین سے صادر ہوئے ہین اور جنکی صداقت پر بہت سے

مخالفین بھی بدلایل (آریون وغیرہ سے) بشہادت دو یا تین گواہ مین کتابون مین صاف صاف درج کیے ہین اور مصنف کے اثبات کا یہی علم دیا گیا ہی کہ وہ **مجدد** وقت ہے اور روحانی طور پر اسکے کمالات **مسیح** بن مریم

کے کمالات سے مشابہ ہین اور ایک کو دوسرے سے بشدت مشابہت ہے اور اسکو خواص انبیا و رسل کے نمونہ پر بکثرت متابعت حضرت خیر البشر فخر الرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان ہستیون سے کہ اکابر اولیا

سے فضیلت دی گئی ہے کہ جو اس سے پہلے گذر چکے ہین اور اسکے قدم پر چلنا موجب نجات و سعادت و برکت اور اسکے خلاف چلنا سوء بخت و بدقسمتی و حرمان ہی یہ ثبوت کتاب **براہین احمدیہ** کے پڑھنے سے کہ جو منجملہ

تین سو جزو کے قریب ۳۰ جزو کے چھپ چکی ہے ظاہر ہوتے ہین اور طالب حق کو خود مصنف پوری پوری تسلی و تشفی کرنیکو ہر وقت مستعد اور حاضر۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء و اللہ ذو الفضل العظیم۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ۔ اور اگر اس **اشتہار** کے بعد بھی کوئی شخص سچا طالب بکر اپنی عقدہ کشائی نہ چاہے اور دلی صدق سے حاضر نہ ہو تو ہماری طرف سے اوپر اتمام حجت ہے

جسکا خدا تعالیٰ کے روبرو جواب دینا پڑیگا۔ بالآخر اس اشتہار کو اس دعا پر ختم کیا جاتا ہے کہ اے خداوند کریم تمام قوموں کے مستعد دلون کو ہدایت بخش کہ تا تیرے رسول مقبول

افضل الرسل **محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم اور تیری کامل و مقدس کلام **قرآن شریف** پر ایمان لاویں اور اسکے حکموں پر چلیں تا اُن تمام برکتون اور سعادتون اور حقیقی لیون

سے متمتع ہوجاویں کہ جو سچے مسلمان کیلئے دونون جہان مین ملتی ہین اور اس جاودانی نجات اور حیات سے بہرہ ور ہون کہ جو صرف عقبے مین حاصل ہوسکتی ہے بلکہ سچے ایمان سے اسی دنیا مین اسکا پھل پاتے ہین

بالخصوص **انگریز** قوم جنہون نے ابھی تک آس آفتاب صداقت اسی کچھ روشنی حاصل نہین کی اور نجی شایستہ اور مہذب اور راحم **گورنمنٹ** نے ہمکو اپنے احسانات اور دوستانہ معاملات سے

ممنون کیا اس بات کے لیے دلی جوش رکھتا ہے کہ ہم انکی دنیا و دین کے لیے دلی جوش سے بہبودی و سلامتی چاہین تا انکی گورمنٹ سپیدہ سحر کی طرح دنیا مین خوبصورتی سے آخرت

تک نورانی و مشہور ہون۔ فضل اللہ تعالیٰ حاصل ہیم فی الدنیا والاخرۃ اللھم اھدھم بروح منک واجعل لھم خطا کثیرا فی دینک و

احدا بھم بحبل ذلک وفوقک لیؤمنوا بکتابک ورسولک ویدخلوا فی دین اللہ افواجا آمین ثم آمین والحمد للہ رب العالمین

المشتہر

خاکسار مرزا **غلام احمد** از قادیان ضلع گورداسپورہ ملک پنجاب

(بیس ہزار اشتہار چھاپے گئے)

طبع ہوا ہندوستان پریس امرتسر

خاتمہ اشعار در شکر و حمد حضرت اعلی پروردگار تعالی شانہ وجل اسمہ بجمیع الانوار

قربانِ لستت جانِ من اے یارِ خسنم
با من کدام فرق تو کردی کہ من کنم

ہر مطلب و مراد کہ می خواستم ز غیب
ہر آرزو کہ بود بخاطر معینم

از جود دادۂ ہمہ آن مدعاے من
واز لطف کردۂ گذ[illegible]

ہیچ آگہی نبود ز عشق و وفا مرا
خود ریختے متاعِ [illegible]

این خاک تیرہ را تو خود اکسیر کردۂ
بود آن جمال تو کہ [illegible]

این صیقلِ دلم نہ بزر بد و تعبد است
خود کردۂ بلطف و عنایات روشنم

صد منّتِ تو ہست برین مشت خاک من
جانم رہینِ لطف عمیم تو ہم تنم

سہل است ترک ہر دو جہان گر رضاے تو
آید بدست ای پنہ و کہف و مامنم

فصل بہار و [illegible]
کاندر خیالِ روئے تو ہر دم بگلشنم

چون حاجتش [illegible]
من تربیت پذیر ز ربِّ مہینم

ز انسان عنایتِ ازلی شد قریب من
کآمد ندائے یار ز ہر کوی و برزنم

یا رب مرا بہر قدمم استوار دار
و آن روز خود مباد کہ عہدِ تو بشکنم

در کوئی تو اگر سرِ عشاق را زنند
اوّل کسے کہ لافِ تعشّق زند منم